خداوند متعال فرماتا ہے:" و جعلناهم ائمة يهدون بامرنا" ہم نے انہیں امام قرار دیا ہے کہ وہ ہمارے امر کی ہدایت کریں۔(۳) مزید یہ بھی فرمایا:" و جعلنا منهم ائمة يهدون بامرنا لمّا صبروا و كانوا بآياتنا يوقنون". (۴)

۱۔ زیارت جامعہ کبیرہ، (مفاتیح الجنان)۔ ۲۔ محمد باقر مجلسی، بحارالانوار، ج ۲۳، ص ۱۵۷۔

۳۔ سورۂ انبیاء، ۷۳/۲۱۔ ۴۔ سورۂ سجدہ، ۲۴/۳۲۔

اور ہم نے انہیں (بنی اسرائیل) میں سے کچھ لوگوں کو پیشوا بنایا جو ہمارے حکم سے (لوگوں کی) ہدایت کرتے تھے چونکہ انہوں نے (مصیبتوں پر) صبر کیا اور ہماری آیتوں پر دل سے یقین رکھتے تھے۔

علامہ طباطبائی" پہلی آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:"اللہ تعالی کے ظاہری قول "ائمة يهدون بامرنا" سے مراد یہ ہے کہ امر خدا کی ہدایت کی تفسیر، امامت کے معنی میں ہے" اور سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۲۴ میں امام کی ہدایت کا معنی خدا کے امر سے تعبیر کیا گیا ہے جس کی ہم پہلے وضاحت کر چکے ہیں۔ اور جو بات یہاں قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ یہ ہدایت جو امامت کے شئون اور امور میں شمار ہوتی ہے اس کا معنی راستہ بیان کرنے کے معنی میں نہیں ہے، اس لیے کہ خداوند سبحان نے ابراہیمؑ کو نبی قرار دینے کے بعد ان کا امام کی حیثیت سے تعارف کرایا اور مقام نبوت راستہ بیان کرنے اور راستہ کی نشان دہی سے جدا نہیں ہے، لہذا اس آیت میں صرف وہی معنی امامت سے مراد لیا جا سکتا ہے کہ امامت کا معنی منزل مقصود تک پہونچانا ہے جو انہیں خاص معنوی مقام اور کمال تک پہونچانے میں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایک قسم کا لوگوں کے نفوس میں تکوینی (تخلیقی) تصرف ہے۔

اب اگر امام لوگوں کو اس طرح ہدایت کرے تو اسے سب سے پہلے خود اس قسم کی ہدایت حاصل ہونی چاہیے تا کہ اس سے جو جتنی ہدایت کی صلاحیت رکھتا ہو اسے اس بنیاد پر پہونچا سکے۔لہذا امام اللہ اور لوگوں کے درمیان باطنی فیوضات کو پہونچانے میں رابطہ ہوتا ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ سے اخذ کر کے لوگوں تک پہونچاتا ہے،جس طرح نبی اپنے منصب نبوت کے لحاظ سے ظاہری فیوضات کا واسطہ ہوتا ہے یعنی وہی شریعت الٰہی پہونچانے کے لیے اللہ اور لوگوں کے درمیان واسطہ ہوتا ہے۔

لیکن بعض مقامات پر منصب نبوت و امامت آپس میں ایک شخص میں جمع ہوا ہے جیسے حضرت ابراہیمؑ اور ان کے فرزندوں میں۔(۱)

فلسفۂ غیبت

عصر غیبت کی طول تاریخ میں جو سوالات بیان ہوئے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ امام زمانہؑ کیوں غائب ہوئے اور کیوں ہم آنحضرتؑ سے ارتباط نہیں رکھتے؟ اس زمانہ میں اور گزشتہ زمانوں میں کیا فرق ہے؟ کیا امام کی ذمہ داری عالم بشریت کی ہدایت نہیں ہے؟ اگر ہے تو پھر ہم انہیں کیوں نہیں دیکھتے؟ اس طرح کے اور بھی دوسرے سوالات وغیرہ سامنے آتے ہیں۔

قاضی عبدالجبار معتزلی کا قول ہے: ''اگر امام ظاہر نہ ہو، تا کہ اس کے ذریعہ تمام نقص کی تلافی ہو سکے، تو پھر ایسی صورت میں اس کے رہنے کا کیا فائدہ مرتب ہو سکتا ہے، بسا اوقات اصلاً کوئی ایک حجت بھی زمین پر نہ ہو، اس لیے کہ صرف امام کے وجود سے نقص برطرف

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نہیں ہوتا بلکہ امام کے ظاہری وجود سے نقص کی تلافی ہوتی ہے"۔(۲)

اسی طرح تفتازانی کا قول ہے:"امام کا لوگوں سے مخفی ہونے کا مسئلہ اس کیفیت سے کہ صرف اس کا نام لوگوں کے درمیان باقی رہے یہ بات بہت بعید ہے اور اس کی امامت مخفی رہنے کی صورت میں ایک عبث اور لغو کام ہوگا، اس لیے کہ امامت کا مقصد، تحفظ نظام و شریعت اور ظلم و جور کا دفع کرنا ہے"۔(۳)

۱۔المیزان، ج۱۴،ص۳۰۴۔ ۲۔المغنی، ج۱،ص۵۷۔ ۳۔شرح مقاصد بحث امامت۔

سوال کا جواب

ہم مذکورہ سوال کو چند مقدمات کو ذکر کرنے کے ساتھ جو ہمیں قطعی جواب تک پہونچائیں گے، جواب دیں گے۔

پہلا مقدمہ: اسلام کا تمام ادیان عالم پر غلبہ پانا

اسلامی متون میں (قرآن و حدیث کے علاوہ) اس مسئلہ کی طرف متعدد مرتبہ اشارے ہوئے ہیں کہ آخری زمانہ میں، دین اسلام کا تمام ادیان عالم پر غلبہ ہوگا اور عدل و انصاف نیز الٰہی و توحیدی حکومت تمام دنیا پر چھا جائے گی۔

آیات کی تحقیق

الف۔ خداوند متعال نے قرآن میں اس نکتہ کی طرف تین آیتوں میں اشارہ فرمایا کہ پیغمبر اکرمؐ کو دین حق کے ساتھ مبعوث کرنے کا ہدف دین اسلام کا تمام ادیان پر غالب ہونا ہے۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:" ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لیظھرہ علی الدین کلہ و لو کرہ المشرکون" (۱) وہی تو وہ خدا ہے جس نے اپنے رسول (محمد) کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کرے اگر چہ مشرکین برا مانا کریں۔

مزید دوسری آیت میں فرماتا ہے:" و ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ و کفیٰ باللّٰہ شھیدا" (۲) وہی تو وہ خدا ہے

۱۔ سورۂ توبہ/ ۳۳، سورۂ صف/ ۹۔ ۲۔ سورۂ فتح/ ۲۸۔

جس نے اپنے رسول (محمد) کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کرے اور اس بات کی حقیقت کے لیے خدا کی گواہی کافی ہے۔

اس آیت سے استدلال، اس صورت میں تمام ہوگا کہ جب ہم "لیظھرہ" کی ضمیر کو دین حق کی طرف پلٹائیں نہ کہ "رسول" کی طرف اور یہ دو جہتوں سے صحیح بھی ہے۔

۱۔ یہ کہ ادبیات عرب میں یہ قاعدہ مشہور ہے "الاقرب یمنع الابعد" یعنی حتی الامکان ضمیر کو نزدیک مرجع کی طرف پلٹایا جائے، لہذا ضمیر کو دور پلٹانے کی نوبت ہی نہیں پہونچے گی۔

اسی لیے ہم جانتے ہیں کہ ضمیر "لیظھرہ" کو دین حق کی طرف پلٹانا اقرب الی الصواب اور زیادہ صحیح ہے۔

۲۔ "غالب و مغلوب میں سنخیت اور ایک جیسا ہونے کا لازمہ" کے قاعدہ کی دلیل کے ذریعہ بھی، کیونکہ جو کچھ تمام ادیان پر غالب ہے وہ دین حق ہے نہ خود ذات پیغمبرؐ۔

اسی لیے اس آیت کی تفسیر میں سعید بن جبیر کہتے ہیں:" ھو المھدی من ولد

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فاطمة رضی الله عنها" (۱) وہ مہدی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے ہیں۔

ب۔ خداوند متعال فرماتا ہے: "وعد الله الذین امنوا و عملوا الصالحات لیستخلفنهم فی الارض کما استخلف الذین من قبلهم و لیمکننَّ لهم دینهم الذی ارتضیٰ لهم و لیبدلنَّهم من بعد خوفهم امنا یعبدوننی لا یشرکون بی شیئا و من کفر بعد ذلک فاولئک هم الفاسقون". (۲)

۱۔ نور الابصار ص ۱۸۶۔ ۲۔ سورہ نور/۵۵۔

تم میں سے جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور اچھے اچھے کام کیے ان سے خدا نے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کو (ایک نہ ایک دن) روئے زمین پر اپنا نائب مقرر کرے گا جس طرح ان لوگوں کو نائب بنایا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں اور جس دین کو اس نے ان کے لیے پسند فرمایا ہے (اسلام) اس پر انہیں ضرور ضرور پوری قدرت دے گا اور ان کے خائف ہونے کے بعد (ان کے خوف و ہراس کو) امن سے ضرور بدل دے گا کہ وہ (اطمینان سے) میری ہی عبادت کریں گے اور کسی کو ہمارا شریک نہ بنائیں گے اور جو شخص اس کے بعد بھی ناشکری کرے تو ایسے ہی لوگ بدکار ہیں۔

خداوند عالم نے اس آیہ کریمہ میں صریحی طور پر وعدہ کیا ہے کہ وہ نیک مومنین جو طول تاریخ میں مختلف ظلم و بربریت کے تحت زندگی گزار رہے تھے اور انہوں نے اپنی بہت سی فدا کاریاں انجام دیں انہیں روئے زمین پر حاکم قرار دے گا۔

اس بات کی طرف ہم کچھ قرائن کے ذریعہ پہونچ سکتے ہیں۔

۱۔ کلمہ "الارض" جس پر الف لام جنس آیا ہے اور تمام قسم کے قرائن سے اس کی معین

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زمین پر انصراف نہ رکھتا تب بھی تمام زمین پر معنی حمل کیا جاتا اور آیت کی مراد یہ ہو جاتی، ہم عنقریب نہ بچھتا خیر سے تمام کرۂ زمین کو مومنین کی حکومت میں تبدیل کر دیں گے۔

۲۔جملہ'' ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضیٰ لھم'' جو آیت میں ذکر ہوا ہے وہ اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ مکمل قوت حاصل کرنا اور حقیقی دین کا مستقر ہونا مومنین کا تمام عالم پر مسلط ہوئے بغیر ممکن نہیں ہے۔

۳۔جملہ'' و لیبدلنھم من بعد خوفھم امنا'' اس نکتہ کو ملحوظ نظر رکھتے ہوئے ہم سب جانتے ہیں کہ جس کی بشارت دی گئی ہے اس حکومت سے پہلے تمام مومنین دنیا کے تمام علاقوں میں ظالموں کے ظلم و جور کا نشانہ بنے ہوں گے، یہ خوف واقعی طور پر امن و امان میں تبدیل نہیں ہوگا، سوائے اس صورت کے کہ جب مومنین زمین کو اپنے قبضۂ قدرت میں لیں۔

اس نکتہ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اب تک اس جیسی اجتماعی حالت جو، وہی نیک لوگوں کی عالمی حکومت ہے، ظاہر نہیں ہوئی ہے، ہمیں عنقریب اس طرح کی حکومت کا انتظار ہے، نہ ہی کچھ دور۔

ج۔خداوند عالم فرماتا ہے:'' و نرید ان نمنّ علی الذین استضعفوا فی الارض و نجعلھم ائمۃ و نجعلھم الوارثین'' (۱) اور ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ جو لوگ روئے زمین میں کمزور کر دیے گئے ہیں ان پر احسان کریں اور ان ہی کو (لوگوں کا) پیشوا بنائیں اور انہیں کو اس سرزمین کا مالک و وارث بنائیں۔

خداوند متعال نے اس آیت میں ''و نرید ان نمن'' کی تعبیر سے ان مطالب کی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

طرف اشارہ کیا ہے کہ ہمارا احسان کمزور لوگوں تک آئندہ کی حکومت پہنچاتا ہے اور یہ موسیٰ و فرعون سے مخصوص نہیں ہے۔

ورنہ "اردنا ان نمنّ" آیت کے الفاظ ہوتے اور اس کا معنی یہ ہے کہ سنت الٰہی کہ جس میں کوئی خلاف ورزی نہیں ہوتی۔ اس سلسلہ میں جاری ہوئی ہے کہ آئندہ نہ، کچھ تاخیر کے بعد کمزور لوگوں کو تمام زمین کا وارث قرار دے، بالخصوص کلمہ "الارض" کو دیکھتے

۱۔ سورۂ قصص ر۵۔

ہوئے اس کا ظہور تمام زمین کی حکومت و وراثت کے معنی کو ظاہر کرتا ہے۔

اسی بناپر ابن ابی الحدید معتزلی، شرح نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں: "یقیناً ہمارے اصحاب اس بات کے قائل ہیں کہ اس آیت میں ایک ایسے امام کا وعدہ کیا گیا ہے جو زمین کا مالک ہوگا اور تمام دنیا پر غلبہ پائے گا۔(۱)

د۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "ولقد کتبنا فی الزبور من بعد الذکر انّ الارض یرثها عبادی الصالحون" (۲) اور ہم نے توتوریت کے بعد زبور داؤد [اور گزشتہ انبیاء کی کتابوں میں وعدہ کیا ہے] میں لکھ ہی دیا تھا کہ یقیناً روئے زمین کے وارث اور تصرف کرنے والے ہمارے نیک بندے ہی ہوں گے۔

دوسرا مقدمہ: حالات کی تبدیلی سے مصلحتوں کا تبدیل ہونا

شیخ مفید" فرماتے ہیں: "بندوں کی مصلحتیں ان کے حالات کے مختلف ہونے سے تبدیل ہو جاتی ہیں، وہ انسان جو حکیم ہے اپنی اولاد، دوستوں اور اپنے اہل وعیال نیز

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

خادموں وغیرہ کی تدبیر وتربیت اپنے ذمہ لیتا ہے اور انہیں معرفت وآداب سکھاتا ہے مزید نیک اعمال انجام دینے کے لیے شوق دلاتا ہے تاکہ وہ لوگوں کے درمیان ہر دل عزیز ہوں اور ان کی مدح وثنا اور تعظیم وتوقیر کے مستحق قرار پائیں۔ اسی طرح انہیں صحیح تجارت کی کیفیت وغیرہ بھی سکھاتا ہے۔

۱۔ شرح نہج البلاغہ، ابن ابی الحدید، ج ۱۹، ص ۲۰۵۔

۲۔ سورۂ انبیاء، ۱۰۵۔

اب اگر ان لوگوں نے اس کے بتائے ہوئے احکام اور تربیتی اہداف پر عمل کیا تو وہ حکیم شخص اپنی ہدایات کو جاری رکھتا ہے اور ان کے لیے صحیح راہ ہموار کرتا ہے... لیکن اگر اس کے احکام سے سرتابی ومخالفت کی ہو اور اس کے زیر نظر تربیت نہ حاصل کی ہو اور حماقت وظلم اور لہو ولعب کی راہ اختیار کی ہو، ایسی صورت میں وہ حکیم ودانا مصلحت ورحمت کو وقتی طور پر ان لوگوں سے قطع کرنا بہتر سمجھتا ہے تاکہ انہیں اپنی اور نعمت کی قدر وقیمت معلوم ہو سکے۔

اور یہ عمل کسی بھی طرح حکیم وعاقل انسان کی تدبیروں کے ساتھ تضاد نہیں رکھتا۔

عین یہی مطلب جو ہم نے حکیم وعاقل انسان کے بارے میں ذکر کیا ہے، خداوند متعال کے سلسلہ میں ذکر کریں گے، اس طرح سے کہ اللہ تعالیٰ نے امت کی امر تدبیر اور امت کے مصلحت کی ذمہ داری لی ہے، پھر ان کی عقلوں کو کامل کیا اور ان کو اعمال صالح بجالانے کا مکلف بنایا تاکہ اس کے ذریعہ کمال وسعادت تک پہنچ سکیں۔

اب اگر لوگ قوانین الٰہی کے اوامر ونواہی کے پابند ہوں تو اللہ تعالیٰ پر لازم ہے کہ ان

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کی مدد کرے اور بندوں پر اپنی عنایتوں کو اضافہ کرنے کے ساتھ ہی ساتھ اس راستہ کو ان کے لیے زیادہ آسان کرے۔ لیکن اگر کسی صورت میں اس کے قوانین و احکام کی مخالفت اور نافرمانی اختیار کریں تو بندوں کی مصلحت تبدیل ہو جائے گی جس کے نتیجہ میں موقعیت و وضعیت بھی متغیر ہو جائے گی اور خداوند متعال ان سے توفیق بھی سلب کر لے گا، ایسے موقع پر وہ لوگ ملامت اور عقاب کے مستحق قرار پائیں گے۔

در واقع ان کے لیے یہی حالت ان کے امور کی تدبیر کے لیے صحیح اور مصلحت سے بھی زیادہ نزدیک ہے اور یہ حالت عقل و حکمت اور مصلحت اندیشی کے مخالف بھی نہیں ہے....

ہم اس نکتہ کو مخلوق کی مصلحت میں ائمہؑ کے ظہور اور ائمہ کی ہی تدبیر کو، ان کی لوگوں کو اطاعت و نصرت کرنے میں دیکھتے ہیں۔ لیکن جس وقت لوگوں نے نافرمانی کی اور ان بزرگوں کا وسیع پیمانے پر خون بہایا، تو مسئلہ بدل گیا اور مصلحت کا تقاضا اس بات سے متعلق ہو گیا کہ امام لوگوں سے پوشیدہ و غائب ہوں اور یہ عمل خود لوگوں کے علاوہ کسی اور کے ملامت کرنے کا باعث نہیں ہوگا، اس لیے کہ ان کی بدکرداری اور بد اعتقادی کی بنا پر یہ واقعۂ غیبت رونما ہوا۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ کبھی بھی غیبت کی مصلحت اور امام کا غائب رہنا ان کے موجود رہنے کے واجب و لازم ہونے سے مانع نہیں ہے اور یہ بات اس طرح کے معاشرہ کے لیے عین مصلحت ہے....(۱)

تیسرا مقدمہ: بشری تکامل و ترقی

یقیناً ہر اجتماعی کام (چھوٹا یا بڑا) مناسب مواقع کے لیے فراہم شدہ زمینہ چاہتا ہے تو پھر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وہ اجتماعی عالمی انقلاب جو تمام اہداف پر مشتمل ہے خواہ وہ اعتقادی ہوں یا سیاسی، اخلاقی ہوں یا اقتصادی ان سب کے لیے بھی زمینہ درکار ہوگا۔ دوسری تعبیر میں ایک ایسا انقلاب کہ جس کا کوئی ایک نمونہ بھی طول تاریخ بشریت میں تلاش نہیں کیا جا سکتا۔

تو یہ واضح سی بات ہے کہ ایسے قیام کے لیے لوگوں کے درمیان ان استعداد اور آمادگی ضروری شئے ہے کہ منجملہ ان میں سے یہ ہے:

الف۔ دینی و اسلامی حیثیت سے بشری ترقی کی ظرفیت ہونی چاہیے اگر چہ لوگوں کے درمیان ایک خاص طبقہ ہی کیوں نہ ہو۔

ب۔ حکومت کو عالمی سطح پر پھیلانے کے لیے بشری ٹیکنولوجی کی ترقی کی صلاحیت بھی درکار ہے۔

چوتھا مقدمہ: رہبری کی ضرورت

بے شک عصر ظہور میں دین غالب، ایک غالب کا محتاج ہوگا کہ جس کے شرائط مندرجہ ذیل ہوں گے:

۱۔ ان تمام قوانین کا عالم ہو کہ جس کے لوگ محتاج ہیں۔

۲۔ خارق العادت قدرت رکھتا ہو۔

۳۔ گناہ اور خطا و گمراہی سے دور ہو۔

پانچواں مقدمہ: بارہ امام

۱۔ رجوع کریں، شیخ مفید، الفصول العشر فی الغیبۃ، ص۱۱۴۔۱۱۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پیغمبر اکرمؐ نے ان روایات کی بنا پر جو شیعہ و سنّی طریقوں سے ہم تک پہونچی ہیں بارہ ائمہ اور خلفاء کو اپنے بعد صبح قیامت تک کے لیے متعارف کرایا ہے:

الف۔ بخاری نے اپنی سند سے جابر ابن سمرہ سے نقل کیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے پیغمبر کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے:" یکون اثنا عشر امیرا "فقال کلمة لم اسمعها. فقال ابي: انه قال : "کلّهم من قریش " (۱) میرے بعد بارہ امیر ہوں گے۔ پھر جابر کہتے ہیں: پیغمبرؐ نے کوئی کلمہ فرمایا جسے میں نہ سمجھ سکا تو میرے والد نے مجھ سے کہا: پیغمبرؐ نے فرمایا: وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے۔

۱۔ صحیح بخاری، ج ۸، ص ۱۲۷، کتاب الاحکام، باب الاستخلاف، ح ۷۲۲۳۔

ب۔ متقی ہندی اپنی سند کے ساتھ انس ابن مالک سے نقل کرتے ہیں کہ رسول خداؐ نے فرمایا: "لن یزال هذا الدین قائما الی اثنی عشر من قریش ، فاذا هلکوا ماجت الارض باهلها" (۱) یہ دین قائم و دائم رہے گا یہاں تک کہ قریش میں سے بارہ افراد لوگوں کے درمیان امامت وخلافت کریں گے اور جب وہ سب ختم ہو جائیں گے تو زمین بھی اپنے اہل کے ساتھ ختم ہو جائے گی۔

ج۔ ابن شہر آشوب اپنی سند کے ساتھ امام حسینؑ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: "فاخبرني یا رسول الله هل یکون بعدک نبي؟ فقال : لا ، انا خاتم النّبیین ولکن یکون بعدی ائمة قوّامون بالقسط بعدد نقباء بني اسرائیل "(۲) رسول خداؐ سے میں نے دریافت کیا کہ کیا آپ کے بعد کوئی اور پیغمبر آئے گا؟ فرمایا: نہیں، اس لیے کہ میں خاتم الانبیاء ہوں، لیکن میرے بعد ایسے ائمہ آئیں گے جو عدل و

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انصاف قائم کریں گے اور ان کی تعداد نقباء بنی اسرائیل کے مطابق (بارہ) ہے....

بارہ خلفاء کی حدیثوں کے متعلق چند نکات

۱۔ ان احادیث کے مضمون کو پینتیس صحابۂ کرام نے نقل کیا ہے اور صرف جابر بن سمرہ سے پچاس سند کے ساتھ پیغمبرؐ سے یہ روایت نقل ہوئی ہے۔

۲۔ حدیث اس مقام پر بہت سی جہتوں سے صحیح السند ہے۔ یہاں انہیں ذکر کرنے کا محل نہیں ہے۔

۱۔ کنز العمال، ج ۱۲، ص ۳۳، ح ۳۳۸۶۱۔

۲۔ مناقب ابن شہر آشوب، ج ۱، ص ۳۰۰۔

۳۔ یہ حدیثیں بہت سی جہتوں سے اہل بیت معصومینؑ کی امامت پر دلالت کرتی ہیں:

الف۔ ان حدیثوں کا احادیث ثقلین کے ساتھ ایک ہی زمانہ میں نشر ہونا۔ اسی جہت سے حدیث ثقلین، ان احادیث کے لیے مفسّر ہے۔

ب۔ یہ حدیثیں، حدیث غدیر کی ہم عصر ہیں۔

ج۔ بعض بارہ خلفاء کی روایات میں سے اس طرح کی تعبیر ذکر ہوئی ہے کہ دین ان کے زمانہ میں عزیز تھا دین اور دین کا قوام وثبات انہیں سے ہے۔ (۱)

د۔ بعض دوسری روایتوں میں ان لوگوں کے لیے یوں ذکر ہوا ہے: "لا یضرّھم من خذلھم" (۲)

جو شخص انہیں ذلیل وخوار کرنا چاہے گا وہ انہیں کوئی ضرر نہیں پہونچا سکتا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

چھٹا مقدمہ: زمین پر حجت الٰہی کے موجود ہونے کی ضرورت

تمام روایات اور عقلی دلائل سے استفادہ ہوتا ہے کہ امام معصوم اور حجت خدا کا زمین پر صبح قیامت تک باقی رہنا ایک ضروری امر ہے، اور اس کی عقلی دلیلوں کو ایک مستقل کتاب میں ہم نے بیان کیا ہے، اب ہم ان میں سے بعض حدیثوں کو کہ جن کے مضمون سے یہ بات استفادہ ہوتی ہے اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ احادیث ثقلین: ان میں سے بعض حدیثوں میں یوں ذکر ہوا ہے: "...انهما لن یفترقا حتی یردا علیّ الحوض "(۳)"... وہ دونوں (کتاب وعترت) ایک

۱۔ صحیح مسلم، ج۶، ص۲، اور ج۶، ص۴۔ ۲۔ المعجم الکبیر طبرانی، ج۳، ص۱۹۶، ۱۷۹۔

۳۔ مسند احمد، ج۵، ص۱۸۱۔

دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ دونوں حوض کوثر پر میرے پاس وارد ہوں گے"۔

ابن حجر ہیثمی نے کتاب صواعق محرقہ میں تحریر کیا ہے: " و فی احادیث الحث علی التمسک باهل البیت اشارة الی عدم انقطاع متاهّل منهم للتمسک به الیٰ یوم القیامة، کما انّ الکتاب العزیز کذلک، ولهذا کانوا امانا لأهل الأرض... "(۱) وہ احادیث جو لوگوں کو اہل بیتؑ سے تمسک اختیار کرنے پر وادار کرتی ہیں وہ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہیں کہ صبح قیامت تک زمین، اہل بیت کی کسی نیک فرد سے خالی نہیں ہے تا کہ لوگ اس سے تمسک اختیار کریں، جیسا کہ کتاب عزیز، قرآن بھی اسی طرح ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

علامہ مناوی، فیض القدیر میں، سیوطی، شرح جامع الصغیر میں اور علامہ سمہودی نے جواہر العقدین میں اسی مضمون اور مطلب کی تصریح کی ہے۔

۲۔ معرفت امام کی حدیثیں جو شیعہ و سنی طرق سے وارد ہوئی ہیں کہ پیغمبرؐ نے فرمایا: ''من مات و لم یعرف امام زمانه مات میتة جاهلیة'' (۲) جو شخص اپنے زمانہ کے امام کی معرفت کے بغیر مر جائے وہ جاہلیت کی موت مرتا ہے۔

۳۔ بہت سی اسی مضمون کی حدیثیں شیعہ طرق سے وارد ہوئی ہیں کہ اگر زمین حجت خدا سے خالی ہو جائے تو زمین تہ و بالا اور تباہ ہو جائے گی۔

۱۔ صواعق محرقہ، ص ۱۴۹۔

۲۔ شرح مقاصد، ج ۳، ص ۲۷۵۔ المغنی، قاضی عبد الجبار، ج ۱، ص ۱۱۶۔

آقای کلینیؒ نے صحیح سند سے ابو حمزہ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: میں نے امام صادقؑ سے دریافت کیا: کیا زمین بغیر امام کے باقی رہے گی؟ حضرتؑ نے فرمایا: ''لو بقیت الارض بغیر امام لساخت'' (۱) اگر زمین بغیر امام کے ہو جائے تو وہ یقیناً تباہ و برباد ہو جائے گی۔

روائی کتابوں میں، اس مضمون کی بہت سی صحیح روایات وارد ہوئی ہیں۔

یہ بات واضح ہے کہ حجت خدا کو زمین پر ہونا چاہیے تاکہ اسے تباہ و برباد ہونے سے نجات دلائے، وہ شخص جو عالم مادہ اور عالم ناسوت پر حجت ہے۔

ساتواں مقدمہ: قتل کا خوف

انبیاء و مرسلین کے گوشہ نشین ہونے کے منجملہ اسباب میں سے اپنی جان کے تحفظ کے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لیے اور اپنی شریعتوں کو نشر کرنے کی امید میں ایک قتل کا خوف پایا جاتا بھی ہے، خداوند عالم بزبان حضرت موسیٰؑ نقل فرماتا ہے: "ففررت منکم لمّا خفتکم" (۲) پھر جب میں آپ لوگوں سے ڈرا تو بھاگ کھڑا ہوا۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل کے ایک شخص کی زبان حال سے حضرت موسیٰؑ سے خطاب کر کے فرماتا ہے: "ان الملأ یاتمرون بک لیقتلوک" (۳) تم یہ یقین جانو کہ شہر کے بڑے بڑے آدمی تمہارے قتل کرنے کے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں۔

۱۔ اصول کافی، ج ۱، ص ۱۷۹، ح ۱۰۔

۲۔ سورۂ شعراء/ ۲۱۔

۳۔ سورۂ قصص/ ۲۰۔

خوف منجملہ ان اسباب میں سے تھا کہ موسیٰ بن عمرانؑ کو مصر سے فرار کرنے پر مجبور کیا اور انہیں شعیب کی طرف پہونچایا۔

امام مہدیؑ منتظر کے لیے بھی نصرت و مدد کے عادی اسباب فراہم نہ ہونے کی بنا پر نیز ان کے دشمنوں کی قوت و قدرت کی وجہ سے محبوس ہونے بلکہ قتل اور دار و رسن پر چڑھا دیئے کا خوف موجود تھا، لہٰذا ان کے لیے ابتدا امر سے سوائے گوشہ نشینی اور غیبت کے کوئی چارۂ کار نہ تھا یہاں تک کہ امر خدا آپہونچے اور ان کا ظہور ہمیں نصیب ہو۔

اس بنا پر ایک روایت میں شیخ صدوق "اپنی سند سے امام صادقؑ" سے ناقل ہیں:

"للقائم غیبة قبل قیامه، قلت: و لم؟ قال: یخاف علیٰ نفسه الذبح" (۱)

قائم کے لیے اس کے ظہور سے پہلے ایک غیبت ہے، زرارہ کہتے ہیں: میں نے حضرت سے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عرض کیا: غیبت کیوں ہوگی؟ فرمایا: انہیں اپنے ذبح ہونے کا خوف لاحق ہوگا۔

یہاں ایک سوال قائم ہوتا ہے کہ اللہ ان کے اور ان کے دشمنوں کے درمیان حائل ہوکر ان کے قتل سے مانع کیوں نہیں ہوا؟ تو ہمیں جواب میں کہنا چاہیے: قتل سے مانع ہونا دو طریقہ سے ہے:

۱۔ ایک ایسا مانع ہے جو بندوں کی تکلیف اور ان سے منافی و متضاد نہ ہو، جو حضرت کا اتباع و نصرت اور ان کی عدم مخالفت نیز عدم نافرمانی کے ذریعہ حاصل ہوگا کہ یہ عمل انجام دیا ہے۔

۱۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۴۸۱، ح ۱۰۔

۲۔ ایک ایسا مانع ہے جو تکلیف سے منافی و متضاد ہے اور ثواب و عقاب کو باطل کرنے والا بھی ہے کہ اس طرح سے حضرتؑ کے قتل کا مانع ہونا جبری صورت میں سے ہے۔ یہ عمل ممکن ہے فساد انگیز بھی ہو۔

لہذا اپنے مقام پر بیان کیا جا چکا ہے کہ امر امامت اور اس کے جاری کرنے میں تین ذمہ داری ہوا کرتی ہے:

۱۔ خدا کی طرف سے منصوب ہو۔

۲۔ امام بھی امامت قبول کرے۔

۳۔ لوگ بھی امام کو تسلیم کریں۔

یا ان شرائط میں سے ایک شرط کے نہ ہونے سے امر امامت بھی منتفی وختم ہو جائے گا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شیخ مفیدؒ اپنے تیسرے رسالۂ غیبت میں رقمطراز ہیں: ''اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے کہ اگر آنحضرتؑ کی طولانی غیبت کا سبب دشمنوں کی کثرت اور ان کی جان کا خوف ہی ہے تو پھر ان سے پہلے والے ائمہ نے کیوں غیبت نہیں اختیار کی، جبکہ ان سے پہلے والے ائمہ کا زمانہ کہیں زیادہ سخت و دشوار تھا نیز ان کے دشمن بھی کثرت سے موجود تھے، اس کے باوجود بھی ہم یہ دیکھتے ہیں کہ وہ اپنے شیعوں کی نظروں سے غائب نہیں ہوئے اور وہ ظاہر تھے...؟

آپ اس اعتراض کے جواب میں فرماتے ہیں: ''امام عصرؑ کا زمانہ پہلے ائمہ سے بہت زیادہ مختلف تھا، اس لیے کہ آنحضرتؑ سے پہلے والے ائمہ کے حالات سے استفادہ ہوتا ہے کہ وہ لوگ تقیہ کی حالت میں تھے اور قیامِ شمشیر کے لیے مامور نہیں ہوئے تھے، چونکہ مصلحت اس میں نہیں تھی... لہذا اس جہت سے وہ لوگ غیبت اور مخفی رہنے سے بے نیاز تھے۔ لیکن امام زمانہؑ کی ذات قیامِ شمشیر اور دشمنانِ خدا کی راہ میں جہاد کرنے سے مشہور ہے اور وہی مہدی امت ہیں جو زمین کو عدل و انصاف سے پُر کریں گے، لہذا دشمن ان کی گھات میں تھے اور حضرت کے قتل کے درپے تھے۔ اور چونکہ ایسے موقع پر حضرت کے چاہنے والے بھی ان کی ذات اور فطرت کے شایانِ شان دفاع کرنے کی آمادگی نہیں رکھتے تھے لہذا آنحضرتؑ کے لیے غیبت لازم ہوگئی۔ اس صورت (غیبت) کے علاوہ حضرتؑ اپنے ظہور سے بغیر کسی فائدہ کے اپنی اور شیعوں کی جان کو خطرہ میں ڈالتے''۔(۱)

آٹھواں مقدمہ: امام زمانہؑ کا حکّام وقت سے بیعت نہ کرنا

امام زمانہؑ کی غیبت کے منجملہ عوامل و اسباب میں سے ایک یہ ہے کہ جس کی طرف روایات میں اشارہ ہوا ہے۔ وہ یہ ہے کہ آنحضرتؑ کا اپنے زمانہ کے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حکام وقت سے بیعت نہ کرنا ہے۔

شیخ صدوقؒ ،اکمال الدین میں اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:" یقوم القائم و لیس فی عنقه لأحد بیعة" (۲) قائمؑ ایسی حالت میں قیام کریں گے کہ ان کی گردن میں کسی کی بیعت نہ ہوگی۔

نیز اپنی سند سے امام علی بن موسیٰ الرضاؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:" کأنی بالشیعة عند فقد انهم الرابع من ولدي يطلبون المرعیٰ فلا یجدونه" قلت: ولم ذلک یابن رسول اللّٰه؟ قال:" لانّ امامهم یغیب عنهم" فقلت: ولم؟

۱۔ خلاصۃ الرسالۃ الثالثۃ فی الغیبۃ، شیخ مفید۔

۲۔ اکمال الدین، ص ۴۸۰، باب علت غیبت۔

قال:" لئلا یکون لاحد فی عنقه بیعة اذا قام بالسیف" (۱) گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ میری اولاد میں سے تیسرے کے مفقود ہونے کے دوران شیعہ چراگاہ تلاش کرنے میں سرگرداں پھر رہے ہیں، مگر انہیں چراگاہ (مرکزیت) نصیب نہیں ہوگی، میں نے عرض کیا: فرزند رسول! ایسا کیوں ہوگا؟ آپ نے ارشاد فرمایا: اس لیے کہ ان کا امام ان میں سے غائب ہوگا۔ میں نے عرض کیا: کس لیے غائب ہوں گے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: تاکہ جب وہ تلوار لے کر خروج کریں تو ان کی گردن پر کسی حاکم وحکومت کی بیعت کا بار نہ ہو۔

یہ مسئلہ مکمل طور پر عرفی اور عادی ہے، اس لیے کہ جو شخص بھی دینی یا دنیوی اصلاح کے درپے ہے تو وہ طبیعی طور پر بعض قدرت مندوں کے ساتھ عہد و پیمان کرتا ہے تاکہ اس کے تعاون سے اپنے اصلاحی مشن کو ترقی دے سکے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور اس عہد و پیمان کا لازمہ یہ ہے کہ وہ لوگ ان کے سامنے اس وقت تک نہیں آئیں گے جب تک ان کا اصلاحی مشن کامیاب نہ ہو جائے اور یہ امر تقیہ اور ان کے خوف کی بنا پر بعض احکام کے نفاذ کی تعطیل نیز خلاف واقع معاملہ کرنے کا محتاج ہے۔

اسی وجہ سے خداوند متعال قرآن کریم میں فرماتا ہے: "الّا الذین عاھدتم من المشرکین ثم لم ینقصوکم شیئاً و لم یظاھروا علیکم احد افاتموا الیھم عھدھم "(۲) مگر جن مشرکوں سے تم نے عہد و پیمان کیا تھا پھر ان لوگوں نے کبھی کچھ تم سے وفاء عہد میں کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں کسی کی مدد کی تو ان کے عہد و پیمان کو جتنی مدت کے واسطہ مقرر کیا ہے، پورا کرو۔

۱۔ اکمال الدین، ص ۴۸۰، باب علت غیبت۔ ۲۔ سورۂ توبہ/۴۔

لیکن امام مہدیؑ (چونکہ اپنے ظہور کے وقت واقعی مکلّف ہوں گے اور وہ کسی سے تقیہ نہیں کریں گے جیسا کہ روایات سے استفادہ ہوتا ہے اور دوسری طرف سے ہر لحہ آپ کے ظہور کا احتمال موجود ہے) تو اس کا لازمہ یہ ہے کہ آنحضرتؑ کی گردن پر کسی بھی شخص کی بیعت نہ ہو۔(۱)

نواں مقدمہ: ہدایت کی قسمیں

ہدایت کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ فطری ہدایت: خداوند متعال فرماتا ہے: "فاقم وجھک للدین حنیفا فطرۃ اللّٰہ التی فطر الناس علیھا لا تبدیل لخلق اللّٰہ ذلک الدین القیّم"(۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پس اے رسول [اپنے تمام پیروکاروں کے ساتھ] باطل سے کترا کے اپنا رخ دین کی طرف کیے رہو، یہی خدا کی بناوٹ ہے۔ جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔ خدا کی (درست کی ہوئی) بناوٹ میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔ یہی مضبوط اور بالکل سیدھا دین ہے۔

۲۔ تشریعی ہدایت: یعنی لوگوں کی رہنمائی کرنا امام کا معاشرہ میں حاضر رہنے پر متفرع وموقوف ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "فبعث اللّٰه النّبیین مبشّرین و منذرین" (۳) پھر خدا نے نیک لوگوں کو (نجات کی) خوش خبری دینے والے اور برے لوگوں کو عذاب سے ڈرانے والے پیغمبروں کو بھیجا۔

۱۔ رجوع فرمائیں، المہدی، سید صدر الدین صدر، ص ۱۷۰،۱۷۱۔

۲۔ سورۂ روم/ ۳۰۔ ۳۔ سورۂ بقرہ/ ۲۱۳۔

۳۔ تکوینی ہدایت: یعنی تخلیقی نظام میں تدبیر و تصرف کرنا ہے۔ خداوند متعال فرماتا ہے: "قال الّذی عندہ علم من الکتاب انا آتیک به قبل ان یرتدّ الیک طرفک فلمّا راٰہ مستقرًا عندہ قال هذا من فضل ربّی" (۱)

وہ شخص جس کے پاس کتاب الٰہی کا کسی قدر علم تھا [آصف ابن برخیا یا خضر یا سلیمان] کہا: میں آپ کی پلک جھپکنے سے بھی پہلے تخت کو آپ کے پاس حاضر کیے دیتا ہوں (بس اتنے میں ہی وہ آگیا) تو جب سلیمان نے اسے اپنے پاس موجود پایا تو کہنے لگے: یہ تو محض میرے پروردگار کا فضل و کرم ہے۔

۴۔ باطنی ہدایت: (مطلوب و مقصود تک پہونچانا) کہ یہ تکوینی ولایت کا ایک حصہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہے۔

اس طرح کی ہدایت امام زمانہؑ کے مقدس وجود پر متفرع و موقوف ہے نہ کہ ان کے حاضر رہنے پر۔ خداوند متعال نے اس قسم کی ہدایت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جیسا کہ فرماتا ہے: ''و جعلناهم ائمة يهدون بامرنا'' (۲) (ان انبیاء) کو لوگوں کا امام قرار دیا ہے تا کہ مخلوق کو ہمارے امر کی ہدایت کریں۔

یہ بہت ہی واضح سی بات ہے کہ آیت میں مذکورہ انبیاء الٰہی، مقام امامت پر فائز ہونے سے پہلے، مقام نبوت اور معاشرہ کی تشریعی ہدایت انجام دیتے تھے۔

ان مختصر مقدمات سے امام زمانہؑ کی غیبت کے مسئلہ کی وجہ واضح و روشن ہو جاتی ہے۔

۱۔ سورۂ نحل ر ۲۰۔

۲۔ سورۂ انبیاء ر ۷۳۔

حضرت مہدی علیہ السلام کی طولانی عمر

شیعہ امامیہ، قطعی دلائل کے اجتماع میں، امام زمانہ مہدی موعودؑ کی امامت کا ۲۵۵ھ سے اب تک اعتقاد رکھتے ہیں۔ اس اعتقاد کا لازمہ یہ ہے کہ اس بات کا امکان ہو کہ ایک شخص نے ہزار سال سے زیادہ کی عمر پائی ہو۔ یہی لازمہ بعض لوگوں کے لیے گراں بہا تمام ہوا ہے۔ وہ کہتے ہیں: یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک شخص نے اتنی طویل عمر پائی ہو۔

یہ لوگ حقیقت میں اس جہت سے کہ امام مہدیؑ کے وجود اور امامت کے اصل عقیدہ کو قبول نہیں رکھتے تو طول عمر کو بہانہ قرار دیتے ہیں تا کہ امامت و مہدویت کے شیعی عقیدہ کو مورد سوال قرار دیں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سائح علی حسین مغربی کا قول ہے:

''اہل سنت نے مہدی کے ہزار سال سے زائد یہاں تک کہ اس زمانہ تک جب تک خدا چاہے زندہ اور باقی رہنے کو اعتراض اور تنقید کا نشانہ بنایا ہے، اس مقدار کی کوئی عمر لوگوں کے درمیان مرسوم نہیں تھی اور کوئی شرعی دلیل بھی اس کے وجود پر نہیں پائی جاتی'' (۱)

جس طرح ڈاکٹر احمد محمود صبحی نے شیعہ اثنا عشری والوں پر امام زمانہؑ کی طولانی عمر کے اعتقاد رکھنے کو، عقیدۂ مہدویت کے مسئلہ میں سب سے قوی اعتراضات وارد کیے ہیں۔ وہ کہتا ہے: ''مہدی کا ہزار سال سے زیادہ زندہ رہنے میں شک و شبہ پایا جاتا ہے اور یہی بنیادی طور پر عقیدۂ مہدویت کے سست ہونے کا سبب بنتا ہے''۔ (۲)

۱۔ تراثنا و موازین النقد، ص ۲۰۲

۲۔ نظریۃ الامامۃ لدی الشیعۃ الاثنی عشریۃ، ص ۴۱۱۔

یہاں مناسب ہوگا کہ اس مسئلہ کے مختلف پہلوؤں کی بحث و تحقیق کریں تا کہ اس کے بعید شمار کرنے کا تصور برطرف ہو جائے۔

مسئلہ کی تحقیق

امام زمانہؑ کی طول عمر کا مسئلہ منجملہ ان امور میں سے ہے کہ وہ عقلی اور منطقی لحاظ سے مکمل طور پر سازگاری رکھتا ہے اور عقلی دلائل کے بھی مطابق ہے اس حد تک کہ انصاف پسند مومن کے لیے اس مسئلہ میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔

کبھی بھی اعتقادی مسائل میں کسی عقیدہ کے بعید ہونے کا مقام نہیں پایا جاتا ہے اور وہ بھی اس صورت میں کہ جب عقلی اور نقل شدہ قطعی دلیلیں اس مسئلہ پر دلالت کریں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اب مسئلہ کی تحقیق، عقلی ونقلی دلیلوں کو ذکر کر کے اس کے بعید شمار کرنے کا تصور برطرف کریں گے:

ا۔ خداوند متعال کی عمومی قدرت

جیسا کہ علم کلام میں یہ بات ثابت شدہ ہے کہ خداوند عالم ہر شئے پر قادر ہے۔ جس طرح وہ ہر شئے کا عالم ہے، ہر وہ امر جس میں قدرت کی صلاحیت پائی جاتی ہو، محال ذاتی اور محال وقوعی نہ ہو، اگرچہ عمومی عادت کے برخلاف ہو۔

لہذا یہ محال نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی مصلحت کی بنا پر ایک شخص کی عمر کو طولانی کر دے اور اسے موت کی آفتوں سے محفوظ رکھے۔ آگ کی طبیعت جلانا ہے، لیکن خداوند عالم کے حکم سے حضرت ابراہیمؑ کے لیے سلامتی کے ساتھ سرد ہو جاتی ہے: "قلنا یا نار کونی برداً و سلاماً علی ابراهیم" (۱)

ا۔ سورۂ انبیاء ۶۹۔

"ہم نے کہا: اے آگ! تو ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی کا باعث ہو جا"۔

لہذا قدرت الٰہی کی عمومیت کے ذریعہ امام زمانہؑ کی طولانی عمر پر استدلال کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے کہ اس حد تک طویل عمر پانا محال ذاتی یا وقوعی نہیں ہے۔

۲۔ اعجاز

نبوت اور امامت جو سلسلۂ نبوت کی ایک کڑی ہے، ہمیشہ اعجاز کے ہمراہ رہی ہے۔

جو شخص نبوت یا امامت کا دعویٰ کرے اور اس کے ہمراہ معجزہ کا اظہار کرے، تو وہ اس کے دعویٰ کی صداقت پر دلالت کرتا ہے اور خاتم الاوصیاء امام زمانہؑ کے منجملہ معجزات میں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے آپ کی مبارک طویل عمر کو بھی شمار کیا جا سکتا ہے۔ پیغمبرؐ اور ائمہ معصومینؑ، امام مہدیؑ کی ولادت سے قبل اس مسئلہ اعجاز کی طرف اشارہ کر چکے ہیں تا کہ کسی کے لیے اس کا تصور مشکل نہ ہو۔

امام زمانہؑ کی طولانی عمر کا مسئلہ اور اسے ایسے شخص کا سمجھنا سہل و آسان ہوگا جو معجزات اور خارق عادات امور کا معتقد ہو، اس لیے کہ اسباب و علل صرف عادی امور میں منحصر نہیں ہیں۔

علامہ طباطبائی فرماتے ہیں: ''جس شخص نے رسول اکرمؐ اور ائمہ اہلبیتؑ سے بالخصوص امام غائب سے متعلق وارد شدہ روایات کا مطالعہ کیا ہو تو وہ اس نتیجہ تک پہونچے گا کہ امام غائب کی حیات طیبہ معجزہ اور خرق عادت کے ہمراہ ہے۔ اور یہ طبیعی ہے کہ خارق عادت ہونا کوئی محال امر نہیں ہے اور خارق عادت کو علی الاطلاق علمی طریقہ سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

وہ اسباب و عوامل جو کائنات میں مؤثر ہیں وہ کبھی بھی ہماری ظاہری شناخت اور نگاہ کی حدوں میں منحصر نہیں ہیں۔

ہم دوسرے عوامل کو ماوراء طبیعت سے نفی نہیں کر سکتے..... لہٰذا ممکن ہے کہ ایسے عوامل کسی فرد یا افراد بشر میں موجود ہوں کہ وہ انسان کو طولانی عمر سے فائدہ پہونچائیں اس حد تک کہ کبھی ہزار یا ہزاروں سال تک پہونچ جائے۔ اس بنا پر علم طب انسان کی طولانی عمر کا راز کشف کرنے سے ہرگز واقف نہیں ہو سکا۔(۱)

لیکن یہ نکتہ قابل توجہ رہے کہ اگر اب بھی علم طب اس نتیجہ تک نہ پہونچا ہو تو ہم امام زمانہؑ کی طولانی عمر کو معجزہ کے ذریعہ ثابت کر سکتے ہیں، بالخصوص بعض وہ روایات جو حضرت کے سن

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مبارک کو دائمی طور پر چالیس سالہ جوان کی شکل میں بیان کرتی ہیں۔ یہ معجزہ اس سے بالاتر نہیں ہے کہ ایک شخص پانچ سال کے سن میں منصب امامت تک پہونچ جائے۔ جیسا کہ امام زمانہ بھی ایسے ہی تھے۔ اور جیسا کہ حضرت عیسیٰ نے گہوارہ میں کلام کیا۔

ہاں اس معجزہ کا امتیاز یعنی طول عمر کا مسئلہ یہ ہے کہ بشری علم اس کے راز و رموز تک پہونچ کر اسے حاصل کر سکتا ہے، برخلاف دوسرے معجزات کے جیسے مردوں کو زندہ کرنا یا آگ کا سرد ہو جانا یا بچہ کا تمام معارف کو کسی فرد سے حاصل کیے بغیر ان کا عالم ہونا، اگرچہ یہ امور عقلاً ممکن ہیں اور محال ذاتی یا وقوعی نہیں رکھتے لہذا ان کے ذریعہ معجزہ واقع ہوتا ہے، لیکن عام انسان خواہ وہ جس حد تک بھی پہونچ جائیں اس سے عاجز ہیں۔

۱۔ شیعہ در اسلام، ص ۱۹۸۔

شہید صدرؒ فرماتے ہیں: ''...ہم اگر فرض کریں کہ طولانی عمر علمی لحاظ سے ممکن نہیں ہے ...تو نتیجہ کیا ہے؟

آپ کے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک انسان کی کچھ صدیوں تک طولانی عمر ہونا طبیعی قوانین کے خلاف ہے جن کو سائنس نے تجربہ اور جدید تحقیقی طریقوں سے ثابت کیا ہے، تو اس وقت ہم اس نتیجہ تک پہونچیں گے کہ طولانی عمر ایک اعجازی کیفیت کی حامل تھی جو مخصوص حالت میں قانون طبیعت کو معطل کر دیتی ہے اور خرق عادت ہے۔

یہ معجزہ ہر اس شخص کے لیے اپنی نوعیت کا جدید یا عجیب و غریب معجزہ نہیں ہے جو قرآنی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نصوص اور سنت پیغمبرؐ سے کسب فیض کرتے ہیں، یہ موضوع حرارت کے قانون کو نقض کرنے سے کہ جس میں زیادہ حرارت والے جسم سے کم حرارت والے جسم میں حرارت منتقل ہوتی ہے۔ اس سے زیادہ عجیب وغریب نہیں ہے جو حضرت ابراہیمؑ کے لیے نقض ہوا ہے تا کہ ان کی جان محفوظ رہ سکے۔

خداوند متعال ارشاد فرماتا ہے: "قلنا یا نار کونی برداً و سلاماً علیٰ ابراهیم" (۱) ہم نے کہا: اے آگ ابراہیم کے لیے ٹھنڈی اور سلامتی کا باعث ہو جا۔

اس وقت شہید دوسرے انبیاء کے معجزات اور بہت سے خارق عادت امور کی اہم مصالح کی جہات کے پیش نظر مثال ذکر کرتے ہیں کہ اگر طول عمر کا مسئلہ معجزہ کی حد تک اہم نہ ہو تو بھی اس کی اہمیت کم نہیں ہے۔۔۔(۲)

۱۔ سورۂ انبیاء ر۶۹۔

۲۔ بحث حول المہدی، ص ۷۷۔۸۰۔

۳۔ علمی امکان

علمی امکان کا مقصد یہ ہے کہ بعض ایسے امور ہیں کہ جن کا علمی امکان نہیں پایا جاتا اور انہیں ماڈرن اور آج کی ترقی یافتہ وسائل کو عملی جامہ نہیں پہنایا جا سکتا، لیکن علمی قوانین کے لحاظ سے کسی قسم کا کوئی قاعدہ وقانون موجود نہیں ہے جو اس کے محقق ہونے سے مانع ہو۔

مثال کے طور پر انسان کا "زہرہ سیارہ" پر جانا علمی لحاظ سے کوئی علمی اعتراض کا باعث نہیں ہے۔ بلکہ علم اور اس کے متعلق قوانین اس کے وقوعی امکان پر دلالت کرتے ہیں، اگر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

چہ بشر کی اب تک وہاں رسائی نہیں ہو سکی ہے۔ اس مقام کے برعکس سورج پر جا کر اترنا علمی لحاظ سے بھی غیر ممکن ہے اور سائنس کے اعتبار سے بھی محقق نہیں ہوا ہے، اور کبھی بھی علمی مراکز کی تمنا بھی ایسی نہیں تھی نیز بشر کے خیال میں بھی کبھی یہ بات نہیں آئی کہ وہ ضد حرارت کوئی اسپرے درست کرے جو قدرت خورشید کی حرارت کا مقابلہ کر سکے۔

طول عمر کے مسئلہ میں بھی ہم کہتے ہیں: علمی لحاظ سے بھی انسان کی طول عمر کے لیے کوئی قانونی مشکل نہیں پائی جاتی، بلکہ انسانی علمی ٹیکنالوجی ترقی کی بنا پر ایک شخص اس موجودہ عمر سے کئی گنا زیادہ عمر دراز ہو سکتا ہے۔

جدید علم نئے فارمولوں کی دسترسی میں مصروف ہے تا کہ اس کے ذریعہ انسان کی موجودہ عمر سے کئی گنا زیادہ طولانی عمر حاصل کر سکے۔

برنارڈ شو کا قول ہے: ''تمام علماء علم الحیات کے نزدیک علمی اصولوں سے یہ ثابت ہے کہ انسان کی عمر کے لیے کوئی حد ثابت نہیں ہے، طول عمر ایک ایسا مسئلہ ہے کہ وہ حد بندی قبول نہیں کرتا۔(۱)

جرمن کا مشہور دانشمند ''وایزمن'' کا قول ہے: ''موت اور طبیعی قوانین کے درمیان کسی قسم کا تلازم نہیں پایا جاتا، اس لیے کہ ہم عالم طبیعت میں ایک عمر کو دیکھتے ہیں کہ ایک لحہ کے درمیان ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دائمی طور پر کم و کاست ہوتی رہتی ہے، مسئلہ خلود (دائمی ہونا) موجودات کی طبیعی و فطری عمر ہے، لہذا ''متوشلخ'' کی عمر ۹۶۹ سال تھی۔ عصر حاضر میں ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ انسان کی طبیعی عمر میں اضافہ ہوا ہے، اور اس کی مدت کے زیادہ ہونے میں کسی قسم کا مانع نہیں پایا جاتا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یورپ میں سولہویں صدی عیسوی میں انسان کی متوسط عمر (۲۱) سال۔

اٹھارہویں صدی عیسوی میں (۲۶) سال۔

انیسویں صدی عیسوی میں (۳۴) سال۔

بیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں (۵۰) سال تھی۔ درحالیکہ فی الحال انسان کی طبیعی عمر کا اوسط (۷۰) سال تک ہے۔(۲) علم اجتماع کے ماہرین اس بات کا اعتقاد رکھتے ہیں کہ انسان کی متوسط عمر تقریباً (۳۰۰) سال تک بھی ہو سکتی ہے۔(۳)

بعض دوسرے دانشور افراد معتقد ہیں کہ ہر ذی حیات موجود کی طبیعی عمر کی مدت سات سے لے کر اس کے رشد کے چار گنا برابر اور زائد ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر انسان کے رشد کا زمانہ (۲۵) سال ہے تو انسان کی طبیعی عمر کی مدت تقریباً (۲۸۰) سال ہونی چاہیے۔(۴)

۱۔ عمر المہدی بین العلم والادیان، ص ۶۔ ۲۔ گذشتہ حوالہ، ص ۷۔

۳۔ مجلہ الاہرام، مصر ۳ دسمبر ۱۹۳۰۔ ۴۔ دادگستر جہان، ص ۲۹۷۔

متنیکوف "پاسٹور کا شاگرد (جس نے مائیکروب کا انکشاف کیا تھا) کہتا ہے: "انسان کا جسم (۳۰۰) سال زندگی گزارنے کی آمادگی رکھتا ہے، وہ لوگ جو ۷۰ یا ۸۰ سال کی عمر میں مرجاتے ہیں ان کے اعضاء و جوارح سالم ہوتے ہیں جو اس حد تک دنیا میں باقی رہتے ہیں لیکن انسان کے بدن میں ایسے عوامل و عناصر ظاہر ہوتے ہیں کہ ان کی عمر کوتاہ کر دیتے ہیں، جیسے یہ کہ کوئی شخص ایسے امور انجام دے جو اس کے لیے مافوق القدرت ہو یا کوئی مرض اس کے بدن پر عارض ہو گیا ہو۔"

اس وقت وہ کہتا ہے کہ انسان کی زندگی میں فنا و موت کے منجملہ عوامل میں سے بہت

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے جراثیم کا وجود ہے جو انسان کے معدہ میں ظاہر ہوتے ہیں جو انسان کی زندگی کی طاقت تدریجی طور پر سلب کرتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں انسان کو موت کی طرف بھیجتے ہیں۔(۱)

فلوکر، مشہور فیزکس دان کا قول ہے: ''انسان کی طبیعی عمر کی مدت (۶۰۰) سال ہے۔ ''روجر بیکم'' لندن کے دانشور نے انسان کی عمر کے لیے ہزار سال تک کی مدت بیان کی ہے۔(۲)

دنیا میں موت کا اوسط (۶۰۰) ملین افراد تک سال بھر میں ہوتا ہے کہ ان سب سے سوال کرنا چاہیے کہ کیوں دنیا سے چلے گئے، جب کہ چاہتے تو دنیا سے رحلت نہ کرتے۔

امریکی ڈاکٹر کیلورڈ ھاورز کا قول ہے: ''علم طب انسان کی طول عمر کے حدود و موانع کو غذائی علم کی مدد سے ختم کرسکتا ہے ہمیں آج اس بات کی امید ہے کہ ہم اپنے والدین اور

۱۔ دائرۃ المعارف قرن بستم، مادہ حیات۔

۲۔ مجلۂ دانشمند، سال ۶، شمارہ ۱، ص ۴۳۔

اجداد کی عمر کے برخلاف اس طرح کی طویل عمر حاصل کریں۔(۱)

بعض دوسرے علم اجتماع کے علماء، کافی بحث وگفتگو کے بعد اس نتیجہ تک پہونچے ہیں کہ انسانی جسم کی ساخت ایسی ہے کہ وہ ہزار سال کی عمر سے بھی زائد ہوسکتی ہے۔(۲)

پروفیسر اٹینگر کا قول ہے: ''جوان نسل ایک دن انسان کی جاودانی اور ابدی حیات کو اس طرح قبول کرے گی جس طرح آج لوگوں نے فضائی سفر کو تسلیم کیا ہے، اس لیے کہ میرا نظریہ یہ ہے کہ ٹیکنالوجی کی ترقی اور اس تحقیق سے جس کا ہم آج مشاہدہ کر رہے ہیں، کم از کم آئندہ صدی کا انسان ہزاروں سال کی زندگی بسر کرے گا۔(۳)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پروفیسر یلی کا قول ہے: ''موت، تدریجی مرض ہے۔ کوئی بھی شخص ضعیف العمر ہونے کی بنا پر دنیا سے نہیں گیا ہے۔ علم طب کی ترقی کی برکت سے عنقریب انسان اب ایسی طاقت حاصل کرلے گا کہ اپنی موجودہ عمر کو اس کے کئی برابر پہونچا سکتا ہے''۔

شیخ طنطاوی جوہری نے تفسیر ''الجواہر'' میں آیہ مبارکہ'' ومن نعمره ننکسه فی الخلق ''(۴) اور ہم جسے طویل عمر دیتے ہیں اسے خلقت میں بچپنے کی طرف واپس کر دیتے ہیں۔ کے ذیل میں ''کل شئی ''نامی مجلہ کے ایک مقالہ میں نقل کیا ہے کہ جس میں انسانی عمر کے طولانی ہونے اور ایام پیری کے امکان پر مفصل بحث کی ہے۔

۱۔ راہی بہ سوی حیات نو، ص ۱۴۔

۲۔ مجلہ اطلاعات شمارہ ۱۱۳۱، ص ۲۲۔

۳۔ مجلہ دانشمند، سال ششم، شمارہ ۶۔

۴۔ سورہ یٰسین ر ۶۸۔

استاد یا ڈاکٹر'' فورونوف '' کہ جس کا نام طولانی عمر کی بشارت دینے کی وجہ سے ہر جگہ گونج اٹھا ہے۔ وہ حیوانوں پر بہت سے عملی و تجربی امور انجام دے کر اس نتیجہ پر پہنچا ہے۔ وہی جس کا یہ مقالہ ہے کہتا ہے: ''میں نے اب تک (۶۰۰) کامیاب تجرباتی عمل انجام دیا ہے اور اب کمال اطمینان کے ساتھ اس بات کا دعویٰ کر سکتا ہوں کہ ایام پیری کے قوی کو تجدید اور تقویت بخش کر کے اسے موخر کیا جا سکتا ہے، نیز انسان کی ستر سالہ طبیعی عمر کو چند گنا زیادہ کیا جا سکتا ہے:۔

اس بات میں شک نہیں ہے کہ کام، عادات اور اعتدال پسند ہونا، انسان کی طولانی عمر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے لیے اساسی عوامل میں سے ہیں۔ اور ہر منحرف اور افراط و تفریطی امور، طبیعی نظام کے لحاظ سے انسانوں کی کوتاہی عمر کا باعث ہیں۔

طول عمر کا مسئلہ ان مسائل میں سے نہیں ہے کہ جس کے دانشمند افراد اور صاحبان ادیان و مذاہب منکر ہوں، بلکہ ہر شخص نے علم و فن کے راستہ سے یا دینی اور مذہبی طریقہ سے اس کو ثابت کیا ہے۔

انسان جتنی مقدار میں حفظان صحت کے قواعد سے زیادہ آگاہ ہوگا اس کی عمر اتنی ہی زیادہ طولانی ہوگی، اور انسان جتنی مقدار میں کوتاہی عمر کے اسباب فراہم کرے گا وہ زندگی سے کم فائدہ اٹھا سکے گا اور اس کے نتیجہ میں اس کی عمر بھی کم ہوگی۔

بعض اطبا اعتقاد رکھتے ہیں کہ موت مرض کا سرچشمہ ہے نہ کہ پیری، اور امراض کے مختلف اسباب ہوتے ہیں کہ ان میں سے بعض انسان کے اختیار میں نہیں ہیں، جیسے جاہل ماں باپ کا انسانی حفظان صحت کے قوانین کی رعایت نہ کرنا، اس لیے کہ والدین کے مزاج کا صحیح و سالم رہنا، بچہ کے اعتدالی مزاج میں کافی دخالت رکھتا ہے، بالخصوص نکاح کے وقت، اس طرح اچھی تربیت دینا اور سکون بخش ماحول فراہم کرنا بچے کی طول عمر میں بہت زیادہ اثر انداز ہونے والے عوامل میں شمار ہوتے ہیں۔

لیکن بعض دوسرے عوامل انسان کے اختیار میں ہیں لہذا انسان اسے خود سے دور کر سکتا ہے جیسے کھانے پینے میں افراط سے کام لینا اور اپنے روزمرہ کے امور میں صحیح طور پر مرتب و منظم نہ ہونا جنسی غرائز کے وہ امور جو انسانی مزاج کے مختل ہونے کا سبب ہوں۔

اس طرح برے اخلاق، ناپسند صفات اور باطل اعتقادات اس جہت سے کہ نفسیاتی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اضطراب کا سبب ہوں، وہ انسان کے لیے مضر ہوں گے۔ خبیث وسواس میں مبتلا ہونا بھی انسان کے سکون کو سلب کر لیتا ہے نیز کوتاہی عمر میں موثر ہے۔ اب اگر انسان ان تمام برے اوصاف کے دروازوں کو اپنے لیے بند کر لے اور اس پر غالب ہو تو اس کی عمر کی کوئی مخصوص حد نہیں ہوگی اور یہ بات علمی قوانین کے حساب سے کوئی مانع نہیں رکھتی۔ ہاں انبیاء کرام کے اقوال سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ ہر ایک انسان کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔

اور ہر ایک شئے فنا ہونے والی ہے: " اینما تکونوا یدرککم الموت "(۱) تم جہاں بھی رہو گے موت تمہیں پالے گی۔

لیکن انسانی طولانی عمر کو ہزاروں سال سے زائد ہونے کو نفی نہیں کیا جا سکتا۔ (۲)

"ڈینڈوبرل" جس کا شمار جونس ھپکنس یونیورسٹی کے اساتذہ میں ہوتا ہے کہتا ہے: "انسان کے تمام اصلی اجزاء بدن بغیر کسی استثناء کے، آزمائش کے بعد ثابت ہوا ہے کہ وہ خلود

۱۔ سورۂ نساء، ۷۸۔ ۲۔ تفسیر الجواہر، ج ۱۷، ص ۲۲۴۔

وجاودانگی کی صلاحیت رکھتے ہیں، یا حداقل یہ ثابت ہے کہ اس موجودہ عمر کی مقدار سے زائد طولانی عمر کی صلاحیت پائی جاتی ہے.... اور سب سے پہلے جس نے اس بات کو تجرباتی لحاظ سے آزمائش کی وہ ڈاکٹر جاک لوب ہے جو "راکفلر" نامی مرکز کے کارندوں میں سے ہے وہ اور دوسرے افراد بہت سے حیوانات پر تجربات کے بعد اس نتیجہ تک پہونچے ہیں کہ اگر بعض مواد آلی حیوانات کے اجزاء بدن میں اضافہ کیے جائیں تو ان کی رشد اور عمر میں زیادہ ہونے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے.... (۱)

عجیب بات یہ ہے کہ اہل سنت امام مہدیؑ کی ولادت اور ان کے موجود ہونے کو طول

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عمر کی وجہ سے قبول نہیں کرتے، جبکہ وہ خود اپنے صحیح ترین حدیثی مصادر و مآخذ میں ایسی روایات نقل کرتے ہیں کہ ان احادیث میں ایسے اشخاص کے واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ جن کی عمریں بہت طولانی تھیں اور اب بھی وہ عظیم طویل عمر کے مالک ہیں، منجملہ ان احادیث میں سے ایک حدیث جساصہ ہے۔ جو صحیح مسلم میں تفصیل کے ساتھ ذکر ہوئی ہے ۔حدیث جساصہ میں ''دجال'' نامی شخص کے موجود ہونے کا اشارہ ملتا ہے۔ جو لوگوں کی نظروں سے غائب رہ کر کافی طولانی عمر کے ساتھ ایک دریائی جزیرہ میں زندگی بسر کر رہا ہے اور ایک زمانہ میں باطل تحریک کے ساتھ قیام کرے گا۔(۲)

۱۔ مجلہ ''المقتطف'' جز سوم سال ۵۹ (آیا انسان در دنیا خالد می شود؟) کے عنوان کے تحت ایک مقالہ میں۔

۲۔ صحیح مسلم، ج۸، ص ۲۰۳۔۲۰۵، باب فی الدجال۔

۴۔ عملی امکان

فلاسفہ و متکلمین کہتے ہیں: کسی شئے کے امکان کی سب سے بڑی دلیل اس شئے کا خارج میں واقع ہونا ہے۔ اگر گفتگو خارج میں کسی شئے کے امکان یا عدم امکان کی ہے تو اس کے امکان کی بہترین دلیل خارج میں واقع ہونے میں ہے۔

طول عمر کے مسئلہ میں بھی یہی قانون جاری و ساری ہے اس کے امکان کی بہترین دلیل گزشتہ تاریخ کی طرف رجوع کرنا ہے، طول تاریخ میں کثرت سے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایسے افراد موجود ہیں جن کی عمر بہت طولانی تھی، تو حضرت مہدیؑ کی طول عمر بھی انہیں لوگوں میں سے ایک ہوگی۔

اللہ تعالیٰ حضرت یونسؑ "ذوالنون" کے متعلق فرماتا ہے: " فلولا انہ کان من المسبحین للبث فی بطنہ الی یوم یبعثون" (۱) پھر اگر یونس خدا کی تسبیح اور ذکر نہ کرتے تو روز قیامت تک مچھلی ہی کے شکم میں رہتے۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس بات کا امکان موجود ہے کہ انسانی بدن صبح قیامت تک طولانی عمر کا مالک ہو سکتا ہے۔

نیز حضرت نوحؑ کے متعلق ارشاد فرماتا ہے: " و لقد ارسلنا نوحا الیٰ قومہ فلبث فیھم الف سنۃ الّا خمسین عاما" (۲) اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کے پاس (پیغمبر بنا کر) بھیجا تو وہ ان میں پچاس کم ہزار برس رہے۔

۱۔ سورۂ صافات ر ۱۴۳، ۱۴۴۔

۲۔ سورۂ عنکبوت ر ۱۴۔

مسلمانوں اور عیسائیوں کے نظریہ کے مطابق، حضرت عیسیٰ مسیحؑ اب تک زندہ ہیں اور آخری زمانہ میں آسمان سے نازل ہوں گے اور امام زمانہؑ کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

اور حکم خدا سے ان کو اپنے اہداف تک پہونچنے کے لیے نصرت و مدد کریں گے جیسا کہ آیات اور صریحی روایات سے استفادہ ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: " و ما قتلوہ یقینا بل رفعہ اللّٰہ الیہ و کان اللّٰہ عزیزاً حکیما" (۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور عیسیٰ کو ان لوگوں نے یقیناً قتل نہیں کیا۔ بلکہ خدا نے انہیں اپنی طرف اٹھالیا اور خدا تو بڑا زبردست تدبیر والا ہے۔

روایت میں وارد ہوا ہے کہ جو کچھ گزشتہ امتوں میں رونما ہوا وہ اس امت (محمدؐ) میں بھی رونما ہوگا لہذا جس طرح گزشتہ امتوں میں ایسے افراد تھے جن کی عمریں طولانی تھیں تو اس امت میں بھی ایسا ہی ہوگا۔

محمد بن یوسف گنجی شافعی کہتے ہیں: "وجود مہدیؑ کے بقا میں کسی قسم کا مانع موجود نہیں ہے، اس دلیل سے کہ عیسیؑ، الیاس اور خضر اولیاء خدا میں سے اور شیطان ملعون وغیرہ خدا کے دشمنوں میں سے باقی رہتے ہوئے طولانی عمر کے مالک ہیں اور ان کی طولانی عمر کتاب وسنت سے ثابت ہو چکی ہیں اور علماء بھی اس بات پر اتفاق نظر رکھتے ہیں۔ لیکن حضرت مہدیؑ کے مسئلہ میں طولانی عمر کے جواز پر اعتراض کرتے ہیں..."۔ (۲)

۱۔ سورۂ نساء ر ۱۵۷، ۱۵۸۔

۲۔ کفایۃ الطالب، آخری حصہ۔

گزشتہ امتوں میں مُعمّر افراد

وہ افراد جن کی عمریں طولانی تھیں انہیں صدیوں کے اعتبار سے تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱۔ وہ افراد جن کی عمریں سو سال سے تجاوز کر چکی ہیں اور دو سو سال تک نہیں پہونچی ہیں:

ابراہیم خلیل	۲۰۰ یا ۱۷۵ سال کی عمر۔ (۱)
اسماعیل ذبیح اللہ	۱۳۷ سال کی عمر۔ (۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سارہ ۱۲۷ سال کی عمر۔ (۳)

اسحاق ۱۶۰ سال کی عمر۔ (۴)

یعقوب ۱۴۷ سال کی عمر۔ (۵)

یوسف ابن یعقوب، ۱۲۰۔۱۲۳ یا ۱۱۰ سال کی عمر۔ (۶)

منوچہر اپنی بادشاہت کے ساتھ ۱۲۰ سال کی عمر۔ (۷)

عمران ۱۳۷ سال کی عمر۔ (۸)

موسیٰ ابن عمران ۱۲۰ سال کی عمر۔ (۹)

ہارون ۱۲۳ یا ۱۲۰ سال کی عمر۔ (۱۰)

۱۔ کامل ابن اثیر، ج ۱، ص ۳۳۔
۲۔ گزشتہ حوالہ۔
۳۔ گزشتہ حوالہ، ص ۱۶۱۔
۴۔ گزشتہ حوالہ، ص ۱۶۰۔
۵۔ تاریخ طبری، ج ۱، ص ۱۶۹۔
۶۔ گزشتہ حوالہ، ص ۱۸۷۔
۷۔ کامل ابن اثیر، ج ۱، ص ۵۷۔
۸۔ گزشتہ حوالہ، ص ۵۸۔
۹۔ کامل ابن اثیر، ج ۱، ص ۶۸۔
۱۰۔ مروج الذہب۔

یوشع بن نون، ۱۲۶ سال کی عمر۔ (۱)

۲۔ وہ افراد جن کی عمر ۲۰۰ سو سال سے زائد تھی اور تین سو سال تک نہیں پہونچی تھی۔

صفی بن ریاح، ۲۷۰ سال کی عمر۔ (۲)

ضبیرۃ بن سعید بن سہم بن عمر، ۲۲۰ سال کی عمر۔ (۳)

عامر بن طرب عدوانی، عرب کے حکماء میں سے ایک تھے، ۲۰۰ سال کی عمر۔ (۴)

حرث ابن کعب مذحجی، ۲۶۰ سال کی عمر۔ (۵)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اقوت ابن مالک، ۲۳۰ سال کی عمر۔ (۶)

خثعم ابن عوف ابن حذیفہ، ۲۵۰ سال کی عمر۔ (۷)

اوس ابن ربیعہ ابن کعب ابن امیہ اسلمی، ۲۱۴ سال کی عمر۔ (۸)

ثعلبہ ابن عبدالاشہل، ۲۳۲ سال کی عمر۔ (۹)

درید ابن صمہ جبشی، ۲۰۰ سال کی عمر۔ (۱۰)

زہیر ابن جناب ابن ھبل حمیری، ۲۰۰ یا ۲۵۰ سال کی عمر۔ (۱۱)

۱۔ گزشتہ حوالہ۔
۲۔ گزشتہ حوالہ۔
۳۔ کنز الفوائد ص ۲۵۰۔
۴۔ گزشتہ حوالہ ص ۲۵۱۔
۵۔ گزشتہ حوالہ۔
۶۔ گزشتہ حوالہ۔
۷۔ گزشتہ حوالہ ص ۲۵۳۔
۸۔ گزشتہ حوالہ۔
۹۔ گزشتہ حوالہ۔
۱۰۔ گزشتہ حوالہ۔
۱۱۔ بحار الانوار، ج ۱۳، ص ۶۷۔

۳۔ وہ افراد جن کی عمر ۳۰۰ سال سے زائد تھی اور چار سو سال تک نہیں ہوئی تھی:

عامر بن صالح، ۳۴۰ سال کی عمر (۱)

اکثم ابن سیفی اسدی تمیمی، ۳۳۰ سال کی عمر۔ (۲)

ذوجدن حمیری، ۳۰۰ سال کی عمر۔ (۳)

عبد ابن شرید جرہمی، ۳۱۴ یا ۳۵۰ سال کی عمر۔ (۴)

شریح ابن عبداللہ جعفی، ۳۰۰ سال کی عمر۔ (۵)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عبید ابن ابرص، ۳۰۰ سال کی عمر۔(۶)

عوف ابن کنانہ کلبی، ۳۰۰ سال کی عمر۔(۷)

سوی ابن کاہن، ۳۰۰ سال کی عمر۔(۸)

عبدالمسیح ابن بقیلہ، ۳۵۰ سال کی عمر۔(۹)

ذو اصبغ عدوانی، ۳۰۰ سال کی عمر۔(۱۰)

۴۔ وہ افراد جن کی عمر چار سو سال سے زائد تھی اور ۵۰۰ سے تجاوز نہیں ہوئی تھی۔

عمر ابن حمہ دوسی، ۴۰۰ سال کی عمر۔(۱۱)

۱۔ کامل ابن اثیر، ج ۱، ص ۵۴۔
۲۔ کمال الدین، ص ۳۱۴۔
۳۔ کنز الفوائد، ص ۲۵۳۔
۴۔ کمال الدین، ص ۳۱۴
۵۔ الاصابہ۔
۶۔ کمال الدین، ص ۳۱۴۔
۷۔ کمال الدین، ص ۳۱۴۔
۸۔ گزشتہ حوالہ، ص ۳۰۵۔
۹۔ بحار الانوار، ج ۱۳، ص ۳۷۔
۱۰۔ کمال الدین، ص ۳۱۳۔
۱۱۔ کنز الفوائد، ص ۲۵۰۔

حرث ابن مضاض جرہمی، ۴۰۰ سال کی عمر۔(۱)

شارخ، ۴۹۳ سال کی عمر۔(۲)

سلمان فارسی، ۴۰۰ سال کی عمر۔(۳)

۵۔ وہ افراد جن کی عمر، ۵۰۰ سو سال تھی اور ۶۰۰ سال سے تجاوز نہیں کی تھی:

فریدون ابن اثغبان، ۵۰۰ سال کی عمر۔(۴)

۶۔ وہ افراد جن کی عمر، ۶۰۰ سال تھی اور ۷۰۰ سال سے تجاوز نہیں کی تھی:

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قیس ابن ساعدہ، ۷۵۰ سال کی عمر۔ (۵)

سام ابن نوح، ۶۰۰ سال کی عمر۔ (۶)

ھبل ابن عبداللہ، ۶۰۰ سال کی عمر۔ (۷)

فرعون بادشاہ مصر، ۶۲۰ سال کی عمر۔ (۸)

ماریان ابن اوس، ۶۶۰ سال کی عمر۔ (۹)

۷۔ وہ افراد جن کی عمر ۷۰۰ سال تھی اور ۸۰۰ سال سے تجاوز نہیں کی تھی:

سلیمان پیغمبر، ۷۱۲ سال کی عمر۔ (۱۰)

جمشید، ۷۱۶ سال کی عمر۔ (۱۱)

۱۔ گزشتہ حوالہ، ص ۲۵۱۔ ۲۔ کنز الفوائد، ص ۲۵۴۔ ۳۔ نفس الرحمن۔
۴۔ کامل ابن اثیر، ج ۱، ص ۱۳۱۔ ۵۔ مروج الذھب۔
۶۔ کامل ابن اثیر، ج ۱، ص ۵۳۔ ۷۔ بحار الانوار۔
۸۔ اخبار الدول۔ ۹۔ حیات القلوب۔
۱۰۔ المستطرف، ج ۲، ص ۳۳۔ ۱۱۔ کامل ابن اثیر۔

لود ابن مھلا ئیل، ۷۳۲ سال کی عمر۔ (۱)

لمک ابن متوشلخ ابن ادریس پیغمبر، ۷۰۰ سال کی عمر۔ (۲)

سطیح، ۷۰۰ سال کی عمر۔ (۳)

۸۔ وہ افراد جن کی عمر ۸۰۰ سال تھی اور ۹۰۰ سال سے تجاوز نہیں کی تھی:

عمرو ابن عامر سرزمین سبا کے حکمرانوں کا ایک حکمراں، ۸۰۰ سال کی عمر۔ (۴)

ادریس پیغمبر، ۸۶۲ سال کی عمر۔ (۵)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مہلا ئیل ابن قینان، ۸۹۵ سال کی عمر۔(۶)

عابر، ۸۷۰ سال کی عمر۔(۷)

۹۔ وہ افراد جن کی عمر ۹۰۰ سال تھی اور ۱۰۰۰ سال سے تجاوز نہیں کی تھی:

آدم صفی اللہ، ۹۳۰ سال کی عمر۔(۸)

شداد ابن عاد ابن عوص ابن ارم سام ابن نوح، ۹۰۰ سال کی عمر۔(۹)

شیث ابن آدم، ۹۱۲ سال کی عمر۔(۱۰)

اَنوش، ۹۶۵ سال کی عمر۔(۱۱)

۱۔ مروج الذہب۔
۲۔ کامل ابن اثیر، ج ۱ ص ۲۳۔
۳۔ کمال الدین۔
۴۔ گزشتہ حوالہ۔
۵۔ کامل ابن اثیر، ج ۱ ص ۲۱۔
۶۔ کنز الفوائد، ص ۲۳۵۔
۷۔ گزشتہ حوالہ۔
۸۔ کامل ابن اثیر، ج ۱ ص ۱۹۔
۹۔ کمال الدین۔
۱۰۔ کامل ابن اثیر، ج ۱ ص ۱۹۔
۱۱۔ کنز الفوائد، ص ۲۳۵۔

عدیم، مصر کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ، ۹۲۶ سال کی عمر۔(۱)

قینان، ۹۲۰ سال کی عمر۔(۲)

۱۰۔ وہ افراد جن کی عمر ۱۰۰۰ سال تھی اور ۲۰۰۰ سال سے تجاوز نہیں کی تھی:

ضحاک، ۱۰۰۰ سال کی عمر۔(۳)

صاحب مہرجان، ۱۵۰۰ سال کی عمر۔(۴)

بخت النصر، ۱۵۰۷ سال اور ۵۰ دن۔(۵)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یوراسف ابن ارونداسف، ۱۰۰۰ سال کی عمر۔(۶)

۱۱۔وہ افراد جن کی عمر ۲۰۰۰ سال سے تجاوز کی تھی:

نوح پیغمبر، ۲۵۰۰ سال کی عمر۔

لقمان حکیم، ۴۰۰۰ سال اور ایک نقل کے مطابق ۱۰۰۰ سال کی عمر۔

لقمان ابن عاد، ۳۵۰۰ سال کی عمر۔(۷)

۱۲۔وہ افراد جنہوں نے ہزاروں سال زندگی بسر کی اور امام زمانہؑ کے ظہور تک دنیا کی آخری عمر تک زندہ رہیں گے۔ان افراد میں سے ایک مثال حضرت خضرؑ کی دی جاسکتی ہے۔(۸)

۱۔اخبار الدول ۔
۲۔کنز الفوائد، ص ۲۴۵۔
۳۔تاریخ طبری ۔
۴۔غیبت طوسی ۔
۵۔اخبار الدول۔
۶۔کامل ابن اثیر، ج ۱، ص ۱۳۱۔
۷۔اخبار الدول۔
۸۔المستطرف، ج ۲، ص ۳۳۔

طول عمر کے عوامل

اطبا اور علم اجتماع کے ماہرین نے جو نظریات اپنے مباحث و گفتگو میں پیش کیے ہیں انہوں نے انسان کی طول عمر کے لیے چند عوامل ذکر کیے ہیں: جیسے نفسیاتی اعتماد و اطمینان، وراثت، غذائیں، کم کھانا، ماحول، کام کی نوعیت، سگریٹ نہ پینا، کھلی فضا، سردی، کثرت سے پاپیادہ چلنا، زندگی گزارنے کا لائحہ عمل مرتب کرنا، انسان کے لیے زندگی کا باہدف ہونا

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

،کام اور استراحت کے درمیان تناسب و اعتدال برقرار رکھنا، قیلولہ خصوصاً ان افراد کے لیے جو چالیس سے لے کر پچاس سال تک کی عمر والے ہوں، آرام دہ اور خوبصورت رنگ کا جوتا اپنے پاس رکھنا، اچھی طرح ناشتہ تناول کرنا، طبیعی نعمتوں سے بہرہ مند ہونا، سونے کا وقت اور مقدار کے لحاظ سے منظم رکھنا اس کے علاوہ اور بھی دوسرے عوامل انسان کی طول عمر میں بہت زیادہ موثر ہو سکتے ہیں۔(۱)

۵۔ فلسفی (منطقی) امکان

فلسفی یا منطقی امکان کا مقصد یہ ہے کہ عقل کی طرف مراجعہ کرنے کے بعد کسی طرح کی طول عمر کے نظریہ سے عقلی و فلسفی مشکل نہیں پائی جاتی۔ تین سنترے برابر سے بغیر کسی کمی کے دو حصوں میں تقسیم ہو جائیں۔ عقلی امکان نہیں پایا جاتا، کیونکہ عقل ہر تجرباتی عمل سے پہلے درک کرتی ہے کہ تین عدد فرد (طاق) ہے زوج (جفت) نہیں، اس لیے برابر سے دو دو تقسیم ہونے کا امکان نہیں پایا جاتا، وگرنہ یہ بات لازم آئے گی کہ ایک ہی زمانہ میں ایک شئے

۱۔ اولین دانشگاہ و آخرین پیامبر، ج ۲، ص ۲۱۳۔

زوج بھی ہو فرد بھی اور یہ متضاد بات ہے ایسا تناقض و تضاد عقلاً محال ہے۔ لیکن انسان کا آگ میں چلے جانا اور سورج پر پہونچ جانا بغیر اس کے کہ اس کی حرارت انسان کو جلا دے عقلی اور منطقی لحاظ سے محال نہیں ہے، اس لیے کہ اس بات میں تضاد نہیں پایا جاتا۔

ایک وہ جسم جس کی حرارت زیادہ ہے وہ ایسے جسم میں کہ جس کی حرارت کم ہو نہ پہونچے، یہ بات صرف علم اور تجربہ کے برخلاف ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہاں سے اس بات کا استفادہ ہوتا ہے کہ عقلی امکان کا دائرہ علمی اور عملی امکان کے دائرہ سے زیادہ وسیع ہے۔

اس بات میں شک نہیں ہے کہ انسان کا ہزاروں سال تک طویل عمر پانا عقلی اور منطقی لحاظ سے ممکن ہے اور کسی قسم کا عقلی اعتراض نہیں پایا جاتا اور کبھی بھی کسی قسم کا تضاد کا لازمہ بھی نہیں ہوگا اس لیے کہ حیات و زندگی کے مفہوم میں موت کی سرعت بھی نہاں ہے۔

فخر رازی انسان کی طول عمر کی توجیہ و توضیح میں آیۂ مبارکہ "فلبث فیھم الف سنۃ الا خمسین عاماً..." (۱) کے ذیل میں اپنی تفسیر میں کہتے ہیں: "بعض اطبا کہتے ہیں: انسان کی عمر (۱۲۰) سال سے زائد نہیں ہو سکتی، لیکن آیت، اس کے برخلاف دلالت کرتی ہے اور عقل بھی عمر کی اس مقدار سے زیادہ طولانی ہونے کی تائید کرتی ہے، اس لیے کہ انسانی ترکیب کے لحاظ سے ذاتی طور پر بقاء کا امکان موجود ہے ورنہ انسان باقی نہ رہتا، موثر کے تاثیر کرنے کا بھی اس میں امکان پایا جاتا ہے، اس لیے کہ انسانی وجود میں اگر موثر ذات واجب الوجود ہے جو دوام رکھتا ہے، اور اگر ذات واجب الوجود کے علاوہ کوئی ہے تو وہ اس

۱۔ سورۂ عنکبوت ۱۴/

کے لیے موثر ہے۔

اور بالآخر ذات واجب الوجود تک اس کی بازگشت ہوگی جو دوام رکھتا ہے۔ لہٰذا یہ ممکن ہے کہ واجب الوجود کی تاثیر دائمی ہو کہ جس کے نتیجہ میں بقا ذاتاً ممکن ہوگی اور اگر کسی امر عارض کی بنا پر بقا کا امکان نہ پایا جائے اور امر عارض بھی ممکن العدم ہے اور اگر وجودِ عارض واجب سے مانع تھا تو عمر کی مقدار بھی اس حد تک

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

باقی نہیں رہ سکتی بعض اطبا کے اقوال کا نتیجہ یہ نکلا کہ جنہوں نے یہ کہا ہے کہ انسان کی عمر (۱۲۰) سال سے زائد نہیں ہو سکتی، باطل ہے۔(۱)

شیخ مجتبیٰ قزوینی خراسانی عقلی و فلسفی استدلال میں ایک شخص کے خارج میں [نہ کہ ذہن میں] طبیعی طور پر طویل العمر ہونے کی ضرورت کے سلسلہ میں کہتے ہیں: ''فلسفہ و حکمت کے قواعد کے مطابق ہر وہ طبیعت جو دنیا میں کم و بیش ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے تو اس فرد کی کامل طبیعت عالمِ خارج میں موجود ہونی چاہیے، اس لیے کہ ہر ایک طبیعت اپنے انتہائی کمال کی طالب ہے۔ اس قاعدہ کے مطابق فلسفی مسائل کی ایک خاص تعداد کے قواعد کی اساس رکھی گئی ہے منجملہ ان میں سے انسان کے درمیان کامل فرد (نبی) یا حکیم کے نام سے موجود ہونا ہے۔

اس قانون کے مطابق بھی برہان و دلیل کے ساتھ یہ بات ثابت شدہ ہے کہ انسان کی حیات اور عمر عالمِ خارج میں متعدد مراتب کی حامل ہے۔ کسی شخص کی عمر کے لیے (۱۰۰۰) یا (۲۰۰۰) سال تک زندگی کا آخری امکانی مرتبہ یقینی طور پر نہیں جاننا چاہیے، بلکہ ممکن ہے کہ

۱۔ تفسیر فخر رازی، ج ۲۵، ص ۳۲۔

اس مذکورہ مقدار سے زائد ہو۔ اس قانون کے قطع نظر بعض افراد کی طول عمر طبیعی موجودات کے برخلاف نہیں ہے، اس لیے کہ یہ واضح ہے کہ ہر ایک شخص کی عمر اس کی صحت اور مزاجی قوتوں کے تابع ہے جتنی مقدار میں اس کا مزاج زیادہ صحیح و سالم ہوگا اور اس کے تمام قویٰ زیادہ قوی ہوں گے اتنی ہی مقدار میں اس کی بقا اور عمر دراز ہونے کے اسباب بھی زیادہ ہوں گے۔(۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دوسرا حصّہ

غیبت صغریٰ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

غیبت صغریٰ

غیبت صغریٰ کی ابتدا

غیبت صغریٰ کی ابتدا کے سلسلہ میں دو نظریہ پایا جاتا ہے:

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پہلا نظریہ یہ ہے کہ غیبت صغریٰ کا آغاز امام مہدیؑ کی ولادت کے زمانہ ہی سے تھا، اس لیے کہ حضرتؑ کی ولادت مخفی طور پر واقع ہوئی ہے۔ لیکن اس نظریہ کے متعلق اعتراض واقع ہوا ہے، اس لیے کہ غیبت امامؑ کے مسئلہ میں بحث ہے اور اس وقت حضرتؑ منصب امامت تک نہیں پہونچے تھے۔ بالخصوص شیعوں کی ایک کثیر جماعت نے حضرتؑ کا امام عسکریؑ کی شہادت سے ۵ سال قبل مشاہدہ کیا تھا۔

دوسرا نظریہ یہ ہے کہ حضرتؑ کی غیبت آپ کے پدر گرامی امام عسکریؑ کی شہادت کے زمانہ سے ہی شروع ہو چکی تھی۔ اور دقیق طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ کے والد گرامی کی نماز جنازہ پڑھانے کے بعد ہی غیبت کا زمانہ شروع ہو جاتا ہے، اس واقعہ سے جسے ابو الادیان بصری نے نقل کیا ہے۔

غیبت صغریٰ کی حکمت

غیبت صغریٰ حضرت مہدیؑ کی امامت کے پہلے مرحلہ کی نشان دہی کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے مختصر مدت تک معین فرمایا اور یہ کہ وہ عام لوگوں سے بہت زیادہ دور رہ کر مخفی رہیں اور شیعوں کے امور کو نائبین کے ذریعہ انجام دیں۔

لیکن غیبت صغریٰ، غیبت کبریٰ سے قبل کیوں واقع ہوئی اس میں ممکن ہے یہ جہت ہو کہ امامت کی طول تاریخ میں شیعوں کی عادت یہ تھی کہ جب وہ ارادہ کرتے تھے تو امامؑ کی خدمت بابرکت میں پہونچ جاتے تھے اور ان کی ذات گرامی سے استفادہ کرتے تھے اور ہرگز کلی طور پر غیبت سے مانوس نہیں تھے۔ لہذا اس موضوع کے محقق ہونے کے لیے پہلے غیبت صغریٰ محقق ہوئی کہ اس میں ایک حد تک لوگوں کے ارتباط منقطع ہوئے اور یہ کہ لوگ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اگر چہ ابتدا میں شک وشبہ اور ذہنی تشویش میں مبتلا ہوئے لیکن کچھ ہی مدت کے بعد نہ کہ بہت طولانی زمانہ کے بعد ان کے شکوک وشبہات برطرف ہوئے اور قطعی دلائل کے مشاہدہ کے بعد امام مہدیؑ کے وجود کا یقین حاصل کرلیا۔ اور مختصری مدت کے بعد نہ کہ بہت طولانی عرصہ کے بعد غیبت کبریٰ کا آغاز ہوا۔

زمانہ غیبت صغریٰ کی خصوصیت

ایک قول کی بنا پر غیبت صغریٰ کی ابتدا امام عسکریؑ کی شہادت کے زمانہ سے ہی ہو چکی تھی کہ اسی زمانہ سے امامؑ نے امر امامت کی ذمہ داری سنبھالی۔ حضرت نے اپنی خلافت کا سب سے پہلے دشمنوں سے مقابلہ کے لیے وکیل منصوب کر کے، اہل قم کی جماعت کے ہمراہ آغاز کیا۔ زمانہ غیبت صغریٰ مخصوص امتیازات کا حامل ہے کہ ہم ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ اس زمانہ میں امام مہدیؑ امامت وخلافت کے ذمہ دار ہوئے۔

۲۔ اس زمانہ میں مکمل طور پر مخفی نہیں ہوئے، بلکہ کلی مصلحتوں کی وجہ سے اپنے بعض خاص دوستوں سے ملاقات کا سلسلہ برقرار رکھے ہوئے تھے۔

۳۔ اس زمانہ میں چار نائب تھے جو حضرت مہدیؑ کی طرف سے لوگوں کے امور کی خصوصی طور پر دیکھ بھال کرتے تھے جو ان لوگوں اور حضرت کے درمیان واسطہ شمار کیے جاتے تھے۔

حضرت حجت (ع) کی امامت کے لیے اللہ تعالیٰ کا زمینہ فراہم کرنا

منجملہ ان موضوعات میں سے جو امام مہدیؑ کی ولادت سے قبل ظاہر ہوئے کہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جسے حضرت مہدیؑ کی امامت کا بچپن ہی میں مقدمہ شمار کیا جا سکتا ہے اور وہ امام جوادؑ (تقیؑ) اور امام ہادیؑ (نقیؑ) کی ولادت ہے، اس لیے کہ امام جوادؑ آٹھ یا سات سال کی عمر میں اور امام ہادیؑ چھ سال کے مبارک سن میں منصب امامت پر فائز ہوئے۔ لہذا شیعہ ان دو امام کی امامت کے معتقد ہوئے، یہی مسئلہ حضرت مہدیؑ کی امامت کے عقیدہ کے لیے زمینہ ساز ثابت ہوا اور ان سے پانچ سال کی عمر میں منصب امامت پر فائز ہونے کا بعید شمار کرنا مرتفع ہوا۔

حضرت حجتؑ کی غیبت کے لیے معصومین علیہم السلام کا زمینہ فراہم کرنا

غیبت امامؑ کا موضوع امت مسلمہ کے لیے ایک نیا تجربہ تھا، اس طرح کہ غیبت کا تجربہ اس مقدار میں کسی امت نے اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا تھا، لہذا امت مسلمہ اور شیعہ معاشرہ اس کے وارد ہونے کے لیے محکم اور یقینی طور پر زمینہ سازی کا محتاج تھا۔

اسی وجہ سے اہل بیتؑ حتیٰ رسول خداؐ سب نے بارہا، بارہویں امام کی غیبت کے موضوع کی طرف صریحی طور پر اشارہ کیا ہے۔ جس طرح زمانہ غیبت صغریٰ، غیبت کبریٰ کے آغاز سے پہلے بھی لوگوں کے درمیان اس کے آنے کی زمینہ سازی اور لوگوں کے درمیان انس پیدا کرنے کا سبب تھا۔

ا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول خداؐ کی بہت سی روایات میں اس موضوع کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

ابن عباس رسول خداؐ سے ایک حدیث میں نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: "...

وجعل من صلب الحسين ائمة يقومون بأمرى و يحفظون وصيتي التاسع

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منهم قائم اهل بيتي و مهديّ امّتي اشبه الناس بي في شمائله و اقواله و افعاله. يظهر بعد غيبة طويلة و حيرة مضلّة فيعلن امر الله و يظهر دين الله عزّوجلّ ...''(۱)

''...حسینؑ کی صلب سے ائمہ قرار دیے۔ جو میرے امر کے لیے قیام فرمائیں گے اور میری وصیتوں کی حفاظت کریں گے، ان میں سے نویں قائم اہل بیت اور میری امت کے مہدی ہیں۔ وہ لوگوں میں میرے شکل وشمائل اور اقوال وافعال میں بہت زیادہ مشابہ ہیں۔ ایک طولانی غیبت اور گمراہ کرنے والی حیرت کے بعد ظہور کریں گے۔ اس وقت امر خدا کا اعلان عام فرمائیں گے اور اس کے دین کو ظاہر کریں گے...''

امام علیؑ نے بھی رسول خداؐ سے روایت نقل کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ''ثم يغيب

۱۔ کمال الدین، ص ۲۵۶۔ بحار الانوار، ج ۳۶، ص ۳۲۷، ح ۳۔

عنهم امامهم ما شاء الله و يكون له غيبتان: احداهما اطول من الأخرىٰ...''(۱) ''پھر ان لوگوں کا امام ان کے درمیان سے غائب ہو جائے گا اور اس کے لیے دو غیبتیں ہوں گی ایک غیبت دوسری سے زیادہ طولانی ہوگی...''۔

جابر ابن عبداللہ انصاری نے رسول خداؐ سے دریافت کیا: ''وللقائم من ولدك غيبة؟ قال: اى و ربّى، ثم قرا هذه الآية: "وليمحّص الله الذين آمنوا و يمحق الكافرين (۲) "(۳) اور کیا آپ کی اولاد میں جو قائم ہوگا اس کے لیے غیبت ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''ہاں، میرے رب کی قسم! پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"تا کہ اللہ تعالی مومنین کو آزمائے اور کافروں کو نیست و نابود کرے"۔

۲۔ امام علی علیہ السلام

بہت سی روایات میں حضرت علیؑ نے اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے منجملہ ان میں سے شیخ صدوق ؒ نے ایک حدیث میں اپنی سند سے حضرت امیر المومنینؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا:

"للقائم منا غيبة امرها طويل كانّي بالشيعة يجولون جولان النعم في غيبته يطلبون المرعىٰ فلا يجدونه الا فمن ثبت منهم على دينه و لم يقس قلبه لطول امد غيبة امامه فهو معي في درجتي يوم القيامة..."(۴) ہم میں سے جو امام قائم ہوگا اس کی غیبت طولانی مدت تک رہے گی، گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ اس زمانۂ غیبت میں شیعہ اس طرح پھریں گے جیسے چوپائے چراگاہ کی تلاش میں حیران و سرگردان پھرتے ہیں، مگر ان کو چراگاہ نہیں ملتی، مگر یاد رہے کہ جو شخص اس زمانۂ غیبت میں اپنے دین پر قائم رہا اور اپنے امام کی طولانی غیبت کی وجہ سے اس کا دل سخت نہ ہوا تو وہی قیامت کے دن میرے ساتھ میرے درجے میں ہوگا"۔

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۲۸۰۔ ۲۔ سورۂ آل عمران، آیت ۱۴۱۔

۳۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۰۷، ج ۱۸۔ کمال الدین، ص ۲۸۷۔

۴۔ کمال الدین، ص ۳۰۳، اعلام الوریٰ، ص ۴۲۶۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۰۹، ح ۱۔

۳۔ امام حسن علیہ السلام

شیخ صدوقؒ اپنی سند سے ایک حدیث میں نقل کرتے ہیں کہ جب امام حسن مجتبیٰؑ نے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

معاویہ سے مصالحت کرلی تو آپ کے اس فعل پر بعض لوگوں نے اعتراض کیا تو حضرتؑ نے اس کے متعلق فرمایا: " ویحکم ما تدرون ما عملت، واللّٰہ الذی عملت خیر لشیعتی ممّا طلعت علیہ الشمس او غربت، الا تعلمون انّی امامکم مفترض الطاعۃ علیکم و احد سیّدی شباب اھل الجنّۃ بنصّ رسول اللّٰہ علیّ؟ قالوا: بلی. قال: اما علمتم ان الخضر لمّا خرق السفینۃ و اقام الجدار و قتل الغلام کان ذلک سخطاً لموسیٰ بن عمران اذ خفی علیہ وجہ الحکمۃ فی ذلک و کان ذلک عند اللّٰہ تعالیٰ ذکرہ حکمۃ و صواباً. اما علمتم انّہ ما منّا احد الّا ویقع فی عنقہ بیعۃ لطاغیۃ زمانہ الّا القائم الّذی یصلّی روح اللّٰہ عیسی ابن مریم خلفہ فانّ اللّٰہ عزّ وجلّ یخفی و لادتہ و یغیب شخصہ لئلا یکون لأحد فی عنقہ بیعۃ اذا خرج ذلک التاسع من ولد اخی الحسین بن سیّدۃ الاماء یطیل اللّٰہ عمرہ فی غیبتہ ثم یظھرہ بقدرتہ فی صورۃ شآبّ دون اربعین سنۃ ذلک لیعلم انّ اللّٰہ علی کلّ شیٔ قدیر "۔(۱)

"تم پر وائے ہو، میں نے جو کچھ کیا ہے وہ تمہاری سمجھ میں نہیں آتا، خدا کی قسم! میرا یہ عمل ان تمام چیزوں سے بہتر ہے جن پر سورج طلوع وغروب ہوتا ہے کیا تمہیں نہیں معلوم کہ میں تم لوگوں کا امام ہوں اور میری اطاعت تم پر فرض ہے میں جوانانِ اہل جنت کے دو سرداروں میں سے ایک ہوں جس پر رسول خداؐ کی نص موجود ہے؟

لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں معلوم ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پھر فرمایا: کیا تم یہ نہیں جانتے کہ حضرت خضرؑ نے جب کشتی میں سوراخ کیا۔ ایک لڑکے کو قتل کیا اور ایک گرتی ہوئی دیوار کو کھڑا کر دیا، تو اس عمل پر حضرت موسیٰؑ بن عمران ناراض ہوئے۔ اس لیے کہ حضرت خضرؑ کے اس عمل میں جو حکمت پوشیدہ تھی اس سے حضرت موسیٰؑ ناواقف تھے۔ مگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ سب صحیح اور حکمت سے پُر تھا (جس سے حضرت خضرؑ واقف تھے)۔

کیا تمہیں یہ نہیں معلوم کہ ہم میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہیں جو اپنے زمانہ کے کسی ظالم و جابر کے زیر حکومت نہ رہا ہو، سوائے امام قائمؑ کے، جن کے پیچھے حضرت عیسیٰؑ روح اللہ ابن مریم نماز پڑھیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی ولادت کو پوشیدہ رکھا اور جسمانی طور پر انہیں پردۂ غیب میں رکھا ہے تاکہ وہ کسی کے زیر حکومت نہ رہیں۔ میرے بھائی حسینؑ کی اولاد میں سے نواں جو کنیزوں کے سردار کے بطن سے ہوگا اور اللہ تعالیٰ زمانہ غیبت میں اس کی عمر

۱۔ کمال الدین، ص ۳۱۵۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۳۲، ح ۱۔

کو طویل کر دے گا پھر جب وہ ظہور کرے گا تو وہ چالیس سالہ جوان سے معلوم ہوں گے تاکہ دنیا والے جان لیں کہ اللہ تعالیٰ ہر شئے پر قدرت رکھتا ہے"۔

۴۔ امام حسین علیہ السلام

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام حسینؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: "فی التاسع من ولدی سنّة من یوسف و سنّة من موسیٰ بن عمرانؑ وھو قائمنا اھل البیت یصلح اللّٰہ تبارک و تعالیٰ امرہ فی لیلة واحدة "(۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"میری اولاد میں سے نویں کے اندر بعض حضرت یوسفؑ کی سنت ہوگی اور بعض حضرت موسیٰ بن عمران کی، اور وہی ہم اہلبیتؑ میں سے (امام) قائم ہوگا، اور اللہ تبارک و تعالیٰ صرف ایک شب میں ان کی حکومت قائم کردے گا"۔

نیز امام حسینؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: " قائم هذه الامة هو التاسع من لدی وهو صاحب الغیبة"(۲)

اس امت کا قائم میری اولاد میں سے نواں (امام) ہوگا جو صاحب غیبت ہوگا۔

نیز فرمایا: "...له غیبة یرتد فیها اقوام و یثبت علی الدین فیها آخرون..." (۳)

"...اس کے زمانۂ غیبت میں کچھ قومیں مرتد ہو جائیں گی اور کچھ اپنے دین پر قائم و ثابت رہیں گی..."۔

۱۔کمال الدین، ص ۳۱۶۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۳۳،۱۳۲، ح ۲۔
۲۔کمال الدین، ص ۳۱۷۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۳۳،۱۳۲، ح ۳۔
۳۔کمال الدین، ص ۳۱۷۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۳۳،۱۳۲، ح ۳۔

۵۔امام سجاد علیہ السلام

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام زین العابدینؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: "تمتد الغیبة بولیّ اللّٰه الثانی عشر من اوصیاء رسول اللّٰه و الائمة بعده. یا ابا خالد انّ اهل زمان غیبته القائلین بامامته و المنتظرین لظهوره افضل من اهل کلّ زمان، لانّ اللّٰه تبارک و تعالیٰ اعطاهم من العقول و

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الافهام والمعرفة ما صارت به الغيبة عندهم بمنزلة المشاهدة..."(۱)

''اس وقت حضرت رسول خداؐ کے اوصیا میں سے بارہویں وصی اور ولی خدا کی غیبت طولانی ہوگی۔ اے ابو خالد! ان کی غیبت کے زمانہ میں جو لوگ ان کی امامت کے قائل ہوں گے ان کے ظہور کے منتظر ہوں گے وہ تمام زمانے کے لوگوں سے افضل ہوں گے کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کو ایسی عقل وفہم اور معرفت عطا فرمائے گا کہ ان کے نزدیک غیبت بھی بمنزلۂ مشاہدہ ہوگی...''۔

۶۔ امام باقر علیہ السلام

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام باقرؑ سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

''یاتي على الناس زمان يغيب عنهم امامهم ،فيا طوبىٰ للثابتين على امرنا في ذلك الزمان ،انّ ادنىٰ ما يكون لهم من الثواب ان يناديهم الباري

۱۔ کمال الدین، ص ۳۱۹۔ بحار الانوار، ج ۳۶،ص ۳۸۶۔

جلّ جلاله فيقول عبادي و امائي آمنتم بسرّي و صدقتم بغيبي، فابشروا بحسن الثواب منّي..."(۱) لوگوں کے لیے ایسا زمانہ بھی آئے گا جب ان کا امام ان کے درمیان سے غائب ہو جائے گا۔ لہٰذا ان لوگوں کے لیے خوشخبری ہے جو اس زمانہ میں ہمارے امر پر قائم رہیں۔ یقیناً ان لوگوں کے لیے سب سے کم ثواب جو نصیب ہوگا وہ یہ ہے کہ ان سے باری تعالیٰ فرمائے گا: اے میرے غلاموں اور کنیزوں! میرے راز پر ایمان لائے اور میرے غیب کی تصدیق

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کی، لہٰذا تمہیں میری طرف سے حسن ثواب کی بشارت ہو..."۔

۷۔ امام صادق علیہ السلام

امام صادقؑ نے ایک حدیث میں فرمایا: "الخامس من ولد السابع يغيب عنكم شخصه" (۲)

"وہ ساتویں امام کے پانچویں فرزند ہوں گے جو جسمانی طور پر تم لوگوں کی نظروں سے غائب رہیں گے"۔

نیز فرمایا: "اما والله ليغيبنّ عنكم مهديكم حتى يقول الجاهل منكم مالله في آل محمد حاجة" (۳)

"آگاہ ہو جاؤ خدا کی قسم! تمہارا مہدی تم لوگوں سے اتنے دنوں پردۂ غیب میں رہے گا

۱۔ کمال الدین، ص ۳۳۰۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۳۵، ح ۲۶۔

۲۔ کمال الدین، ص ۳۳۸۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۳۳، ح ۳۔

۳۔ کمال الدین، ص ۳۴۱۔ بحار الانوار، ص ۱۳۵، ح ۱۲۔

کہ تمہارے درمیان رہنے والے جاہل لوگ کہنے لگیں گے کہ اللہ تعالیٰ کو اب آل محمدؐ کی ضرورت باقی نہیں رہ گئی ہے"۔

نیز فرمایا: "انّ الغيبة ستقع بالسادس من ولدى وهو الثانى عشر من الائمة الهداة بعد رسول الله، اوّلهم امير المومنين على بن ابى طالب و آخرهم القائم بالحق بقيّة الله فى الارض..." (۱)

"یقیناً میرا چھٹا فرزند اور ائمہ میں سے بارہویں کی، بعدِ وفاتِ رسولؐ، غیبت واقع ہوگی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جن میں سے پہلے حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ ہیں اور آخری قائم بالحق ہیں جو بقیۃ اللہ فی الارض ہیں..."۔

نیز فرمایا: "انّ للقائم غیبۃ قبل ان یقوم "(۲) "یقیناً قائم کے لیے قیام سے پہلے ایک غیبت ہے"۔

۸۔ امام کاظم علیہ السلام

امام کاظمؑ نے فرمایا: "اذا فقد الخامس من ولد السابع فاللہ اللہ فی ادیانکم لا یزیلنّکم احد عنھا، یا بنیّ! انّہ لا بدّ لصاحب ھذا الامر من غیبۃ..."(۳)

"جب تمہارے ساتویں امام کا پانچواں فرزند پردۂ غیبت میں چلا جائے تو اللہ تعالیٰ کے

۱۔ کمال الدین، ص ۳۳۱۔ بحار الانوار، ص ۱۳۵، ج ۱۳

۲۔ کمال الدین، ص ۳۴۲۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۴۶، ح ۷۰۔

۳۔ کمال الدین، ص ۳۵۹، ۳۶۰۔ کافی، ج ۱، ص ۳۳۶، ح ۲۔

لیے اپنے دین کا بہت زیادہ خیال رکھنا کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص تمہارے دین سے تم کو ہٹا دے، اے میرے بیٹے! اس صاحب امر کی غیبت یقینی ہے..."۔

یونس ابن عبد الرحمن کہتے ہیں: میں حضرت موسیٰ کاظمؑ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوا، اور عرض کیا: فرزند رسولؐ! کیا آپ قائم بالحق ہیں؟

فرمایا: "انا القائم بالحق و لکنّ القائم الذی یطھر الارض من اعداء اللہ عزّ و جلّ ویملأھا عدلا کما ملئت جورا و ظلما ھو الخامس من ولدی لہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

غیبة یطول امدها خوفا علی نفسه ...‘‘(۱)

’’میں قائم بالحق ہوں، لیکن وہ قائم جو زمین کو دشمنانِ خدا سے پاک کریں گے اس کو عدل وانصاف سے اس طرح بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوگی، وہ میرے پانچویں فرزند ہوں گے، ان کی غیبت بہت طولانی ہوگی چونکہ ان کی جان خطرے میں ہے...‘‘۔

نیز اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بیان میں (واسبغ علیکم نعمه ظاهرة و باطنة)(۲) اس نے تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں فراوانی سے عطا کیں۔ فرمایا: ’’النعمة الظاهرة الامام الظاهر و الباطنة الامام الغائب، فقلت له: و یکون فی الائمة من یغیب؟ قال: نعم، یغیب عن ابصار الناس شخصه ولا یغیب عن قلوب المومنین ذکره وهو الثانی عشر منا ...‘‘(۳)

۱۔ گزشتہ حوالہ، ص ۳۶۱۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۵۱، ح ۶۔

۲۔ سورہ لقمان، آیت ۲۰۔ ۳۔ کمال الدین، ص ۳۶۸۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۵۱، ح ۲۔

’’ظاہری نعمت سے مراد، امام ظاہر اور باطنی نعمت سے مراد، امام غائب ہیں، میں نے کہا: کیا ائمہ میں سے کوئی غائب بھی ہوگا؟ فرمایا: ہاں وہ جسمانی طور پر لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہیں گے مگر مومنین کے دلوں سے ان کا ذکر محو نہیں ہوگا۔ وہ ہم ائمہ میں سے بارہویں ہوں گے...‘‘۔

۹۔ امام رضا علیہ السلام

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: ’’الرابع

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

من ولدی ابن سیّدة الاماء یطهّر اللّه به الارض من کلّ جور و یقدّسها من کلّ ظلم، وهو الذی یشکّ الناس فی ولادته وهو صاحب الغیبة قبل خروجه..."(۱)

''میری نسل سے چوتھا جو بہترین کنیزوں کا فرزند ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ذریعہ زمین کو ہر طرح کے ظلم و جور سے پاک کرے گا، یہی وہ ہوں گے کہ جن کی ولادت میں لوگوں کو شک رہے گا ان کے لیے ظہور سے پہلے غیبت ہے...''۔

نیز دعبل سے فرمایا: ''...یا دعبل! الامام بعدی محمد ابنی و بعد محمد ابنه علی و بعد علیّ ابنه الحسن و بعد الحسن ابنه الحجّة المنتظر فی غیبته..."(۲)

۱۔ کمال الدین، ص ۳۷۱۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۳۲۱، ح ۲۹۔

۲۔ کمال الدین، ص ۳۷۲۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۵۴، ح ۴۔

''...اے دعبل! میرے بعد میرا فرزند؛ محمد امام ہوگا اور محمد کے بعد اس کا فرزند؛ علی اور علی کے بعد اس کا فرزند؛ حسن اور حسن کے بعد اس کے فرزند؛ حجت امام ہوں گے۔ جن کی غیبت میں ان کا انتظار کیا جائے گا...''۔

۱۰۔ امام جواد تقی علیہ السلام

عبدالعظیم حسنیؒ فرماتے ہیں: میں حضرت امام محمد ابن علی رضاؑ کی خدمت بابرکت میں اس قصد سے حاضر ہوا کہ آپ سے دریافت کروں کہ امام قائم ہی مہدی ہوں گے یا کوئی اور

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شخص؟ مگر میرے دریافت کرنے سے پہلے ہی آپ نے ارشاد فرمایا: "...یا ابا القاسم! انّ القائم منّا هو المهدیّ الذی یجب ان ینتظر فی غیبته و یطاع فی ظهوره وهو الثالث من ولدی..."۔(۱)

"...اے ابوالقاسم! ہم میں سے جو قائم ہوگا وہی مہدی ہوگا، جس کی غیبت میں اس کا انتظار کرنا واجب ہے اور عہد ظہور میں اس کی اطاعت فرض ہے اور وہ میرا تیسرا فرزند ہوگا..."۔

صقر ابن ابي دلف کہتے ہیں: میں نے امام جوادؑ سے عرض کیا: کیوں قائم کو منتظر کہتے ہیں؟ فرمایا: "... لأنّ له غیبة تکثر ایّامها و یطول امدها فینتظر خروجه المخلصون و ینکره المرتابون ..."۔(۲)

۱۔کمال الدین، ص ۳۷۷۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۵۶، ح ۱۔
۲۔کمال الدین، ص ۳۷۸۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۰، ح ۴۔

"...اس لیے کہ ان کی غیبت کی مدت بہت طولانی ہوگی۔ جس میں مخلص لوگ ان کے ظہور کے منتظر ہوں گے اور شک کرنے والے ان کے وجود سے انکار کریں گے..."۔

۱۱۔امام ہادی علیہ السلام (نقیؑ)

شیخ صدوقؒ اپنی سند کے ساتھ ابو ہاشم داؤد ابن قاسم جعفری سے نقل کرتے ہیں کہ ابوالحسن (امام نقیؑ) کو فرماتے ہوئے سنا ہے: "...و من بعدی الحسن ابنی فکیف للنّاس بالخلف من بعده؟ قال: فقلت: و کیف ذاک یا مولاي؟! قال: لأنّه لا

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یری شخصہ و لا یحلّ ذکرہ باسمہ ..."(۱)

"...میرے بعد میرا جانشین میرا بیٹا حسن ہے، پھر لوگوں کے لیے آپ کے بعد کس طرح جانشین ہوں گے؟ میں نے عرض کیا: کیسے اے میرے آقا و مولا؟! حضرت نے فرمایا: اس لیے کہ وہ جسمانی طور پر غائب رہیں گے اور ان کا نام لینا جائز نہیں ہوگا"۔

۱۲۔امام عسکری علیہ السلام

امام حسن عسکریؑ کی سرگرمیوں کو اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل گروہوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

۱۔تعلیمات اور بیانات

امام عسکریؑ نے ایک مفصل حدیث میں احمد ابن اسحاق سے فرمایا: "...یا احمد بن اسحاق! مثلہ فی ھذہ الامّۃ مثل الخضرؑ و مثلہ مثل ذی القرنین و اللّٰہ

۱۔کمال الدین، ص ۳۷۹، ۳۸۰۔ اعلام الوریٰ، ص ۳۲۷، ۳۲۸۔

لیغیبنّ غیبۃ لا ینجو فیھا من التھلکۃ الّا من ثبتہ اللّٰہ عزّوجلّ علی القول بامامتہ، و وفّقہ فیھا الدعاء بتعجیل فرجہ..."(۱)

"...اے احمد ابن اسحاق! اس (بچے) کی مثال اس امت میں خضر کی طرح ہے، اس کی مثال ذوالقرنین کی مثال ہے، خدا کی قسم! یقیناً اس کی ایسی غیبت ہوگی کہ جس میں ہلاکت سے صرف وہی نجات پائے گا جس کو اللہ تعالیٰ اس کی امامت پر ثابت قدم رکھے گا اور اس امر کی توفیق دے گا کہ وہ اس کی غیبت میں تعجیل ظہور کے لیے دعا کرتا رہے..."۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نیز ارشاد فرمایا: "... اما انّ لولدی غیبة یرتاب فیها الناس الّا من عصمه الله عزّ وجلّ "(۲)

"...آگاہ رہو! یقیناً میرے بیٹے کے لیے ایسی غیبت ہوگی کہ لوگ ان کے متعلق شک کرنے لگیں گے سوائے ان لوگوں کے کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے محفوظ کیا ہو"۔

۲۔ اپنے تعلقات شیعوں سے کم کرنا

مسعودی ناقل ہیں: جب انہیں امر امامت حاصل ہوئی تو انہوں نے اپنے خواص اور غیر خواص سے پس پردہ کلام کیا، سوائے ان اوقات کے کہ جب انہیں بادشاہ کے گھر لے گئے تھے۔(۳) لہٰذا حضرت کے چاہنے والے شیعہ ان کی ملاقات کے لیے سر راہ بیٹھ جاتے تھے تاکہ اس وقت حضرت سے ملاقات کا شرف حاصل کریں۔(۴)

۱۔ کمال الدین، ص ۳۸۳۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۲۳، ۲۴، ح ۱۶۔

۲۔ کمال الدین، ص ۴۰۹۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۱۶۰، ح ۶۔

۳۔ اثبات الوصیہ، ص ۲۸۶۔ ۴۔ بحار الانوار، ج ۵۰، ص ۲۹۰، ح ۶۳، اور ص ۲۹۳، ح ۶۷۔

۳۔ نظام وکالت کا اتخاذ

اگر چہ امام عسکریؑ کی پہلی شخصیت نہیں تھی کہ جس نے نظام وکالت کو اختیار کیا، البتہ حضرت نے اپنے زمانہ میں اپنے فرزند ارجمند مہدیؑ کی غیبت کے لیے وسیع زمینہ فراہم کیا۔ لہٰذا اس سلسلہ میں عثمان ابن سعید اور ان کے فرزند کو اپنا مورد اعتماد و موثق وکیل کے عنوان سے یوں تعارف کرایا: "... و اشهد واعلى انّ عثمان بن سعيد العمرى وكيلي و انّ ابنه محمد وكيل ابنی مهديكم "(۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

''تم لوگ گواہ رہو کہ عثمان ابن سعید عمری میرے وکیل ہیں اور یقیناً ان کے فرزند محمد میرے فرزند کے وکیل ہیں جو تم لوگوں کے مہدی ہیں''۔

نیز ان کے وکلاء میں سے محمد ابن احمد ابن جعفر اور جعفر ابن صیقل ہیں۔(۲)

۴۔اپنے فرزند ار جمند کے لیے قربانی کرنا

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ ابو جعفر عمری سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب امام زمانہؑ کی ولادت ہوئی تو ابو محمد (عسکریؑ) نے ارشاد فرمایا: ''ابعثوا الی ابی عمرو ،فبعث الیه فصار الیه ،فقال: اشتر عشرة آلاف رطل خبزاً و عشرة آلاف رطل لحماً وفرّقه. احسبه قال: .علی بنی هاشم ،وعق عنه بکذا او کذا شاة'' ۔(۳)

۱۔بحار الانوار،ج ۵۱،ص ۳۴۴،ح ۱۔

۲۔بحار الانوار،ج ۵۰،ص ۳۰۹،۳۱۰،ح ۹۔

۳۔کمال الدین،ص ۴۳۰۔بحار الانوار،ج ۵۱،ص ۵،ح ۹۔

کسی شخص کو ابو عمر کے پاس بھیجو۔پھر کسی کو بھیجا اور جب وہ آگئے تو آپ نے فرمایا: دس ہزار رطل روٹی اور دس ہزار رطل گوشت خرید کر اسے تقسیم کردو۔

(راوی کہتا ہے: میرے گمان میں ہے کہ) آپ نے بنی ہاشم میں تقسیم کرنے کے لیے فرمایا تھا اور آپ نے ان کا عقیقہ بھی اتنی اتنی بکریوں پر کیا۔

نیز اپنے ایک نامہ میں اپنے خواص کو قم میں حکم دیا کہ میرے فرزند کی طرف سے عقیقہ کر کے لوگوں کے گوش گزار کریں کہ یہ مبارک عقیقہ امام عسکریؑ کے نومولود محمد کی ولادت کی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مناسبت سے ہے۔ نیز اپنے خواص کو بغداد اور سامرا میں اسی طرح تحریر لکھی۔

۵۔ اپنے فرزند ارجمند کو اپنے خاص شیعوں کو دکھانا

امام عسکریؑ نے اپنے بیٹے مہدی کی ولادت اور امامت کے متعلق اپنے شیعوں کے قلوب کو محکم کرنے کے لیے اپنے بہت سے دوستوں کو مشاہدہ کرایا۔

ان لوگوں نے بھی اس فرزند سے بعض معجزات کا مشاہدہ کیا جو ان کی امامت پر یقین کا باعث ہوا، منجملہ ان میں سے احمد ابن اسحاق اشعری کی ذات کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے۔(۱)

۱۳۔ امام مہدیؑ

حضرتؑ کے مسئلہ ولادت، امامت اور غیبت کے متعلق جو دیگر ائمہ نے ان سے پہلے زمینہ فراہم کیا اس سے قطع نظر بذات خود حضرتؑ نے اس سلسلہ میں نیز مختلف طریقوں سے اپنی ولادت اور امامت کے اثبات میں حصہ لیا۔

۱۔ کمال الدین، ص ۳۸۴۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۲۳، ۲۴، ح ۱۶۔

اب ان میں سے بعض طریقوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ حضرت نے ایسا فعل انجام دیا کہ بزرگان شیعہ کا ایک گروہ آپ کی ملاقات سے مشرف ہوا۔

۲۔ ضروری مواقع پر کرامت و معجزہ کا اقدام کیا ان معجزات میں سے بعض نائبین کے ذریعہ اور بعض مقامات پر خود ہی انجام دیا۔(۱)

۳۔ حضرت ذاتی طور پر لوگوں کے مختلف سوالات کے جواب دینے کے لیے آمادہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رہتے تھے تاکہ ان کی بہ نسبت ان کے اعتقاد و یقین میں اضافہ ہو سکے۔

۴۔ حضرت کے خاص تحریر بھی منجملہ قرائن اور دلائل میں سے تھی جو امام عصرؑ کے وجود پر دلالت کر سکتی تھی، اس لیے کہ یہ تحریر آپ کے والد گرامی امام عسکریؑ کے زمانہ میں لوگوں کے درمیان مانوس ہو چکی تھی، لہذا یہ بھی منجملہ ان طریقوں میں سے تھا کہ حضرت کی طرف سے توقیعات کا ملنا ہی شیعوں کے لیے امام زمانہؑ کے وجود کے متعلق یقین و اطمینان بخش تھا۔

دشمنوں سے مخفی ہونا

چونکہ امام عسکریؑ کی شہادت کے بعد حکام جور حضرتؑ کی نابودی کے درپے تھے، لہذا حضرت نے اپنے مخفی ہونے کی مختلف تدبیریں بنا رکھی تھیں۔

اب ہم ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کریں گے:

ا۔ حضرت خود کو، مخلص اور وفادار شخص کے علاوہ کسی اور کو اپنا دیدار نہیں کراتے تھے۔

۲۔ حضرت کی خدمت میں مشرف ہونے والے شخص کو بہت زیادہ تاکید کی جاتی تھی کہ

ا۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۲۵، ح ۴۳۔

اس امر کو مخفی رکھیں اور شیعوں کو اس سے باخبر کرنے میں نہایت احتیاط سے کام لیں۔

۳۔ امام زمانہؑ کا مخصوص نام یعنی "محمد" لینے کو حرام قرار دینا۔ اس لحاظ سے ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں امامؑ کے متعلق قائم، غریم، حجت، ناحیہ، صاحب الزمان وغیرہ جیسی مبہم تعبیروں سے استفادہ کیا جاتا تھا۔ (۱)

۴۔ دربار خلافت سے مخفی ہونا نیز جو شخص حضرت کے موالیوں میں سے شمار نہیں کیا جاتا تھا۔

۵۔ حضرت کا بیت الشرف ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل کرنا اس طریقہ سے کہ دوسروں کے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لیے جاذب نظر نہ ہو، نیز کوئی شخص حضرت کے متعلق مشکوک نہ ہو۔ لہٰذا وہ روایات جو حضرت کے بیت الشرف کے معین ہونے میں اختلاف رکھتی ہیں ہم ان کی اسی معنی میں توجیہ کریں گے۔

۶۔ وکیل یا نائب سے ارتباط کی کیفیت اس قدر مخفی تھی کہ اس سے کوئی شخص اطلاع نہیں حاصل کر سکتا تھا۔

۷۔ حضرت اپنی وکالت یا نیابت کو اپنے نہایت مخلص اور وفادار شخص کو سپرد کرتے تھے اس حد تک کہ اس کے لیے محال تھا کہ حضرت کے بیت الشرف اور ان کی خصوصیات کی دوسروں کو اطلاع دے۔ لہٰذا جب ابو سہل نوبختی سے کہا گیا:

سفارت کیوں حسین ابن روح کو سپرد کی گئی اور تمہیں نہیں دی گئی؟ تو جواب میں کہا: "...وہ ایسی ذات ہے کہ اگر حضرت حجت ان کی عبا کے اندر ہوں اور ان کے بدن کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے جائیں تا کہ ان کے اوپر سے اپنی عبا کو اٹھا دیں تو وہ ایسا ہرگز نہیں کریں گے۔ (۲)

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۶۴۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۵۱، ح ۳۔

۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۹۱۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۵۸، ح ۶

حضرت حجت (ع) کے نائبین

حضرت حجت (ع) کے چار نائب

امام مہدیؑ نے غیبت صغریٰ کے زمانہ میں چار شخص کا شیعوں کے درمیان اپنے نواب خاص کے عنوان سے تعارف کرایا۔

یہ چار افراد بزرگ علماء اور شیعہ زاہدوں میں سے تھے ان سے مراد یہ ہیں:

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۔ ابو عمرو، عثمان ابن سعید عمری۔

۲۔ ابو جعفر، محمد ابن عثمان ابن سعید عمری۔

۳۔ ابو القاسم، حسین ابن روح نوبختی۔

۴۔ ابو الحسن، علی ابن محمد سمری۔

اگر چہ شیخ طوسیؒ اور دیگر علماء نے ان عظیم الشان نواب اربعہ کی زندگی کے بارے میں مختصر مطالب کو قلمبند کیا ہے لہذا ان کی زندگی کے سلسلہ میں وافر مقدار میں اطلاعات فراہم نہیں ہوسکتیں مگر اس کے باوجود ایک حد تک مستندات اور تاریخی مصادر اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ اس سلسلہ میں کچھ مطالب بیان کریں۔

امام مہدیؑ کے پہلے نائب

امام مہدیؑ کے پہلے نائب ابو عمرو عثمان بن سعید عمری ہیں۔ انہوں نے اپنی عدم شناخت کے لیے روغن فروشی کا کام کرنا شروع کیا۔

تاریخی مصادر میں ان کی ولادت اور وفات کے سال کا کوئی ذکر نہیں ہوا ہے، اور صرف ان کا نام پہلی مرتبہ امام ہادیؑ (نقی) کے وکیل خاص کے عنوان سے لیا گیا ہے۔

آپ امام ہادیؑ کی شہادت کے بعد امام عسکریؑ کی طرف سے وکیل خاص معین ہوئے۔ آنحضرتؑ بھی اپنی طرف سے ان کی مختلف مناسبتوں کے موقع پر مدح وثنا کیا کرتے تھے۔ منجملہ ان میں سے یہ ہے کہ آپ کے حق میں فرمایا: "ھذا ابو عمرو الثقة الامین، ثقة الماضی و ثقتی فی المحییٰ و الممات، فما قاله لکم فعنّی یقوله، وما اذی الیکم فعنّی یؤدیه" (۱) "یہ ابو عمرو ہیں جو میرے والد بزرگوار کی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ت میں بھی ثقہ و امین تھے اور آپ کی وفات کے بعد میرے نزدیک بھی ثقہ ہیں جو کچھ گے میری طرف سے کہیں گے اور جو حکم دیں گے میری طرف سے حکم دیں گے"۔

ایک نشست میں جب آپ امام عسکریؑ کے شیعوں میں سے چالیس افراد کے ہمراہ تھے حضرت نے اپنے فرزند ارجمند مہدیؑ کو انہیں دکھایا، ان کی امامت و غیبت کی تصریح مائی اور ان کی وکالت کے متعلق فرمایا: "جو کچھ عثمان (ابن سعید) کہیں قبول کریں..."۔(۲)

۲۶۰ھ میں امام عسکریؑ کی شہادت کے موقع پر، حضرت کے غسل کے موقع پر حاضر تھے ان کے تمام امور کی ذمہ داری انہیں کے دوش پر تھی۔(۳)

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص۳۵۴۔ بحار الانوار، ج۵۱، ص۳۴۴۔

۲۔ بحار الانوار، ج۵۱، ص۳۴۶، ح۱۔

۳۔ الغیبۃ، طوسی، ص۳۵۶۔

اس فعل کی اس طرح توجیہ کی جا سکتی ہے کہ وہ ظاہری طور پر غسل کا عمل انجام دے رہے تھے تاکہ حکام ظلم و جور کے لیے یہ امر مشتبہ ہو جائے، ورنہ بعض روایات کے مطابق، امام کے غسل و کفن کے جملہ امور ایک امام ہی کے ذمہ ہوتا ہے۔ عثمان ابن سعید امام عسکریؑ کی شہادت کے بعد خود حضرت کی تصریح اور امام مہدیؑ کی نص سے جب قمی حضرات سامرا میں وارد ہوئے تو عثمان ابن سعید حضرت کے پہلے نائب مقرر ہوئے اور اس وقت سے اپنی ذمہ داریوں کو انجام دیا، یہاں تک کہ آپ کی وفات کا وقت آ پہنچا، اس وقت آپ کے فرزند

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابو جعفر محمد ابن عثمان تجہیز و تکفین کے متولی و نگراں ہوئے اور بغداد کی مغربی سمت میں دفن کیے گئے۔(۱)

عثمان ابن سعید کی وفات کے بعد حضرت کی جانب سے ایک نامہ صادر ہوا اس نامہ میں حضرت نے آپ کے فرزند محمد کو تسلیت و تعزیت کے ساتھ انہیں اپنا نائب منصوب و منتخب فرمایا۔(۲)

پہلے نائب کی نیابت کا حوالہ

احمد کاتب کا قول ہے: وہ روایت جو امام عسکریؑ کے بزرگوں میں عثمان ابن سعید کی نیابت پر امام مہدیؑ کی طرف سے نص صریح ہے وہ سندی حیثیت سے ضعیف ہے، اس لیے کہ اس سند میں جعفر ابن محمد ابن مالک فرازی ہے جس کی نجاشی اور ابن غضائری نے تکذیب کی ہے۔

۱۔ بحارالانوار، ج۵۱، ص۳۵۰، ح۳۔

۲۔ الغیبۃ طوسی، ص۳۶۱۔ کمال الدین، ص۵۱۰۔ بحارالانوار، ج۵۱، ص۳۴۸۔

اس کے جواب میں ہم کہیں گے:

۱۔ جعفر ابن محمد ابن مالک کو شیخ طوسیؒ نے موثق قرار دیا ہے اور اس کی تضعیف کا منشا ابن غضائری کی کتاب ہے کہ یہ کتاب مشہور علماء امامیہ کے نزدیک ثابت نہیں ہے۔

۲۔ شیخ طوسیؒ نے کتاب "الغیبۃ" میں اعلائی سند کے ساتھ احمد ابن اسحاق قمی کے گروہ کے بزرگوں سے دوسرے نائب کی وکالت اور ان کے والد گرامی کے لیے بھی روایت نقل کی ہے۔(۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ شیعہ حضرات نے امامت و نیابت کے مسئلہ میں بہت دقت سے کام لیا ہے اور صرف ایک شخص کی نیابت کے ذاتی دعویٰ کی بنا پر اس کی بات کی تصدیق نہیں کرتے تھے لہٰذا سفارت کے جھوٹے دعویداروں سے شدت کے ساتھ مقابلہ کیا کرتے تھے۔

عثمان ابن سعید کی شخصیت سے دفاع

بعض کہتے ہیں: امام زمانہؑ کی غیبت کا موضوع بعض اصحاب بالخصوص عثمان ابن سعید (امام زمانہؑ کے پہلے نائب) کا خودساختہ ہے۔ لیکن ہم اس کے جواب میں کہیں گے:

سب سے پہلے جس نے امام زمانہؑ کی غیبت کی طرف اشارہ کیا ہے وہ رسول اسلامؐ، امیر المومنین علیؑ اور دوسرے ائمہ تھے۔ ان لوگوں نے حضرت کی غیبت کی پیشگوئی کی ہے اور اس کے واقع ہونے کو لوگوں کے گوش گزار کیا ہے۔

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: اس خدا کی قسم! جس نے مجھے بشارت کے لیے مبعوث کیا، قائم جو میرے فرزندوں میں سے ہے اس عہد کے مطابق جو اس سے لیا گیا ہے غائب ہوگا اس

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۵۹، ۳۶۰۔

طرح سے کہ اکثر لوگ کہیں گے: اللہ تعالیٰ آل محمد کا محتاج نہیں ہے اور دوسرے افراد ان کی ولادت میں شک و شبہ کریں گے، لہٰذا جو شخص زمانۂ غیبت کو درک کرے اسے اپنے دین کی حفاظت کرنی چاہیے...‘‘(۱)

اصبغ ابن نباتہ حضرت امیر المومنین علیؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا: ’’آگاہ ہو جاؤ کہ آنحضرت اس طرح غائب ہوں گے کہ جاہل شخص کہے گا: اللہ تعالیٰ آل محمد کا محتاج نہیں ہے‘‘۔(۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام صادقؑ نے فرمایا: "اگر اپنے امام کی غیبت کی خبر سنو تو انکار نہ کرو"۔ (۳)

لہٰذا امام زمانہؑ کی غیبت کا موضوع شیعوں کے درمیان اس طرح شائع و رائج ہو چکا تھا کہ شعراء کرام نے اپنے اشعار اور مؤلفین نے اپنی کتابوں میں اس کا ذکر کیا ہے۔ منجملہ وہ افراد جو امام زمانہؑ کی ولادت سے قبل حضرت مہدیؑ کی غیبت کے مسئلہ میں صاحب تالیف تھے وہ مندرجہ ذیل مؤلفین تھے:

۱۔ علی ابن حسن ابن محمد طائی طاطری، جو امام موسیٰ ابن جعفرؑ کے اصحاب میں سے ہیں۔ (۴)

۲۔ علی ابن عمر اعرج کوفی، جو امام موسیٰ ابن جعفرؑ کے اصحاب میں سے ہیں۔ (۵)

۳۔ ابراہیم ابن صالح، جو امام موسیٰ ابن جعفرؑ کے اصحاب میں سے ہیں۔ (۶)

۱۔ اثبات الہداۃ، ج۶، ص۳۸۶۔ ۲۔ اثبات الہداۃ، ج۶، ص۳۹۳۔

۳۔ اثبات الہداۃ، ص۳۵۰۔ ۴۔ رجال نجاشی، ص۱۹۳۔

۵۔ رجال نجاشی، ص۱۹۳۔ ۶۔ رجال نجاشی، ص۲۸۔

۴۔ حسن ابن علی ابن ابو حمزہ، امام رضاؑ کے ہم عصر تھے۔ (۱)

۵۔ عباس ابن ہشام ناشری اسدی، امام رضاؑ کے اصحاب میں سے ہیں۔ (۲)

۶۔ علی ابن حسن ابن فضال، امام ہادی و عسکریؑ کے اصحاب میں سے ہیں۔ (۳)

۷۔ فضل ابن شاذان نیشاپوری، امام ہادیؑ و عسکریؑ کے اصحاب میں سے ہیں۔ (۴)

امام زمانہؑ کے دوسرے نائب

ابو جعفر محمد ابن عثمان ابن سعید عمری اپنے پدر گرامی کی وفات کے بعد جیسا کہ امام عسکریؑ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نے تصریح فرمائی تھی، منصب نیابت پر فائز ہوئے۔ آنحضرتؑ نے اہل قم کی ایک جماعت سے فرمایا: "اشهد واعلیّ انّ عثمان بن سعید وکیلی، و انّ ابنه محمد وکیل ابنی مهدیکم "(۵)

"میرے گواہ رہنا کہ عثمان ابن سعید میرے وکیل ہیں نیز ان کے فرزند محمد، میرے لخت جگر کے وکیل ہیں جو تمہارے مہدی ہیں"۔

ان کی نیابت ان کے والد کی نص صریح کے ساتھ امضاء و مورد تائید واقع ہوئی۔(۶)

آپ اپنے ہم عصر شیعوں کے نزدیک قابلِ اعتماد اور امانت داری میں مشہور تھے۔ اور شیعہ امامیہ میں سے کوئی شخص بھی اس بات میں شک و شبہ نہیں رکھتا تھا۔ اور شک بھی کیسے کر سکتا ہے جب کہ امام عسکریؑ نے ان کے حق میں اور خود ان کے والد گرامی نے یہ فرمایا:

۱۔ رجال نجاشی، ص ۲۸۔
۲۔ رجال نجاشی، ص ۲۱۵۔
۳۔ رجال نجاشی، ص ۱۹۵۔
۴۔ رجال نجاشی، ص ۲۳۵۔
۵۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۵۵۔
۶۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۵۹۔

" العمری و ابنه ثقتان "(۱) عمری اور ان کے فرزند قابل اعتماد ہیں....۔

امام مہدیؑ نے بھی اپنے اس قول سے ان کی تائید فرمائی: "لم یزل ثقتنا فی حیاة الأب رضی الله عنه "(۲)

"تم اپنے والد کی زندگی میں ہمیشہ میرے قابل اعتماد تھے..."۔

انہوں نے تقریباً پچاس سال تک اپنی ذمہ داریوں کو بحسن و خوبی انجام دیا یہاں تک کہ جمادی الاول ۳۰۵ھ یا ۳۰۴ھ میں رحمت حق سے جا ملے۔(۳)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

محمد ابن عثمان نے دوسرے نائبین سے زیادہ اس منصب کے زمانہ میں خدمات انجام دیں۔

فقہ میں کتابوں کی تالیف کی جن میں ان مطالب کو قلمبند کیا جو انہوں نے امام عسکریؑ، حضرت مہدیؑ اپنے پدر بزرگوار عثمان ابن سعید اور امام ہادیؑ سے اخذ کیے تھے۔(۴) آپ امام مہدیؑ کی رہنمائی سے اپنی موت کے زمانہ سے آگاہ تھے، لہذا پہلے سے اپنے لیے ایک قبر آمادہ کیے ہوئے تھے۔(۵)

وفات کے بعد اپنے والد کی قبر کے پاس سپرد خاک ہوئے۔

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۶۰۔ کافی، ج ۱، ص ۳۲۹۔

۲۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۴۹۔

۳۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۶۶۔

۴۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۶۳۔

۵۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۶۵۔

امام زمانہؑ کے تیسرے نائب

تیسرے نائب، شیخ جلیل ابوالقاسم حسین ابن روح نوبختی ہیں۔ آپ ابتدا میں ابوجعفر ابن عثمان عمری کے وکیل تھے جو ان کی تمام ملکیت پر نظارت رکھتے تھے، یہاں تک کہ نص کے ساتھ وصیت ان تک پہونچی اور کسی شخص کو اس مسئلہ میں شک باقی نہیں تھا۔(۱)

بعض شیعوں نے، کچھ مال ابوجعفر عمری کے لیے چار سو دینار کی مقدار میں بھیجا تا کہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پ امام زمانہ تک پہونچادیں، ابو جعفر نے حکم دیا کہ اسے حسین ابن روح کو دے دیں۔
ں نے جب اس شخص کو ان کی نیابت کے ثابت ہونے میں شک و شبہ میں مبتلا ہوتے
ے دیکھا تو دوبارہ تاکید کی کہ اس رقم کو حسین ابن روح تک پہونچادیں، اس لیے کہ یہ
مام زمانہ کا حکم ہے۔

جب ابو جعفر عمری کی مزاجی کیفیت بحرانی ہوئی تو شیعوں کے بزرگوں کی ایک جماعت
. ان میں سے ابو علی ابن ہمام، ابو عبد اللہ ابن محمد کاتب، ابو عبد اللہ باقطانی، ابو سہل
اسماعیل ابن علی نوبختی، ابو عبد اللہ ابن وجناء، ان کے علاوہ اور دوسرے بزرگ آپ کے
حاضر ہوئے اور عرض کی: اگر آپ کے ساتھ کوئی سانحہ پیش آجائے تو آپ کا جانشین
ن ہوگا؟ ابو جعفر عمری نے جواب دیا: ابو القاسم حسین ابن روح، میرے جانشین و قائم
مقام اور تمہارے اور صاحب الامر کے درمیان نائب ہیں۔ وہ وکیل، ثقہ اور امین ہیں، لہذا
اپنے امور میں انہیں کی طرف مراجعہ کرو اور اپنے اہم امور میں انہیں پر اعتماد کرو، اس لیے
کہ میں اس بات پر مامور ہوا ہوں کہ یہ بات تم تک پہونچادوں۔ (۲)

۱۔ الغیبۃ طوسی، ص ۳۷۲۔ ۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۷۱۔

ابو جعفر ابن احمد متیل کا بیان ہے: جب محمد ابن عثمان عمری کی وفات کا وقت نزدیک ہوا تو
میں ان کے سرہانے بیٹھا ہوا تھا ان سے سوال کر رہا تھا اور حسین ابن روح بھی ان کے
پائینتی (پاؤں کی طرف) بیٹھے ہوئے تھے۔

محمد ابن عثمان نے اپنا رخ میری طرف کر کے فرمایا: میں ابو القاسم ابن روح کے لیے
وصیت کرنے پر مامور ہوا ہوں۔ میں اس خبر کے سنتے ہی اپنی جگہ سے کھڑا ہوا، حسین ابن علی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

روح کو اپنی جگہ محمد ابن عثمان کے سرہانے قرار دیا۔(۱)

محمد ابن عثمان کی جانب سے حسین ابن روح کی وصایت و نیابت پر اس جہت سے اتنی زیادہ تاکید تھی کہ وہ شیعوں کے درمیان اپنا کوئی بہت خاص مقام و کردار ائمہؑ سے ارتباط رکھنے میں نہیں رکھتے تھے، اگر چہ وہ محمد ابن عثمان کے خاص اور نزدیک افراد میں سے تھے۔ اور انہیں منصب نیابت دینے کا راز ان کی فداکاری و اخلاص کی بنا پر تھا۔ وہ ابو جعفر عمری کی وفات کے بعد ۲۱ سال کی مدت تک منصب نیابت پر فائز تھے۔ سب سے پہلا نامہ جو حضرت سے دریافت کیا وہ آنحضرتؑ کی جانب سے آپ پر درود و سلام پر مشتمل تھا۔(۲)

ای زمانہ سے اپنی ذمہ داریوں میں مشغول ہوئے آپ کا طریقۂ کار شدت سے تقیہ کی پابندی تھی اس حیثیت سے کہ آپ اپنے عقیدہ کا اہل سنت کے مطابق اظہار کیا کرتے تھے تاکہ اس طرح اپنی ذمہ داریوں پر عمل پیرا ہوں۔ وہ اپنی نیابت کے زمانہ میں انحرافات اور انحرافی نیابت کے دعویداروں سے شدت کے ساتھ مقابلہ کرتے تھے یہاں تک کہ ۳۲۶ھ میں رحلت کر گئے۔

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۷۰۔ ۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۷۲۔

امام زمانہؑ کے چوتھے نائب

چوتھے نائب، شیخ جلیل ابو الحسن علی ابن محمد سمری ہیں۔ آپ کی تاریخ ولادت مشخص نہیں ہے، لیکن پہلی مرتبہ امام عسکریؑ کے اصحاب میں سے ایک صحابی کے عنوان سے جانا پہچانا گیا،(۱) کہ بعد میں حسین ابن روح کے اشارہ سے امام زمانہؑ کی طرف سے نیابتی امور کی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ذمہ داری سنبھالی۔

آپ کی نیابت کے مسئلہ میں کوئی معین خبر نہیں آئی اور صرف اس بات (نیابت) کو شیعوں کے درمیان آپ کی نیابت پر اجماع واتفاق کے ذریعہ کشف کیا جا سکتا ہے اور اس موضوع کو ۔. ابن روح کے ذریعہ امام زمانہؑ کی طرف سے دیے گئے پیغام کا نتیجہ اور اسے کشف نے والا جانا جا سکتا ہے۔ آپ نے اپنی نیابت کی ذمہ داریوں کو حسین ابن روح کی وفات سے لے کر تین سال کی مدت تک انجام دیا۔ آپ اگر چہ دوسروں کی طرح قابل اعتماد و اطمینان تھے، مگر ان تین نائبین کی طرح وسیع پیمانہ پر سرگرم عمل نہیں تھے۔ اور یہ بات بعید بھی ہے، اس لیے کہ ان ایام میں اسلامی حکومت اختلافات، ظلم و جور اور خون ریزیوں میں مبتلا تھی، اور ایسے امور اجتماعی و ثقافتی پروگرام ولائحہ عمل کو جاری رکھنے میں منافات اور تضاد رکھتے ہیں۔ اور صرف یہی عنصر آپ کی وفات کے چند روز قبل ایک توقیع (جواب نامہ) امام کی جانب سے دریافت کیا کہ جس میں غیبت صغریٰ کے اختتام کی خبر ان کے انتقال کے بعد دی تھی اور آپ کو اپنے بعد کسی دوسرے سے نیابت کی وصیت کرنے سے منع فرمایا تھا۔ (۲)

ا۔ رجال شیخ طوسی، ص ۴۰۰۔

۲۔ کمال الدین، ص ۵۱۶۔ اعلام الوریٰ، ص ۴۳۵۔

راوی کہتا ہے: اس توقیع کے صادر ہونے کے چھ دن بعد علی ابن محمد کی خدمت میں جب وہ احتضار کی حالت میں تھے، پہونچا تو ان سے عرض کیا:

آپ کا وصی کون ہے؟ فرمایا: ”خدا کے لیے ایک امر ہے کہ جسے وہی پہونچائے گا“ اس بات کو کہتے دار دنیا سے رحلت کر گئے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرتؑ کے نواب اربعہ کی نیابت کا اثبات

ا۔ عثمان ابن سعید کے متعلق ہم کہتے ہیں: آپ امام عسکریؑ کے قابل اعتماد فرد تھے اور امام مہدیؑ نے بھی ان کے منصب کی تصریح فرمائی ہے۔

آپ کے فرزند محمد ابن عثمان کے لیے بھی ہم کہتے ہیں: وہ اپنے پدر گرامی کی طرف سے منصوب ہوئے اس کے علاوہ امام عسکریؑ کے لئے قابل اعتماد تھے۔ امام زمانہؑ کی جانب سے بھی اس امر میں نیابت خاص کے حامل تھے۔

حسین ابن روح بھی محمد ابن عثمان کی طرف سے اس مقام و منصب کے لیے منصوب ہوئے اور انہوں نے علی بن محمد سمری کو اس مقام کے لیے منصوب کیا۔

۲۔ ان چاروں بزرگوں کی نیابت کے اثبات کا دوسرا راستہ یہ ہے کہ وہ امامؑ کی مشہور تحریر کو دوسروں کو دکھاتے اور بتاتے رہے۔ امام زمانہؑ کی تحریر ان کے والد امام عسکریؑ کے زمانہ میں شیعوں کے نزدیک مشہور و معروف تھی۔

۳۔ بہت سی کرامات جو ان بزرگوں کے دست مبارک سے انجام پائی، وہ بھی ان کی نیابت کو ثابت کر سکتی ہے۔

یہ کرامات بعض مقامات پر ان کے ہاتھوں انجام پذیر ہوئی اور بعض دوسری کرامات بھی جو امام زمانہؑ سے منسوب تھی ان کی اطلاع شیعوں تک پہونچاتے تھے، جیسا کہ ابو علی بغدادی کے مشہور واقعہ سے یہ ہمیں معلوم ہوا ہے۔

سید عبداللہ شبر فرماتے ہیں: ''شیعہ حضرات نواب اربعہ کی باتوں کو جب تک امام عصرؑ کی طرف سے ان کے ہاتھوں ظاہر شدہ کوئی معجزہ یا کرامت جو ان کی صدق گفتاری اور

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نیابت کے صحیح ہونے پر دلالت کرے نہیں دیکھ لیتے تھے قبول نہیں کرتے تھے"۔(۱)

نواب اربعہ کا شیعوں کے ساتھ ارتباط کا طریقہ

شیعہ حضرات نواب اربعہ کے ساتھ دو طریقوں سے ارتباط رکھتے تھے:

ا۔ واسطہ کے ساتھ اور غیر مستقیم طریقہ سے ارتباط

واسطہ کے ساتھ ارتباط، نیابتی وسفارتی ادارہ میں ایک اصل وقاعدہ تھا، اس لیے کہ یہ ادارہ عباسیوں کے مظالم کی بناپر بطور آزاد وآشکار سرگرم عمل نہیں رہ سکتا تھا۔ اسی بناپر لوگوں کے ساتھ مخفی طریقوں سے ارتباط رکھا جاتا تھا۔

۲۔ مستقیم اور بغیر واسطہ کے ارتباط

اس طریقہ کا ارتباط نواب اربعہ کی سرگرمی کے آغاز میں غیبت صغریٰ کے زمانہ میں نہیں پایا جاتا تھا، اس لیے کہ نیابت خاصہ کے مسئلہ کی بنا مخفی رکھنے پر تھی، تاکہ حکام جور اپنی طرف سے کوئی عکس العمل انجام نہ دیں۔ لیکن آہستہ آہستہ شیعہ حضرات مخفی طور پر نائب کا نام اور پتہ ان کے وکیلوں اور خاص افراد سے لیتے تھے اور ان سے بغیر واسطہ کے ارتباط برقرار کر

ا۔حق الیقین، ص۲۴۲۔

لیتے تھے۔ یہ کام دوسرے نائب کی نیابت کے زمانہ میں اچھی طرح سے شروع ہوا اور جاری وساری رہا۔

شیخ طوسیؒ اس قسم کے ارتباط کے متعلق رقم طراز ہیں: "بعض قابل اعتماد افراد امام مہدیؑ کے نائبین کے پاس جاتے تھے اور نامہ دے کر یا اپنی حاجتوں کو بیان کرکے اس کا جواب حضرتؑ کی طرف سے نائبین کے ذریعہ دریافت کرتے تھے"۔(۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نواب اربعہ کی ذمہ داریاں

نواب اربعہ کی مجموعی طور پر مندرجہ ذیل ذمہ داریاں تھیں:

ا۔ امام مہدیؑ کے وجود کے متعلق لوگوں کے شک وحیرت کو برطرف کرنا

نواب اربعہ کی اہم ترین ذمہ داری بالخصوص پہلے نائب یعنی عثمان ابن سعید عمری کی جو ذمہ داری ان پر عائد ہوتی تھی وہ یہ تھی کہ شیعوں کے لیے یہ ثابت کریں کہ امام عسکریؑ کا ایک ایسا فرزند ہے جو امام اور آنحضرتؑ کا خاص نائب ہے۔

۲۔ امام مہدیؑ کا نام اور مکان مخفی رکھنے کے طریقے سے ان کی حفاظت کرنا

امام مہدیؑ نے اپنی ایک توقیع (جواب نامہ) میں محمد ابن عثمان ابن سعید عمری کے لیے بیان فرمایا کہ آنحضرتؑ کا نام اور پتہ بتانے سے پرہیز کریں اور آنحضرتؑ کا نام اور مکان مخفی رکھنے میں کوشاں رہیں۔ (۲)

ابو سہل نوبختی اس سوال کے جواب میں کہ کیوں تم حضرتؑ کے نائب نہیں قرار پائے؟ فرمایا: ''میں حسین ابن روح کی طرح راز کی حفاظت نہیں کرسکتا''۔ (۳)

ا۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۵۷۔ ۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۲۲۔

۳۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۲۰۔

۳۔ نظام وکالت کی سرپرستی اور اسے منظم کرنا

اس نظام کے طریقہ سے، شیعہ حضرات اپنے دینی سوالات اور شبہات کو وکیلوں سے بیان کرتے تھے اور وہ لوگ نائب کے ذریعہ حضرتؑ سے جواب اخذ کرکے اسے شیعوں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پہونچاتے تھے، نیز اپنی شرعی رقوم کو وکیلوں کے سپرد کرتے تھے اور وکلاء اس کو اس نظام کے ذمہ دار شخص کو دیتے تھے۔

۴۔ فقہی سوالات اور اعتقادی مشکلات کا جواب دینا

وہ لوگ بسا اوقات فقہی سوالوں اور شیعوں کے جدید مسائل کو امام مہدیؑ کی خدمت میں پیش کرتے تھے اور اس کا جواب دریافت کر کے شیعوں تک پہونچاتے تھے۔(۱)

۵۔ امام مہدیؑ سے متعلق اموال اخذ کر کے اسے تقسیم کرنا

امام مہدیؑ نے امام حسن عسکریؑ کی شہادت کے بعد والے دن یا اسی دن میں، امام عسکریؑ کی تدفین کے بعد اہل قم کے ایک گروہ کو حکم دیا کہ آج کے بعد، آنحضرتؑ سے متعلق اموال ان کے وکیل (ابو عمرو، عثمان ابن سعید عمری) کو بغداد میں سپرد کریں۔(۲)

۶۔ غالیوں اور حضرتؑ کی جھوٹی نیابت اور بابیت کے دعویداروں سے مقابلہ کرنا

اس ذمہ داری کے سلسلہ میں، اس ستر سالہ دور میں جو شخص بھی بابیت اور وکالت کا جھوٹا دعویٰ کرتا تھا، جیسے حلاج، شلمغانی اور دوسرے افراد، ان سے مبارزہ و مقابلہ کے لیے اٹھ

۱۔ اعلام الوریٰ، ص ۴۵۲۔ ۲۔ کمال الدین، ص ۴۷۸۔

کھڑے ہوئے اور حضرتؑ کی طرف سے ان کے ذریعے توقیعات صادر ہوئیں اور ان کی ماہیت روشن ہونے کے ساتھ شیعہ امامیہ اس قسم کے انحرافات سے محفوظ ہوئے اور نواب اربعہ کی نیابت و وکالت پر زیادہ اعتماد کرنے لگے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۷۔ خائن وکیلوں سے مقابلہ کرنا

کبھی وکیلوں میں سے بعض منحرف ہو جاتے تھے اور اپنی اصل ذمہ داری انجام نہیں دیتے تھے۔ اس صورت میں مخفی نظام وکالت کے لیے مشکلات پیدا کر دیتے تھے، اور کبھی شرعی رقوم اپنے ہی پاس رکھ لیتے تھے، اس صورت میں نواب اربعہ میں سے ہر ایک اپنے زمانہ میں ذمہ دار تھے تاکہ اس خائن وکیل سے مقابلہ کریں۔

۸۔ لوگوں کو غیبت کبریٰ کے قبول کرنے کے لیے آمادہ کرنا

سب سے زیادہ یہ سنگین ذمہ داری ابوالحسن علی ابن محمد سمری کے دوش پر تھی جو امام مہدیؑ کے آخری نائب تھے۔

اس لحاظ سے امام مہدیؑ معجزانہ طور سے ان کی مدد کرتے تھے اور ان کے انتقال سے چھ دن قبل ایک توقیع صادر کی جس میں ان کی وفات کا معینہ وقت بیان فرمایا تاکہ تمام لوگوں پر حجت تمام ہو، اور لوگوں کے اذہان حضرت کی غیبت کے دوسرے دور (کبریٰ) کو قبول کرنے کے لیے آمادہ ہوں۔

نواب اربعہ کے انتخاب کا معیار

ائمہ معصومین علیہم السلام حکمت کی بنیاد پر چلتے تھے اور قطعاً ان کے منصوب کرنے میں ایک قسم کا معیار مدنظر قرار دیتے تھے جیسے:

ا۔ تقیہ و رازداری کو انتہائی حد میں رکھنا

حضرتؑ کے پہلے نائب، عثمان ابن سعید، تقیہ کی رعایت کے لیے کوشاں رہے تاکہ خود کو

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عباسی حکومت کی دست رس سے دور رکھ سکیں۔ آپ اسی لیے کسی مذہبی یا سیاسی بحثوں میں ظاہری صورت میں نہیں الجھتے تھے۔(۱)

حسین ابن روح بھی تقیہ کی رعایت وحفاظت کے سلسلہ میں، اپنے ایک خادم کو صرف اس دلیل سے کہ اس نے معاویہ کو لعنت کیا اسے معزول کر دیا۔(۲)

۲۔ ممتاز اور عالی ترین صبر و استقامت پر فائز ہونا

بعض لوگوں نے ابو سہل نوبختی سے دریافت کیا: تم حضرتؑ کے نائب خاص کیوں نہیں قرار پائے؟ اس نے جواب دیا: ''وہ لوگ (ائمہ معصومین علیہم السلام) تمام لوگوں سے بہتر جانتے ہیں کہ اس مقام و منصب کے لائق کون ہے۔ میں ایسا شخص ہوں جو دشمنوں کے ساتھ رفت و آمد کرتا ہوں۔ اور ان کے ہمراہ مناظرہ کرتا ہوں، اگر جو کچھ ابو القاسم حسین ابن روح امام مہدیؑ کے متعلق جانتے ہیں اس کا مجھے علم ہوتا تو شاید میں دشمنوں کے ساتھ اپنی بحثوں میں جب میں ان لوگوں کی لجاجت اور جدل و بحث کا مشاہدہ کرتا تو میری کوشش یہ ہوتی کہ امام کے وجود پر بنیادی دلائل پیش کروں جس کے نتیجہ میں حضرتؑ کی قیام گاہ کو میں برملا کر دیتا۔ لیکن اگر ابو القاسم حسین ابن روح، امام کو اپنی عبا کے نیچے مخفی کیے ہوئے ہوں، اور ان کی بدن کو قینچی سے ٹکڑے ٹکڑے کیا جائے کہ امامؑ کو انہیں دکھلائیں، تو وہ کبھی

۱۔ تاریخ سیاسی غیبت امام دوازدھم، ڈاکٹر جاسم حسین، ص ۱۳۹۔

۲۔ الغیبۃ طوسی، ص ۲۲۷۔

بھی اپنی عبا کو نہ ہٹائیں گے اور نہ ہی ان کا دیدار کرائیں گے۔(۱)

۳۔ دوسروں کی بہ نسبت زیادہ بافہم ہونا

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شیخ طوسیؒ نے کتاب ''الغیبۃ'' میں ان کے فہم و درایت و باریک بین ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے۔(۲)

۴۔ان لوگوں کی بہ نسبت حکومت کا حساس نہ ہونا

امام مہدیؑ اپنے نواب خاص کو انتخاب کرنے میں ایسے افراد سے استفادہ کرتے تھے جن سے عباسی ظالم حکومت حساسیت نہیں رکھتی تھی، چونکہ نیابت خاص، ایسا کام تھا جو مخفی و مبہم اور اہم تھا، لہذا ان میں سے ہر ایک اپنا ایک خاص مشغلہ رکھتے تھے، اور کسب حلال میں مصروف رہتے تھے تا کہ ان کی شناخت نہ ہو سکے۔

جھوٹی نیابتی کے دعوے کے عوامل

ابھی حضرت کی سفارت کے زمانہ کی کچھ مدت نہیں گزری تھی کہ یہ مقدس نظام ،سفارت کے جھوٹے دعویداروں کی مصیبت میں مبتلا ہوا۔ وہ لوگ اپنے اس جھوٹے دعوے سے جن اہداف کو حاصل کرنا چاہتے تھے وہ مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ چونکہ وہ لوگ ضعیف الایمان تھے لہذا اپنے اس دعوے سے لوگوں اور شیعہ معاشرہ کو منحرف کرنے کے درپے تھے۔

۱۔الغیبۃ ،طوسی،ص ۲۳۰۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۵۹۔

۲۔گزشتہ حوالہ،ص ۲۳۶۔

۲۔شرعی حقوق اور لوگوں کے اموال کو حاصل کرنے کی طمع میں رہنا، چوں کہ جب امام زمانہؑ غیبت میں زندگی بسر کر رہے ہیں اس وقت سے یہ لوگ ان کے اموال

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تصرف کر سکتے تھے۔

۳۔ معاشرہ میں اپنی موقعیت و منزلت کو وسعت دینے کی فکر میں تھے، اس لیے کہ اس دعوے اور خود کو امام مہدیؑ کی طرف منسوب ہونے کی بنا پر اپنی شہرت پھیلانے میں مصروف تھے۔

جھوٹی نیابت کے دعوے دار

نیابتی امور میں مکر و فریب اور کذب کا آغاز دوسرے نائب محمد ابن عثمان عمری کے زمانہ سے ہوا، اس لیے کہ ان کے پدر بزرگوار عثمان ابن سعید اتنا زیادہ مشہور تھے کہ کسی شخص کو ان سے مقابلہ اور روبرو ہونے کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔

سب سے پہلے جس نے جھوٹی نیابت کا دعویٰ کیا ابو محمد شریعی تھا۔(۱) اور اس کے بعد محمد ابن نصیر نمیری، (۲) احمد ابن ہلال کرخی، (۳) ابو طاہر محمد ابن علی ابن بلال بلالی، (۴) ابوبکر محمد ابن احمد ابن عثمان بغدادی اور اسحاق احمر (۵) اور ایک شخص جو باقطانی کے نام سے مشہور تھا۔(۶)

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۶۷۔ ۲۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۶۷۔
۳۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۶۸۔ ۴۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۶۹۔
۵۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۰۱۔ ۶۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۰۱۔

ان میں سے بعض ابتدا میں نیک لوگوں میں سے تھے لیکن مختلف جہتوں سے انحرافی راستہ کو اختیار کر لیا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دوسرے نائب نے اپنی تمام قدرت وتوانائی کے ساتھ ان لوگوں سے مقابلہ کیا، نیز حضرتؑ کی طرف سے ان پر لعنت وتبرا کرنے کے لیے توقیعات اور شدید بیانات صادر ہوئے جو ان کی خباثت اور جھوٹ بولنے پر دلالت کرتے تھے۔

حسین ابن روح (تیسرے نائب) اپنی نیابت کے زمانہ میں اس سلسلہ میں زیادہ مصیبت سے دوچار ہوئے، اس لیے کہ ایک محمد ابن علی شلمغانی غزافری نامی شخص نے نیابت کا دعویٰ کیا اور معاشرہ کے منحرف ہونے میں، بہت زیادہ موثر ثابت ہوا۔(۱) وہ اگر چہ ابتداء امر میں ایک مرد مومن اور حسین ابن روح کا وکیل تھا، مگر انجام کار میں وہ منحرف ہوگیا۔

جس آخری شخص نے نیابت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا وہ ابودلف کاتب تھا جو اپنے اس دعوئی پر سری (چوتھے نائب) کی وفات کے بعد تک باقی رہا۔

حضرتؑ کی وکالت

تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام زمانہؑ کے چار مشہور نواب کے علاوہ کچھ دوسرے وکیل بھی تھے جو مختلف ممالک کے اطراف اور اسلامی شہروں میں اپنی ذمہ داری انجام دینے میں مشغول تھے، مگر نواب اور وکیلوں کے درمیان دو بنیادی فرق پائے جاتے ہیں:

۱۔الغیبۃ ،طوسی،ص۳۰۲۔

۱۔ نائب، امام زمانہؑ سے براہ راست رابطہ رکھتے تھے اور انہیں ذاتی طور پر پہچانتے تھے، جب کہ وکلا، اس طرح نہیں تھے، اور ان کا حضرتؑ کے ساتھ ارتباط نواب اربعہ کے ذریعہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انجام پاتا تھا۔

۲۔نائب کی ذمہ داری ،عمومی تھی اور تمام شیعوں کے لیے ہوتی تھی ،مگر وکیل کی ذمہ داری اس کے اپنے محدود علاقہ میں ہوا کرتی تھی۔

وکیل کا کام ،نائب کے وسیع امور کو سہل بنانے میں حصہ لینا تھا، خصوصا اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ حضرت سے ارتباط کے لیے شیعوں کے امور کو مخفی کرنے پر بنا رکھی ہوئی تھی۔

اوران کی کارکردگی سفیر کے مخفی رکھنے میں اور اس کی شخصیت نیز اس کے نام کو مخفی رکھنے میں بھی بہت زیادہ موثر تھی۔

نظام وکالت کی ذمہ داریاں

تاریخی شواہد کی جستجو سے معلوم ہوتا ہے کہ نظام وکالت اپنی سرگرمی کے آغاز اور انجام تک مختلف کارکردگی رکھتا تھا کہ ان میں سے بعض مندرجہ ذیل ہیں:

ا۔شرعی رقوم دریافت کر کے اسے تقسیم کرنا۔

۲۔اوقاف کی حفاظت۔

۳۔شیعوں کی ہدایت ورہنمائی کرنا اور مخالفین سے مناظرہ کرنا۔

۴۔نظام وکالت میں سیاسی کردار ادا کرنا۔

۵۔نظام وکالت میں ارتباطی کردار ادا کرنا۔

۶۔ضرورت مندوں کی مدد اور شیعوں کی مشکلات حل کرنا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

توقیعات حضرت مہدی(ع)

توقیع لسان روایات میں، ایک ایسے مفہوم کے مطابق ہے کہ عرف میں اسے استعمال کیا گیا ہے، اوراس سے مراد یہ ہے کہ بزرگ افراد، عریضوں اور خطوط جوان تک پہونچتے تھے اس کے ذیل میں کچھ مکتوب فرماتے تھے اوراس کے ذریعہ سائل کی حاجت کو پورا کرتے تھے۔ نتیجہ میں حضرت مہدیؑ کی توقیعات میں وہی مطالب تھے جو حضرت اپنی مبارک تحریر سے سوالوں اور عریضوں کے جواب ناموں میں مرقوم فرماتے تھے اور نواب میں سے کسی ایک نائب کے ذریعہ ان کے بھیجنے والوں کو واپس پلٹا دیتے تھے۔

اگر چہ اصطلاحی معنی کے لحاظ سے ''توقیع'' اس مسئلہ کے سوال کے معنی و مفہوم میں مخفی ہے لیکن بعض مقامات پر حضرتؑ کے بیانات ابتدائی طور پر صادر ہوئے ہیں (اگر چہ ان سے سوال نہیں ہوا تھا) اس پر بھی توقیع کا اطلاق ہوا ہے۔

توقیعات میں نائب کا کردار

اگر چہ حضرت مہدیؑ کی توقیعات سے صادر ہونے میں خود حضرتؑ کی شخصیت خاص اہمیت کی حامل ہے، اس لیے کہ انہی کی ذات گرامی ہے کہ جنہوں نے نامہ کے ذیل کو اپنی مبارک تحریر سے زینت بخشی ہے، مگر اس کے وجود میں آنے کے لیے نائب کے کردار کو صرف نظر نہیں کیا جا سکتا۔ یہ نائب ہی کا کارنامہ ہے کہ نامہ کو سائل سے لے کر امامؑ کے دست مبارک تک پہونچاتا ہے اور مختصر یا طولانی مدت میں اس کے جواب کو سائل تک پہونچاتا ہے بلکہ ایک اور تعبیر کے مطابق، نائب توقیع (جواب نامہ) کے ایجاد کرنے میں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بھی واسطہ قرار پایا ہے، اس لیے کہ اگر امام کے پاس اس طرح کے امین نائب نہ ہوتے تو وہ موصولہ نامہ کی توقیع نہ فرماتے۔

توقیع کے صادر ہونے کے زمانہ کی مدت

بعض روایات سے استفادہ ہوتا ہے کہ توقیع برآمد ہونے کا زمانہ کسی معین سوال کے جواب میں دو یا تین دن ہوا کرتا تھا، جس طرح کہ بعض روایات میں راوی کہتا ہے: چند دن بعد میرے مالک نے کہا کہ ابو جعفر کی طرف واپس جاؤں تا کہ سوالات کے جواب دریافت کروں۔(۱) ایک دوسری روایت میں ذکر ہوا ہے: اس وقت نائب نے تین دن کے بعد حضرت سے میرے جواب کی خبر دی۔(۲)

بعض دوسرے مقامات میں بھی جواب شفاہی تھا جو نائب، حضرتؑ سے اخذ کرتے تھے اور سائل کی خدمت میں لا کر پیش کر دیتے تھے۔ جیسے یہ کہ حسین ابن روح نوبختی بعض لوگوں سے کہتے ہیں: ''تمھیں حکم ہوا ہے کہ حائر کی طرف جاؤ''۔(۳)

اور بعض موارد میں کسی مصلحت کی بنا پر سائل کا جواب نہیں دیا جاتا تھا۔

مثال کے طور پر کسی مورد میں سائل نے امامؑ سے اپنے لیے دعا کی درخواست کی کہ اللہ تعالیٰ اسے ایک فرزند عطا کرے لیکن کسی مصلحت کی بنا پر جواب نہیں آیا۔(۴)

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۲۱، ح ۴۲۔ ۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۲۰۔

۳۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۰۹۔ ۴۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۲۰۔

اور کبھی کسی شخص نے حضرتؑ کے لیے کوئی سوال ارسال کیا مگر اس کا جواب نہیں آیا اور چند دنوں کے بعد مشاہدہ کیا گیا کہ وہ قرامطہ نامی گروہ میں شامل ہو گیا ہے۔(۱) اگر چہ بعض

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

موارد میں بھی سوالات کے جوابات چند گھنٹے کی مدت میں دیے گئے ہیں۔(۲) اور بعض دوسری روایات میں ملتا ہے کہ جواب ایسی حالت میں آیا کہ ابھی کاغذ پر سیاہی خشک نہیں ہوئی تھی۔(۳) بعض روایات میں یہ بھی مطالعہ کرتے ہیں کہ صرف کسی شخص کے ذہن میں سوال خطور کیا اور مکتوب جواب کاغذ پر موجود تھا۔(۴) لیکن ایسے موارد زیادہ نہیں تھے۔

توقیعات میں حضرت مہدیؑ کی تحریر

مجموعی روایات سے استفادہ ہوتا ہے کہ بعض توقیعات خود حضرت کی تحریر سے مزین تھیں اور بعض تحریر نواب کے ہاتھوں امام کے حکم سے صادر ہوا کرتی تھیں۔

اسحاق ابن یعقوب کہتے ہیں: ''محمد ابن عثمان عمری کے وسیلہ سے میں نے مشکل مسائل کو حضرتؑ کی خدمت میں ارسال کیا اور اس کا جواب امام زمانہؑ کے مبارک دستخط سے میں نے دریافت کیا''۔(۵)

محمد ابن عثمان عمری کہتے ہیں: ''حضرتؑ کی طرف سے ایسی توقیع صادر ہوئی کہ ان کی تحریر میں خوب پہچانتا تھا''۔(۶)

شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں: ''وہ توقیع جو امام زمانہؑ کی تحریر سے میرے پدر بزرگوار کے لیے صادر ہوئی تھی وہ اب بھی میرے پاس موجود ہے''۔(۱)

شیخ ابو عمرو عامری کہتے ہیں: ''ابن ابو غانم قزوینی نے شیعوں کی ایک جماعت کے

۱۔ ارشاد، مفید، ج ۲، ص ۳۵۹۔
۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۱۶۔
۳۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۳۱۰۔
۴۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۳۔
۵۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۳۹۔
۶۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ساتھ ایک موضوع میں اختلاف اور بحث کی اور اس نزاع کو برطرف کرنے کے لیے حضرتؑ کی خدمت میں ایک نامہ تحریر کیا اور واقعہ کی گزارش پیش کی۔ پھر ان لوگوں کا جواب نامہ، امامؑ کی مبارک تحریر سے صادر ہوا"۔(۲)

ان روایات کی روشنی میں معلوم ہوتا ہے کہ توقیعات، سچے قرائن وشواہد کے ہمراہ ہوتی تھی یا حضرتؑ کے اصحاب ان کے دستخط کی شناخت رکھتے تھے، لہذا وہ لوگ قبول کر لیتے تھے۔ لیکن مقابل میں ایسی روایات بھی پائی جاتی ہیں کہ بعض توقیعات حضرتؑ کی تحریر سے صادر نہیں ہوئیں بلکہ حضرتؑ کے حکم سے نواب لکھتے تھے۔

ابو نصر ہبۃ اللہ کہتے ہیں: "صاحب الامر کی توقیعات جس تحریر میں امام حسن عسکریؑ کے زمانہ میں صادر ہوتی تھیں اسی تحریر میں عثمان ابن سعید اور محمد ابن عثمان کے ذریعہ شیعوں کے لیے صادر ہوا کرتی تھیں۔(۳)

بعض توقیعات کی فہرست

تقریباً ستر توقیعات یا اس سے زیادہ مہدویت کے مصادر وماٰخذ میں موجود ہیں کہ ان میں سے بعض کی طرف ہم اشارہ کرتے ہیں:

۱۔انوار النعمانیہ، ج۲، ص۲۴۔

۲۔بحار الانوار، ج۵۳، ص۱۷۸۔

۳۔بحار الانوار، ج۵۱، ص۳۴۶۔

۱۔علی ابن محمد سمری کے لیے توقیع۔(۱)

۲۔ابو جعفر عمری کے لیے ان کے پدر بزرگوار کے سوگ میں توقیع۔(۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ سعد ابن عبداللہ قمی کے لیے توقیع۔ (۳)

۴۔ اسحاق ابن یعقوب کے لیے توقیع۔ (۴)

۵۔ محمد ابن عبداللہ ابن جعفر حمیری کی توقیع، ان کے مسائل کے جواب میں۔ (۵)

۶۔ حضرتؑ کی زیارت کے متعلق حمیری کے لیے ایک دوسری توقیع۔ (۶)

۷۔ محمد ابن جعفر ابن ابوصالح خجند کے لیے توقیع۔ (۷)

۸۔ حسن ابن فضل یمانی کے لیے توقیع۔ (۸)

۹۔ ابو عمرو اور ان کے فرزند ابو جعفر محمد کے لیے توقیع۔ (۹)

۱۰۔ محمد ابن ابراہیم مہزیاری کے لیے توقیع۔ (۱۰)

۱۱۔ جعفر کذاب کی تردید کے متعلق توقیع۔ (۱۱)

۱۲۔ احمد ابن حسن مادرائی کے لیے توقیع۔ (۱۲)

۱۔ کمال الدین، ص ۵۱۶۔

۲۔ کمال الدین، ص ۵۱۰۔

۳۔ کمال الدین، ص ۴۵۹، ۴۶۳۔

۴۔ گزشتہ حوالہ، ص ۴۸۳۔

۵۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۵۱۔ ۱۷۰۔

۶۔ بحار الانوار، ج ۹۹، ص ۸۱، ح ۱۔

۷۔ کمال الدین، ص ۵۰۹۔

۸۔ کافی، ج ۱، ص ۵۲۰۔

۹۔ کمال الدین، ص ۵۱۰۔

۱۰۔ گزشتہ حوالہ، ص ۴۸۶۔

۱۱۔ الغیبۃ طوسی، ص ۲۸۷۔

۱۲۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۰۳، ح ۱۹۔

۱۳۔ احمد ابن ابوروح کے قصے کے متعلق توقیع۔ (۱)

۱۴۔ حاجز وشاء کے لیے توقیع۔ (۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۵۔ محمد ابن جعفر کے لیے توقیع۔ (۳)

۱۶۔ عبرتائی کی موت کے بعد محمد ابن صالح کے لیے توقیع۔ (۴)

۱۷۔ سمری کے خط کے جواب میں توقیع۔ (۵)

۱۸۔ اہل قائم کے ایک مرد کے سوال کے جواب میں توقیع۔ (۶)

۱۹۔ محمد ابن حسن مروزی کے خط کے جواب میں توقیع۔ (۷)

۲۰۔ محمد ابن یوسف کے خط کے جواب میں توقیع۔ (۸)

۲۱۔ محمد ابن جعفر اسدی کے سوالات کے جواب میں توقیع۔ (۹)

۲۲۔ غالیوں کی تردید میں محمد ابن علی ابن ہلال کرخی کے لیے توقیع۔ (۱۰)

۲۳۔ محمد ابن شاذان کے لیے توقیع۔ (۱۱)

۲۴۔ احمد ابن حسن خازن کے لیے توقیع۔ (۱۲)

۱۔ گزشتہ حوالہ، ج ۵۱، ص ۲۹۵۔
۲۔ کمال الدین، ص ۴۹۳۔
۳۔ کافی، ج ۱، ص ۵۲۴۔
۴۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۲۸۔
۵۔ دلائل الامامۃ، ص ۲۸۶۔
۶۔ اثبات الہداۃ، ج ۳، ص ۶۹۹۔
۷۔ الغیبۃ طوسی، ص ۲۱۵۔
۸۔ کافی، ج ۱، ص ۵۱۹۔
۹۔ کمال الدین، ص ۵۲۰۔
۱۰۔ بحار الانوار، ج ۲۵، ص ۲۶۶۔
۱۱۔ کمال الدین، ص ۵۰۹۔
۱۲۔ کافی، ج ۱، ص ۵۲۳۔

۲۵۔ علی ابن محمد ابن اسحاق اشعری کے لیے توقیع۔ (۱)

۲۶۔ عبیداللہ ابن سلیمان کے ضمیر کے متعلق خبر دینے کے لیے توقیع۔ (۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۷۔ابن ابو غانم قزوینی کے جواب نامہ میں توقیع۔(۳)

۲۸۔نماز کی تعلیم کی کیفیت کے لیے توقیع۔(۴)

۲۹۔محمد ابن شاذان نے جو کچھ حضرتؑ کے لیے ارسال کیا تھا اس کے جواب میں توقیع۔(۵)

۳۰۔محمد ابن یزداذ کے جواب نامہ میں توقیع۔(۶)

۳۱۔قاسم ابن علا کی خواہش کے جواب میں توقیع۔(۷)

۳۲۔اہل ربض کے ایک شخص کے نامہ کے جواب کے لیے توقیع۔(۸)

۳۳۔اہل قم کے ایک سائل کے جواب میں توقیع۔(۹)

۳۴۔حسن ابن عبدالحمید کے لیے توقیع۔(۱۰)

۳۵۔محمد ابن جعفر عربی کی توثیق کے لیے توقیع۔(۱۱)

۳۶۔ابوالحسن خضر ابن محمد کے سوال کے جواب میں توقیع۔(۱۲)

۱۔کمال الدین، ص ۴۹۷۔
۲۔کافی، ج ۱، ص ۵۲۵۔
۳۔الغیبۃ، طوسی، ص ۲۸۵۔
۴۔بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۲۰۔۲۲۔
۵۔جامع الرواۃ، ج ۲، ص ۶۳۔
۶۔کمال الدین، ص ۴۹۳
۷۔کافی، ج ۱، ص ۵۱۹۔
۸۔کمال الدین، ص ۴۹۳۔
۹۔الغیبۃ، طوسی، ص ۳۷۳۔
۱۰۔کافی، ج ۱، ص ۵۲۱۔
۱۱۔الغیبۃ، طوسی، ص ۳۱۵۔
۱۲۔بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۹۷۔

۳۷۔پہلی توقیع شیخ مفیدؒ کے لیے۔(۱)

۳۸۔دوسری توقیع شیخ مفیدؒ کے لیے۔(۲)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۹۔علی ابن بابویہ کے نامہ کے جواب میں توقیع۔(۳)

۴۰۔محمد ابن کشمر کے نامہ کے جواب میں توقیع۔(۴)

۴۱۔جعفر ابن حمدان کے نامہ کے جواب میں توقیع۔(۵)

۴۲۔علی ابن زیاد کے نامہ کے جواب میں توقیع۔(۶)

۴۳۔حسن ابن قاسم ابن علاء کے لیے توقیع۔(۷)

۴۴۔ابوالقاسم ابن ابوحلیس کے لیے توقیع۔(۸)

۴۵۔رقعہ بلخی کے جواب میں توقیع۔(۹)

۴۶۔احمد ابن حسن کے لیے توقیع۔(۱۰)

۴۷۔محمد ابن ہمام کے لیے توقیع۔(۱۱)

اور بقیہ دوسری توقیعات

۱۔احتجاج، ج۲،ص ۲۹۷۔
۲۔گزشتہ حوالہ، ج۲،ص ۲۹۸۔
۳۔رجال علامہ،ص ۹۴۔
۴۔کمال الدین،ص ۴۹۵۔
۵۔بحارالانوار، ج ۵۳،ص ۱۸۶۔
۶۔کافی، ج۱،ص ۵۲۳۔
۷۔الغیبہ طوسی،ص ۳۱۵۔
۸۔کمال الدین،ص ۴۹۳۔
۹۔کمال الدین،ص ۴۸۸۔
۱۰۔بحارالانوار، ج۵۱،ص ۳۰۲۔
۱۱۔بحارالانوار، ج ۵۳،ص ۱۸۳۔

حضرتؑ کی توقیعات کے بعض نمونے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اب حضرت کی طرف سے بعض صادر شدہ توقیعات کے کچھ فقرات جس کی ضرورت پڑتی رہی ہے جو امام زمانہؑ کے شیعوں کے لیے اس زمانہ میں بھی پیغام کی حیثیت رکھتے ہیں ذکر کرتے ہیں:

۱۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "ما ارغم انف الشیطان افضل من الصلاة ،فصلّها و ارغم انف الشیطان "(۱)

"نماز کی طرح کوئی بھی چیز شیطان کی ناک کو زمین پر نہیں رگڑتی ،لہذا نماز پڑھو اور شیطان کی ناک زمین پر رگڑ دو"۔

یہ کلام ،مسائل ابوالحسین جعفر ابن محمد اسدی کے جواب میں امام زمانہؑ کی طرف سے صادر ہوا ہے۔

۲۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "اما وجه الانتفاع بی فی غیبتی فکالانتفاع بالشمس اذا غیبتها عن الابصار السحاب "(۲)

۱۔ کمال الدین ،ج ۲،ص ۵۲۰ ، ح ۴۹۔ فقیہ ،ج ۱،ص ۴۹۸ ،ح ۱۴۲۷۔ تہذیب الاحکام ،ج ۲،ص ۱۷۵، ح ۱۵۵۔ الاستبصار ،ج ۱،ص ۲۹۱ ، ح ۱۰۔ الغیبۃ ،طوسی ،ص ۲۹۶ ،ح ۲۵۰۔ احتجاج ،ج ۲،ص ۴۹۸۔ بحارالانوار ،ج ۵۳،ص ۱۸۲ ،ح ۱۱۔ وسائل الشیعہ ،ج ۳،ص ۲۳۶ ،ح ۵۰۲۳۔

۲۔ کمال الدین ،ج ۲،ص ۴۸۵ ،ح ۱۰۔ الغیبۃ ،شیخ طوسی ،ص ۲۹۲ ،ح ۲۴۷۔ احتجاج ،ج ۲،ص ۲۸۳۔ اعلام الوریٰ ،ج ۲،ص ۲۷۲۔ کشف الغمہ ،ج ۳،ص ۳۴۰۔ الخرائج والجرائح ،ج ۳،ص ۱۱۱۵۔ بحارالانوار ،ج ۵۳،ص ۱۸۱،ح ۱۰۔

"لیکن مجھ سے میری غیبت کے زمانہ میں فیض حاصل کرنا اسی طرح ہے جس طرح بادلوں کے پیچھے مخفی سورج سے فیض حاصل کیا جاتا ہے"۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

آفتاب بادلوں میں مخفی ہوتا ہے اور لوگ اس سے نفع و فائدہ اٹھاتے ہیں۔

یہ کلام امام زمانہؑ نے اسحاق ابن یعقوب کے سوالات کے جواب کے آخر میں بیان فرمایا ہے۔

۳۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "انما اموالکم فلا نقبلھا الا لتطھروا ،فمن شاء فلیصل و من شاء فلیقطع ،فما آتانی اللّٰہ خیر مما آتاکم "(۱) "ہم تم لوگوں کے بھیجے ہوئے اموال صرف اس لیے قبول کر لیتے ہیں تاکہ تم لوگ اس کی وجہ سے پاک ہو جاؤ لہٰذا جو چاہے اپنا مال بھیجے جو چاہے اپنا مال نہ بھیجے، تم لوگ جو کچھ بھی میرے پاس بھیجتے ہو اس سے بہتر کہیں وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمایا ہے"۔

یہ عبارت ان مطالب کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہؑ نے اسحاق ابن یعقوب کے سوالات کے جواب میں اپنی مبارک توقیع میں مرقوم فرمایا۔

۴۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "اکثر و الدعاء بتعجیل الفرج ،فان ذلک فرجکم "(۲)

۱۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۴۸۳، ح ۴۔ الغیبۃ طوسی، ص ۲۹۰، ح ۲۴۷۔ احتجاج، ج ۲، ص ۲۸۳۔ اعلام الوریٰ، ج ۲، ص ۲۷۱۔ کشف الغمہ، ج ۳، ص ۳۳۹۔ الخرائج والجرائح، ج ۳، ص ۱۱۱۳۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۰، ح ۱۰۔

۲۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۴۸۵، ح ۴۔ الغیبۃ طوسی، ص ۲۹۳، ح ۲۴۷۔ احتجاج، ج ۲، ص ۲۸۳۔ اعلام الوریٰ، ج ۲، ص ۲۷۲۔ کشف الغمہ، ج ۳، ص ۳۴۰۔ الخرائج و الجرائح، ج ۳، ص ۱۱۱۵۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۱، ح ۱۰۔

"تعجیل فرج (کشادگی و آسائش میں عجلت) کے لیے زیادہ سے زیادہ دعا کیا کرو، کیونکہ اسی میں خود تمہارے لیے آسائش ہے"۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ کلام، منجملہ ان مطالب میں سے ہے کہ حضرتؑ نے اسحاق ابن یعقوب کے ان سے بعض مسائل کے سوال کیے گئے جواب میں فرمایا۔

۵۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "اما الحوادث الواقعة فارجعوا فیها الی روّاة حدیثنا، فانّهم حجتی علیکم و انا حجة الله علیهم" (۱)

"لیکن زمانہ کے رونما شدہ حادثات کے بارے میں ہماری حدیثوں کے راویوں کی طرف رجوع کرو، کیونکہ وہ لوگ تم پر ہماری طرف سے حجت ہیں اور ہم ان لوگوں (راویوں) پر خدا کی حجت ہیں"۔

یہ حدیث بھی منجملہ ان مطالب میں سے ہے کہ امام زمانہؑ نے اسحاق ابن یعقوب کے مسائل کے جواب میں بیان فرمائی۔

۶۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "انی لأمان لأهل الارض کما ان النجوم امان لأهل السماء" (۲)

"یقیناً میں اہل زمین کے لیے اسی طرح امن وامان کا باعث ہوں جس طرح ستارے اہل آسمان کے لیے امن وامان کا سبب ہیں"۔

۱۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۴۸۳، ح ۱۰۔ الغیبة طوسی، ص ۲۹۱، ح ۲۴۷۔ احتجاج، ج ۲، ص ۴۸۳۔ اعلام الوریٰ، ج ۲، ص ۲۷۱۔ کشف الغمہ، ج ۳، ص ۳۳۸۔ الخرائج والجرائح، ج ۳، ص ۱۱۱۴۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۱، ح ۱۰۔ وسائل الشیعہ، ج ۲۷، ص ۱۴۰، ح ۳۳۴۲۴۔

۲۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۴۸۵، ح ۱۰۔ الغیبة طوسی، ص ۲۹۲، ح ۲۴۷۔ احتجاج، ج ۲، ص ۴۸۳۔ اعلام الوریٰ، ج ۲، ص ۲۷۲۔ کشف الغمہ، ج ۳، ص ۳۴۰۔ الخرائج والجرائح، ج ۳، ص ۱۱۱۵۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۱، ح ۱۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ کلام ان جوابات کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہؑ نے اسحاق ابن یعقوب کے نامہ کے
اب میں بیان فرمایا۔

۷۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: " انا غیر مھملین لمراعاتکم، ولا ناسین
کرکم، ولولا ذلک لنزل بکم اللاواء و اصطلمکم الاعداء "(۱)
" ہم تمہاری سرپرستی اور دیکھ بھال میں کوتاہی نہیں کرتے اور نہ ہی تم لوگوں کو فراموش
تے ہیں اور اگر ایسا نہ کرتے تو یقیناً تم پر مصیبتیں نازل ہو جاتیں اور دشمن تمہیں جڑ سے
کر دیتے"۔

شیخ مفیدؒ کے لیے حضرتؑ کی طرف سے دو توقیع صادر ہوئی ہیں۔ پہلی توقیع
، حضرتؑ نے اپنے شیعوں کے لیے یہ بشارت دی ہے کہ تم لوگ ہمیشہ ہماری نگاہوں
سامنے رہتے ہو اور کبھی بھی فراموش نہیں کیے جاتے۔
اس لحاظ سے دشمنوں کے خطرات سے امان میں ہو۔ شیعہ لوگ ظلم سے مقابلہ کرنے کی
سے اور ہمیشہ حق و حقیقت کے پیرو ہونے کی بنا پر حکام جور اپنے دشمنوں اور مخالفین کے
کا ہمیشہ نشانہ بنے رہے۔ لہذا کسی ایسے شخص کے محتاج ہیں جو مشکلات اور سختیوں میں ان
کرے نیز انہیں نابودی سے نجات دلائے۔ اس توقیع میں، حضرتؑ شیعوں کو یہ
ت دیتے ہیں کہ میں اپنے غائب ہونے کے باوجود ہمیشہ تمہاری حمایت کروں گا اور

(۱) ج، ج ۲، ص ۳۲۳۔ الخرائج والجرائح، ج ۲، ص ۹۰۳۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۷۵، ح ۷۔

تنہا نہیں چھوڑوں گا کہ حق و حقیقت کے دشمنوں کا لائحہ عمل نفع بخش واقع ہو، شیعہ اور
ان کا مذہب نابود ہو۔ وہ مشکل کشائی جو حضرت نے اپنی امامت کی طولانی مدت میں انجام

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دی ہے، وہی حضرتؑ کے وعدہ کے صحیح ہونے کے لیے سب سے بہتر نمونے ہیں۔

۸۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "انه من اتقى ربه من اخوانك في الدين و اخرج ممّا عليه الى مستحقيه، كان آمناً من الفتنة المبطلة، و محنها المظلمة المنطلة و من بخل منهم بما اعاره الله من نعمته على من امره بصلته، فانه يكون خاسراً بذلك لأولاه و آخرته"(۱)

"برادران ایمانی میں سے تم میں سے جو شخص اپنے پروردگار سے خوف رکھے گا اور اپنے مال میں سے جس قدر نکالنا چاہیے نکال کر مستحقین تک پہونچاتا رہے گا وہ شخص تاریک فتنوں اور اس کے گزند سے محفوظ رہے گا۔ اور وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے چندروزہ مال عطا کیا ہے اگر اس کے نکالنے میں بخل کرے گا اور جس کے ساتھ صلۂ رحم کرنے کا حکم دیا گیا ہے انجام نہ دے گا تو وہ دنیا و آخرت دونوں میں محروم اور ناکام رہے گا"۔

یہ کلام، شیخ مفید کے لیے امام زمانہؑ کی طرف سے دوسرے نامہ کا ایک حصہ ہے۔

۹۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "سجدة الشكر من الزم السنن و اوجبها ... فان فضل الدعا و التسبيح بعد الفرائض على الدعاء بعقيب النوافل، كفضل الفرائض على النوافل، و السجدة دعاء و تسبيح"(۲)

۱۔ احتجاج، ج ۲، ص ۳۲۵۔ بحارالانوار، ج ۵۳، ص ۱۷۷، ح ۸۔

۲۔ احتجاج، ج ۲، ص ۳۰۸۔ بحارالانوار، ج ۵۳، ص ۱۶۱، ح ۳۔ وسائل الشیعہ، ج ۶، ص ۴۹۰، ح ۸۵۱۴۔

"سجدۂ شکر، مستحبات میں بہت ضروری اور مستحب موکد ہے ... بے شک واجب (نمازوں) کے بعد دعا اور تسبیح کی فضیلت نافلہ نمازوں کے بعد دعاؤں پر ایسے"۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رکھتی ہے جس طرح واجب نمازیں، مستحب نمازوں پر فضیلت رکھتی ہیں، اور خود سجدہ، دعا اور تسبیح ہے"۔

یہ مبارک حدیث، محمد ابن عبداللہ حمیری کے سوالات کے جواب کا ایک حصہ ہے جو امام ؑ نے دیا تھا۔

۱۰۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "من فضله ، ان الرجل ينسى التسبيح و يدير فيكتب له التسبيح ". (۱)

"اور اس (خاک شفا) کی ایک فضیلت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص تسبیح پڑھنا بھول جائے مگر شفا کی تسبیح اپنے ہاتھ میں گھماتا رہے تو تسبیح پڑھنے کا ثواب اس کے نامۂ اعمال لکھا جائے گا اگر چہ کوئی ذکر و دعا بھی نہ پڑھی جائے"۔

یہ حدیث، منجملہ ان جوابات میں سے ہے جو امام زمانہؑ نے محمد ابن عبداللہ حمیری کے لات کے جواب میں بیان فرمایا تھا۔

۱۱۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "فلا يحل لأحد ان يتصرف من مال غيره اذنه "(۲)

، ج ۲، ص ۳۱۲، بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۶۵، ح ۴۔

الدین، ص ۵۲۱، ح ۴۹۔ احتجاج، ج ۲، ص ۲۹۹۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۳، ح ۱۱۔ وسائل الشیعہ ۵۴۰، ۵۴۱، ح ۱۲۶۷۰۔

ایک شخص کے لیے بھی کسی دوسرے شخص کے مال پر اس کی اجازت کے بغیر ناجائز نہیں ہے"۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ کلام، اس جواب کا ایک حصہ ہے جو حضرتؑ نے مسائل اسدی کے جواب میں مرقوم فرمایا۔

۱۲۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "وفی ابنة رسول اللّٰہ لي اسوة حسنة" (۱)

"بنت پیغمبرؐ، فاطمہ زہراؑ میرے لیے بہترین اسوہ و نمونہ ہیں"

شیخ طوسیؒ کتاب "الغیبۃ" میں ابن ابو غانم قزوینی کا شیعہ جماعت کے باہمی نزاعی واقعہ میں، جو امام عسکریؑ کی جانشینی کے متعلق ہے نقل کیا ہے۔ ابن ابو غانم حضرت امام عسکریؑ کی جانشینی کے متعلق کسی قسم کا اعتقاد نہیں رکھتا تھا۔ شیعوں کے بعض افراد حضرتؑ کے لیے ایک نامہ تحریر کرتے ہیں اس میں ابن ابو غانم اور شیعہ جماعت کے درمیان جو نزاع انجام پایا تھا اس کی یاددہانی کراتے ہیں۔

حضرتؑ، نامہ کے جواب میں، اپنی مبارک تحریر سے اپنے شیعوں کی ضلالت اور فتنوں سے خیریت و عافیت کے لیے دعا کرنے کے بعد ان کے لئے انجام کار کی بہتری اور روح یقین کی درخواست اور بعض امور کی یاددہانی کے بعد فرماتے ہیں: "فاطمہ زہراؑ دختر رسول خداؐ، میرے لیے، اس مسئلہ میں بہترین نمونہ ہیں"۔

۱۳۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "لا عذر لأحد من موالينا في التشكيك فيما يوديه عنّا ثقاتنا" (۲)

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۸۶، ح ۲۳۵۔ احتجاج، ج ۲، ص ۲۷۹۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۰، ح ۹۔

۲۔ رجال کشی، ج ۲، ص ۸۱۶۔ بحار الانوار، ج ۵۰، ص ۳۱۸، ۳۱۹، ح ۱۵۔ وسائل الشیعہ، ج ۱، ص ۳۸، ح ۶۱۔

"جو (چیزیں) موثق راوی تمہارے لیے ہم سے روایات نقل کرتے ہیں ان میں شک ڈالنے کے سلسلہ میں ہمارے شیعوں میں سے کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہے"۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ عبارت، اس توقیع کا ایک حصہ ہے جو حضرت کی جانب سے ''قاسم ابن علا'' کے لئے ''احمد ابن ہلال عبرتائی'' سے دوری اختیار کرنے کے متعلق صادر ہوئی ہے۔

۱۴۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں:'' ليس بين الله عزّ و جلّ و بين احد قرابة ، و من انكرني فليس منّي ، و سبيله سبيل ابن نوح''(۱)

''خداوند عالم کی کسی سے کوئی رشتہ داری نہیں ہے، جو میرا انکار کرے وہ مجھ سے نہیں ہے اور اس کا راستہ فرزند نوح کی طرح ہے''۔

یہ عبارت، اسحاق ابن یعقوب کے سوالات کے جوابات کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہؑ کی طرف سے دیے گئے۔

۱۵۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں:'' لا تتكلفوا علم ما قد كفيتم ''.(۲)

''خود کو ان چیزوں کے متعلق مشقت میں نہ ڈالو جس کا تم سے مطالبہ نہیں کیا گیا ہے''۔

یہ عبارت امام زمانہؑ کے منجملہ ان مطالب میں سے ہے جو اسحاق ابن یعقوب کے الوں کے جواب میں فرمایا تھا۔

الدین، ص۴۸۳، ح۳۔ الغیبۃ، طوسی، ص۲۹۰، ح۲۴۷۔ احتجاج، ج۲، ص۲۸۳۔ کشف الغمہ، ج۳،
۲۔ اعلام الوریٰ، ج۲، ص۲۷۰۔ الخرائج والجرائح، ج۳، ص۱۱۱۳۔ بحار الانوار، ج۵۳، ص۱۸۰، ح۱۰۔
ل الدین، ج۲، ص۴۸۵، ح۱۰۔ احتجاج، ج۲، ص۲۸۳۔ بحار الانوار، ج۵۳، ص۱۸۱، ح۱۰۔

۱۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں:'' ان الله تعالىٰ هو الذى خلق الاجسام و قسم اق ، لانه ليس بجسم و لا حال فى جسم ، ليس كمثله شيء و هو

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

السمیع العلیم ،و اما الأئمة علیهم السلام فانهم یسألون اللّٰه تعالیٰ فیخلق ،ویسالونه فیرزق ،ایجاباً لمسألتهم و اعظاماً لحقهم"(۱)

''یقیناً صرف اللہ تعالیٰ کی ذات وہ ہے کہ جس نے اجسام کو خلق فرمایا اور تمام روزی کو تقسیم کیا، کیونکہ وہ جسم نہیں ہے یا جسم میں حلول کرنے والا نہیں ہے، کوئی شئے اس کے مثل نہیں ہے۔ وہ سننے اور جاننے والا ہے، لیکن ائمہ کسی چیز کا خدا سے سوال کرتے ہیں تو وہ ان کے لیے اسے خلق کر دیتا ہے اور جب وہ خدا سے سوال کرتے ہیں تو خدا رزق بھی فراہم کرتا ہے خدا یہ کام اس لیے انجام دیتا ہے کیونکہ اللہ نے اپنے لیے لازمی قرار دیا ہے کہ ان کے منشا و ارادہ کو باب اجابت تک پہونچائے اور ان کی شان و منزلت کو عظیم قرار دے''۔

شیخ طوسی کتاب ''الغیبۃ'' میں نقل فرماتے ہیں: شیعوں کی ایک جماعت نے اہل بیت کے مقام و مرتبہ میں اختلاف کیا، بعض قائل تھے کہ اللہ تعالیٰ نے امر خلقت اور رزق کو ائمہ معصومین کے سپرد کیا ہے۔ اس نظریہ کے مدمقابل بعض اس عقیدہ پر گامزن تھے کہ ایسا فعل اللہ تعالیٰ سے سرزد ہونا ناجائز اور محال ہے کہ وہ امر خلقت اور رزق کو ائمہؑ کے سپرد کردے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ صرف اجسام کی خلقت پر قادر ہے۔

شیعوں نے، اس مسئلہ میں شدید نزاع کیا ہے۔ ایک شخص جو اس نشست میں حاضر تھا کہا: کیوں ابو جعفر محمد ابن عثمان عمری (حضرت کے دوسرے نائب) کے پاس نہیں جا اور اس سلسلہ میں ان سے سوال نہیں کرتے تا کہ تم لوگوں کے لیے حق و حقیقت روشن ہو جائے؟ وہی تمہارا راستہ اور واسطہ ہمارے اور حضرت صاحب الامرؑ کے درمیان ہے۔

۱۔ الغیبۃ طوسی، ص ۲۹۴، ح ۲۴۸۔ احتجاج، ج ۲، ص ۲۸۵۔ بحار الانوار، ج ۲۵، ص ۳۲۹، ح ۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرات اس بات پر راضی ہوئے اور نامہ تحریر کیا اور اس میں اپنے اختلافی مسئلہ کے بارے میں سوال کیا۔ حضرت نے جواب نامہ میں مرقوم فرمایا: ''خالق'' کو جسم نہیں رکھنا چاہیے اور اسی طرح رازق کو روزی نہیں کھانی چاہیے۔ اس کے نتیجہ میں ہم چونکہ جسم رکھتے اور روزی کھاتے ہیں، لہذا نہ ہم خالق ہیں اور نہ ہی رازق، لیکن اللہ تعالیٰ نے، ہمارے حق کو عظیم قرار دیا ہے اور ہماری درخواست اور سوال کو قبول کرتا ہے۔ لہذا جو دعا ہم کرتے ہیں مستجاب ہوتی ہے، نہ یہ کہ ہم خود مشیت الٰہی سے جدا ہو کر اس بات کی طاقت رکھتے ہوں۔

۱۷۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: '' فليعمل كل امرء منكم بما يقرب به من محبتنا، و يتجنب ما يدنيه من كراهتنا و سخطنا ''(۱)

''لہذا تم میں سے ہر شخص ایسا کام کرے جو ہماری محبت اور دوستی سے نزدیکی کا سبب ہو، اور جو چیزیں ہمیں ناپسند ہیں اور ہماری کراہت و ناراضگی کا باعث ہوں ان سے پرہیز کرے۔

یہ عبارت اس مبارک نامہ (خط) کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہ کی طرف سے شیخ مفیدؒ کو موصول ہوا ہے۔

۱۸۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: '' ان اللہ تعالیٰ لم يخلق الخلق عبثاً، لا اهملهم سدى، بل خلقهم بقدرته، و جعل لهم اسماعاً و ابصاراً

(۱) احتجاج، ج ۲، ص ۳۲۳، ۳۲۴۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۷۶، ح ۷۔

بنا والباباً، ثم بعث اليهم النبيين عليهم السلام مبشرين و منذرين ونهم بطاعته وينهونهم عن معصيته، ويعرفونهم ما جهلوه من امر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

خالقھم و دینھم و انزل علیھم کتاباً..."(۱)

"یقیناً اللہ تعالیٰ نے کسی مخلوق کو عبث و بیکار نہیں خلق فرمایا اور نہ ہی خلق کرنے کے بعد اس نے مہمل و بے کار چھوڑا بلکہ ان سب کو اس نے اپنی قدرت سے خلق فرمایا، انہیں کان دیے، آنکھیں دیں اور دل و دماغ عطا فرمائے، پھر اس نے ان کے پاس انبیاءؑ کو خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا تاکہ وہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا حکم دیں اور اس کی نافرمانی سے منع کریں، اپنے خالق اور اپنے دین کے متعلق جو کچھ یہ لوگ نہیں جانتے وہ انہیں بتائیں اور ان انبیاء کے لیے کتاب نازل فرمائی..."۔

یہ مطالب اس جواب کا ایک حصہ ہیں جو امام زمانہؑ نے احمد ابن اسحاق کے خط کے جواب میں مرقوم فرمائے۔

۱۹۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "احیی بھم دینہ، و اتم بھم نورہ، وجعل بینھم و بین اخوانھم وبنی عمھم و الأدنین فالأدنین من ذوی ارحامھم فرقاناً بیناً یعرف بہ الحجۃ من المحجوج، و الامام من المأموم، بان عصمھم من الذنوب، براھم من العیوب، وطھرھم من الدنس، و نزھھم من اللبس، وجعلھم خزان علمہ، و مستودع حکمتہ و موضع سرہ و ایدھم بالدلائل، و لولا ذلک لکان الناس علی سواء، ولادعی امر اللہ عزوجل

۱۔الغیبۃ، طوسی، ص ۲۸۸، ح ۲۴۶۔احتجاج، ج ۲، ص ۲۸۰۔بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۹۴، ح ۲۱۔

کل احد، ولما عرف الحق من الباطل، ولا العالم من الجاھل"(۱)

"اوصیائے (الٰہی) کے ذریعہ خداوند عالم اپنے دین کو زندہ رکھتا ہے، ان کے ذر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اپنے نور کو مکمل طور پر نشر کرتا ہے، خداوند عالم نے ان کے اور ان کے (حقیقی) بھائیوں ،چچازاد (بھائیوں) اور دیگر رشتہ داروں کے درمیان فرق رکھا ہے کہ جس کے ذریعہ حجت اور غیر حجت نیز امام اور ماموم کے درمیان شناخت ہو جائے اور وہ واضح فرق یہ ہے کہ اوصیائے الٰہی کو خداوند عالم نے گناہوں سے محفوظ رکھا ہے اور ان کو ہر عیب سے منزہ ،برائیوں سے پاک اور خطاؤں سے دور رکھا ہے، خداوند عالم نے ان کو علم و حکمت کا خزانہ دار اور اپنے اسرار کا رازدار قرار دیا ہے اور دلیلوں کے ذریعہ ان کی تائید کی ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو پھر لوگ ایک جیسے ہو جاتے، اور کوئی بھی امامت کا دعویٰ کر بیٹھتا اس صورت میں حق و باطل اور عالم و جاہل میں تمیز نہ ہو پاتی''۔

یہ کلمات، منجملہ ان مطالب میں سے ہیں جو امام زمانہؑ نے احمد ابن اسحاق کے جواب نامہ میں تحریر فرمایا تھا۔

۲۰۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: ''من كانت له الى اللّه حاجة فليغتسل ليلة بعد نصف الليل و ياتي مصلاه''(۲)

''جو شخص بارگاہ الٰہی میں کوئی حاجت رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ شب جمعہ نصف شب کے غسل کرے اور خدا سے مناجات کے لیے اپنے مصلّے پر آئے''۔

الغیبۃ، طوسی، ص ۲۸۸، ح ۲۳۶۔ احتجاج، ج ۲، ص ۲۸۰۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۹۲، ۱۹۵، ح ۲۱۔
مصباح، کفعمی، ص ۳۹۶۔

ابو عبد اللہ حسین ابن محمد کا بیان ہے: حضرت امام زمانہؑ کی طرف سے ایک توقیع صادر ،اس میں یہ مرقوم تھا: جو خداوند متعال سے کوئی حاجت رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ شب

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جمعہ نصف شب کے بعد غسل انجام دے پھر اس وقت اپنے مصلے پر آئے اور دو رکعت نماز پڑھے اور جب ''ایاک نعبد و ایاک نستعین '' تک پہونچے تو سو مرتبہ اس آیت کی تکرار کرے، پھر سورۂ حمد تمام کرے اور ایک مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے۔ اس وقت رکوع و سجدے کو بجالائے اور ہر رکعت میں سات سات مرتبہ ذکر رکوع و سجود بجالائے، دوسری رکعت بھی پہلی رکعت کی طرح بجالائے۔ نماز کے آخر میں اس دعا کو پڑھے جسے کفعمی نے المصباح کے چھتیسویں باب کی ابتدا میں نقل کیا ہے۔ دعا کے بعد سجدہ میں جا کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گریہ وزاری کرے اس وقت اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے طلب کرے۔ جو شخص خواہ مرد یا عورت میں سے ایسا کرے گا اور دعا کو خلوص نیت کے ساتھ پڑھے گا اس کے لیے باب اجابت کھل جائے گا اور اس کی جو کچھ حاجت ہوگی پوری ہوگی، سوائے اس کے کہ حاجت قطع تعلق کے لیے ہو۔

۲۱۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: '' اقدار اللہ عزّ و جلّ لا تغالب و ارادته لا تردو توفیقه لا یسبق''(۱)

'' جو چیزیں خداوند عالم نے مقدر فرمائی ہیں وہ کبھی مغلوب نہیں ہوتیں، اور اس کا ارادہ کبھی رد نہیں ہوتا اور اس کی توفیق پر کوئی شے سبقت نہیں حاصل کر سکتی''۔

۱۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۵۱۱، ح ۴۲۔ الخرائج والجرائح، ج ۳، ص ۱۱۱۱۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۹۱، ح ۱۹۔

یہ عبارت، امام زمانہؑ کے ان کلمات کا حصہ ہے جو انہوں نے اپنے دو نائب، عثمان ابن سعید اور ان کے فرزند محمد ابن عثمان کے لیے ارسال کی تھی۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۲۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "اعوذ باللّٰہ من العمی بعد الجلاء، ومن الضلالۃ بعد الھدی، و من موبقات الاعمال و مردیات الفتن "(۱)

"بینائی کے بعد نابینائی سے، ہدایت کے بعد گمراہی سے اور خطرناک رفتار و کردار تیز نیست و نابود کرنے والے فتنہ و فساد سے خدا کی پناہ طلب کرتا ہوں"۔

یہ عبارت، اس توقیع کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہؑ نے اپنے پہلے اور دوسرے نائب عثمان ابن سعید عمری اور ان کے فرزند کے لیے ارسال کی تھی۔

۲۳۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "ابی اللّٰہ عزّ وجلّ للحق الّا اتماماً و للباطل الّا زھوقاً"(۲)

"خداوند عالم کا یقینی ارادہ یہ ہے کہ (عنقریب یا تاخیر سے) حق کا سرانجام کامیابی، اور باطل کا سرانجام نابودی ہو"۔

یہ عبارت، اس جواب کا ایک حصہ ہے جو حضرتؑ نے احمد ابن اسحاق اشعری قمی کے جواب نامہ میں مرقوم فرمائی تھی۔

۲۴۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "قد آذانا جھلاء الشیعۃ و حمقاؤھم، و من دینہ جناح البعوضۃ ارجح منہ "(۳)

۱۔کمال الدین، ج ۲، ص ۵۱۱، ح ۴۲۔ الخرائج والجرائح، ج ۳، ص ۱۱۱۰۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۹۰، ۱۹۱، ح ۱۹۔

۲۔الغیبۃ طوسی، ص ۲۸۷، ح ۲۴۶۔ احتجاج، ج ۲، ص ۴۷۹۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۹۳، ح ۲۱۔

۳۔احتجاج، ج ۲، ص ۴۸۹۔ بحار الانوار، ج ۲۵، ص ۲۶۷، ح ۹۔

"کم عقل اور نادان شیعہ اور جن کی دین داری سے مضبوط مچھر کے بال و پر ہوتے ہیں، ہم کو اذیت اور تکلیف پہونچاتے ہیں"۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ عبارت، اس توقیع کا حصہ ہے جو حضرت نے محمد ابن علی ابن ہلال کرخی کے جواب نامہ میں ارسال کی تھی۔

یہ توقیع غالیوں کے ایک گروہ کی رد میں صادر ہوئی ہے جو ائمہؑ کے لئے اللہ تعالیٰ کے علم وقدرت میں شریک ہونے کے معتقد ہیں۔

۲۵۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: " اجعلوا قصدكم الينا بالمودة على السنة الواضحة ،فقد نصحت لكم والله شاهد على و عليكم "(۱)

''ہم (اہل بیت) سے اپنی محبت و دوستی کا مقصد احکام الٰہی کا نفاذ اور واضح سنت پر عمل کی بنیاد قرار دو، بے شک ہم نے ضروری سفارشوں اور لازم موعظہ کو انجام دیا ہے ،خداوند متعال ہم اور تم سب پر گواہ ہے''۔

ابن ابو غانم قزوینی اور شیعوں کی ایک جماعت کے درمیان امام حسن عسکریؑ کی جانشینی کے مسئلہ میں اختلاف ہوا، ابن ابو غانم کا عقیدہ یہ تھا کہ یہ ایسی حالت میں دنیا سے رخصت ہوئے کہ کسی شخص کو اپنے جانشین کے عنوان سے تعارف نہیں کرایا، لیکن شیعوں کی جماعت ان کے اس عقیدہ کی مخالفت کر رہی تھی اور ان کا عقیدہ یہ تھا کہ امام حسن عسکریؑ نے اپنا جانشین معین کیا ہے ،لہذا ایک نامہ امام زمانہؑ کے پاس تحریر کیا اور اس واقعہ کو حضرت کے لیے بیان کیا۔ حضرت نے خود اپنی تحریر سے جواب نامہ میں ایسے مطالب مرقوم فرمائے کہ

۱۔ الغیبۃ ،طوسی ،ص ۲۸۶ ،ح ۲۴۵۔ احتجاج ،ج ۲ ،ص ۲۷۹۔ بحار الانوار ،ج ۵۳ ،ص ۱۷۹ ،ح ۹۔

منجملہ ان میں سے مذکورہ حدیث بھی ہے۔

حضرتؑ اس نامہ کے آغاز میں تقویٰ و پرہیزگاری کا حکم دیتے ہیں۔ پھر فرماتے ہیں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہمیں تسلیم کرو اور جو کچھ نہیں جانتے وہ ہماری طرف پلٹا دو، یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ حق و حقیقت کو بیان کریں... دائیں اور بائیں طرف منحرف نہ ہو، اور اپنی محبت و دوستی کو ہماری نسبت سے ہمارے احکام کی اطاعت کے ذریعہ جو وہی شریعت محمدی بھی ہے ثابت کرو اور اسے عملی جامہ پہناؤ۔

۲۵۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں:" علمنا علیٰ ثلاثة اوجه ماض و غابر و حادث ،اما الماضی فتفسیر ،و اما الغابر فموقوف ،واما الحادث فقذف فی القلوب ، و نقرفی الأسماع ،وهو افضل علمنا، ولا نبی بعد نبینا" (۱)

"ہم اہل بیت کا علم تین قسم کا ہوتا ہے: گزشتہ کا علم، آئندہ کا علم اور حادث کا علم۔ گزشتہ کا علم تفسیر ہوتا ہے، آئندہ کا علم، موقوف ہوتا ہے لیکن حادث کا علم وہ دلوں میں بھرا جاتا ہے اور کانوں میں زمزمہ ہوتا ہے علم کا یہ حصہ ہمارا بہترین علم ہے اور ہمارے پیغمبر کے بعد پھر کوئی دوسرا رسول نہیں آئے گا"۔

یہ عبارت امام زمانہؑ کے جواب کا وہ حصہ ہے جو علی ابن محمد سمری نے علم امام کے بارے میں سوال کیا تھا۔

۱۔دلائل الامامۃ، ص ۵۲۳، ح ۴۹۵۔مدینۃ المعاجز، ج ۸، ص ۱۰۵، ح ۲۷۴۰۔

۲۶۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں:" و امّا ما سالت عنه من امر الوقف علی ناحیتنا و ما یجعل لنا ثم یحتاج الیه صاحبه ،فکلّ ما لم یسلم

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فصاحبه فيه بالخيار ، و كلّ ما سلّم فلا خيار فيه لصاحبه ، احتاج اليه صاحبه او لم يحتج"(۱)

"تم نے ہم سے اس شخص کے بارے میں سوال کیا جس نے کسی چیز کو ہمارے لیے وقف کردیا ہو لیکن بعد میں وہ خود اس چیز کا محتاج ہو گیا ہو؟ ایسے شخص کا حکم یہ ہے کہ اگر اس نے جو چیز ہمارے لیے وقف کی ہے لیکن ابھی تک اس کو نہیں دیا ہے، تو وہ مختار ہے اور وقف سے صرف نظر کر سکتا ہے، لیکن اگر اس کو دے دیا ہے تو اس کا وقف قطعی ہو چکا ہے، جس کے بعد وہ اس کو واپس نہیں لے سکتا ہے خواہ وہ اس کا محتاج ہو یا نہ ہو"۔

یہ عبارت اس توقیع کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہؑ نے ابو الحسین محمد ابن جعفر اسدی کے سوالات کے جواب میں تحریر فرمائی تھی۔

۲۷۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: " ولو ان أشياعنا . وفقهم الله لطاعته. على اجتماع من القلوب في الوفاء بالعهد عليهم لما تأخر عنهم اليمن بلقائنا، و لتعجلت لهم السعادة بمشاهدتنا على حق المعرفة و صدقها منهم بنا، فما يحبسنا عنهم الاّ ما يتصل بنا ممّا نكرهه ولا نؤثره منهم "(۲)

اگر ہمارے شیعہ (خدا ان کو اطاعت کی توفیق عطا فرمائے) اپنے عہد و پیمان کو پورا کرنے کی کوشش میں ہم دل ہوں تو پھر ہماری ملاقات میں تاخیر نہ ہوتی، اور ہمارے دیدار کی سعادت جلد ہی نصیب ہوتی، ایسا دیدار جو حقیقی معرفت اور ہماری بہ نسبت صداقت پر مبنی

۱۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۵۲۰، ح ۴۹۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۲، ح ۱۱۔

۲۔ احتجاج، ج ۲، ص ۳۱۵۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۷۷، ح ۸۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہو، ہمارے مخفی رہنے کی وجہ ہم تک پہنچنے والے اعمال کے علاوہ کوئی اور چیز نہیں ہے جب کہ ہمیں ان سے ایسے اعمال کی امید نہیں ہے۔

یہ فقرات، اس خط کا ایک حصہ ہیں جو حضرت امام زمانہ کی طرف سے شیخ مفیدؒ کے لیے ارسال کیا گیا تھا۔

۲۸۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "انّ الارض لا تخلو من حجة امّا ظاهراً و امّا مغموراً "(۱)

"یقیناً زمین کبھی بھی حجتِ خدا سے خالی نہیں رہے گی، خواہ وہ حجت ظاہر ہو یا پوشیدہ"۔

یہ کلام اس توقیع کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہؑ نے عثمان ابن سعید عمری اور ان کے فرزند کے لیے مرقوم فرمایا۔

۲۹۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "و العاقبة بجميل صنع الله سبحانه تكون حميدة لهم ما اجتنبوا المنهي عنه من الذنوب". (۲)

"جب تک ہمارے شیعہ گناہوں سے اجتناب کرتے رہیں اس وقت تک اللہ تعالی کے لطف وکرم سے سرانجام بخیر ہوگا"۔

یہ حدیث اس خط کا ایک حصہ ہے جو امام زمانہؑ نے شیخ مفیدؒ کے لیے تحریر فرمایا۔

۱۔کمال الدین، ج ۲، ص ۵۱۱، ح ۴۲۔الخرائج والجرائح، ج ۳، ص ۱۱۱۰، ح ۲۶۔بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۹۱، ح ۱۹۔

۲۔احتجاج، ج ۲، ص ۳۲۵۔بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۷۷، ح ۸۔

۳۰۔امام مہدیؑ فرماتے ہیں: "او ما رايتم كيف جعل الله لكم معاقل تأوون اليها ،واعلاماً تهتدون بها من لدن آدم عليه السلام "(۱)

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

''کیا تم لوگوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح تمہارے لیے پناہ گاہیں قرار دی ہیں تاکہ ان میں پناہ حاصل کرو اور ایسی نشانیاں قرار دی ہیں جن کے ذریعہ ہدایت حاصل کرو (اور حضرت حق کا یہ لطف وکرم) حضرت آدمؑ کے زمانہ سے آج تک موجود ہے''۔

یہ عبارت، اس توقیع کا ایک حصہ ہے جو حضرتؑ کی طرف سے ابن ابو غانم قزوینی اور شیعوں کی ایک جماعت کے درمیان اختلاف کی وجہ سے صادر کی گئی تھی۔ ابن ابو غانم معتقد تھا کہ امام حسن عسکریؑ کے لیے کوئی جانشین نہیں ہے سلسلۂ امامت انہیں پر ختم ہو گیا ہے۔ شیعوں کے ایک گروہ نے حضرت مہدیؑ کے پاس خط تحریر کیا اور اس واقعہ کو بیان کیا۔ اس وقت حضرتؑ کی طرف سے ایک نامہ صادر ہوا کہ مذکورہ حدیث اسی کا ایک حصہ ہے۔

۳۱۔ امام مہدیؑ فرماتے ہیں: '' ملعون ملعون من أخر الغداة الیٰ ان تنقضی النجوم ''(۲)

''وہ شخص ملعون ہے ملعون ہے جو نماز صبح میں (جان بوجھ کر) اتنی تاخیر کرے کہ آسمان کے ستارے غائب ہو جائیں''۔

یہ حدیث بھی اس توقیع کا ایک حصہ ہے جو محمد ابن یعقوب کے سوال کے جواب میں حضرتؑ کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۸۶، ح ۲۳۵۔ احتجاج، ج ۲، ص ۴۷۸۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۷۹، ح ۹۔

۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۷۱، ح ۲۳۶۔ احتجاج، ج ۲، ص ۲۹۸۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۶، ح ۱۲۔ وسائل الشیعہ، ج ۴، ص ۲۰۱، ح ۴۹۱۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تیسرا حصّہ

غیبت کبریٰ

زمانۂ غیبت کبریٰ کی خصوصیات

عصر غیبت کبریٰ ایسا زمانہ ہے جو غیبت صغریٰ کی انتہا کے ساتھ شروع ہوا ہے۔ ایسی انتہا جو امام زمانہؑ کے اعلان کے ذریعہ ۳۲۹ھ میں واقع ہوئی۔ حضرتؑ نے علی ابن محمد سمری کے ایک نامہ میں نیابت کی انتہا اور غیبت کبریٰ کے آغاز کی خبر دی تھی۔

زمانۂ غیبت کبریٰ کے بعض شرائط اور خصوصیات ہیں۔ ہم ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ اس زمانہ میں مسلمان حضرات اپنے امام اور رہبر سے ظاہری طور پر جدا ہوئے ہیں اور انہیں نہیں دیکھتے یا اگر دیکھتے بھی ہیں تو انہیں نہیں پہچانتے۔ اور یہ تمام شیعوں کے لیے کلی حکم ہے، اگر چہ ممکن ہے بعض افراد کسی مصلحت کی بنا پر حضرتؑ کی ملاقات سے مشرف ہوں۔

۲۔ ظلم وستم کا زمین پر زیادہ ہونا بھی زمانۂ غیبت کبریٰ کے خصوصیات میں سے ہے۔ اور اس خصوصیت کے ساتھ اس زمانہ اور عصر حکومت اسلامی کو پیغمبر اکرمؐ کی حیات طیبہ کے زمانہ کے درمیان امتیاز دیا جاتا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ زمانۂ غیبت کبریٰ میں امت اسلامی کے امتحان کے لیے الٰہی تاکید، اس لیے ہے کہ لوگ اس زمانہ میں بہت زیادہ مشکلوں سے روبرو ہوں گے جیسے:

الف: فساد و فحشاء کا دنیا اور اسلامی معاشرہ میں زیادہ ہونا۔

ب: حق و ایمان قبول کرنے کی راہ میں مختلف قسم کے مشکلات اور سیاسی دباؤ کا پایا جانا۔

ج: امام زمانہؑ کے وجود میں انسان کا مختلف شبہات سے روبرو ہونا۔

نتیجے میں ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ ائمہؑ نے اس اہم موضوع پر بہت زیادہ تاکید فرمائی ہے۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ ابن جعفرؑ سے روایت نقل ہوئی ہے کہ آپ نے فرمایا: "اذا فقد الخامس من ولد السابع، فاللّٰہ اللّٰہ فی ادیانکم لا یزیلکم عنھا احد، یا بنیّ! انّہ لا بدّ لصاحب ھذا الامر من غیبۃ حتیٰ یرجع عن ھذا الامر من کان یقول بہ، انما ھی محنۃ من اللّٰہ عزّ و جل امتحن اللّٰہ بھا خلقہ ..." (۱)

"جب تمہارے ساتویں امام کا پانچواں فرزند پردۂ غیبت میں چلا جائے گا تو اللہ کے لیے! اپنے دین کا بہت خیال رکھنا، کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص تمہارے دین سے تم کو ہٹا دے، اے میرے بیٹے! اس صاحب الامر کی غیبت یقینی ہے اور یہ غیبت ایسی ہوگی کہ جو شخص اس کا قائل ہوگا وہ بھی اس سے پھر جائے گا، درحقیقت یہ غیبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک آزمائش ہوگی اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کا امتحان لے گا"۔

۱۔ کافی، ج۱، ص۳۳۶، ح۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت مہدیؑ کے غیبت کی کیفیت

حضرتؑ کی غیبت کی کیفیت کے سلسلہ میں دو نظریہ پایا جاتا ہے:

۱۔خود شخص کے مخفی ہونے کا نظریہ: یعنی یہ کہ حضرتؑ کا وجود لوگوں کے چشم دید سے مخفی ہے۔

اس نظریہ کی دلیل وہ روایات ہیں جو اہل بیتؑ کے طریقے سے ہم تک پہونچی ہیں۔

امام رضاؑ نے ارشاد فرمایا: " لا یریٰ جسمہ ..." (۱) "ان کا جسم دکھائی نہیں دے گا..."۔

امام صادقؑ نے ارشاد فرمایا: "...الخامس من ولد السابع یغیب عنکم شخصہ..." (۲) "وہ ساتویں امام کے پانچویں فرزند ہوں گے جو جسمانی طور پر تم لوگوں کی نظروں سے غائب رہیں گے"۔

۲۔عنوان کے مخفی ہونے کا نظریہ: اس معنی میں کہ لوگ انہیں دیکھیں گے لیکن مہدی موعود کے عنوان سے ان سے آشنائی حاصل نہیں کریں گے۔ اس نظریہ کی دلیل بھی محمد ابن عثمان عمری کی روایت ہے کہ فرمایا: " واللّٰہ انّ صاحب ھذا الامر لیحضر الموسم کلّ سنۃ فیری الناس و یعرفھم و یرونہ ولا یعرفونہ " (۳) "خدا کی قسم! حضرت صاحب الامرؑ ہر سال حج ادا کرنے کے لیے موسم حج میں تشریف لے جاتے ہیں، وہ لوگوں کو دیکھتے اور پہچانتے ہیں اور لوگ ان کو دیکھتے ہیں مگر نہیں پہچانتے"۔

۱۔کمال الدین، ص ۳۷۰۔ ۲۔بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۲۔

۳۔کمال الدین، ص ۴۴۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ظہور کے تاخیر کا سبب

اکثر حدیثیں جو حضرت مہدیؑ کے ظہور کے بعد کے لائحۂ عمل کی طرف اشارہ کرتی ہیں وہ یوں ہیں کہ خداوند متعال حضرتؑ کے وسیلہ سے، دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جس طرح زمین ظلم و جور سے پُر ہو چکی ہوگی کہ یہ درحقیقت تشبیہ ہے نہ بعنوانِ شرطیت و علیت، یعنی ظلم وفساد ہی ظہور کی علت قرار پائے [ایسا نہیں ہے]۔

دوسری تعبیر کے مطابق: ظلم وفساد، ہدف نہیں ہے بلکہ آمادگیِ ظہور، ہدف ہے۔ برخلاف اس کے کہ جو بعض افراد تصور کرتے ہیں کہ جو کچھ عالمی مصلح کے تعجیلِ ظہور کے لیے لازم ہے زمین میں ظلم وفساد پایا جانا نہیں ہے، بلکہ صرف اس کی آمادگی و تشنگی لازم ہے۔

البتہ یہ بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ظلم وفساد کی کثرت آمادگی و تشنگی کی علتوں میں سے ایک ہے۔ اس لیے کہ جب دنیا کے لوگ بے جا امتیازات اور بے عدالتی کے تلخ اور برے مزہ کو چکھیں گے تو ناراض ہوں گے اور ایک اصلاحی راستہ اور عالمی مصلح کی تلاش میں پیش قدم ہوں گے۔

نتیجے کے طور کہنا چاہیے: ظہور کے لیے اصلی زمینہ فراہم کرنے کا مرکز، موجودہ دنیا کی حالت کی بے سروسامانی کے انجام کار سے آمادگی و آگاہی ہے، نہ یہ کہ ظلم وفساد پایا جانا ہی اصل ہدف ہے۔

نیابت عامہ کا مقصد

نیابت عامہ کا مقصد یہ ہے کہ امامؑ ایک مجموعی ضابطہ عطا کرتے ہیں تاکہ ہر زمانہ میں، ایک مشخص فرد کہ جس پر اس قاعدۂ کلیہ کی تمام جہتیں اور تمام پہلو منطبق ہوتے ہوں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نب امام کی حیثیت سے جانا جاتا ہے اور معاشرہ میں اس کا نمائندہ ہوتا ہے۔

اس بنا پر جن افراد کو زمانۂ غیبت صغریٰ میں نیابت حاصل تھی وہ اپنے نام اور فریضہ کے تھ متعارف ہوئے تھے انہیں ''نائب خاص'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس باب میں موجودہ روایات کی بنیاد پر، نیابت عامہ کا مقام خود ائمہ علیہم السلام کے ریعہ بالخصوص حضرت حجتؑ کے وسیلہ سے فقیہ جامع الشرائط کے سپرد کیا گیا ہے کہ منجملہ ان سے ان دونوں روایتوں کی طرف اشارہ کیا جاسکتا ہے:

ا۔ عمر ابن حنظلہ، امام جعفر صادقؑ سے سوال کرتے ہیں کہ اگر ہم میں سے دو شیعوں درمیان کسی مسئلہ میں اختلاف ہوجائے تو عام طور پر جو حاکم یا قضات حکام جور کی طرف منصوب ہوتے ہیں کیا وہ ان کی طرف اپنے مشکلات اور مسائل کے حل کے لیے رجوع سکتے ہیں؟

امامؑ نے جواب میں فرمایا: ان کی طرف رجوع کرنا حرام ہے، چونکہ ان کی طرف رجوع ناطاغوت و شیطان کی طرف رجوع کرنا ہے اور اللہ تعالیٰ نے طاغوت کی طرف رجوع نے سے منع فرمایا ہے۔

اس نے دوبارہ سوال کیا کہ پھر کیا کریں، اس لیے کہ مراجعہ نہ کرنے کی صورت میں ان ' ضائع ہوجائے گا؟

حضرتؑ نے واجد الشرائط علماء کے لیے ان معیاروں کو ذکر کرکے ان کا یوں رف کرایا:

"ینظران (الیٰ) من کان منکم ممّن قد روی حدیثنا و نظر حلالنا و

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حرامنا و عرف احکامنا فلیرضوا به حکما فانی قد جعلته علیکم حاکماً، فاذا حکم بحکمنا فلم یقبله منه فانّما استخفّ بحکم اللّٰه و علینا ردّ ، والرآدّعلینالرآدّعلی اللّٰه و هو علی حدّ الشرک باللّٰه ..."(۱)

"وہ ایسے شخص کو دیکھیں جو ہماری حدیثوں کی روایت کرتا ہو، ہمارے حلال و حرام میں گہری نظر رکھتا ہو اور ہمارے احکام سے واقف ہو، تو اس کے حکم ماننے پر راضی ہو جاؤ اس لیے کہ میں نے ان کو تمہارے اوپر حاکم قرار دیا ہے۔ اگر وہ کوئی حکم دے اور اسے کوئی شخص قبول نہ کرے تو اس نے خداوند عالم کے حکم کو حقیر سمجھا اور ہماری بات اور ہمارا حکم ٹھکرا دیا اور جس نے ہمارے حکم سے سرکشی کی تو اس نے خدا سے سرکشی کی اور خدا سے سرکشی کرنا شرک و کفر ہے...."

۲۔ اسحاق بن یعقوب بعض مسائل بیان کر کے اس کا جواب حضرت مہدیؑ سے طلب کرتے ہیں۔

امامؑ اس توقیع میں جو اس خط کے ذیل میں اپنے دوسرے نائب محمد ابن عثمان عمری کے ذریعہ ارسال کیا، منجملہ ان مسائل میں سے کہ جس میں اس بات کا اشارہ کیا یہ ہے:

"...امّا الحوادث الواقعة فارجعوا فیها الیٰ روّاة حدیثنا فانّهم حجّتی علیکم و انا حجة اللّٰه علیهم ..."(۲) "...لیکن ہر زمانے میں پیش آنے والے حوادث اور واقعات میں ہماری احادیث بیان کرنے والے راویوں کی طرف رجوع کرو، کیونکہ وہ تم لوگوں پر ہماری حجت ہیں اور میں ان لوگوں پر خدا کی حجت ہوں..."۔

۱۔ اصول کافی، ج ۱، ص ۶۷، ح ۱۰۔

۲۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۴۸۴۔ الغیبۃ طوسی، ص ۱۷۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لوگوں کو امام زمانہؑ کی طرف جذب کرنے کا طریقہ

لوگوں کو جذب کرنا اور ان کا امام زمانہؑ کی طرف رجحان پیدا کرنا حضرتؑ کی معرفت پر موقوف ہے، اس لیے کہ جس شخص کے لیے اگر ایک چیز مجہول و ناشناختہ ہو اور اس کا اسے علم نہ ہو تو وہ توجہ نہیں کر سکتا۔ لہٰذا ہم پر لازم ہے کہ امام زمانہؑ کو عام لوگوں کو پہچنوائیں کہ ان کے زمانہ کی خصوصیات کیا ہیں؟ اور زمانہ ظہور میں انسان کی کیا کیا برکتیں شامل حال ہوں گی؟ اور کس طرح سے ظلم اور بے عدالتی معاشرہ کے تمام مراحل میں حضرتؑ کے ظہور کے ساتھ رخت سفر باندھ چکا ہوگا اور کس طرح سے حضرتؑ کے ظہور کے ساتھ بشر ظلمتوں سے نور کی طرف پہنچ جائے گا۔

اگر چہ عصر غیبت میں بھی ہم سورج بادلوں کی اوٹ میں رہنے کی طرح حضرتؑ کی ذات سے مستفیض ہوتے ہیں مگر این کجا و آن کجا؟ لوگ ان مسائل کو سنتے ہی امام زمانہؑ کی طرف متوجہ ہوں گے اور حضرتؑ کی طرف رجحان پیدا کریں گے۔

حضرت مہدیؑ تک پہونچنے کا راستہ

انسان دو طریقوں سے حضرتؑ کی ملاقات کا شرف حاصل کر سکتا ہے:

۱۔ روحانی کمالات حاصل کرنے کے طریقہ سے، اس لیے کہ انسان اس راہ سے، تی برائیوں کو خود سے دور کر کے، احکام شریعت پر عمل کر کے ایک ایسے درجہ پر فائز ہوگا حضرتؑ سے شرف ملاقات کی صلاحیت حاصل کر لے گا۔

۲۔ بعض وہ احکام جو بعض روایات میں اشارتاً وارد ہوئے ہیں ان پر عمل کرنے کے طریقہ سے، منجملہ ان میں سے یہ ہے کہ جو شخص چالیس شب چالیس ہفتہ کی مدت تک

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

[کوفہ میں] مسجد سہلہ جائے اور حضور قلب کے ساتھ حضرتؑ کی طرف توجہ پیدا کرے، اللہ تعالیٰ سے حضرتؑ کے دیدار کا طالب ہو تو اسے حضرت سے ملاقات کا شرف حاصل ہو جائے گا۔

قائم نام کے احترام میں کھڑے ہونا

حاجی نوری رقم طراز ہیں: ایک خبر میں امام صادقؑ سے منقول ہے: ایک دن امام صادق کی مجلس میں حضرت مہدیؑ کا نام لیا گیا، امام صادق احترام و تعظیم کے لیے اپنی جگہ سے کھڑے ہو گئے۔(۱)

نیز روایت میں ذکر ہوا ہے کہ جب دعبل خزاعی نے حضرت مہدیؑ کے متعلق امام رضا کے پاس چند بیت پڑھے، تو حضرتؑ اپنی جگہ سے احتراماً کھڑے ہو گئے...۔(۲)

مرزا نوری کہتے ہیں: ایک مجلس جس میں امام رضا بھی تشریف فرما تھے جب حضرت حجۃ ابن الحسنؑ کا نام گرامی لیا گیا تو حضرتؑ اپنی جگہ کھڑے ہو گئے اور اپنے دونوں دست مبارک کو سر پر رکھ کر فرمایا: "اللهم عجل فرجه و سهّل مخرجه "(۳)

امام صادقؑ سے سوال کیا گیا: کیوں امام زمانہؑ کا نام سنتے ہی اپنی جگہ کھڑے ہو جائیں؟ حضرتؑ نے فرمایا: چونکہ حضرت مہدیؑ کی غیبت طولانی ہے۔ اور امامؑ کا اپنے دوستوں سے شدید محبت رکھنے کی بناء پر جس زمانہ میں جو شخص انہیں یاد کرے گا اس کی طرف

۱۔ نجم الثاقب، ص ۴۴۳۔
۲۔ منتخب الاثر، ص ۵۰۵۔
۳۔ منتخب الاثر، ص ۵۰۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نگاہ کرم فرمائیں گے اور بہتر یہ ہے کہ یاد کرنے والا اپنی جگہ احتراماً کھڑا ہو جائے۔ اس وقت امامؑ ان کی طرف مہر و محبت کی نظر سے دیکھتے ہیں، لہذا اپنی جگہ کھڑا ہو اور اللہ تعالیٰ سے آپ کے تعجیل فرج کی دعا کرے۔(۱)

مہدویت نوعی اور شخصی

کبھی مہدویت کی تعبیروں میں شخصی اور نوعی کی صفت سے استفادہ کیا جاتا ہے، جیسے کہا جاتا ہے: اہل سنت مہدویت نوعی کے قائل ہیں اور شیعہ امامی مہدویت شخصی کے، ان دونوں کا مقصد کیا ہے؟

شیعہ مہدویت شخصی کے قائل ہیں، یعنی ان کا عقیدہ یہ ہے کہ مہدی موعودؑ ایک معین شخص ہیں جو پیدا ہو چکے ہیں اور اب تک زندہ ہیں اور آئندہ ظہور فرمائیں گے، اور وہ ذات صرف امام حسن عسکریؑ کے فرزند کی ہے۔

لیکن اہل سنت مہدویت نوعی کے قائل ہیں یعنی ان کا عقیدہ یہ ہے کہ آخری زمانہ میں مہدی نامی شخص اولادِ پیغمبر اکرمؐ میں سے پیدا ہوگا اور ظہور کرے گا۔ وہ وہی ہے جو دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم و جور سے پُر ہو چکی ہوگی، اگر چہ ابھی وجود نہیں پایا جاتا۔

مہدی نوعی اور شخصی کی تعبیر دوسری جگہ بھی استعمال ہوتی ہے جو عرفاء کے نزدیک رائج ہے۔

(۱) الاثر، ص ۵۰۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بعض عرفاء اہل سنت جیسے مولوی کا عقیدہ یہ ہے کہ ہر زمانہ میں ایک مہدی موجود ہونا چاہیے اب وہ خواہ نسل علیؑ سے ہو خواہ نسل عمر سے۔

مہدی سے ان لوگوں کا مقصد، وہی قطب عالم امکان ہے، لیکن شیعہ قائل ہیں کہ ہر زمانہ میں امام معصوم موجود ہونا چاہیے، اس لیے کہ اس کے بغیر زمین مضطرب ہو جائے گی۔

شیخ مفیدؒ کے لیے دو توقیع

شیخ طبرسیؒ کتاب ''الاحتجاج'' میں وہ دو خط جو حضرت مہدیؑ کی جانب سے شیخ مفیدؒ کے لیے ارسال کیے گئے نقل کیا ہے۔ ان دونوں خطوط میں بعض صحیح اور عالی مطالب کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، نیز بعض مسائل کی طرف اشارتاً خبر دی گئی ہے۔(۱)

پہلا خط ماہ صفر ۴۱۰ھ کے اواخر میں شیخ مفیدؒ کی وفات کے تین سال قبل انہیں موصول ہوا ہے۔ اور دوسرا خط ۴۱۲ھ یعنی شیخ کی وفات سے ایک سال قبل موصول ہوا ہے۔ اور یہ خط حقیقت میں شیخ علی ابن محمد سمری چوتھے نائب کی وفات کے اسّی سال بعد کا ہے جو غیبت صغریٰ کی انتہا اور غیبت کبریٰ ۳۲۹ھ کے آغاز کا زمانہ ہے۔

پہلا خط بھیجنے والے کا قول ہے: اس نامہ کو ایسے علاقہ سے لایا گیا ہے جو سرزمین حجاز سے متصل ہے۔ اس کلام سے یہ استفادہ ہوتا ہے کہ امام اس وقت حجاز کے اطراف میں ساکن تھے، اور اس مبارک خط کو اپنے بعض خاص شیعہ کے ذریعہ شیخ مفیدؒ کے لیے ارسال کیا۔

۱۔ احتجاج، ج ۲، ص ۵۹۷، ۶۰۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دوسرا خط بھی اوائل ماہ شوال ۴۱۲ھ میں حضرتؑ کی جانب سے شیخ مفید کے لیے بھیجا گیا، اور پنجشنبہ ۲۳ ذی الحجہ کے دن اسی سال شیخ مفید کے پاس پہنچا ہے۔ یعنی سات دن کم تین مہینہ تک راستہ میں قاصد کے ہاتھ میں تھا۔

دونوں خطاب حضرت مہدیؑ کے املاء اور حضرت کے نزدیک بعض قابل اعتماد و اطمینان افراد کے خط سے تحریر کیا گیا تھا جیسا کہ پہلے نامہ کی ظاہری عبارات سے اور دوسرے نامہ کی نص سے استفادہ ہوتا ہے۔ اور دونوں خط کے آخر میں چند سطریں امام کی تحریر سے مزین ہیں جو نامہ کے صحیح ہونے کی گواہ ہیں۔ امام اس خط کے کلمات میں شیخ مفید کو حکم دیتے ہیں کہ اس خط کو ہر ایک سے مخفی رکھیں، لیکن اس کا ایک نسخہ لے کر اپنے موثق اصحاب کو مطلع کریں یا شفاہی طور پر انہیں اطلاع دیں۔ (۱)

دونوں توقیع کی سند

ان دونوں توقیع کی سند کو چند جہات سے مورد توجہ قرار دیں اور اس کے معتبر ہونے کے لیے فکر کرنی چاہیے، اگر چہ شیخ طبرسی جو ان دونوں توقیع کے تنہا ناقل ہیں انہوں نے اسے بطور مرسل اور بغیر سند کے نقل کیا ہے۔

ا۔ طبرسیؒ نے ان دونوں روایتوں کو مسلمات میں سے شمار کیا ہے کہ خود یہی ان کے نزدیک سند کی صحت پر دلالت کرتا ہے۔ اور ممکن ہے کہ طبرسیؒ نے ان دونوں توقیع کے واضح مشہور ہونے کی بنا پر ان کی اسناد حذف کر دی ہوں، جیسا کہ انہوں نے بہت سی روایات کی سند کو حذف کیا ہے۔

۱۔ تاریخ الغیبۃ الکبریٰ، ص ۱۴۰، ۱۴۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۔ وہ عالی مضامین جو ان دونوں روایتوں میں ذکر ہوئے ہیں نیز سچی خبروں کی ان دونوں روایتوں میں اشارہ ہوا ہی منجملہ ان دونوں توقیع کی صداقت کے شواہد میں شمار کیا جا سکتا ہے اور ان کا انتساب بھی حضرت مہدیؑ کی طرف ہے۔

وہ بات جو ان دونوں توقیع پر زیادہ اطمینان کا موجب ہے وہ یہ کہ محدث بحرانی شیخ مفیدؒ کے مرثیہ میں جو اشعار امام زمانہؑ کی طرف منسوب ہیں اور ان کی قبر پر تحریر کیے گئے ہیں ان کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: ''یہ اشعار امام زمانہؑ کی طرف سے شیخ مفیدؒ کی ذات کی بہ نسبت صادر ہونا بعید نہیں ہے، اس کے علاوہ وہ توقیعات جو حضرتؑ کی طرف سے شیخ کے لیے ارسال کی گئیں، وہ ایسی توقیعات ہیں کہ جو ان کے لئے بہت زیادہ تعظیم و تکریم پر مشتمل تھیں...''۔

اس وقت فرماتے ہیں: '' شیخ یحییٰ ابن بطریق حلّی، رسالة نهج العلوم الی نفی المعدوم'' میں جو ''سوال اہل حلب'' کے نام سے مشہور ہے شیخ مفید کے تقویٰ و تزکیہ نفس کے سلسلہ میں دو طریقہ ذکر کیا ہے:

الف۔ ان کا ائمہ طاہرینؑ سے صحیح طور پر نقل کرنا، جیسا کہ ان کی کتاب مقنعہ، دیگر تصانیف اور کتب میں ذکر ہوا ہے۔

ب۔ جو کچھ عام شیعوں نے روایت نقل کی ہے اسے تسلیم کیا ہے کہ صاحب الامرؑ نے انہیں دو خط تحریر فرمائے ہیں۔ اس طرح سے کہ ہر سال میں ایک نامہ، اور نامہ کا عنوان، ''للاخ السدید...'' ہے، اور یہ عظیم ترین تعبیر ہے جو شیخ مفیدؒ کی مدح و ثنا اور تزکیہ نفس کے لیے ائمہؑ کے جانشین اور امام امت کے قول میں ملتا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابن بطریق کا کلام دلالت کرتا ہے کہ یہ دونوں توقیع موردِ اجماع ہیں۔ نیز مقدمۂ "احتجاج" میں طبرسیؒ کے قول سے یہ استفادہ ہوتا ہے کہ یہ دونوں توقیع ان احادیث کی قسم میں سے ہے جن پر علماء کا اجماع واتفاق تھا لہٰذا ان دونوں کی سند ذکر نہیں کی ہے۔

ابن شہر آشوب "معالم العلماء" میں شیخ مفیدؒ کے حالاتِ زندگی میں تحریر فرماتے ہیں: "صاحب الزمان نے انہیں شیخ مفید کے نام سے یاد کیا ہے..."(۱) ظاہراً ان کی مراد وہی تعبیر ہے جو حضرت کی توقیع میں شیخ مفیدؒ کے لیے فرمائی ہے: "للاخ السدید، الولی الرشید، الشیخ المفید..."۔

۳۔ طبرسی کتاب "الاحتجاج" کے مقدمہ میں فرماتے ہیں: "اکثر روایات کو اس کی سند کے بغیر ذکر کر رہا ہوں اور وہ اس لیے کہ یا اس روایت پر اجماع موجود ہے یا اس جہت سے کہ وہ موافق ومخالف کی کتب وسیر میں دلیلِ عقل یا شہرت کے موافق ہے..."۔(۲)

یہ دونوں توقیع بھی ان تین احتمال سے خالی نہیں ہیں۔

۴۔ اوائل زمانۂ غیبت کبریٰ میں عمومی مصلحت اور تقاضے بھی اس قسم کے نامے اور توقیعات صادر ہونے کے لئے موجود تھے۔

پہلے یہ کہ حضرتؑ ان خطوط کے ذریعہ اپنے شیعوں کی جماعت کے لیے ضروری احکام پہچانا چاہتے تھے۔

دوسرے یہ کہ اس قسم کے خطوط شیخ مفیدؒ جیسے صالح علماء کے ہاتھوں ارسال کر کے ان کی سرپرستی اور ریاست کو استحکام بخشا، لوگوں کو زمانہ غیبت کبریٰ میں ان کی اطاعت کی ترغیب

۱۔ معالم العلماء، ص ۱۱۳، شمارہ ۷۶۵۔ ۲۔ مقدمۂ احتجاج، ص ۱۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دلائیں۔ جیسا کہ اپنے نامہ میں ابن بابویہ کو خطاب فرمایا: ''یا شیخی یا ابوالحسن!''۔

گزشتہ انبیاء میں غیبت کی سنّت

لوگوں کے درمیان سے حجت خدا کا دوری اور غیبت اختیار کرنا کوئی جدید امر نہیں ہے جو اس امت میں وہ بھی پیغمبر خاتمؐ کے آخری وصی کے متعلق محقق ہوئی ہو، بلکہ یہ سنت الٰہی رہی ہے حتیٰ انبیاء کے درمیان بھی یہ [غیبت کی سنّت] موجود تھی۔ اب ہم ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کریں گے:

۱۔ حضرت ادریسؑ

بعض روایات کے مطابق، ادریسؑ پیغمبر اس جہت سے کہ ان کے اور ان کے ہم عصر ظالم بادشاہ کے درمیان اختلاف رونما ہوا بیس سال تک اپنی امت سے غائب تھے، غاروں اور پہاڑوں میں زندگی بسر کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ ان کے لیے مامور کیا تھا تا کہ غروبِ آفتاب کے وقت ان کی افطاری حاضر کر دیا کرے...''۔(۱)

۲۔ حضرت صالحؑ

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: ''انّ صالحاً علیه السلام غاب عن قومه زمانا وکان یوم غاب عنهم کهلا... فلمّا رجع الی قومه لم یعرفوه بصورته...'' (۲) ''یقیناً صالح ایک

۱۔ کمال الدین، ج ۱، ص ۱۳۰۔ سعد السعود، ص ۱۲۵۔

۲۔ کمال الدین، ص ۱۳۶، ۱۳۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ت تک اپنی قوم سے غائب تھے۔ غیبت کے وقت ضعیف العمر تھے ...اور جب اپنی قوم الوں کی طرف واپس آئے تو کوئی شخص ان کو چہرہ سے نہیں پہچان سکا...''۔

۳۔ حضرت ابراہیمؑ

حضرت ابراہیمؑ بھی روایات کے نقل کی بنا پر اپنی ولادت کی ابتداء سے ایک طویل ت تک مخفی تھے اور اپنے امر کو پوشیدہ رکھتے تھے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی سالت کے لیے مامور فرمایا۔(۱)

۴۔ حضرت موسیٰؑ

شیخ صدوقؒ نقل فرماتے ہیں: ''...حضرت موسیٰؑ شہر مصر سے مدائن کی طرف فرار گئے، وہاں حضرت شعیبؑ کے پاس کافی دنوں تک مقیم تھے...''(۲)

۵۔ حضرت شعیبؑ

علامہ مجلسیؒ نے اپنی سند سے امام علیؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: ''انّ شعیبا علیه السلام دعا قومه الی اللّٰه حتیٰ کبر سنّه، و دق عظمه، ثم غاب ما شاء اللّٰه، ثم عاد الیهم شاباً'' (۳)''شعیبؑ نبی نے اپنی قوم والوں کو اللہ لی کی طرف اتنی زیادہ دعوت دی کہ وہ بوڑھے ہو گئے اور ان کی ہڈیاں ضعیف ہو گئیں۔ اس وقت تک لوگوں کی نظروں سے غائب رہے جب تک مشیت الٰہی تھی اور پھر ان کی ف جوانی کی حالت میں واپس آئے...''۔

۱۔ کمال الدین، ج۱، ص۱۳۸۔ ۲۔ کمال الدین، ج۱، ص۱۴۵۔
۳۔ بحار الانوار، ج۱۲، ص۳۸۵، ح۱۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۶۔ حضرت الیاسؑ

قطب راوندیؒ نقل فرماتے ہیں کہ حضرت الیاسؑ اپنی قوم والوں سے سات سال تک غائب تھے، اس مدت میں صحراؤں اور بیابانوں میں مخفی تھے۔(۱)

۷۔ حضرت دانیالؑ نبی

شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں: ''دانیال نبی نوے سال اپنی قوم سے غائب اور بخت النصر (بادشاہ) کے ہاتھوں اسیر تھے اور ان کے تمام پیروکار اور چاہنے والے اس مدت میں ان کے منتظر تھے''۔(۲)

۸۔ حضرت عیسیٰؑ

حضرت عیسیٰؑ دو قسم کی غیبت کے حامل تھے: ایک غیبت بارہ سال کی مدت میں سرزمین شام اور مصر میں اور دوسری غیبت جب انہیں سولی پر لٹکانا چاہتے تھے تو اس وقت سے اب تک دو ہزار سال سے زائد عمر گزر چکی ہے اور اب تک وہ زندہ ہیں۔ آپ حضرت مہدیؑ کے ظہور کے وقت ان کی عالمی عادلانہ حکومت کی تشکیل کے لیے مدد کریں گے۔

امام زمانہؑ کے شرفِ حضور سے محرومیت

ممکن ہے بعض یہ کہیں: کون سے اعتراض کی بات تھی اگر حضرتؑ لوگوں کے درمیان ہوتے اور ان کے وجودِ ذی جود سے استفادہ کیا جاتا اور وہ مناسب وقت میں قیام فرماتے؟

۱۔ قصص راوندی، ص ۲۴۸۔

۲۔ کمال الدین، ج ۱، ص ۳۸۵، ح ۱۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جواب: پیغمبر اکرمؐ اور ائمہ اطہارؑ نے بارہا لوگوں کے گوش گزر کیا تھا کہ ظلم وستم کی حکومت حضرت مہدیؑ کے ہاتھوں ختم ہوگی۔ اس وجہ سے حضرتؑ کا وجود دو گروہ کے لیے توجہ کا مرکز بنا رہا:

الف۔ دنیا میں مظلوموں کی کثیر تعداد تھی۔ وہ لوگ اپنے ظلم کی شکایت بیان کرنے اور حمایت و ہمدردی کی امید میں امامؑ کے اطراف میں جمع ہو جاتے تھے اور ان سے قیام اور دفاع کا تقاضا کرتے تھے، لہٰذا ہمیشہ حضرتؑ کے اطراف میں ایک کثیر تعداد احاطہ کیے ہوتی تھی۔ جب کہ ابھی بنیادی شرائط فراہم نہیں ہوئے تھے۔

ب۔ جھوٹے اور خونخوار ظالم افراد جو مظلوم قوموں پر غلبہ پا چکے تھے اور اپنے ذاتی مفاد تک رسائی حاصل کرنے کے لیے کسی کام کو فروگزار نہیں کرتے تھے اور اپنی تمام ذاتی حرص و طمع کے لیے تمام لوگوں کو فدا کرنے پر آمادہ تھے۔

نتیجہ میں یہ گروہ چونکہ حضرتؑ کے وجود کو اپنے لیے سدِ راہ اور مانع سمجھتا تھا لہٰذا حضرتؑ کی نابودی کے درپے تھے۔

زمانہ ظہور میں حضرتؑ کی حفاظت

بعض افراد کہتے ہیں: کیا اللہ تعالیٰ حضرت مہدیؑ کی حفاظت غیبت کے بغیر نہیں کر سکتا؟

ہم اس سوال کے جواب میں کہیں گے:

سب سے پہلے یہ کہ: اعجاز، نظام طبیعت وتکوین میں اصل قاعدہ کے برخلاف ہے، مگر کسی خاص ضرورت کا تقاضا رہا ہو اور حضرت مہدیؑ کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارادہ اسی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے متعلق ہوا کہ حضرتؑ کی حفاظت غیبت کے طریقہ سے ہو۔

دوسرے یہ کہ: مصالح ومفاسد اور مقدرات الٰہی، الٰہی واقعیتوں کے اتباع میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اسلامی امت کے لیے گیارہ امام معصوم کو ان کی ہدایت کے لیے مبعوث کیا، لیکن ان میں سے ہر ایک کو لوگوں نے یکے بعد دیگرے درجۂ شہادت پر فائز کیا اس برے رویے اور کارنامے کو جو ان لوگوں نے اپنی طرف سے پیش کیا تو اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور مشیت اس سے متعلق ہو گئی کہ بارہویں امام کو ایک مدت تک غیبت کے پس پردہ قرار دے تا کہ لوگ غیبت میں امامؑ کی ذات سے محرومیت کا احساس کریں اور حضرتؑ کے ظہور کے وقت ان کی قدر ومنزلت کو پہچانیں۔

تیسرے یہ کہ: آیات وروایات کے مطابق، اللہ تعالیٰ کی یقینی سنتوں میں سے ایک مسئلہ امتوں کے امتحان کا ہے۔ اسلامی امت بھی اس قانون سے مستثنیٰ وجدا نہیں ہے۔ اور ہر ایک امت کا کسی نہ کسی طرح امتحان لیا جائے گا۔ اس زمانہ میں اسلامی امت کا امتحان ان کے امام زمانہؑ کی غیبت کے ذریعہ لیا گیا ہے کہ کیا اس حالت میں یہ لوگ اپنے دین و مذہب پر استقامت (محکم یقین وارادہ) رکھتے ہیں یا نہیں؟

حکام جور کے ساتھ بیعت نہ کرنا

جو افراد مسئلہ مہدویت سے آشنائی رکھتے ہیں وہ بخوبی جانتے ہیں کہ حضرت کا لائحۂ عمل دوسرے ائمہ کے پروگرام سے بنیادی تفاوت رکھتا ہے۔ دوسرے ائمہ اس بات پر مامور تھے کہ دین کی ترویج واشاعت کے لیے اپنے حد امکان میں کوشش کریں، لیکن جنگ کے لیے مامور نہیں تھے لہٰذا وہ لوگ ایک قسم کا عہد و پیمان جیسے عدم مداخلت یا صلح اپنے زمانہ کے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حکام سے کیے ہوئے تھے۔ مگر حضرت مہدیؑ کی سیرت طیبہ ابتداء امر ہی سے دوسرے ائمہ کی روش سے تفاوت رکھتی ہے۔ یہ طے شدہ امر ہے کہ حضرت صرف ظہور کے ہوتے ہی ظالموں سے مقابلہ کریں گے اور ظلم و بے عدالتی کو معاشرہ سے اکھاڑ پھینکیں گے اور اس کی جگہ عدل و انصاف قائم کریں گے۔ لہذا ان کے ذمہ کسی کی بیعت نہیں ہونی چاہیے، اس لیے کہ ہر آن ہر لحظہ ظہور کا احتمال پایا جاتا ہے۔

امام صادقؑ نے ارشاد فرمایا: "صاحب هذا الامر تغیب ولادته عن هذا الخلق لئلا یکون لأحد فی عنقه بیعة اذا خرج، و یصلح اللّٰه عزّوجلّ امره فی لیلة"(۱)

"حضرت صاحب الامر کی ولادت ان مخلوقات سے مخفی ہوگی تاکہ جب وہ ظہور کریں تو ان کی دن پر کسی کی بیعت نہ ہو اور اللہ تعالیٰ ان کے امر کی ایک رات میں اصلاح کر دے گا۔"

اس کے علاوہ، چونکہ ظالمین نے ہر لحظہ حضرتؑ کے قیام کا احتمال دیتے ہوئے اپنے ذاتی منافع کو خطرے میں دیکھا، اور حضرتؑ کے ساتھ اپنے کیے ہوئے عہد و پیمان سے مطمئن نہیں ہوئے لہذا ان کے قتل کے علاوہ اپنے لیے کوئی راہ تدبیر نہیں دیکھتے تھے۔

حضرت زہراؑ کا نمونہ عمل ہونا

امام زمانہؑ اس توقیع میں جو اپنے مبارک خط سے اپنے شیعوں کے لئے گمراہی و فساد سے عافیت کی دعا کے بعد اور ان کے لئے روح یقین اور انجام کار بخیر ہونے کی درخواست کے ساتھ چند امور کی یاددہانی کے بعد فرماتے ہیں: "وفی ابنة رسول اللّٰه لی اسوة حسنة" (۲) دختر رسول خدا میرے لیے بہترین نمونہ ہیں۔

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۹۶۔ ۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۸۶، ح ۲۴۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس بات میں کہ حضرت مہدیؑ نے اپنے لیے کس رفتار و گفتار میں حضرت فاطمہؑ کو سرمشق اور نمونۂ عمل قرار دیا ہے، اس کے لیے بہت سے احتمالات بیان ہوئے ہیں کہ ہم ان میں سے یہاں تین احتمال کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ حضرت زہراؑ نے اپنی مبارک عمر کے اختتام تک کسی ظالم حاکم کی بیعت نہیں کی۔ حضرت مہدیؑ بھی اپنی گردن پر کسی ظالم حکمران کی بیعت نہیں رکھتے ہوں گے۔

۲۔ اس مبارک خط کے صادر ہونے کا منشا یہ ہے کہ بعض شیعہ افراد نے ان کی امامت کو قبول نہیں کیا۔ حضرت نے ان کے اس رویے کے جواب میں فرمایا: ''اگر میں چاہتا اور مجھے اس کی اجازت حاصل ہوتی تو میں ایسا کرتا کہ تم پر اس طرح حق آشکار ہو جاتا کہ تمہارے لیے کوئی شک و شبہ باقی نہ رہتا، لیکن میری پیشوا حضرت فاطمہ زہراؑ ہیں۔ انہوں نے حضرت علیؑ کے حق حکومت کو سلب ہوتا ہوا دیکھ کر بھی، کبھی کسی موقع پر حق خلافت کو واپس لینے کے لیے غیر عادی (اعجاز) اسباب و وسائل سے استفادہ نہیں کیا، میں بھی انہیں کی پیروی کرتا ہوں اور اپنے حق کو ثابت کرنے کے لیے اس مدت میں غیر عادی طریقوں پر نہیں چلوں گا''۔

۳۔ حضرتؑ نے نامہ کے جواب میں فرمایا ہے: ''جو مظالم میں نے دیکھے ہیں اگر اس کے سبب تمہاری ہدایت و نصرت کا شوق اور تعلق نہ ہوتا، تو میں تم لوگوں سے روگرداں ہو جاتا''۔ امامؑ حضرت زہراؑ کی طرف اشارہ کر کے یہ فرمانا چاہتے ہیں: جس طرح حضرت زہراؑ کے تمام دشمن ان پر آزار و اذیت روا رکھنے کے باوجود اور وہ سکوت جو مسلمانوں نے اپنا رکھا تھا، ان میں سے کچھ بھی اس بات کا باعث نہ ہوا کہ وہ مسلمانوں کے حق میں دعا کرنے سے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دست بردار ہو جاتیں، بلکہ دوسروں کو اپنی ذات پر مقدم رکھتی تھیں، میں بھی ان مظالم اور منکرین کے انکار کو تحمل کروں گا اور تمہاری ہمدردی و رہنمائی اور تمہارے لیے دعا وغیرہ کرنے سے بلکہ کسی شئے سے بھی فروگزار نہیں کروں گا۔

تعجیل فرج کے لیے دعا کی تاثیر

امام زمانہؑ اسحاق ابن یعقوب کے سوالات کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں: "اکثروا الدعاء بتعجیل الفرج، فانّ ذلک فرجکم "(۱)

"تعجیل فرج کے لیے کثرت سے دعا کرو کیونکہ اسی میں تمہاری آسائش ہے۔"

ہم جانتے ہیں کہ شیعوں کی تمام مصیبتوں اور آزمائشوں سے کشائش و آسائش، حضرت مہدیؑ کے ظہور کے سایۂ عاطفت میں محقق ہوگی اور جب تک حضرت غیبت میں زندگی بسر کر رہے ہیں شیعہ، حکام ظلم و جور کے تجاوز اور ظلم وفشار کے ماتحت ہوں گے۔ اس حدیث سے استفادہ ہوتا ہے کہ حضرت مہدیؑ کے ظہور کا زمانہ "بداء" سے متعلق واقع ہوگا، یعنی تقدیم و تاخیر کے قابل ہے اور حضرتؑ کے منجملہ تعجیل فرج کے عوامل میں سے ایک عامل دعا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ دعا قلبی درخواست اور اس کے محقق ہونے کا زمینہ فراہم کیے بغیر ثمر واقع نہ ہوگی۔ انسان کو زبان اور دل سے دعا کرنی چاہیے، اور عمل سے بھی اپنی حاجت پورا ہونے کے لئے زمینہ فراہم کرنا چاہیے۔

(۱) کمال الدین، ج ۲، ص ۴۸۵، ح ۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بلا کے برطرف ہونے میں امام زمانہؑ کے وجود کی برکت

امام زمانہؑ شیخ مفیدؒ کے لیے ارسال کی گئی اپنی توقیع میں ارشاد فرماتے ہیں:

"انا غیر مهملین لمراعاتکم، و لا ناسین لذکرکم، ولولا ذلک لنزل بکم الأوآء و اصطلمکم الاعداء" (۱) "ہم تمہاری سرپرستی اور دیکھ بھال میں کوتاہی نہیں کرتے اور نہ ہی تم لوگوں کو فراموش کرتے ہیں اور اگر ہم ایسا نہ کرتے تو یقیناً تم پر مصیبتیں نازل ہو جاتیں اور دشمن تمہیں جڑ سے ختم کر دیتے"۔

شیعہ حق و حقیقت کی پیروی کرنے کی جہت سے ہمیشہ دشمنوں، مخالفوں اور حکام جور کے ظلم و ستم کا نشانہ بنے رہے، لہذا وہ کسی ایسی ذات کے محتاج ہیں جو انہیں ان کی سختیوں اور مصیبتوں میں نصرت کرے اور انہیں نابود ہونے سے نجات دے۔ حضرتؑ اس توقیع میں اپنے شیعوں کو اس بات کی بشارت دیتے ہیں کہ میں غیبت کے باوجود تمہاری حمایت و نصرت کروں گا اور کبھی بھی حق و حقیقت کے دشمنوں کے لائحہ عمل کو بارآور نہیں ہونے دوں گا کہ مذہب شیعہ فنا ہو جائے۔

ایک دوسری حدیث میں ارشاد فرماتے ہیں: "انا خاتم الاوصیاء، و بی یدفع اللّٰه عزّوجلّ البلاء عن اهلی و شیعتی" (۲) "میں خاتم الاوصیاء ہوں، میرے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ میرے اہل و عیال اور شیعوں سے بلا کو دور کرتا ہے"۔

۱۔ احتجاج، ج ۲، ص ۳۲۳۔

۲۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۴۴۱، ح ۱۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منکرِ امام زمانہؑ کا حکم

امام زمانہؑ اسحاق ابن یعقوب کے سوالات کے دیے گئے جوابات کے ایک حصہ میں فرماتے ہیں: "لیس بین اللہ عزّوجلّ و بین احد قرابۃ، و من انکرنی فلیس منّی وسبیلہ سبیل ابن نوح" (۱) "خداوند عالم کی کسی سے کوئی رشتہ داری نہیں ہے، جو میرا انکار کرے وہ مجھ سے نہیں ہے اور اس کا راستہ فرزند نوح کی طرح ہے"۔

اس حدیث کو شیعہ وسنی نے اپنی روائی کتابوں میں نقل کیا ہے اور اس بات کی تائید کی ہے کہ پیغمبرؐ نے ارشاد فرمایا: "ہمارے اہل بیتؑ کی مثال کشتی نوح کی سی ہے، جو اس میں سوار ہو گیا نجات پائے گا، اور جو شخص اس سے روگردانی کرے گا وہ ڈوب جائے گا"۔ (۲)

زمانۂ غیبت میں ہمارا مجموعی فریضہ

امام زمانہؑ شیخ مفید کو ارسال کیے گئے ایک خط کے فقرے میں فرماتے ہیں: "فلیعمل کلّ امرء منکم بما یقرب بہ من محبّتنا و یتجنّب ما یدنیہ من کراھتنا و سخطنا" (۳) "لہٰذا تم میں سے ہر شخص کو ایسا کام کرنا چاہیے جو ہماری محبت اور دوستی سے نزدیک کرنے کا سبب بنے اور جو چیزیں ہمیں ناپسند ہیں اور ہماری کراہت و ناراضگی سے نزدیک کرنے کا باعث بنتی ہیں ان سے پرہیز کرے"۔

۱۔ کمال الدین، ص ۴۸۴، ح ۴۔
۲۔ مستدرک حاکم، ج ۳، ص ۱۵۱۔ بصائر الدرجات، ص ۳۱۷، ح ۴۔
۳۔ احتجاج، ج ۲، ص ۳۲۳، ۳۲۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ بات واضح ہے کہ محبت اہل بیتؑ شخصی اور انفرادی پہلو کی حامل نہیں ہے، بلکہ خدائی معیار کے مطابق ہے، اس لیے کہ جب بھی اہل بیتؑ مشاہدہ کرتے ہیں کہ شیعہ اوران سے منسوب افراد ایسے امور انجام دیتے ہیں جو رضایت الٰہی کا سبب ہے نیز وہ امور جو غضب الٰہی کا موجب ہے اس سے پرہیز کرتے ہیں تو وہ خوش حال ہوتے ہیں اوران پر فخر محسوس کرتے ہیں۔

نتیجہ میں ہمارا فریضہ یہ ہے کہ اگر ہم امام زمانہؑ کی محبت کے حصول اور حضرتؑ کے غضب سے دور ہونے میں لگے ہوئے ہیں تو ہم ایسا کام نہ کریں جوان سے دور ہوکران کی عنایتوں سے محروم ہو جائیں۔ دوسری طرف سے، ہماری سعی وتلاش اس بات پر ہو کہ ہم ایسے اعمال انجام دیں جوزیادہ سے زیادہ حضرتؑ سے نزدیک کرسکیں۔

امام زمانہؑ کی تشبیہ سورج بادل کی اوٹ میں ہونے سے

ایک روایت میں امام زمانہؑ سے جواسحاق ابن یعقوب کے سوالات کے جواب میں ذکر ہوا ہے: "... و اما وجه الانتفاع بی فی غیبتی فکالانتفاع بالشمس اذا غیبها عن الابصار السحاب "(۱)" ...لیکن مجھ سے میری غیبت کے زمانہ میں نفع وفائدہ کی صورت حال ویسی ہی ہے جیسے آفتاب بادلوں میں مخفی ہوتا ہے اور لوگ اس سے نفع وفائدہ اٹھاتے ہیں"۔

اس مبارک حدیث سے سورج بادل کی اوٹ میں ہونے کے درمیان اور امام زمانہ کا عصر غیبت میں زندگی بسر کرنے سے چند شباہتوں کی وجوہات پائی جاتی ہیں کہ ہم ان میں

۱۔ بحارالانوار، ج ۵۳، ص ۱۸۰، ح ۱۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ جس طرح لوگ ہر لمحہ سورج کے بادل کی اوٹ سے نکلنے کا انتظار کرتے رہتے ہیں تا کہ اس کے وجود اور ظاہر ہونے پر مکمل طور سے فیض حاصل کریں، حضرتؑ کی غیبت کے زمانہ میں بھی لوگ ان کے خروج اور ظہور کے منتظر ہیں اور ان کے ظہور سے مایوس نہیں ہوں گے۔

۲۔ حضرتؑ کے وجود کا عصر غیبت میں انکار کرنے والا، ایسا ہی ہے جیسے کوئی سورج کے وجود کا منکر ہو کہ جب وہ بادل کی اوٹ میں لوگوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہو جائے۔

۳۔ جس طرح بادل سورج کو مکمل طور پر پوشیدہ نہیں کرتا اور سورج کی روشنی زمین اور ل زمین تک پہونچتی ہے، غیبت بھی مکمل طور پر حضرتؑ کو فائدہ پہنچانے کے لیے مانع ے ہے، لوگ زمانۂ غیبت میں حضرتؑ کو نہیں دیکھیں گے لیکن اس کے باوجود ان کے جود ذی جود سے مستفیض ہوں گے۔ توسل، امام سے منجملہ فائدہ حاصل کرنے والی راہوں سے ایک راہ ہے۔

۴۔ جس طرح جن علاقوں میں اکثر و بیشتر بادل چھائے ہوئے ہوتے ہیں، کبھی سورج لوں کو چیر کر خود کو ان کے درمیان سے باہر لاتا ہے اور بعض لوگوں کو دکھاتا ہے، اسی طرح اوقات امام زمانہؑ کے دیدار سے بھی بعض افراد مشرف ہوتے ہیں اور ان کے وجود سے و حاصل کرتے ہیں اس طرح حضرتؑ کا وجود لوگوں کے لیے ثابت ہو جاتا ہے۔

۵۔ جس طرح بادل سورج کو ختم نہیں کرتے اور صرف ان کی رویت سے مانع ہوتے ، امام زمانہؑ کی غیبت بھی صرف ان کے دیدار سے مانع ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امامت پر زمانۂ فترت کا اعتراض

احمد کاتب کا قول ہے: ''شیعوں میں سے بعض سلسلۂ امامت کے منقطع، متوقف اور فترت کے قائل ہیں جس طرح انبیاء کے درمیان زمانہ 'فترت پایا جاتا تھا۔ اور اپنے دعوے کے اثبات کے لیے ان روایات سے تمسک اختیار کیا ہے جو امامت کے منقطع ہونے کے امکان پر دلالت کرتی ہیں، بالخصوص جب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق پر غضبناک ہو۔ وہ لوگ کہتے ہیں: ''ہمارے نزدیک ابھی وہی وقت ہے''۔ (۱)

جواب:

سب سے پہلے: شیخ مفیدؒ نے ''الفصول المختارہ'' میں امام حسن عسکریؑ کے بعد مختلف گروہوں کی طرف اشارہ کیا ہے اس کے بعد فرماتے ہیں: لیکن ہم آج جس زمانہ میں زندگی بسر کر رہے ہیں شیعہ اثنا عشری کے علاوہ تمام گروہ ختم ہو چکے ہیں یا شیعہ اسی گروہ کی طرف مائل ہو گئے ہیں۔ (۲)

دوسرے یہ کہ: ان روایات کی طرف مراجعہ کرنے کے بعد جس سے متمسک ''احمد کاتب'' نے حضرت مہدیؑ کی ولادت اور وجود کا انکار کیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ وہ روایات نہ صرف یہ کہ ولادت نہ ہونے پر دلالت نہیں کرتیں بلکہ حضرت مہدیؑ کی ولادت اور وجود پر صریحی طور پر دلالت کرتی ہیں۔ اب ہم روایت کی نص کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

محمد ابن فرج کہتے ہیں: ''امام ابو جعفرؑ نے ایک نامہ میں میرے لیے یوں تحریر فرمایا:

۱۔ تطور الفکر السیاسی، ص ۱۲۳۔

۲۔ الفصول المختارہ، ص ۲۵۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"اذا غضب اللہ تبارک و تعالیٰ علی خلقه نحانا عن جوارهم" (۱) "جب بھی اللہ تعالیٰ اپنی مخلوقات پر غضب ناک ہوتا ہے تو ہمیں ان کے قرب و جوار سے دور کر دیتا ہے"۔

یہ روایت صریحی طور پر حضرت مہدیؑ کی ولادت اور وجود پر دلالت کرتی ہے، لیکن اس سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ موجود رہنے کے باوجود، تمہاری نظروں سے غائب ہیں۔

تیسرے یہ کہ: روایت سندی لحاظ سے ضعیف ہے، جیسا کہ مجلسی علیہ الرحمہ نے بھی اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

چوتھے یہ کہ: یہ روایت دوسری متواتر روایات کے مخالف ہے جو زمین کو حجت خدا سے خالی نہ ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

زمانۂ غیبت میں امام زمانہؑ کے مشغلے

غیبت کبریٰ کے زمانہ میں، حضرت مہدیؑ کے امور بہت زیادہ حساس اور اہم ہیں، اگر چہ حالات زمانہ کی بنا پر ظاہری حکومت اور وسیع تصرف نہیں رکھتے مگر اس کے باوجود لوگوں کے حالات پر نظارت اور تصرفات انجام دیتے ہیں۔

امامت، رہبری اور کفالت کے امور کے بے حد ممکن ذمہ دار تھے اور اپنے فرائض کو بہ حسن خوبی انجام دیتے تھے۔ ان کی عمر اطاعت الٰہی میں گزری ہے۔ اجتماعی ذمہ داریوں کو، جو مصلحت کے تقاضوں کے مطابق ہوتی ہے انجام دیتے ہیں، جیسے لوگوں کی ہدایت کرنا، مخالفین پر فتح یابی کے لیے مومنین کی نصرت و مدد کرنا، مشکل مسائل کا حل کرنا، لوگوں کو موعظہ و نصیحت کرنا، مریضوں کو شفا دینا، گم شدہ افراد کی ہدایت کرنا اور انہیں منزل مقصود

۱۔ کافی، ج ۱، ص ۳۴۳، ح ۳۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تک پہونچانا، علوم و معارف کی تعلیم دینا، حاجت مندوں کی مالی مدد کرنا، پریشاں حال افراد کی فریادرسی وغیرہ انجام دینا۔

نتیجہ میں حضرتؑ کے منجملہ بنیادی تصرفات میں سے ایک یہی شیعہ سماج اور اس کے اطراف کے علاقوں کو طول تاریخ میں نظم و ترتیب دینا؛ جانا جا سکتا ہے جو ظاہری نظم و ضبط دیے بغیر ہم مشاہدہ کرتے ہیں جو یقیناً حضرتؑ کی غیبی مدد کی وجہ سے محفوظ ہے اور وہ اس (سماج) کو اپنے کنٹرول میں رکھے ہوئے ہیں۔

غیبت کا ہدایت کے ساتھ تناسب

کلامی، فلسفی اور عرفانی کتابوں کے مراجعہ سے امامت کی دو تفسیر ہمیں معلوم ہوتی ہے:

۱۔ کلامی تعریف: اس تعریف کے مطابق، امامت ایسی ریاست و حکومت ہے جو لوگوں کے دینی و دنیوی امور میں کسی ایک شخص کے ذریعہ انسان کو حاصل ہوتی ہے۔(۱)

۲۔ فلسفی و عرفانی تعریف: اس تعریف کے مطابق، امامت نبوت کی طرح ایک الٰہی منصب ہے، اور ان دونوں (امامت و نبوت) کے درمیان سوائے وحی الٰہی کے کوئی فرق نہیں پایا جاتا۔ امامت وحی الٰہی اخذ کرنے کے علاوہ نبوت کی تمام ذمہ داریوں کو جاری و ساری رکھنے کا نام ہے، نیز انسان کو مطلوبہ کمال تک پہونچانے کے لیے ان کے باطنی نفوس میں ایک قسم کا دخل و تصرف ہے۔

اس تعریف کے مطابق، دین و دنیا کے امور میں ریاست و حکومت رکھنا، امامت کی

۱۔ نہج المسترشدین، ص ۶۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

منجملہ شان میں سے ایک شان اسی معنی میں ہے ۔اور یہ وہی معنی ہے جس کے شیعہ اثنا عشری پابند ہیں، لہذا امامت کو اسی جہت سے اصول دین میں شمار کیا گیا ہے اور اسے نبوت سے بالاترین درجہ قرار دیا گیا ہے۔

علامہ طباطبائیؒ فرماتے ہیں: ''امامت ایک ایسی حقیقت کا نام ہے کہ جس کے نتیجہ میں مقام اطاعت یا دین و دنیا کی ریاست یا زمین پر وصایت وخلافت پیغمبر لوگوں کے درمیان حکومت کرنے کے معنی میں ہے''۔(۱)

علامہ طباطبائیؒ کے نزدیک امامت کا عمیق معنی اس بات میں ظاہر ہوتا ہے کہ وہ فرماتے ہیں: امامت کے لیے ایک ایسا باطن ہے کہ وہی لوگوں اور ان کے کردار پر ولایت وحکومت کرتا ہے اور یہ باطنی ہدایت ایصال الی المطلوب (یعنی منزل مقصود تک پہونچانے) کے علاوہ کوئی اور شئے نہیں ہے۔

متکلمین نے امامت کی ضرورت کے معانی جو ذکر کیے ہیں ان کی دلیلوں میں، قاعدۂ لطف، شریعت کی حفاظت کا لازم ہونا اور دین الٰہی کو واضح طور پر بیان کرنے سے استدلال کیا ہے جو عام طور سے لوگوں کے درمیان امام کے حاضر رہنے سے ہی پورا ہوسکتا ہے۔

اب اگر یہ اعتراض ہو کہ ایسا لطف حضرتؑ کی غیبت کے ساتھ کیسے سازگاری رکھتا ہے؟ تو اس کے جواب میں ہم یہ کہیں گے:

سب سے پہلے یہ کہ: امام زمانہؑ تمام شریعت کے محافظ ہیں اور امر باطل پر اتفاق کرنے سے مانع ہوتے ہیں۔

۱۔المیزان، ج۱، ص۲۷۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دوسرے یہ کہ: اللہ تعالیٰ کی عنایتیں مختلف مراتب رکھتی ہیں کہ تزاحم وتصادم کے وقت جو شئے زیادہ لطف وعنایت کی حامل ہوتی ہے وہ مقدم ہوتی ہے۔لہذا اگر چہ امامؑ کے حضور کے ساتھ لوگ ان کے وجود والطاف سے مستفیض ہوں گے،لیکن زمانۂ غیبت کا لطف اور عنایت اس سے زیادہ اہم ہے،جیسا کہ ہم نے فلسفۂ غیبت میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

امامت کی دوسری تفسیر وتوضیح جو کہ عرفاء کی تفسیر ہے،امام کی غیبت کے مسئلہ میں کسی قسم کے اعتراض کی گنجائش باقی نہیں رہتی،اس لیے کہ اس تعریف کی بنا پر،امامت ایک ایسی حقیقت ہے کہ امامؑ نے اس جہت سے جو صلاحیتیں پیدا کی ہیں،ان کے ذریعہ نفوس انسانی میں تصرف حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں منزل مقصود تک پہونچا سکتے ہیں۔

یہ معنی امامت کے لیے،ان کی غیبت کے ساتھ بھی سازگاری رکھتا ہے،اور امام زمانہؑ غیبت میں بھی اس قسم کے تصرفات انجام دے سکتے ہیں کہ عصر غیبت کی طول تاریخ میں اس طرح کی بہت سی ہدایات انجام دی ہیں۔(۱)

زمانۂ غیبت میں امام زمانہؑ کی معرفت

فریقین کی کتابوں میں جو روایات ذکر ہوئی ہیں ان کے مطابق،پیغمبر اکرمؐ نے ارشاد فرمایا:" من مات و لم یعرف امام زمانه مات میتة جاهلیّة" (۲)"جو شخص اپنے امام زمانہؑ کی معرفت کے بغیر مر جائے وہ جاہلیت کی موت مرا ہے"۔یہاں اس سوال کا مقام ہے کہ امام زمانہؑ کی غیبت کے ساتھ ہم ان کی کیسے معرفت حاصل کر سکتے ہیں؟

۱۔رجوع فرمائیں،المیزان،ج ۱۳،ص ۳۰۳۔

۲۔شرح مقاصد،ج ۲،ص ۲۷۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہم جواب میں کہیں گے: حضرتؑ کی شناخت و معرفت کا مقصد، ان کے جسم اور شکل و شمائل کی معرفت نہیں ہے، بلکہ معرفت کا مقصد یہ ہے کہ حضرت مہدیؑ کا اس دنیا میں اللہ تعالٰی کے نزدیک کیا مقام و مرتبہ ہے۔ آپ ہی وہ شخص ہیں جو مکمل شریعت کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ تکوینی اور تشریعی فیوض و برکات میں خدا اور مخلوق کے درمیان واسطہ ہیں۔ آپ ہی کی ذات وہ ہے جو اللہ تعالٰی کے ارادہ و اجازت سے انسانی نفوس میں تصرف کی قابلیت رکھتی ہے اور حق و حقیقت کی طرف ہدایت کرتی ہے۔ آپ ہی وہ ہیں جو تمام علوم اولین و آخرین کے جامع و حامل ہیں۔ آپ ہی وہ ہیں جو ان کے علاوہ اور بھی بہت سے اوصاف حمیدہ کے مالک ہیں۔

حضرت مہدیؑ جو ہمارے زمانہ کے امام ہیں ان کی بہ نسبت یہ معرفت آپ کی شکل و شمائل دیکھے بغیر بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

آخری زمانہ کی نشانیاں

اسلامی روایات میں آخری زمانہ کی نشانیاں ذکر ہوئی ہیں کہ ان نشانیوں کے محقق ہونے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ہم آخری زمانہ میں سانس لے رہے ہیں۔ اب ہم ان نشانیوں میں سے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ خوف و ناامنی کا پھیل جانا

امام باقرؑ فرماتے ہیں: "لا یقوم القائم الّا علی خوف شدید"(۱) "حضرت قائمؑ قیام نہیں فرمائیں گے مگر اس زمانہ میں جب شدید خوف و ہراس پھیل جائے..."۔

۱۔ نعمانی، ص ۲۳۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نیز ارشاد فرمایا: "مہدیؑ اس وقت قیام کریں گے جب معاشرہ کی باگ ڈور ظالموں کے اختیار میں ہوگی"۔(۱)

۲۔ مسجدوں کا ہدایت سے خالی ہونا

پیغمبر اکرمؐ آخری زمانہ میں مسجدوں کی حالت کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں: "مساجد هم عامرة و هي خراب من الهدى" (۲) "اس زمانہ میں مسجدیں آباد و خوبصورت ہوں گی، لیکن ہدایت و رہنمائی کی کوئی خبر نہیں ہوگی"۔

۳۔ انسانی جذبات کا سرد پڑ جانا

رسول اسلامؐ اس سلسلہ میں فرماتے ہیں: "فلا الكبير يرحم الصغير و لا القوي يرحم الضعيف و حينئذ يأذن الله له بالخروج" (۳) "اس زمانہ میں بزرگ اپنے چھوٹے اور ماتحت افراد پر رحم نہیں کریں گے نیز قوی شخص ناتواں پر رحم نہیں کرے گا اس وقت اللہ تعالیٰ اسے (مہدیؑ کو) قیام وظہور کی اجازت دے گا"۔

۴۔ اخلاقی فساد کا پھیل جانا

رسول خداؐ ارشاد فرماتے ہیں: "قیامت واقع نہیں ہوگی مگر جب تک کہ روز روشن میں عورتوں کو ان کے شوہروں سے چھین کر برملا طور پر بیچ راستہ میں تجاوز و تعدی کی جانے لگے اور کوئی شخص اس کام کو برا نہیں کہے گا"۔

۱۔ ملاحم، ابن طاؤس، ص ۷۷۔ ۲۔ بحار الانوار، ج ۲، ص ۱۹۰۔

۳۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۳۸۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

محمد ابن مسلم کہتے ہیں: امام محمد باقرؑ سے عرض کیا: اے فرزند رسول! آپ کے قائم کب ظہور کریں گے؟ تو امامؑ نے فرمایا: " اذا تشبہ الرجال بالنساء، و النساء بالرجال، واکتفی الرجال بالرجال، و النساء بالنساء " (۱)

"اس وقت جب مرد خود کو عورتوں کے مشابہ اور عورتیں مردوں کے مشابہ بنالیں، اس وقت جب مرد، مرد پر اکتفا کریں اور عورتیں، عورتوں پر اکتفا کریں گی"۔

۵۔ اولاد کم ہونے کی تمنا

پیغمبر اسلامؐ نے ارشاد فرمایا: "قیامت اس وقت آئے گی کہ جب پانچ فرزند والے چار فرزند اور چار فرزند والے تین فرزند کی آرزو کرنے لگیں، تین فرزند والے دو کی اور دو والے ایک کی اور ایک فرزند والا یہ خواہش کرنے لگے کہ کاش صاحب فرزند نہ ہی ہوتا"۔ (۲)

۶۔ ناگہانی اموات

پیغمبر اکرمؐ نے ارشاد فرمایا: "قیامت اس وقت آئے گی جب سفید موت واقع ہونے لگے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یا رسول اللہؐ! سفید موت کیا ہے؟ تو آنحضرتؐ نے فرمایا: "ناگہانی موت"۔ (۳)

۱۔ کمال الدین، ج ۱، ص ۳۳۱۔

۔ فردوس الاخبار، ج ۵، ص ۲۲۷۔

۔ الفائق، ج ۱، ص ۱۳۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۷۔ جنگ وقتل

امام رضاؑ نے ارشاد فرمایا: ''امام زمانہؑ کے ظہور سے پہلے پے در پے اور بغیر وقفہ کے قتل کے واقعات رونما ہوں گے۔''(۱)

امام زمانہؑ کے وجود سے ایمان کی تقویت کے اسباب وعوامل

امام زمانہؑ کے وجود سے ایمان کی تقویت کے اسباب وعوامل کو ان راہوں سے استفادہ کیا جا سکتا ہے:

۱۔ عقلی دلیلوں کی تحقیق کے ذریعہ حضرت مہدیؑ کے وجود کے لیے انسانی عقل وفکر کو تقویت پہنچایا جا سکتا ہے۔

۲۔ قرآنی آیات اور روایات کی تحقیق سے استفادہ ہوتا ہے کہ حضرت مہدیؑ موجود ہیں۔

۳۔ جو افراد حضرت بقیۃ اللہ الاعظم ارواحنا لہ الفداء کے مبارک دیدار سے مشرف ہو چکے ہیں ان کے حالات کا مطالعہ کرنا بھی حضرتؑ کے وجود کی بہ نسبت انسانی قلوب کی تقویت میں بہت زیادہ اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

۴۔ ان دعاؤں کو پڑھنا، جن میں حضرتؑ سے خطاب کیا گیا ہے اور ان سے سرگوشی کی گئی ہے کہ یہ بھی حضرتؑ کے وجود کی بہ نسبت انسان کے اعتقاد میں کافی موثر ہو سکتا ہے۔

۱۔ الغیبۃ نعمانی، ص ۲۷۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زمانۂ غیبت میں امامؑ کی ہدایت کا طریقۂ کار

ہدایت کی متعدد قسمیں ہیں:

۱۔ تشریعی ہدایت: جو لوگوں کے لیے احکام شریعت اور معارف الٰہی کے بیان سے ہوتی ہے۔ اس قسم کی ہدایت غالباً امام کے لوگوں کے درمیان حاضر رہنے سے حاصل ہوتی ہے۔

۲۔ باطنی ہدایت: جو باطنی راستہ سے انسان کی ہدایت کے لیے اندرونی طور پر مدد کی جاتی ہے۔ اس قسم کی ہدایت اس جہت سے کہ ایک لحاظ سے تکوینی ہے، حضرتؑ کے حاضر رہنے اور لوگوں کا ان سے ملاقات کرنا ضروری نہیں ہے، بلکہ حضرتؑ کی غیبت کے ساتھ امکان پذیر ہے، اور وہ افراد جن میں تحول وتبدیلی پیدا ہوتی ہے اور اندرونی راستہ سے وحقیقت کی طرف ہدایت پاتے ہیں وہ مشیت الٰہی اور ارادۂ خداوندی کے ذریعہ امام زمانہؑ کی طرف سے انسانی نفوس میں تصرفات کی بنا پر انجام پاتے ہیں۔

۳۔ بعض ہدایت کی اور بھی قسمیں ہیں جو حضرت مہدیؑ اپنے شیعوں کے حق میں انجام دیتے ہیں جو حضرتؑ کے حاضر رہنے اور مختصری ملاقات پر موقوف ہے، جیسے گم شدہ افراد کی ہدایت کرنا اور بیماروں کو شفا دینا وغیرہ۔

محافل میلاد کی تاثیر

حضرت مہدیؑ کی یاد منانا اور مراسم جشن قائم کرنے کے بہت سے آثار وبرکات موجود ہیں ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ ہر سال شیعہ حضرات ایک خاص دن حضرت مہدیؑ کی یاد میں باہم جمع ہوتے ہیں اور آپ کی بہ نسبت اپنی عقیدت کا اظہار اور ان کی یاد کو اپنے دلوں میں زندہ کرتے ہیں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۔ محافل کا انعقاد انسانی روح وطبیعت میں خاص اثر رکھتا ہے اور حضرت کے وجود اور ظہور کے اعتقاد کو محکم کرتا ہے۔

۳۔ جو محفلیں منعقد ہوتی ہیں ان میں حضرتؑ کے فضائل و کمالات کی توضیح و تشریح بیان ہوتی ہے۔ جس کے نتیجہ میں لوگ حضرتؑ کی تاسی واقتدا کر کے خدا سے زیادہ نزدیک ہوتے ہیں۔

۴۔ ان محفلوں اور مجلسوں میں، لوگوں کو کھانا کھلا کر اور مٹھائی تقسیم کر کے لوگوں کا دل شاد کرتے ہیں اور کھانا کھلانے کا ثواب حاصل کرتے ہیں نیز بعض گروہ کے افراد ان محفلوں اور مجلسوں سے مادّی فائدہ اٹھاتے ہیں۔

۵۔ یہ مراسم ایک ایسی مناسب فرصت ہے کہ جس میں لوگوں کو اللہ اور اس کے احکام کی طرف دعوت دے سکتے ہیں۔

حضرتؑ کے دیدار سے مشرف ہونے کا طریقہ

یہ موضوع درحقیقت دو چیز سے تشکیل پایا ہے:

۱۔ کس طرح ان افراد کے دعوے کو جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرتؑ سے ملاقات کا شرف حاصل کیا ہے ثابت کیا جا سکتا ہے؟

۲۔ یہ کہاں سے معلوم ہو کہ جس نے حضرتؑ سے ملاقات کی ہے خود ان کا دیدار بھی کیا ہو؟

ہم پہلے سوال کے جواب میں کہیں گے: جو شخص ملاقات کا مدّعی ہے، ہم اس کی بات کو قبول نہیں کریں گے مگر یہ کہ ہمارے لیے اس کی بات کی صداقت پر معتبر قرائن موجود ہوں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پہلے یہ کہ: وہ بہت سچا شخص تھا اور اب تک کوئی جھوٹ، خلاف شریعت اور بے عدالتی اس سے نہیں دیکھی گئی اور نہ ہی سننے میں آئی۔

دوسرے یہ کہ: جو خبریں وہ دے رہا ہے وہ سب واقع کے مطابق تھیں اور غیبی خبروں کے ہمراہ بھی ہیں۔

دوسرے سوال کے متعلق کہیں گے: حضرتؑ سے ملاقات کے سچے دعویداروں کے لیے بعض شواہد و قرائن ذکر کیے ہیں۔ معجزہ اور غیبی خبروں کو سنا ہو جو حضرتؑ کے وجود کو ثابت کرنے کے دعوی کے ساتھ ہو لہذا حضرتؑ سے ملاقات کا یقین کر لیا، اس وقت اپنی قات کے شرف کو ہمارے لیے نقل کیا۔

امام زمانہؑ سے لوگوں کے عشق کا زیادہ ہونا

لوگوں کو جذب کرنا، بالخصوص جوانوں کے لیے امام زمانہؑ کے عشق کو ان کے دلوں میں ندہ کرنا ان کی اقتدا و پیروی کے لیے بہت موثر ہے جس کے کچھ راستے ہیں:

۱۔ وہ افراد جو اپنے دل کو ولی خدا کے عشق و محبت کا ظرف قرار دینا چاہتے ہیں وہ عقائد سے اسے پاک کریں، نیز اپنے نفس کو برے صفات سے صاف کریں لیے کہ دل پاک ہونا چاہیے تا کہ حضرت بقیۃ اللہ الاعظمؑ کی محبت و عشق کی - وقابلیت پیدا ہو سکے۔

لہذا بزرگان اخلاق نے اخلاقی سیر و سلوک کی بحث میں فرمایا ہے کہ سالک کو پہلے میں تخلیہ نفس کرنا چاہیے پھر خود کو اخلاقی محاسن و آداب سے آراستہ کرنا چاہیے۔

۔ہم کوشش کریں کہ بہ حد ممکن اپنی تمام توانائی کے ساتھ جتنا بھی ہم سے ہو سکے اگر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہمارے مدِ مقابل میں ظرفیت اور جاذبیت پائی جاتی ہے اس کو اپنے آقا امام زمانہؑ کے فضائل وکمالات سے آگاہ کریں، اس کو یہ بتائیں کہ حضرتؑ کا اس ہستی میں کیا مقام ومرتبہ ہے، وہ کیسے لوگوں کے حالات سے خدا کی اجازت سے مطلع وآگاہ ہیں۔ کیسے وہ اللہ تعالیٰ کی رحمانیت کے مظہر ہیں۔ وہ کیسے اپنے شیعوں کی فکر میں ہوتے ہیں۔

انسان فطری اور ذاتی طور پر کمال دوست ہے، کمال اور کامل انسان کی طرف ذاتی رجحان رکھتا ہے۔ ایک طرف سے اگر کسی کے لیے انسان میں یہ عشق پیدا ہو جائے تو اس کا مطیع وفرماں بردار ہو جاتا ہے اور اس جہت سے کہ امام زمانہؑ لوگوں کو خدا کی طرف دعوت دیتے ہیں، لہذا حضرتؑ کی محبت والفت لوگوں کے دلوں میں ایجاد کرنے سے درحقیقت لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف ہدایت پاتے ہیں۔

لہذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ لوگوں کو امام زمانہؑ کی طرف دعوت دینا اور ان کے دلوں میں حضرتؑ کی الفت ومحبت ایجاد کرنا درحقیقت لوگوں کو اللہ کی طرف دعوت دینا اور لوگوں کے دلوں میں اس کا عشق ایجاد کرنا ہے۔

امام زمانہؑ کا لوگوں کے حالات سے باخبر ہونا

اصولی طور پر امام زمانہؑ اس جہت سے کہ خدا کے علم غیب کے مظہر ہیں تمام جگہوں او تمام چیزوں کی اطلاع رکھتے ہیں دوسری تعبیر میں امام زمانہؑ جب بھی ارادہ کریں تما چیز ان کے پاس حاضر ہے۔ اور تمام بیرونی موضوعات سے آگاہی واطلاع رکھتے ہیں۔

دوسری طرف سے حضرتؑ عام یا خاص مصلحتوں کے مطابق کبھی اللہ تعالیٰ کی طرف لوگوں کی ملاقات پر مامور ہوتے ہیں اور انہیں مصیبتوں سے نجات دیتے ہیں۔ کبھی احسا

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کرتے ہیں کہ فلاں مقام پر فلاں شخص کے پاس جانا چاہیے اور اس کی مصیبتوں کو برطرف کرنا چاہیے، اور کبھی فلاں سرزمین میں حاضر ہوئے تا کہ وہاں کے ساکنین کی بلا ومصیبت دور ہو جائے، اور کبھی ایک شخص کو کوئی وجہ اور دلیل بتائی تو وہ ہدایت یافتہ ہو گیا۔ لہذا ہر وہ زمان ومکان جس میں حضرتؑ مصلحت دیکھتے ہیں وہاں حاضر ہوتے ہیں۔

"بقیۃ اللہ" کا لقب

"بقیہ" بقاء سے مشتق ہے اور فنا ونابودی کی ضد ہے، اور لغت میں ثبات ودوام کے معنی میں ذکر ہوا ہے۔ پس بقیۃ اللہ یعنی اللہ کا باقی ماندہ جو زمین میں ثابت ہے۔

دعائے ندبہ میں ہم پڑھتے ہیں: "این بقیة اللّٰه التی لا تخلو من العترة الهادیة"؛ "بقیۃ اللہ کہاں ہے جو عترت طاہرہ کے علاوہ نہیں ہے"۔

اس کلمہ میں دو احتمال پایا جاتا ہے:

۱۔ یہ کہ "بقیۃ اللہ" کا مقصد کلی عنوان تھا اور زمین میں حجت خدا کی طرف اشارہ ہے کہ جس سے کبھی بھی زمین خالی نہیں تھی اور نہ رہے گی مزید اسے اس میں ہمیشہ ثابت رہنا چاہیے۔ اور اس زمانہ میں اس کا امام زمانہؑ پر منطبق کرنا کلی افراد میں سے ایک فرد پر منطبق کرنے کے باب میں سے ہے۔

۲۔ یہ کہ "بقیۃ اللہ" کا مطلب امام زمانہؑ کے لیے ایک لقب ہوتا ہے اس اعتبار سے کہ میں میں موجود تھے اور ہمیشہ موجود رہیں گے۔

"ابن سکیت" کہتے ہیں: یہ جملہ ان مقامات پر کہا جاتا ہے کہ جہاں انسان کسی کی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رعایت اور حفاظت کرتا ہے اور اس کے انتظار میں بیٹھا ہے''۔(۱)

اس معنی کے پیش نظر حضرت مہدیؑ کو ''بقیۃ اللہ'' اس لحاظ سے کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رعایت وحفاظت میں تھے اور انہیں ایسا مقام اور شان وشوکت دی ہے کہ لوگ ان کے ظہور وکشائش کا انتظار اپنے امور میں کرتے رہیں۔

ملاقاتوں میں حضرتؑ کی عدم معرفت کا سبب

اس موضوع کے متعلق ہم کہیں گے:

سب سے پہلے یہ کہ: ایسا نہیں ہے کہ جو افراد حضرتؑ کی ملاقات کا شرف حاصل کر چکے ہیں ابتدا میں حضرتؑ کو نہیں پہچانا، بلکہ بسا اوقات بعض ایسے افراد ہیں کہ جنہوں نے ابتدا ہی میں حضرتؑ کو پہچان لیا اور ان سے مانوس رہے ہیں، جیسے علامہ بحر العلومؒ اور مقدس اردبیلیؒ وغیرہ۔

دوسرے یہ کہ: ملاقاتوں سے حضرتؑ کا اعلیٰ مقصد شیعوں کی مصیبتوں کو دور کرنا ہے کہ یہ ہدف بغیر معرفت کی ملاقات کے بھی حاصل ہو سکتا ہے۔

تیسرے یہ کہ: حضرتؑ کا نہ پہچاننا عدم انسیت کی وجہ سے ہے چونکہ معمولاً لوگوں کی پہلی ملاقات تھی لہذا حضرتؑ کو نہیں پہچان سکے، اس لیے کہ ان کو پہلے سے نہیں دیکھا تھا۔

چوتھے یہ کہ: کبھی انسان بہت زیادہ شوق دیدار کی بنا پر یا بے توجہی یا بہت زیادہ اپنے کام کی طرف توجہ رکھنے کی وجہ سے اپنے مخاطب سے غافل ہو جاتا ہے اور حاجت پوری ہونے کے بعد اسے یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ یہ شخص کون تھا۔

۱۔ معجم مقاییس اللغۃ، ص ۱۲۸۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پانچویں یہ کہ: زمانہ غیبت کبریٰ میں حضرتؑ کا نہ پہچاننا اصل قاعدۂ اولیہ کے تقاضے کے مطابق ہے، اس لیے کہ حضرتؑ کی غیبت کلی طور پر ہے، اور بنا اس بات پر رکھی گئی ہے کہ بعض مصلحتوں کی وجہ سے حضرتؑ ناشناختہ رہیں۔

غیبت، امام مہدیؑ کی خصوصیات میں سے ہے

امام زمانہؑ کے لیے ایک خاص شرائط مہیا ہوئے تھے جو دوسرے ائمہ کے لیے کبھی بھی مقرر و میسر نہیں ہوئے تھے، یہی شرائط اس بات کا موجب ہوئے کہ صرف امام زمانہؑ لوگوں کی نظروں سے غائب ہوں نہ کہ دوسرے ائمہ۔ منجملہ انہیں شرائط میں سے یہ ہیں:

الف۔ حضرت مہدیؑ بارہ اماموں میں سے آخری امام ہیں کہ پیغمبرؐ نے ان کے آنے کی خبر دی ہے۔ ایسے ائمہ کہ زمین کبھی بھی ان کے وجود ذی جود سے خالی نہیں رہنی چاہیے۔

ب۔ اس لحاظ سے کہ حضرتؑ کے لیے ہر لحہ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اجازت سے ظہور و قیام کی طرف مامور ہوں لہذا وہ ظاہر نہیں رہ سکتے اور حکام ظلم و جور میں سے کسی ایک کی بیعت کے ماتحت قرار نہیں پا سکتے۔

ج۔ امام زمانہؑ کی عدم غیبت کی صورت میں یقینی طور پر یہ لازم آتا ہے کہ جو صبح قیامت تک خدائی حجتوں میں سے تنہا باقی رہنے والا ہے، دشمنوں کی طرف سے قتل ہو جاتا۔ جس نتیجہ میں مصلحتِ الٰہی اس بات سے متعلق ہوئی کہ حضرتؑ غیبت کے پس پردہ رہ کر ایک زمانہ تک زندہ و باقی رہیں۔

دیدار سے مشرف نہ ہونے اور محرومیت کا سرچشمہ

بعض کہتے ہیں: کیوں ہم اپنے امامؑ کی خدمت میں نہیں پہنچ سکتے؟ ان کے جواب میں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہم کہیں گے:

سب سے پہلے یہ کہ: ہمیں ملاحظہ کرنا چاہیے کہ ہمارے اس زمانہ میں ہمارا فریضہ کیا ہے اور ہماری خلقت کا جو ہدف ہے کہ کمال تک پہنچیں اس کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

ہمارا فریضہ ان احکام اور ذمہ داریوں پر عمل کرنے کے علاوہ کچھ اور نہیں ہے سوائے اس کے کہ جو ائمہ معصومؑ کی جانب سے ہم تک پہنچا ہے۔ اگر چہ صرف حضوری اور ظاہری ملاقات بھی ایک خاص شرف ہے۔

دوسرے یہ کہ: حضرتؑ سے ملاقات کی محرومیت اور ان کی غیبت کا سرچشمہ خود ہماری ذات رہی ہے۔ اور ہم خود ہی ظہور کے موانع برطرف کرنے اور ان محرومیتوں کو دور کرنے میں شریک ہوں۔

تیسرے یہ کہ: ہر امت کے لیے، ہر زمانہ میں ایک قسم کا امتحان لیا گیا ہے، اور امام زمانہؑ کی غیبت کا مسئلہ اس زمانہ میں شیعہ سماج کے لیے ایک طرح کا بڑا امتحان شمار ہوتا ہے۔

چوتھے یہ کہ: کسی شخص نے یہ نہیں کہا کہ ہم امام زمانہؑ کی خدمت اور ملاقات سے مشرف نہیں ہوسکتے۔ یہ بات ہر ایک کے لیے ممکن ہے، لیکن ایک حد تک تحیت لازم ہے، چشم و دل کا غبار اور زنگ صاف کرنا چاہیے تاکہ حضرتؑ کی ملاقات کی صلاحیت پیدا ہو۔ اور کلی طور پر تک و دو کی ضرورت نہیں ہے بلکہ خود کی اصلاح کرنی چاہیے، ایسی صورت میں خو حضرتؑ ہماری ملاقات کے لیے تشریف لائیں گے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرت مہدیؑ سے عشق کی علت

انسان ایسے شخص کا عاشق ہوتا ہے، جس میں کوئی خاص جہت وصفت پائی جاتی ہے، اور ہم حضرت مہدیؑ کے عاشق بننا چاہتے ہیں تو یقینی طور پر کوئی خاص جہت وصفت پائی جاتی ہوگی کہ جس کی وجہ سے ان کو دوست رکھیں اور ان سے عشق پیدا کریں، اس لیے کہ وہی تمام خوبیوں کے مظہر ہیں وہی عدالت کے مظہر ہیں، وہی اللہ تعالیٰ کے لیے عبودیت وغیرہ کے بھی مظہر ہیں۔

ہم اس جہت سے کہ خوبیوں کو دوست رکھتے ہیں ان پر عمل پیرا ہونے کو بھی پسند کرتے ہیں اور ہم امام مہدیؑ کو نیکیوں پر عمل پیرا ہونے میں ایک کامل فرد دیکھتے ہیں لہذا انہیں دوست رکھتے ہیں۔ پس امام زمانہؑ کا واقعی عاشق در حقیقت تمام خوبیوں کا عاشق ہے۔

امام زمانہؑ کا واقعی عاشق حقیقت میں نیکیوں پر عمل کرنے کا عاشق ہے۔

اب اگر ہم اپنی ذات میں نیکیوں اور اس پر عمل کرنے کا عشق واحساس کرتے ہیں اور یہی ہمارا عشق نیکیوں کو انجام دینے کے لیے وادار و برانگیختہ کرے تو سمجھنا چاہیے کہ حقیقت میں ہم امام زمانہؑ کے عاشق ودلباختہ ہیں ورنہ نہیں....

حضرت مہدیؑ کے ظہور کے تاخیر کی علت

ہمارے آقا ومولا امام زمانہؑ کے ظہور کے تاخیر کا سبب خود ہم انسانوں کی طرف پلٹتا ہے، اس لیے کہ عالمی سطح پر الٰہی اور عدالتی حکومت تشکیل دینا، خود لوگوں کی طرف خصوصی طور پر ضروری شرائط وآمادگی کا بھی محتاج ہے جیسے یہ کہ:

۱۔ لوگ عدالت کے مفہوم کو جانیں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۔ لوگ اس حد تک پہنچ جائیں کہ دل و جان سے عدالت خواہ ہوں۔

۳۔ احکام شریعت پر عمل کرنے سے فکری اور ثقافتی شعور کی انتہائی حد تک پہونچے ہوئے ہوں، اگرچہ لوگوں میں سے کچھ محدود افراد ہی کیوں نہ ہوں۔ لہٰذا خواجہ نصیرالدین طوسیؒ نے شرح تجرید میں حضرتؑ کی غیبت کا سبب خود لوگوں کو بتایا ہے۔

۴۔ لوگوں کا صنعت و ٹیکنک کے لحاظ سے ترقی کرنا۔

مجموعی لحاظ سے ظہور کے لیے کلی و اجتماعی لازمی شرائط فراہم نہ ہونا ہی حضرتؑ کے ظہور کے تاخیر کا سبب ہے۔

امام زمانہؑ اپنی ایک توقیع میں جو شیخ مفیدؒ کو ارسال کی تھی فرماتے ہیں "و لو انّ اشیاعنا. وفقهم الله لطاعة. علی اجتماع من القلوب فی الوفاء بالعهد علیهم، لما تأخر عنهم الیمن بلقائنا، و لتعجلت لهم السعادة بمشاهدتنا علی حق المعرفة منهم بنا، فما یحبسنا عنهم الّا ما یتّصل بنا ممّا نکرهه ولا نؤثره منهم "(۱) "اگر ہمارے شیعہ (خدا ان کو اطاعت کی توفیق عطا فرمائے) اپنے عہد و پیمان کو پورا کرنے کی کوشش میں ہمدل ہوں تو پھر ہماری ملاقات میں تاخیر نہ ہوتی اور ہمارے دیدار کی سعادت جلد ہی نصیب ہوتی، ایسا دیدار جو حقیقی معرفت اور ہماری بہ نسبت صداقت پر مبنی ہو، ہمارے مخفی رہنے کی وجہ ہم تک پہنچنے والے اعمال کے علاوہ کوئی اور چیز نہیں ہے جب کہ ہمیں ان سے ایسے اعمال کی امید نہیں ہے"۔

۱۔ احتجاج، ج ۲، ص ۳۱۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جاہلیت کی موت

کبھی سوال ہوتا ہے کہ اگر اپنے امام زمانہؑ کو نہ پہچانیں تو کیوں دنیا میں جاہلیت کی موت مریں گے؟ اس سوال کے جواب میں کہیں گے:

سب سے پہلا یہ کہ: اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ معرفت، انسان کے عمل پیدا ہونے میں کافی موثر ہے، اور جتنی انسان کی کسی کی بہ نسبت یا ایک عقیدہ کے لیے زیادہ معرفت راسخ ہوگی، عمل کے لحاظ سے اتنی ہی زیادہ موثر بھی ہوگی اور کلی طور پر انسان بغیر معرفت کے مقام عمل میں حق مطلب کو ادا نہیں کرسکتا، لہٰذا علماء کلام اسی معرفت کی راہ سے شکر منعم کے لازم ہونے کا معیار معرفت الٰہی کا واجب ہونا ہی جانتے ہیں۔ امام زمانہؑ زمین پر اللہ کی حجت ہیں اور دینی نصوص کے مطابق ان کی اطاعت واجب ہے، لہٰذا ہمیں بہ قدر ممکن ان کی معرفت حاصل کرنی چاہیے، ورنہ جاہلیت کی موت کے سبب دنیا سے جائیں گے۔

دوسرے یہ کہ: ہمارا فریضہ یہ ہے کہ اپنے امام زمانہؑ کو پہچانیں تا کہ ہر کس و ناکس کے تابع نہ ہوں۔ کس شخص کو اپنے لیے نمونہ عمل قرار دیں اور کس سے دین اخذ کریں؟ کیا وہ شخص جو کچھ متاع دین کو پیش کرتا ہے اس کے پیچھے چلے جائیں، اور اسے اپنا امام نیز آئیڈیل و نمونہ قرار دیں؟

پہلے مرحلہ میں امام کی خصوصیتوں کو پہچاننا چاہیے اور اس کے مصداق کو معین کریں، اس وقت اس کے پیچھے جائیں اور آنحضرتؑ کو اپنا رہبر و امام قرار دیں۔ یقیناً کہ ایسا ہونا چاہیے ورنہ ہماری موت، جاہلیت کی موت ہوگی۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

روز ظہور نزدیک ہونے کے لیے ہمارا فریضہ

امام زمانہؑ کا ظہور ایک خاص مصلحتوں اور شرائط سے وابستہ ہے، لیکن جو کچھ حضرت کے شیعوں سے مربوط ہے یہ ہے کہ:

سب سے پہلے: خود کی اصلاح کرنی چاہیے اور حضرتؑ کے زمانۂ ظہور اور ان کی حکومت کے شرائط سے سازگاری پیدا کریں۔

دوسرے یہ کہ: سماج میں، حضرتؑ کے ظہور کے لیے زمینہ فراہم کریں اور لوگوں کی اصلاح کے لیے اپنی توانائی کی حد تک کوشش کریں تا کہ شرائط فراہم ہو جائیں اور حضرت کے قوت بازو سے کلی طور پر موانع برطرف ہو جائیں اور عالمی عادل حکومت کے بنیادی شرائط ایجاد ہو جائیں۔لہذا کہا گیا ہے: "مُصلح کے انتظار کرنے والے خود نیک افراد ہیں"۔

تیسرے یہ کہ: کبھی بھی دعا و استغاثہ کرنا بارگاہ الٰہی میں فراموش نہ کریں جو (روایات کے مطابق) حضرتؑ کے ظہور میں بہت مؤثر ہے۔

امام زمانہؑ کی صحت وسلامتی کے لیے صدقہ دینا

دراصل صدقہ دینا خود بہت اہمیت اور ثواب کا حامل ہے اور بلاؤں کو انسان سے دور کر سکتا ہے۔اور اگر انسان امام زمانہؑ کی طرف سے اور حضرتؑ کی نیابت میں صدقہ دے تو انسان کے لیے مؤثر ہے اور حضرتؑ کے لیے بھی۔

انسان کے لیے یوں تاثیر رکھتا ہے، چونکہ مومن کے لیے ہدیہ، وہ بھی جو زمین پر کامل ترین مومن ہو ثواب کا حامل ہے حضرتؑ کے لیے بھی یوں موثر ہے چونکہ یہی باعث ہوتا

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بہ کثرت برکتیں عطا کرے اور ان کی عنایتوں میں اضافہ کرے، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کی عنایتوں کی کوئی حد نہیں ہے۔ نیز حضرتؑ کے وجود سے بلا دور ہونے کا سبب ہوگا، چونکہ اللہ تعالیٰ حضرتؑ کی مختلف طریقوں سے منجملہ ان میں سے ایک صدقہ دینے سے حفاظت کرتا ہے۔

امام زمانہؑ کی صحت وسلامتی کے لیے دعا کرنے کے متعلق بھی یہی جواب دیں گے۔

عدم ظہور کی علّت

فتنہ وفساد کا ہونا یا تمام انسانی معاشرہ میں اس کا پھیل جانا حضرتؑ کے ظہور کے لیے علّت تامہ نہیں ہے۔ حضرتؑ کے منجملہ اہداف میں سے ایک ہدف عدل وانصاف پھیلانا ہے، لیکن حضرتؑ کے ظہور کے لیے بعض شرائط ومقدمات فراہم کرنے کی ضرورت ہے کہ اس سلسلہ میں اس کے مقام پر ہم اشارہ کریں گے منجملہ ان میں ان مقامات کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے:

الف۔ معاشرہ کی فکری سطح کا بلند ہو جانا۔

ب۔ اجتماعی اور ٹیکنکی ارتباطات کے امکانات ووسائل کا پھیل جانا۔

ج۔ خاص افراد اور کامل انسانوں کا فراہم ہونا تاکہ وہ حضرتؑ کے ساتھ معاشرہ میں عدل وتوحید پھیلانے میں تعاون کر سکیں۔

وقت ظہور کی اطلاع نہ دینا

چند جہتوں سے وقت ظہور کی اطلاع نہیں دینی چاہیے:

ا۔ کسی بھی ایک روایت میں ظہور کا دقیق وقت یہاں تک کہ غیر دقیق وقت کی طرف

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اشارہ نہیں کیا گیا ہے۔

۲۔ چوں کہ ظہور کا زمانہ ممکن ہے بعض شرائط کے لحاظ سے تبدیل ہو جائے دوسری تعبیر میں "بداء" واقع ہو جائے اور ہمیں اس کی اطلاع نہ ہونے پائے لہٰذا ہمیں زمانہ ظہور کی خبر نہیں دینی چاہیے، اگرچہ انسان کے لیے یہ ممکن ہے کہ غیر عادی طریقوں سے پشت پردہ قضایا کا علم حاصل کر لے۔

۳۔ کبھی ظہور کی بہ نسبت بعض خبریں جو وجود خارجی نہیں رکھتیں وہ سبب بنتی ہیں کہ لوگ اصل ظہور کے دشمن ہو جائیں اور اصل واقعہ ان کی نظر میں بے اعتبار ہو جائے۔

۴۔ بعض روایتوں میں ظہور کا وقت معین کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

امام زمانہؑ کو عریضہ تحریر کرنا

امام زمانہؑ کی خدمت میں عریضہ تحریر کرنے کے جواز بلکہ رجحان رکھنے میں بعض دلیلوں سے تمسک کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ عریضہ نویسی امام عصرؑ کی خدمت میں توسلات اور استغاثوں کی قسموں میں سے ایک قسم شمار ہوتا ہے۔

ایسا توسل اختیار کرنا جس کی اصل دینی مصادر و مآخذ میں مسلم مستحبات میں سے شمار ہوتی ہے۔

۲۔ عریضہ نویسی ان مسلّم امور میں سے ہے کہ جس پر بزرگوں نے عمل کیا ہے اور ان کی سیرت قائم ہو چکی ہے اور اس کے ذریعہ تعجب انگیز آثار و برکات حاصل کیے گئے ہیں۔ محدث نوری نے کتاب "نجم الثاقب" میں اس سلسلہ میں عجیب قسم کے واقعات نقل کیے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہیں۔(۱)

۳۔ کفعمی نے ''المصباح'' اور ''البلد الامین'' میں عریضہ تحریر کرنے کی کیفیت کو نقل کیا ہے اور یہی خود اس بات کی دلیل ہے کہ عریضہ نویسی شریعت سے ثابت ہے۔(۲)

مجلسی علیہ الرحمہ نے بھی فرمایا ہے: ''عریضہ ڈالتے وقت ایسا خیال کرنا چاہیے کہ اسے نائب خاص کو سپرد کر رہا ہے''۔(۳)

شیخ الطائفہ ابو جعفر طوسی'' کتاب'' مصباح المتهجد ''میں فرماتے ہیں:

''ایک عریضہ اللہ تعالیٰ کی طرف تحریر کرو اور اس کو لپیٹو، پھر دوسرا عریضہ حضرت بقیۃ اللہ ارواحنا فداہ کی خدمت میں تحریر کرو...''(۴) اس وقت ان عریضوں میں سے ہر ایک کی کیفیت تحریر کو بیان کرتے ہیں۔

ظہور سے پہلے قیام

بعض لوگوں کا اعتقاد ہے کہ ہر ظالم اور بے دین حاکم کے خلاف قیام اور انقلاب برپا کرنا امام زمانہ کے ظہور سے پہلے حرام ہے۔ وہ لوگ اس سلسلے میں بعض روایات سے استناد کرتے ہیں منجملہ ان میں سے جیسے یہ کہ امام صادق نے فرمایا: ''كُلّ راية ترفع قبل قيام القائم فصاحبها طاغوت يعبد من دون الله عزّ و جلّ''.(۵)

۱۔ نجم الثاقب، ص ۳۲۱۔ ہدیۃ الرازی، ص ۲۲۸۔ دار السلام، ج ۲، ص ۲۶۳۔
۲۔ المصباح، ص ۵۲۱۔ البلد الامین، ص ۲۲۸۔
۳۔ بحار الانوار، ج ۹۳، ص ۳۰۔
۴۔ بحار الانوار، ج ۹۳، ص ۲۷۔
۵۔ کافی، ج ۸، ص ۲۹۵، ح ۴۵۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"ہر وہ پرچم جو حضرت قائم کے قیام سے پہلے بلند کیا گیا ہو اس کا مالک طاغوت ہے اور غیر خداوند متعال کی عبادت کرتا ہے"۔

ان روایات کی توجیہ میں ہم کہتے ہیں:

ا۔ یہ روایات شریعت کے کلی اصولوں اور اس کے قطعی مبانی میں سے کہ منجملہ ان دلیلوں میں سے امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور جہاد سے تنافی وتضاد رکھتی ہیں، اس لیے کہ اس کے تین مراتب ہیں ان میں سے ایک قیام ہے۔

۲۔ اکثر روایات سندی مشکل سے روبرو ہیں جیسے مرسل [یعنی کامل سند کے بغیر ذکر ہونا] اور راوی کا ضعیف ہونا ہے جو اپنی جگہ سند کے لحاظ سے بحث واقع ہوئی ہے اور اسے ضعیف قرار دیا گیا ہے۔

۳۔ بعض روایات سے بھی استفادہ ہوتا ہے کہ امامؑ غیب سے خبر دینے کے ارادہ میں ہیں اس معنی میں کہ امام فرماتے ہیں: اس طرح انقلابات آخری کامیابی سے ہم کنار نہیں ہوتے اگرچہ ممکن ہے کہ اس پر مثبت آثار مرتب ہوں، نہ یہ کہ اصل انقلاب کو غلط قرار دینے کا قصد رکھتے ہوں جیسا کہ زید شہید اور جناب مختار کے قیام کے متعلق فرمایا۔

۴۔ انقلابی دعوت اور انقلاب برپا کرنے والوں کی دو قسم ہے: پہلے یہ کہ حق کی طرف دعوت دینا حق کے قیام کے مقصد سے اور حکومت کی باگ ڈور اہل بیتؑ کے اختیار میں دینا ہے کہ یقیناً ایسی حکومت کو ائمہ معصومؑ کی تائید وحمایت حاصل ہے۔

دوسرے یہ کہ باطل کی طرف دعوت دینا کہ جس کا مقصد خود کی شہرت ہے۔ "کل رایة" "ہر پرچم" کا معنی ومقصد گویا یہی ہے۔ اس وجہ سے وہ تمام قیام جو

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شریعت اور اہل بیتؑ کی امامت سے دفاع کے سلسلہ میں رونما ہوئے ہیں وہ ان روایات سے تخصصاً [یعنی اس کے موضوع سے] خارج ہیں۔

لہٰذا جس وقت شیعوں نے قیام مختار کے مقابل میں اپنے فریضہ کے متعلق امام زین العابدینؑ سے سوال کیا، تو حضرتؑ نے فرمایا: "لو انّ عبداً زنجیاً تعصب لنا اهل البیت ،لوجب علی الناس مؤازرته "(۱)

"جب بھی زنگی غلام ہماری نصرت و مدد کے لیے اپنی پیشانی پر پٹی باندھ لے (یعنی قیام کرے) تو لوگوں کے لیے اس کی حمایت و مدد کرنی واجب ہے"۔

امام صادقؑ نے فرمایا: "یخرج القائم حتیٰ یخرج اثنا عشر من بنی هاشم کلهم یدعو الی نفسه "(۲) "قائم قیام نہیں کریں گے یہاں تک کہ بنی ہاشم سے بارہ افراد قیام کرلیں اور وہ سب کے سب لوگوں کو اپنی طرف بلائیں گے"۔

۱۔ بحارالانوار، ج ۳۵، ص ۳۶۵۔

۲۔ الغیبۃ طوسی، ص ۴۳۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام زمانہؑ سے زمانۂ غیبت کبریٰ میں ملاقات

حضرتؑ کے دیدار سے مشرف ہونے کا امکان

زمانۂ غیبت کبریٰ میں حضرتؑ کے دیدار سے مشرف ہونا ممکن ہے، اس لیے کہ ا
سلسلہ میں مقتضی موجود ہے مانع مفقود ہے:

الف۔ لیکن دیدار کا وجود مقتضی یہ ہے کہ زمانۂ غیبت کبریٰ میں مصلحت اس سے
ہے کہ کچھ مدت کے درمیان حضرتؑ اپنی ذات کا بعض لوگوں کو اور ان بزرگوں کو کہ جن
بات تسلیم کی جاتی ہے، مشاہدہ کرائیں تا کہ لوگ ان کے وجود کا اطمینان و یقین پیدا
لیں، اور غیبت کا طولانی ہونا حضرتؑ کے وجود کے انکار کا سبب نہ ہو، اس لیے کہ صر
دلیل و برہان (خصوصاً عوام الناس کے لیے) امام زمانہؑ کے وجود کا اطمینان و یقین؛
ہے۔ لہٰذا بزرگان حکم دیتے ہیں کہ بزرگوں کا امام زمانہؑ کی خدمت میں ان کے دیدار
مشرف ہونے کے واقعات کو لوگوں کے لیے بیان کریں کہ یہی خود اپنے مقام پر لوگو
حوصلہ نیز انہیں بلند ہمتی اور امید عطا کرے گا۔ اور ان کے اعتقاد میں حضرتؑ کے وجود
نسبت اضافہ ہوگا، اس لیے کہ کسی شئے کے امکان پر قوی ترین دلیل اس کا واقع ہونا

ب۔ موانع کی بہ نسبت، حضرتؑ کی ملاقات سے مشرف ہونے میں کوئی بھی شر
عقلی مانع موجود نہیں ہے۔ ہم بعد والی بحثوں میں بعض موانع کو نقل کریں گے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حضرتؑ کے امکانِ دیدار کے قائلین

عام شیعہ علماء متقدمین و متاخرین زمانۂ غیبت کبریٰ میں حضرت مہدیؑ کے دیدار سے مشرف ہونے کے امکان کے قائل تھے۔ اب ہم ان کے بعض کلمات کی طرف اشارہ کریں گے:

ا۔ سید مرتضیٰؒ

"انّا غیر قاطعین علی انّ الامام علیه السلام لا یصل الیه احد و لا یلقاه بشر .فهذا امر غیر معلوم ولا سبیل الی القطع علیه "۔''ہم یقین نہیں رکھتے کہ کسی بشر کی امام تک رسائی نہیں ہو سکتی اور انسان ان سے ملاقات نہیں کر سکتا، یہ ایسی بات ہے جو غیر معلوم ہے، جس کا یقین حاصل کرنے کے لیے کوئی قطعی راستہ نہیں ہے''۔

اس وقت فرماتے ہیں:" فان قیل: اذا کان العلة فی استتار الامام خوفه من الظالمین و اتقائه من المعاندین فهذه العلة زایلة فی اولیائه و شیعته فیجب ان یکون ظاهراً لهم... و الجواب ...انّه غیر ممتنع ان یکون الامام علیه السلام یظهر لبعض اولیائه ممّن لا یخشی من جهة اسباب الخوف فانّ هذا مما لا یمکن القطع علی ارتفاعه و امتناعه و انّما یعلم کل واحد حال نفسه و لا سبیل له الی العلم بحال غیره" ''اگر یہ کہا جائے کہ امام کے غائب ہونے کی علت، ظالموں سے خوف اور دشمنوں سے تقیہ کی بنا پر ہے تو ہم کہیں گے: یہ علت اولیاء خدا اور ان کے دشمنوں کے حق میں نہیں ہے لہذا واجب ہے کہ ان کے لئے ظاہر ہوں... پھر ہم اس کے جواب میں کہیں گے: یہ بات ممتنع نہیں ہے کہ امام اپنے بعض

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دوستوں کے لئے ظاہر ہوں جن افراد سے خوف نہیں پایا جاتا۔ اس کے نہ ہونے اور اس کے منع ہونے کا یقین پیدا نہیں کیا جا سکتا، اس لیے کہ حضرتؑ کے شیعوں میں سے ہر ایک اپنی حالت کو جانتا ہے لیکن دوسروں کے حالات کی خبر نہیں رکھتا"۔(۱)

۲۔ شیخ طوسیؒ

"نحن نجوز ان یصل الیه کثیر من اولیائه و القائلون بامامته فینتفعون به" (۲) "ہم جائز جانتے ہیں کہ بہت سے اولیاء اور حضرت کی امامت کے قائلین ان کی خدمت میں پہونچیں اور ان کی ذات سے نفع حاصل کریں"۔

۳۔ سید ابن طاووسؒ

آپ اپنے فرزند کو خطاب کر کے فرماتے ہیں:" والطریق مفتوحة الی امامک علیه السلام لمن یرید اللّٰه جلّ شانه عنایته به و تمام احسانه الیه" (۳) "امامت کی طرف راستہ ہر اس شخص کے لیے کھلا ہوا ہے جس نے اللہ تعالیٰ کا ارادہ کیا تا کہ اس کی طرف عنایت اور بے انتہا احسان فرمائے"۔

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:" و اذا کان غیر ظاهر الآن لجمیع ۔ فلا یمتنع ان یکون جماعة منهم یلقونه و ینتفعون بمقاله و یکتمونه" "اگر چہ ابھی امام تمام شیعوں کی نظروں سے غائب ہیں لیکن ان کی ا۔

۱۔ تنزیه الانبیاء، ص ۱۸۲۔۱۸۳۔

۲۔ کلمات المحققین، ص ۵۳۳۔

۳۔ کشف المحجة، ص ۱۵۳،۱۴۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۔ کا حضرتؑ کی ملاقات سے مشرف ہونا ممتنع نہیں ہے، جو ان کے کردار و گفتار سے وہ کرے اور وہ دوسروں سے [خود کو] مخفی رکھیں...''۔(۱)

۴۔ آخوند خراسانیؒ

آپ اجماع کی بحث میں فرماتے ہیں:'' و اما فی زمان الغیبة فلا یکاد یحصل لک عادة. نعم قد یتفق فی زمان الغیبة للاوحدی التشرف بخدمته و الحکم منه''(۲)''...اگر چہ حضرتؑ سے بعض نیک افراد کی ملاقات کا شرف کرنے کا احتمال دیا جاتا ہے، اور بسا اوقات انہیں پہچانتے بھی ہیں۔''

۵۔ محقق نائینیؒ

آپ بھی اجماع ہی کی بحث میں فرماتے ہیں:''لیکن زمانۂ غیبت میں، عام طور پر ت کا دیدار ممکن نہیں ہے۔ ہاں، کبھی زمانۂ غیبت میں نیک افراد اور یکتائے روزگار فرد لیے حضرتؑ سے ملاقات کا شرف اور ان سے کسی شئے کا حکم حاصل کرنا ممکن ہے''۔(۳)

اعتراضات کے جوابات

بعض کہتے ہیں: زمانۂ غیبت میں حضرتؑ سے ملاقات حکمتِ غیبت اور اس کے تقاضے تھ جو عمومی طور پر رابطہ قطع ہو جاتا ہے تضاد رکھتا ہے غیبت کا مقصد یہ ہے کہ حضرتؑ لناس کی نظروں سے غائب ہوں اور کوئی شخص ان کے بارے میں آگاہی نہ رکھتا ہو۔

نف، ص۱۸۵۔ ۲۔ کفایۃ الاصول، ج۲، ص۲۹۱۔

الاصول، ج۲، بحث اجماع۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جواب: حکمت اور غیبت کا تقاضا تمام افراد کی بہ نسبت ہے یعنی بنا یہ نہیں ہے کہ سب کے سب حضرت کی ملاقات کا شرف حاصل کریں، اور اس بات میں کوئی تضاد نہیں ہے کہ بعض خاص مصلحتوں کی وجہ سے حضرتؑ کے حضور اور دیدار سے مشرف ہوں۔

۲۔ بعض کہتے ہیں: زمانہ غیبت کبریٰ میں حضرتؑ کے دیدار کے امکان پزیر ہونے کی صورت میں اس غیبت [کبریٰ] اور غیبت صغریٰ میں کیا فرق ہے؟

جواب: غیبت صغریٰ کے زمانہ میں امام زمانہؑ کلی طور پر لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ نہیں تھے، بلکہ اپنے خاص وکیلوں اور نائبین سے رابطہ رکھتے تھے، اور کبھی حضرتؑ کے نواب بعض افراد کو امام مہدیؑ سے ملاقات کا وقت منظم و معین کرتے تھے۔(۱)

لیکن غیبت کبریٰ کے زمانہ میں اس قسم کی ملاقات کے لیے وقت کا تعین نہیں کیا گیا ہے، بلکہ حسب ضرورت، خود حضرتؑ بعض افراد کے دیدار کے لیے آتے ہیں اور وہ حضرتؑ کے وجود ذی جود سے فیض حاصل کرتے ہیں۔

۳۔ بعض افراد نے حضرت مہدیؑ کی ملاقات سے مشرف ہونے کے عدم امکان پر مقام استدلال میں زمانہ غیبت میں، علی ابن محمد سمری کے لیے حضرتؑ کے ارسال کردہ توقیع سے تمسک اختیار کیا ہے۔

اس لیے کہ اس کے ذیل میں یوں ذکر ہوا ہے: "الا فمن ادّعی المشاهدة قبل خروج السفياني والصيحة فهو كذّاب مفتر ..."(۲) "آگاہ ہو جاؤ! جو

۱۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۲۱۶۔

۲۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۵۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ندائے آسمانی اور سفیانی کے خروج سے پہلے مشاہدہ کا دعوی کرے تو وہ بہت زیادہ جھوٹ بولنے والا اور تہمت لگانے والا ہے...۔"

جواب:

الف۔ کسی شخص نے اس روایت کے اطلاق کو قبول نہیں کیا ہے لہذا علماء و صلحا کی ایک کثیر جماعت نے حضرتؑ سے اپنی ملاقات کے شرف کو دوسروں سے نقل کیا ہے۔

ب۔ توقیع میں مشاہدہ کے دعوی کی تکذیب ہوئی ہے اور مشاہدہ سے مراد یہ ہے کہ وہ دیدار جو شناخت و معرفت کے ساتھ ہو،(۱) جبکہ ہم جانتے ہیں کہ اکثر ملاقاتیں مرحلۂ اول میں معرفت کے ہمراہ نہیں ہوئی تھیں۔

ج۔ ممکن ہے کہ مشاہدہ کے دعوی کا مقصد بالخصوص جھوٹی نیابت کے دعویداروں کے سلسلے میں اس روایت کے صادر ہونے کے زمانہ میں ہو کہ جنہوں نے حضرتؑ کے مشاہدے اور دیدار اور ملاقات کا دعوی بعنوان نائب خاص کیا ہو، جب کہ حضرتؑ زمانۂ غیبت کبریٰ میں تاکید کے ساتھ اپنی نیابت خاص کی نفی کرتے ہیں، بالخصوص اس قرینہ سے جو توقیع میں ذکر ہوا ہے: "اور عنقریب وہ زمانہ آئے گا کہ ہمارے شیعوں کے درمیان ایسے پیدا ہوں جو [ہمارے] مشاہدے کا دعوی کریں...۔"

د۔ شیخ طوسیؒ نے اگر چہ اس توقیع کو نقل کیا ہے مگر انہوں نے خود اس کے عموم پر عمل نہیں کیا اور امت کے نیک افراد کے لیے دیدار کے امکان کے قائل ہوئے ہیں۔

۱۔ راغب، ص ۲۶۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ھ۔ ممکن ہے کہ مشاہدہ سے مراد، ایسا دیدار ہو کہ جس پر آثار مترتب ہوں۔ اور حقیقت میں، حضرتؑ کا ارادہ یہ ہو کہ اثر مترتب ہونے کو ان ملاقات کے ذریعہ اور وہ باتیں جو ان کے درمیان تھیں اسے برطرف کریں۔

جیسا کہ ایک روایت میں ہم پڑھتے ہیں: "اگر پچاس افراد تمہارے پاس کسی کے خلاف قسم کھائیں، لیکن اس شخص نے ان لوگوں کے برخلاف بیان دیا، تو اس کے قول کی تصدیق کرو اور ان پچاس افراد کی تکذیب" یہ پچاس افراد کی قسم پر اثر مترتب کرنے کے معنی میں ہے۔

و۔ روایت کی سند کو بالفرض صحیح تسلیم کرلیں تو وہ ظن وگمان کا فائدہ پہنچاتا ہے، جب کہ حضرتؑ سے ملاقات کے واقعات اس حد تک ہیں کہ انسان کو یقین حاصل ہوجاتا ہے۔

ز۔ ممکن ہے توقیع مبارک میں مشاہدہ کا مقصد، اختیاری مشاہدہ کا دعویٰ ہو، اس معنی میں کہ زمانہ غیبت کبریٰ میں ملاقات اختیاری نہیں ہے، بلکہ ہم جس کے لیے صلاح سمجھیں گے اسے اپنی ملاقات کے شرف سے افتخار بخشیں گے۔

ح۔ توقیع، خبر مرسل ہے لہٰذا سندی لحاظ سے ضعیف ہوگی۔

۴۔ بعض کہتے ہیں: زمانہ غیبت میں ملاقات کے امکان کا قبول کرنا جھوٹے مہدویت یا نیابت یا وکالت کے رواج کے باعث پیدا ہوگیا ہے اور لوگوں کے لیے عوام فریبی کی ـ ہوجاتا ہے۔

ج۔ اگر خارج میں ایک موضوع کے امکان پائے جانے پر قطعی دلیلیں موجود ہوں بعض مشکلات جو بعض مقامات پر ظاہر ہوتی ہیں اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا، بلکہ یہ علما

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یضہ ہے کہ لوگوں کی ہدایت کریں، اور حیلہ گر، مکار اور عوام فریب افراد کو ڈرائیں، کیا ایسا ہے کہ صرف بعض افراد کے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے کی وجہ سے اصل نبوت کا انکار کر ے ؟!

بعض کہتے ہیں: قاعدۂ سدّ ذرائع کے مطابق حضرتؑ سے ملاقات کے دعویٰ کی تکذیب نی چاہیے اس لیے کہ یہ معاشرہ میں فتنہ وفساد کا سرچشمہ ہو گا۔

جواب: اہل سنّت کا عقیدہ ہے کہ وہ راستے جو حرام تک اختتام پذیر ہوتے ہیں انہیں مسدود کر دینا چاہیے۔ دوسری تعبیر میں، حرام کا مقدمہ مطلقاً اور کلی طور پر حرام ہے، اسی قاعدۂ سدّ ذرائع کہتے ہیں۔

لیکن اپنے مقام پر یہ ثابت ہو چکا ہے کہ مقدمۂ حرام ہمیشہ حرام نہیں ہے، بلکہ اس شخص لیے اور ان مقامات پر حرام ہے کہ جہاں ایک کام کے حرام میں مبتلا ہونے کا حتمی یقین وہ حرام میں مبتلا ہو جائے گا۔

ملاقات کے دعویٰ کے مقامات میں، اگر ایک مقام پر یہ دعویٰ بعض افراد کے ف ہونے کا سبب ہو، اس کا نقل کرنا حرام ہے۔ لیکن عمومی خبروں میں ایسا نہیں ، بلکہ ان کا نقل کرنا حضرتؑ کی بہ نسبت لوگوں کے ایمان کی تقویت کا باعث ہو اگر چہ ممکن ہے بعض افراد سوء استفادہ کریں اور اس قسم کے دعووں کی لالچ کریں، علماء کا فریضہ ہے کہ اس قسم کے افراد کے مقابلہ کے لیے کمر بستہ ہوں اور لوگوں کو برے مقاصد سے آگاہ کریں۔

۔ بعض افراد نے زمانۂ غیبت کبریٰ میں ملاقات کے ممکن نہ ہونے کے لیے استدلال

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کرنے میں خاص روایات سے تمسک اختیار کیا ہے منجملہ ان میں سے یہ ہے کہ روایت میں ذکر ہوا ہے: ''لیکن حضرت حجتؑ لوگوں کو پہچانتے ہیں مگر وہ لوگ ان کو نہیں پہچانتے''۔

نیز ایک روایت میں نقل ہوا ہے: '' وہ لوگوں کو دیکھیں گے لیکن لوگ انہیں نہیں دیکھیں گے''۔

جواب:

سب سے پہلے یہ کہ: اس قسم کی روایات کا نفی کرنا عام لوگوں کی بہ نسبت ہے لہٰذا بعض ممتاز اور نیک افراد کا حضرتؑ سے ملاقات اور ان کی معرفت رکھنے میں کوئی تضاد نہیں پایا جاتا۔

دوسرے یہ کہ: دوسری روایت حج کے متعلق ہے لہٰذا عمومیت نہیں رکھتی۔

تیسرے یہ کہ: دوسری روایت میں عدم رویت کا مقصد ''لایعرفونہ'' کے قرینہ سے جو پہلی روایت میں ذکر ہوا ہے، نہ پہچاننا ہے بالخصوص یہ کہ روایت میں، حضرت مہدیؑ کو حضرت یوسفؑ سے تشبیہ دی گئی ہے کہ لوگ انہیں دیکھنے کے باوجود بھی نہیں پہچانتے تھے۔

۷۔ بعض کہتے ہیں: بنا اس بات پر ہے کہ زمانہ غیبت میں شیعوں کا اپنے امامؑ کا نہ دیکھنے کی وجہ سے امتحان لیا جائے گا اور یہ دعوائے ملاقات اس زمانہ میں تضاد رکھتا ہے۔

جواب: شیعہ کا امتحان شیعہ سماج کے عمومی افراد کے لحاظ سے ہے لہٰذا خاص مصلحتوں کی بنا پر بعض متقی اور بزرگوں سے ملاقات کا ہونا تضاد نہیں رکھتا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لوگوں کی حضرت مہدیؑ سے ملاقات کی کیفیت

لوگوں کی حضرت مہدیؑ سے ملاقات کی کیفیت کے متعلق حسب ضرورت چند احتمالات پائے جاتے ہیں:

۱۔ جو شخص حضرت کی ملاقات سے مشرف ہوا ہے حضرت سے دور نہیں تھا بلکہ ایسے معاشرہ میں زندگی بسر کرتا تھا کہ امام زمانہ بھی اسی معاشرہ میں موجود تھے۔

۲۔ ملاقات، اتفاقی طور پر ہوئی تھی، اس طرح کہ حضرتؑ ایک جگہ سے عبور کر رہے تھے اور کسی محتاج کی ضرورت پوری کر رہے تھے تو ضمناً اس سے بھی ملاقات ہوگئی۔

۳۔ یہ کہ جب بھی امامؑ ملاحظہ فرماتے تھے کہ کوئی شخص حاجت مند ہے یا کسی مصیبت میں مبتلا ہے اور اس کی حاجت پوری کرنا اور مصیبت دور کرنا ضروری سمجھا تو خود اپنے مکان سے طبیعی طور سے حرکت کرتے تھے اور خود کو اس تک پہونچاتے تھے تا کہ اس کی ضرورت کو روا کریں۔

۴۔ یہ احتمال بھی موجود ہے کہ ملاقات حاجت پوری کرنے کے لیے، یا کسی شخص یا گروہ ہدایت کے لیے، یا دفع ظلم وغیرہ کے لیے معجزہ کی راہ سے واقع ہوئی ہے، جیسے یہ کہ طی الارض کے ذریعے اپنے مکان سے حرکت کرکے تیزی سے خود کو منزل مقصود تک پہنچا دیتے ہیں۔ یہ تمام احتمالات متصور ہیں، اس معنی میں کہ حضرتؑ حاجتوں کو پورا کرنے کے لیے تمام طریقوں سے استفادہ کرتے ہیں۔

عمومی ملاقات کے اہداف

ملاقات کے مقاصد کے متعلق چند بنیادی مقصد کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے:

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۔ مسلمانوں کو بعض منحرف حکام کے ظلم سے نجات دینا، منجملہ ان میں سے بحرین کے لوگوں کو نجات دینے والے واقعہ و مقصد کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے۔(۱)

۲۔ مسلمانوں کو ظالموں اور چوروں سے نجات دلانا۔(۲)

۳۔ لوگوں کو توجہ دلانا کہ ابھی ظہور کی شرط اور مقدمہ فراہم نہیں ہوا ہے اور اس بات پر تاکید دلانا کہ امت کا شعور اور صلاحیت اس حد تک نہیں پہنچی ہے کہ عالمی عادلانہ حکومت کی متکفل ہو سکے۔(۳)

ملاقات کے خصوصی اہداف

ملاقات کے خصوصی اہداف زیادہ ہیں، لیکن ان میں سے بعض ان اہداف کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے:

۱۔ ایک قافلہ سے چھوٹ جانے والے شخص کی، راستہ میں ہدایت کرنا اور اسے قافلہ والوں سے ملحق کرنا۔

۲۔ دو مباحثہ کرنے والوں میں سے جو راہ حق پر ہو مصلحت کے تقاضے کے مطابق اس کی نصرت کرنا۔

۳۔ علماء کے بعض مشکل مسائل کا حل کرنا، جیسے کہ مقدس اردبیلیؒ اپنے مشکل مسائل کے حل کے لیے حضرتؑ کی خدمت میں پہنچتے تھے۔

۱۔ نجم الثاقب، ص ۳۶۷۔
۲۔ نجم الثاقب، ص ۳۷۰۔
۳۔ تاریخ الغیبۃ الکبریٰ، ص ۱۳۵، ۱۳۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۴۔ بعض سیاسی اہم مسائل کے واقع ہونے سے قبل، شیعوں کی مصلحتوں کی حفاظت کے لیے خبر دینا۔

۵۔ شیعوں کی علمی اور معیشتی سطح کو بلند کرنا۔

۶۔ مصیبت میں مبتلا شیعوں کی مالی مدد کرنا۔

۷۔ مفلوج مریضوں کو شفا عنایت کرنا اور جنہیں ڈاکٹروں نے لاعلاج بتایا ہو۔

۸۔ لوگوں کی ایک جماعت کو دعاؤں اور اذکار کی تعلیم دینا، جیسے دعائے فرج کی تعلیم دینا۔

۹۔ دعاؤں کی تلاوت کے لیے آمادہ کرنا اور رغبت دلانا تاکہ مصیبتوں سے نجات حاصل ہو سکے۔

اس کے علاوہ اور دوسرے خاص اہداف بھی ہیں۔

امام زمانہؑ سے ملاقات کے موقع پر شناخت کا امکان

حضرت مہدیؑ کی غیبت کے متعلق قواعد عامہ کے مطابق بنا اس بات پر رکھی گئی ہے کہ آپ دشمنوں سے محفوظ رہیں تاکہ کوئی شخص ان کو قتل نہ کر سکے، لہٰذا انہیں کسی شخص کے لیے شناختہ شدہ نہیں ہونا چاہیے مگر لوگوں میں سے خاص ممتاز افراد جو حضرتؑ کے اولیاء و اصحاب میں شمار ہوتے ہوں، جیسا کہ بعض روایات کے مطابق تیس افراد ہمیشہ حضرتؑ کی رکاب میں ہوتے ہیں اور حضرتؑ کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں۔

اسی طرح بعض روایات سے استفادہ ہوتا ہے کہ حضرتؑ یا دکھائی نہیں دیں گے یا دکھائی دینے کی صورت میں کوئی شخص ان کو پہچان نہیں پائے گا۔

امام رضاؑ سے منقول ایک روایت میں ہم پڑھتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا: " لا یـــــری

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جسمه"(۱) "ان کا جسم مشاہدہ میں نہیں آئے گا"۔

نیز امام صادقؑ سے روایت نقل ہوئی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: "الخامس من ولد السابع یغیب عنکم شخصه..."(۲) "وہ ساتویں [امام] کے پانچویں فرزند ہوں گے جو جسمانی طور پر تم لوگوں کی نظروں سے غائب ہوں گے..."۔

نیز روایت ہوئی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: "یفقد الناس امامهم، فیشهد الموسم فیراهم ولا یرونه"(۳) "لوگ اپنے امام کو گم کیے ہوں گے پس وہ [موسم] حج میں حاضر ہوں گے اور لوگوں کو دیکھیں گے مگر وہ لوگ ان کو نہیں دیکھ پائیں گے"۔

نیز محمد ابن عثمان عمری کی خبر میں پڑھتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: "و اللّٰه ان صاحب هذا الامر لیحضر الموسم کلّ سنة یری الناس و یعرفهم و یرونه ولا یعرفونه"(۴) "خدا کی قسم! حضرت صاحب الامرؑ ہر سال حج ادا کرنے کے لیے [موسم] حج میں تشریف لے جاتے ہیں، وہ لوگوں کو دیکھتے اور پہچانتے ہیں اور لوگ بھی ان کو دیکھتے ہیں مگر نہیں پہچانتے"۔

۱۔ کمال الدین، ص ۳۷۰۔
۲۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۲۔
۳۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۵۱۔
۴۔ کمال الدین، ص ۴۴۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ملاقات کے دعویداروں کی بہ نسبت ہمارا فریضہ

مذکورہ موضوع کے متعلق ہم کہیں گے:

سب سے پہلے یہ کہ: ملاقات کا مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ انسان کے اختیار میں ہو اور جب بھی ملاقات کا ارادہ کرے تو اسے حاصل ہو جائے، بلکہ ایک قسم کے شرائط اور خاص مصلحتوں سے وابستہ ہے کہ اگر وہ آمادہ ہو تو حضرتؑ ملاقات کے مقدمات فراہم کر دیں گے۔

دوسرے یہ کہ: اگر کوئی شخص دائی ملاقات کا مدعی ہے اور اس طرح اپنی ذات کے لیے اظہار کرتا ہے کہ وہ ہمیشہ حضرتؑ سے ارتباط رکھتا ہے اور جب بھی ارادہ کرے تو حضرتؑ کی خدمت میں حاضر ہو سکتا ہے اور ان کے اور لوگوں کے درمیان واسطہ ہو سکتا ہے، ایسا شخص اس توقیع کے مطابق جو حضرتؑ نے علی ابن محمد سمری کو ارسال کی تھی کذاب اور بہت زیادہ جھوٹا ہے۔ لہذا اس کی تکذیب کرنی چاہیے۔

تیسرے یہ کہ: ملاقات کے مدعی کا امتحان لینا چاہیے، کہ کیا اسلامی موازین و احکام کا پابند ہے؟ کیا اس کا مقصد ریا کاری اور لوگوں کو اپنی طرف جذب کرنا اور معاشرہ میں انحراف پھیلانا نہیں ہے؟ وغیرہ وغیرہ، اس لیے کہ نیک لوگوں سے ملاقات کے لیے ابتدائی طور پر خود انسان کو ان لوگوں سے سنخیت پیدا کرنی چاہیے۔

ملاقات کے لیے اصرار

جو کچھ ہم سے مطلوب ہے اور ہمارا زمانہ غیبت میں فریضہ شمار ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ہم کوشش کریں تا کہ حضرتؑ کے ظہور کے موانع کو برطرف کریں، حضرتؑ کے ظہور کا زمینہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فراہم کریں، نیز ہمارا فریضہ یہ ہے کہ اپنے فریضوں اور دیے گیے احکام پر عمل کریں تا کہ حضرتؑ کی بہ نسبت معنوی قرب حاصل کرسکیں۔

ہاں اگر حضرتؑ سے زمانہ غیبت میں ملاقات کی درخواست ان کے وجود سے استفادہ اور ان کی خاص عنایت شامل کرنے کے لیے ہے تا کہ انسان کو اطمینان قلب حاصل ہو جائے اور جو نفس پر ان کی جانب سے تصرف حاصل ہوتا ہے اس کے ذریعے کمالات سے نزدیک ہوسکے۔

تو یہ ملاقات اور اس پر اصرار کرنا مفید ہے، ورنہ یہ زمانہ غیبت ہے اور بنا اس بات پر ہے کہ امام زمانہؑ لوگوں کی نظروں سے غائب رہیں، تا کہ جب بھی مصلحت تقاضا کرے کہ کسی ایک مقام پر ظہور کریں اور کوئی شخص حضرتؑ کی ملاقات سے مشرف ہو۔ لہذا صبر کرنا چاہیے اور ایسے حساس موقع میں جو امتحان کا زمانہ ہے اپنے فرائض پر اچھی طرح عمل کریں تا کہ امتحان سے سرفرازی حاصل کرسکیں۔

ہاں، اگرچہ بعض دعائیں ظاہری طور پر حضرتؑ سے ملاقات کی تقاضامند نظر آتی ہیں مگر انہیں زمانہ ظہور میں ملاقات پر حمل کیا جاسکتا ہے۔

حضرتؑ کے دیدار سے مشرف ہونے والے

اب ہم نمونے کے طور پر حضرت حجۃ ابن الحسن العسکریؑ کے دیدار سے زمانہ غیبت میں مشرف ہونے والوں کے نام ذکر کریں گے:

۱۔ سید ابن طاووسؒ

سید ابن طاووسؒ کتاب ''مھج الدعوات'' میں تحریر فرماتے ہیں: ''میں سامرا میں موجود تھا

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تو میں نے سحر کے وقت حضرت قائمؑ سے ایک دعا سنی۔ اس دعا کو میں نے حفظ کرلیا کہ جس میں زندوں اور مردوں کا تذکرہ تھا، منجملہ ان میں سے حضرتؑ کا یہ فقرہ بھی تھا جسے انہوں نے خداوند متعال سے عرض کیا: " و ابقهم او قال: واحيهم في عزّنا و ملكنا او سلطاننا و دولتنا " "انہیں باقی رکھ۔ یا یہ فرمایا: ہماری عزت وسلطنت یا ہماری حکومت میں انہیں باقی وزندہ رکھ"۔ یہ ۱۳ ذی قعدہ ۶۳۸ھ ق کی بدھ (چہار شنبہ) کی شب تھی۔ (۱)

۲۔ بزرگوں میں سے ایک شخص

کاشف الرموز شیخ عز الدین حسن ابن ابو طالب یوسفی عرفیت فاضل آبی، صاحب "الشرائع" محقق مرحوم کے شاگردوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے اپنے استاد کی کتاب "مختصر النافع" پر "کشف الرموز" نامی ایک شرح تحریر کی، جو اخلاقی مسائل میں سے ایک مسئلہ کے حاشیہ پر علاقۂ زوجیت سے مربوط ہے وہاں تحریر فرماتے ہیں: " و كان فاضل منّا شريف يذهب اليه۔ يعني التحريم۔ و يدّعى انه سمع ذلک مشافهة عمّن قوله حجة " (۲) "ہمارے شیعہ علماء کے گروہ میں سے ایک فاضل اور شریف شخص تھے حرمت کا فتویٰ صادر کیا اور ادّعا کرتے تھے کہ اس قول کو ایسے شخص سے براہ راست سنا ہے جن کا قول حجت ہے"۔ یعنی امام زمانہؑ۔

۱۔ مہج الدعوات، سید ابن طاؤوس، ص ۲۹۶۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۶۱، ح ۵۰۔

۲۔ کشف الرموز، ج ۲، ص ۱۰۵۔ مستمسک العروۃ الوثقیٰ، ج ۱۴، ص ۹۲، گزشتہ کتاب سے ماخوذ۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ علامہ حلیؒ

شہید قاضی نور اللہ شوشتریؒ نے کتاب "مجالس المومنین" میں علامہ حلیؒ کی سوانح عمری میں تحریر کیا ہے: "آپ کے منجملہ عالی مقامات میں سے یہ ہے کہ اہل ایمان کے نزدیک مشہور ہے کہ علمائے اہل سنت میں سے بعض نے علامہ حلی کے پاس بعض علوم وفنون کی تعلیم حاصل کی، اور ایک کتاب شیعوں کی رد میں تالیف کی اور اس کو لوگوں کے درمیان سناتے اور ان کو گمراہ کرتے تھے۔ لیکن اس خوف سے کسی کے ہاتھ میں نہیں دیتے تھے کہ کہیں کوئی عالم اس کا جواب لکھ بیٹھے۔ علامہ حلیؒ نے اس سے عاریتاً لینے کی درخواست کی کہ انہیں اس صورت میں مل جائے گی، وہ سنی مسلک شخص جواب دیتا ہے: میں نے اپنی ذات سے یہ عہد وپیمان کر رکھا ہے کہ ایک رات سے زیادہ کسی کے ہاتھ میں یہ کتاب نہیں دوں گا۔

علامہ نے اتنی ہی فرصت کو غنیمت سمجھا اور کتاب کو اس کے مولف سے لے کر اپنے گھر آئے تا کہ جس قدر ہو سکے اس کی نقل کر لیں۔ تحریر کرتے رہے یہاں تک کہ جب نصف شب ہو گئی اور نیند نے ان پر غلبہ حاصل کرنا شروع کیا، تو حضرت حجتؑ حاضر ہوئے اور فرمانے لگے: اس کتاب کی تحریر کرنے کی ذمہ داری مجھے دو اور تم جاؤ آرام سے سو جاؤ۔ چند گھنٹوں کے آرام کے بعد جب بیدار ہوتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ حضرت مہدیؑ کے اعجاز سے مکمل کتاب پایۂ تکمیل تک پہنچ چکی ہے۔" (۱)

۱۔ مجالس المومنین، قاضی نور اللہ شوشتری، ج ۵۳، ص ۲۵۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۴۔ ایک اور دیدار سے مشرف ہونے والی شخصیت

مرزا تنکابنی کتاب ''قصص العلماء'' میں علامہ حلیؒ کے حالاتِ زندگی میں تحریر فرماتے ہیں: '' علامہ کی حضرت صاحب الزمانؑ سے ملاقات مشہور ہے اور میں آخوند ملا صفر علی لاھیجی سے نقل کر رہا ہوں کہ وہ اپنے استاد مرحوم سید محمد، صاحب مناہل فرزند سید علی، صاحب ریاض سے ناقل ہیں کہ: '' علامہ حلیؒ اپنی فطرت و عادت کے مطابق ہر شب جمعہ مسلسل سید الشہداءؑ کی زیارت کے قصد سے گدھے پر سوار ہو کر جایا کرتے تھے ایک مرتبہ اسی طرح تنہا اپنی سواری پر سوار چلے جا رہے تھے اور ہاتھ میں چھوٹا تازیانہ لیے ہوئے تھے تا کہ اپنی سواری کو اس سے ہنکاتے رہیں۔ ناگاہ ایک عرب شخص کا مشاہدہ کیا جو اثنائے راہ ان سے ملحق ہو گیا جب کہ وہ سواری کے بغیر کربلا کی سمت رواں دواں تھا۔ اس وقت دونوں حدیث کے متعلق گفتگو شروع ہو جاتی ہے۔ اور چونکہ علامہ نے اس عرب شخص کی فضیلت درعلمی تبحر کو سمجھ لیا تو انہوں نے اپنی علمی مشکلات کو ایک ایک کر کے ان سے دریافت کرنا شروع کیا اور وہ شخص نہایت آسانی سے تمام مشکلات کو حل کرتا چلا گیا اور کافی وشافی جواب مرحمت فرمایا یہاں تک کہ ایک فتویٰ علامہ نے اپنے نظریہ کے برخلاف اس شخص سے سنا تو مہ نے ان سے عرض کیا: اس فتویٰ کے مطابق ہماری حدیث کے مصادر و مآخذ میں کوئی یث موجود نہیں ہے۔ اس عرب شخص نے ان سے کہا: اس سلسلہ میں ایک حدیث طوسیؒ کی کتاب ''تہذیب'' کے اس باب میں موجود ہے اس کتاب کی طرف مراجعہ داور یہ حدیث فلاں صفحہ اور فلاں سطر میں تمہیں دست یاب ہو جائے گی۔

علامہ کو اس عرب کی علمی شخصیت سے تعجب ہوا لہٰذا ان سے سوال کرتے ہیں کہ زمانہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

غیبت کبریٰ میں صاحب الامر سے ملاقات کرنا ممکن ہے یا نہیں؟ اسی اثنا میں علامہ کے ہاتھ سے تازیانہ گر جاتا ہے۔ وہ عرب شخص جھک کر اسے اپنے ہاتھوں سے اٹھا کر علامہ کو دیتا ہے اور کہتا ہے: کیونکر صاحب الامر کی زیارت ممکن نہیں ہو سکتی جبکہ ان کا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں ہے؟! علامہ بے اختیار ہو کر سواری سے نیچے آئے اور آپ کے قدموں پر خود کو گرا دیا بوسہ لینا شروع کیا، اور ایسی حالت منقلب ہوئی کہ غش آگیا، جب ہوش میں آئے کسی کو نہیں دیکھا، پھر جب اپنے گھر پہنچے تو تیزی سے شیخ طوسیؒ کی کتاب تہذیب کی طرف گئے اور اس حدیث کو تلاش کرنا شروع کیا جس کا حوالہ حضرت صاحب الامرؑ نے دیا تھا اسے اسی صفحہ اور اسی سطر میں موجود پایا جس کی انہوں نے نشان دہی کی تھی۔ لہذا ''تہذیب'' کے حاشیہ میں علامہ نے اس تحریر کا اضافہ کیا: ''یہ وہ حدیث ہے کہ جس کی سطر اور صفحہ کی نشان دہی حضرت صاحب الامرؑ نے کی تھی''۔

اس وقت تنکابنی رحمۃ اللہ علیہ آخوند لاھیجی کا قول نقل فرماتے ہیں کہ وہ فرماتے تھے: ''میں نے اس کتاب کو اپنی آنکھ سے دیکھا ہے اور اس حدیث کے حاشیہ پر علامہ کی تحریر اسی مضمون کے ساتھ جیسا کہ ذکر ہوا موجود ہے''۔(۱)

۵۔ شیخ قطیفیؒ

شیخ ابراہیم قطیفی محقق ثانی کے زمانہ کے مشہور و معروف شیعہ علماء و مجتہدین میں سے ایک ہیں۔ سید محسن امین کتاب ''اعیان الشیعہ'' میں ان کے حالاتِ زندگی میں تحریر فرماتے ہیں: ''میں ان کے سال وفات سے مطلع نہیں ہو سکا لیکن اتنا جانتا ہوں کہ ۹۴۴ھ ق میں

۱۔ قصص العلماء، ص ۳۵۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زندہ وسلامت تھے اور بہت سے علمی آثار، کتب اور متعدد تصانیف کے مالک تھے''۔

بعض اہل بحرین سے نقل کیا گیا ہے کہ امام زمانہؑ ان کے پاس ایسے شخص کی صورت میں تشریف لاتے تھے کہ وہ انہیں پہچانتے تھے اور ان سے دریافت کیا کہ قرآن میں مواعظ میں سب سے زیادہ عظیم آیت کون سی ہے؟ شیخ نے ان کے جواب میں اس آیت کی تلاوت کی: ''انّ الذین یلحدون فی آیاتنا لا یخفون علینا افمن یلقیٰ فی النار خیر ام من یاتی آمناً یوم القیامة اعملوا ما شئتم انه بما تعملون بصیر ''(۱)''یعنی جو لوگ ہماری آیتوں میں تحریف کرتے ہیں وہ ہم سے کسی طرح پوشیدہ نہیں بھلا جو شخص دوزخ میں ڈالا جائے گا بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے روز بے خوف وخطر ہو کر آئے گا اچھا جو چاہو کرو مگر جو کچھ کرتے ہو خدا اس کو ضرور دیکھ رہا ہے''۔ یہ سن کر حضرتؑ نے فرمایا: اے شیخ! سچ کہا...''۔(۲)

۶۔ مقدس اردبیلیؒ

محدث جزائری رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں: ''علم وعمل کی رو سے میرے موثق ترین اساتذہ نے بیان کیا: مقدس اردبیلی کا ایک ایسا شاگرد تھا جو اہل تفرش سے تھا جس کا نام میر علّام یا فیض اللہ تھا۔ یہ بہت متقی و پرہیزگار اور بافضل شخص تھا۔

۱۔ سورۂ فصلت، آیت ۴۰۔

۲۔ ریاض العلماء، ج۱، ص ۱۸۔ الکنی و الالقاب، ج ۳، ص ۶۷۔ جنۃ الماوی، مطبوعہ ہمراہ بحار الانوار، ۵۳، ص ۲۵۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس شاگرد کا بیان ہے: مدرسہ میں میرا کمرہ حضرت علیؑ کے صحن مطہر سے نزدیک تھا۔ ایک شب ایسا اتفاق ہوا کہ میں مطالعہ سے فارغ ہوا تو رات کافی گزر چکی تھی میں کمرہ سے باہر آیا وہ رات بہت تاریک تھی۔ میں نے اتنے میں ایک شخص کو دیکھا کہ حرم مطہر امیر المومنینؑ کی طرف چلا آرہا ہے مجھے دل میں خیال پیدا ہوا کہ شاید یہ کوئی چور آیا ہے تاکہ حضرت علیؑ کے روضہ کی قندیلوں کو چرا کرلے جائے چنانچہ میں نے اس کا تعاقب کیا اس طرح کہ میں اس کا مشاہدہ کر رہا تھا لیکن وہ مجھے نہیں دیکھ رہا تھا، وہ حرم کے دروازہ کی جانب پہنچا اور کھڑا ہوگیا، میں نے دیکھا تالا خود بخود کھل کر زمین پر گر گیا یہاں تک کہ وہ شخص قبر حضرت امیر المومنینؑ کے مقابل پہنچ گیا اور حضرتؑ کو سلام کیا، ناگاہ میں نے سنا کہ حضرتؑ کی قبر کی طرف سے اسے سلام کا جواب دیا گیا۔ میں نے سنا کہ حضرت امیر المومنینؑ سے کسی ایک مسئلہ کے متعلق گفتگو کر رہے ہیں، اس وقت شہر نجف سے مسجد کوفہ کا رخ کیا اور میں بھی خاموشی کے ساتھ ان کے پیچھے چل پڑا اس گمان میں کہ انہوں نے یقیناً مجھے نہیں دیکھا۔ پھر جب وہ محراب مسجد کوفہ میں پہنچے تو میں نے ان کی آواز سنی کہ اسی مسئلہ کے متعلق کسی شخص سے گفتگو میں مصروف ہیں۔ پھر وہ وہاں سے نجف کی طرف واپس چل دیے میں بھی ان کے پیچھے واپس آیا۔ جب وہ شہر نجف کے دروازہ تک پہنچے تو صبح ہوگئی تھی، (چونکہ میں ان کے پیچھے تھا اس لیے انہوں نے اب تک مجھے نہیں دیکھا تھا) اب میں خود ان کے سامنے آیا اور اپنا تعارف کرایا نیز عرض کیا کہ: اے میرے مولا! میں اول شب سے لے کر آخر تک آپ کے ہمراہ تھا، آپ مجھے یہ بتائیں کہ حضرت علیؑ کے گنبد کے نیچے آپ کس سے محو گفتگو تھے نیز مسجد کوفہ میں آپ سے وہ دوسرا کون شخص ہم کلام تھا؟

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انہوں نے مجھ سے عہد و پیمان لیا کہ جب تک میں زندہ ہوں کسی سے میرے راز کو فاش نہ کرنا پھر اس وقت فرمایا: اے میرے بیٹے! بعض مسائل میرے لیے مشتبہ ہو جاتے ہیں تو میں راتوں کو اپنے مولا امیر المومنینؑ کی قبر مطہر پر جا کر ان سے ان مسائل کے متعلق گفتگو کرتا ہوں اور ان کے جوابات روضۂ اقدس سے سنتا ہوں، لیکن آج کی شب انہوں نے مجھے میرے مولا حضرت صاحب الزمان کا حوالہ دیا اور مجھ سے فرمایا: یقیناً آج کی شب میرا فرزند مہدیؑ مسجد کوفہ میں موجود ہے ان کی خدمت میں جاؤ اور اس مسئلہ کے متعلق ان سے سوال کرو وہ شخص وہی مہدیؑ تھے''۔(۱)

۷۔ مجلسی اول''

آخوند ملا محمد تقی مجلسی'' گیارہویں صدی ہجری کے مشہور شیعہ علماء میں سے ایک عالم تھے۔

آپ اپنی ''روضۃ المتقین ''نامی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں:''...جب خداوند متعال نے مجھے زیارت امیر المومنین علیؑ کی توفیق مرحمت فرمائی تو میں نے روضۂ اقدس کے اطراف میں خدمت شروع کی تو اللہ تعالیٰ نے میرے مولا کی برکت سے کچھ ایسے مکاشفات کے دروازے میرے لیے وا ہوئے کہ جن کو کمزور عقلیں تحمل نہیں کر سکتیں۔ جس وقت میں عمران نامی رواق میں تھا تو میں نے مشاہدہ کیا کہ میں سامرہ میں ہوں اور وہاں کے روضۂ اقدس کو نہایت بلندی پر مزین کیا ہوا دیکھا، اس وقت حضرات عسکریین علیہما السلام کی مبارک قبروں پر سبز بہشتی لباس پڑا ہوا تھا، اس لیے کہ اس کے مشابہ دنیا میں میں

۱۔الانوار النعمانیہ، ج۲، ص۳۰۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نے لباس نہیں دیکھا تھا۔ اسی حالت میں میں نے آپ سب کے اور اپنے مولا صاحب العصر والزمانؑ کا مشاہدہ کیا کہ قبر مبارک پر تکیہ کیے ہوئے تشریف فرما ہیں اور ان کا چہرۂ مبارک دروازہ کی طرف ہے۔ میں نے حضرتؑ کو دیکھتے ہی مداحوں کی طرح بلند آواز سے زیارت پڑھنی شروع کر دی جب وہ ختم ہوئی تو حضرتؑ نے فرمایا: کیا خوب زیارت ہے۔ میں نے عرض کیا: اے میرے مولا! ہماری جان آپ پر قربان! آپ کے جدّ بزرگوار کی زیارت؟ حضرتؑ نے اپنا چہرۂ انور قبر مطہر کی طرف کیا اور فرمایا: ہاں، اندر آؤ، جب روضۂ اقدس میں پہنچا تو میں دروازہ کے پاس کھڑا ہو گیا۔ حضرتؑ نے فرمایا: آگے آؤ۔ میں نے عرض کیا: اے میرے مولا! بے ادبی کی وجہ سے مجھے کافر ہو جانے کا خوف لاحق ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا: اگر ہماری اجازت سے ہو تو کوئی مشکل اور قابل اعتراض بات نہیں ہے۔ پھر ذرا سا میں آگے بڑھا اور ایسی حالت میں کہ میں خائف ولرزہ براندام تھا۔ حضرتؑ نے فرمایا: اور آگے آؤ۔ میں آگے بڑھا حضرتؑ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ۔ میں نے عرض کیا: اے میرے مولا! مجھے خوف لاحق ہے۔ فرمایا: خوف نہ کرو۔ پھر جب میں غلاموں کی طرح اپنے عظیم آقا کے مقابل بیٹھ گیا تو حضرتؑ نے فرمایا: آرام سے چار زانو ہو کر بیٹھو، کیونکہ تم خستہ حال ہو چکے ہو اور پاپیادہ یہاں تک آئے ہو... خلاصۂ کلام یہ کہ اس عظیم آقا کی طرف سے اپنے بندہ کے لیے بڑی مہربانیاں اور لطیف باتیں عنایت ہوئیں کہ جس کا شمار کرنا میرے لیے ممکن نہیں ہے اور میں ان میں سے اکثر باتیں بھول چکا ہوں..."۔(۱)

۱۔ روضۃ المتقین، ج ۵، ص ۴۵۰۔ بحار الانوار، ج ۱۰۲، ص ۱۱۳،۱۱۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۸۔ سید مہدی بحرالعلومؒ

محدث نوریؒ تحریر فرماتے ہیں: ''مجھ سے عالم فاضل، صالح وزاہد مرزا حسین لاہیجی جو امام علیؑ کے روضۂ مطہر کے مجاور تھے اور ان کا شمار علماء کے نزدیک متقی اور موثق افراد میں ہوتا ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھ سے مولانا زین العابدین سلماسی قدس اللہ روحہ نے نقل کیا ہے کہ ایک دن علامہ بحرالعلوم اعلی اللہ مقامہ جب حرم امیرالمومنینؑ میں آئے تو لحن کے ساتھ اس شعر کو پڑھنا شروع کیا:

چه خوش است صوت قرآن ز تو دلربا شنیدن

به رخت نظاره کردن سخن خدا شنیدن

یعنی مولا! آپ کے قرآن پڑھنے کی کیسی پیاری آواز آرہی ہے سامانِ سفر کا نظارہ کرنا اور کلام اللہ کا سننا۔

جب ان سے اس شعر کے پڑھنے کا سبب دریافت کیا گیا تو فرمایا: جب حرم مطہر میں آیا تو میں نے دیکھا کہ حضرت حجتؑ قبر مبارک کے سرہانے بیٹھے ہوئے بلند آواز کے ساتھ قرآن پڑھ رہے ہیں جس کو سن کر فوراً میں نے بھی یہ مصرعہ پڑھا...''۔(۱)

۹۔ سید جمال الدین گلپایگانیؒ

آیت اللہ علامہ تہرانیؒ آقا سید جمال الدینؒ سے نقل فرماتے ہیں: میری جوانی کے دنوں میں جب ان کی تعلیم کا سلسلہ اصفہان میں تھا، ان کے استاد اخلاق اور مربی، مرحوم آخوند کاشانی اور جہانگیر خان قشقائی تھے وہ جب نجف اشرف کی زیارت سے مشرف

(۱) جنۃ الماویٰ، مطبوعہ ہمراہ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۳۰۲۔ النجم الثاقب، ص ۹۰۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہوئے، تو ان کے استاد آقا سید جوادؒ بھی ہمراہ تھے، اور فرماتے تھے: وہ شخص تیز اور بھاری بھرکم شخصیت کا مالک تھا، کہتا تھا: اگر عالم بالا سے مجھے اجازت دیں، تو شاہ راہوں پر کرسی لگا کر اس پر کھڑا ہو جاؤں گا، اور لوگوں کو وحدانیت و معرفت خداوندی کی طرف دعوت دوں گا۔ اور ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ وہ رحمت خدا سے جا ملے، اور میں نے مرحوم آیت اللہ اور مربی اخلاق آقا شیخ علی محمد نجف آبادی کی طرف رجوع کیا، انہی کے دستورات پر عمل کرتا تھا، کافی مدت اس موضوع کی گزر چکی تھی، اور میں ان کی تعلیم و تربیت کے ماتحت تھا۔

یہاں تک کہ میں ایک شب حسب معمول مسجد سہلہ عبادت کے لیے آیا اور میری عادت یہ تھی کہ استاد کے حکم کے مطابق ہمیشہ راتوں کو مسجد سہلہ جاتا تھا، سب سے پہلے نماز مغرب وعشا بجالاتا تھا، پھر مسجد سہلہ کے مقامات کے ماثورہ اعمال انجام دیتا تھا، اس کے بعد جو کچھ میرے رومال میں روٹی وغیرہ ہوتی تھی طعام کے عنوان سے کھولتا تھا اور کچھ مقدار میں تناول کرتا۔ اس وقت مختصر آرام کر کے سو جاتا تھا، پھر اذان صبح سے کچھ گھنٹے پہلے بیدار ہو جاتا تھا، نماز و دعا اور ذکر و فکر میں مشغول ہو جاتا تھا، اذان صبح کے وقت نماز صبح ادا کرتا تھا، طلوع آفتاب کی ابتدا تک اپنے بقیہ وظائف و اعمال کو مسلسل بجالاتا پھر نجف اشرف کی طرف واپس آتا تھا۔

اس رات میں نے نماز مغرب وعشا اور مسجد کے اعمال بجالایا، اور تقریباً رات کے دو گھنٹے گزر چکے تھے، جیسے میں بیٹھا اور اپنے رومال کو کھولا تا کہ کوئی چیز کھاؤں، ابھی میں کھانے میں مشغول نہیں ہوا تھا کہ نالہ و مناجات کی آواز میرے گوش گزار ہوئی اور میرے علاوہ اس شب کی تاریکی میں مسجد میں کوئی اور شخص موجود نہیں تھا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہ آواز شمالی حصہ سے، مسجد کی دیوار کے درمیان، مقام امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ کے بالکل سامنے سے شروع ہوئی اور اتنی زیادہ پر کشش وجذاب سوز و گداز اور نالے کے ہمراہ نیز عربی و فارسی اشعار، مناجاتیں اور عالیۃ المضامین کی دعائیں تھیں جو پوری طرح سے میرے وجود اور ذہن کو اپنی طرف متوجہ کیے ہوئے تھیں۔ میں یہ سن کر روٹی کا ایک ٹکڑا نہ کھا سکا اور میرا رومال اسی طرح کھلا رکھا ہوا تھا اور میں نہ ہی آرام کر سکا اور نہ ہی سو سکا، ساتھ ہی ساتھ میں اپنی نماز شب، دعا اور ذکر و فکر کو بھی نہیں بجالا سکا۔ اور میں اسی طرح اسی کی طرف متوجہ تھا۔

آواز دینے والا گھنٹوں گریہ ومناجات میں مصروف تھا، پھر خاموش ہو جاتا تھا، مختصر وقفہ کے بعد دوبارہ پڑھنے اور درد دل کرنے میں مشغول ہو جاتا تھا، پھر آرام کرتا تھا اور پھر گھنٹوں مشغول رہتا تھا اور آرام کرتا تھا۔ اور ہر مرتبہ جب پڑھنا شروع کرتا تھا تو چند قدم آگے بڑھتا تھا، اس طرح اذان صبح کا وقت نزدیک ہوا، میں مقام امام زمانہؑ ارواحنا لہ الفداہ کے سامنے پہنچا ہی تھا کہ اس حالت میں حضرتؑ سے خطاب فرمایا، اور طولانی گریہ کے بعد، نہایت دل خراش سوز و نالہ کے ساتھ اشعار کے ذریعہ آنحضرتؑ سے ہم کلام ہوتا تھا۔

ما بدیں در ،نہ پی حشمت و جاہ آمدہ ایم
از بد حادثہ اینجا بہ پناہ آمدہ ایم
رہروِ منزل عشقیم و ز سر حدّ عدم
تا بہ اقلیم وجود این ہمہ راہ آمدہ ایم
سبزۂ خط دیدیم وزبستان بہشت

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بہ طلب کاری این مہر گیاہ آمدہ ایم

با چنین گنج کہ شد خازن او روح امین

بہ گدائی بہ درخانۂ شاہ آمدہ ایم

لنگر حلم تو ای کشتی توفیق کجاست؟

کہ درین بحر کرم، غرق گناہ آمدہ ایم

آبرو می رود ای ابر خطا شوی ببار

کہ بہ دیوان عمل نامہ سیاہ آمدہ ایم

حافظ این خرقۂ پشمینہ بینداز کہ ما

از پی قافلہ با آتش آہ آمدہ ایم

میں اس دروازہ پر جاہ و حشمت طلب کرنے نہیں آیا ہوں
بلکہ برے حادثات سے یہاں پناہ لینے آیا ہوں
منزل عشق کا راہی ہوں اور سرحد عدم سے
ملک و جود تک ان راستوں کو طے کر کے آیا ہوں
آپ کے خطّ سبز کو میں نے دیکھا اور باغ جنت سے
اس مہر و محبت کا سبزہ طلب کرنے آیا ہوں
اس قسم کے خزانہ سے کہ جس کے خازن جبرئیل ہوئے
خانۂ شاہ میں گدائی کے لیے آیا ہوں
اے حلم و صبر کے لنگر! توفیق کی کشتی کہاں ہے؟

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ اس بحر کرم میں گناہوں میں غرق آیا ہوں
اے خطاؤں کے بادل میری آبرو جاتی رہی ہے برس کر مجھے صاف کردے
کہ میں اپنے سیاہ نامۂ اعمال کے ہمراہ آیا ہوں
اے حافظ اس ادنیٰ اعلیٰ درجہ کے کپڑے کو ہٹا دو
کہ میں قافلہ کے پیچھے آہوں کی سوزش لے کر آیا ہوں

اس کے بعد خاموش ہو گیا اور کچھ نہیں کہا، اور تاریکی شب میں چند رکعت نماز ادا کی یہاں تک کہ سپیدی صبح نمودار ہوئی۔ اس وقت نماز بجالایا اور اپنی تعقیبات نیز ذکر وفکر میں مشغول ہوا یہاں تک کہ آفتاب طلوع ہوا۔ اس وقت وہاں سے اٹھ کر مسجد سے باہر نکلا۔ اور میں اس رات مکمل طور پر بیدار تھا پھر بھی اپنے تمام امور نہیں انجام دے سکا، اور میں اسی میں مبہوت وحیرت زدہ تھا۔ جب میں نے مسجد سے باہر آنے کا قصد کیا تو وہاں کے بڑے خادم سے کہ جس کا کمرہ مسجد سے باہر مشرقی سمت میں واقع تھا، اس سے دریافت کیا یہ شخص کون تھا؟ کیا تم اسے پہچانتے ہو؟! جواب دیا: ہاں! یہ شخص وہ ہے جس کا نام سید احمد کربلائی ہے، بعض خلوت کی راتوں میں جب مسجد میں کوئی شخص موجود نہیں ہوتا تو وہ آتا ہے اور اس کی یہی حالت وکیفیت ہوتی ہے جو تم نے ملاحظہ کی۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رجعت عقلی اور نقلی نقطہ نظر سے

مقدمہ

شیعہ امامیہ معتقد ہیں کہ مہدیؑ موعود کے ظہور اور حکومت عدل الٰہی تمام عالم میں قائم ہونے کے بعد اولیاء الٰہی اور خاندان رسالت کے محبوں اور بعض خاندان وحی و نبوت کے دشمنوں کو (جو دنیا سے جا چکے ہیں) دنیا ہی میں دوبارہ پلٹایا جائے گا۔ اولیاء الٰہی اور صالحین حق و عدل کی حاکمیت تمام کرۂ ارض میں دیکھ کر خوش حال ہوں گے اور اپنے نیک اعمال اور ایمان کے ثمرات و نتائج کا دنیا میں مشاہدہ کریں گے، دشمنان اہل بیتؑ بھی خاندان رسالت پر روا رکھے گئے تمام ظلم و ستم کی سزا اسی سرائے فانی میں دیکھیں گے۔ اگر چہ وہ قیامت میں اپنے آخری کیفر کردار کی جزا پائیں گے۔

رجعت کا قول امامیہ عقائد میں سے ہے

عقیدۂ رجعت، ان بنیادی مباحث میں سے ہے جو شیعہ امامیہ مذہب کے آغاز و ظہور کے زمانہ سے چلا آرہا ہے اور اس پر اعتقاد رکھنا کتب اہل بیتؑ کے امتیازات اور خصوصیات میں شمار کیا گیا ہے۔ لہٰذا اہل سنت کی رجالی کتابوں میں مراجعہ کرنے کے بعد ہم یہ دیکھتے ہیں کہ وہ لوگ شیعہ امامیہ کو اس عقیدہ کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔ اصحاب ائمہؑ کے درمیان بھی مشاہدہ کیا جاتا ہے کہ ان میں سے بعض افراد نے اپنے مخالفین کے ہمراہ اس مسئلہ میں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مباحثات انجام دیئے ہیں، جیسے مومن طاق اور ابوحنیفہ کی باہمی بحث، اسی دلیل سے طول تاریخ میں شیعہ علما نے اس عقیدہ کو ثابت کرنے کے لیے کتابیں تحریر کیں۔ منجملہ ان میں سے شیخ مفیدؒ، سید مرتضیٰؒ، علامہ مجلسیؒ، شیخ حر عاملیؒ اور دوسرے علما کا نام لیا جا سکتا ہے۔

رجعت کا مفہوم

رجعت لغت میں بازگشت کے معنی میں ہے، اور اصطلاح میں امام مہدیؑ کے عالمی قیام کے بعد صبح قیامت آنے سے پہلے لوگوں میں سے ایک جماعت کا اسی دنیا کی طرف بازگشت کرنا ہے۔

۱۔ شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں: " انـنـا نـعـتـقـد بشـأن الرجعة انّ هذه الحادثة ستقع حتماً "(۱)

"ہمارا اعتقاد رجعت کے متعلق یہ ہے کہ یہ واقعہ عنقریب نہ کہ تاخیر سے حتماً اور یقیناً واقع ہوگا"۔

۲۔ شیخ مفیدؒ فرماتے ہیں: "... انّ اللّٰه تعالیٰ یحشر قوما من امّة محمد صلی اللّٰه علیه و آله ـ بعد موتهم قبل یوم القیامة، و هذا مذهب یختصّ به محمد ـ صلی اللّٰه علیه و آله ـ و القرآن شاهد به ..." (۲) "اللہ تعالیٰ امت سے چند لوگوں کو مرنے کے بعد صبح قیامت سے پہلے قبروں سے اٹھائے گا اور یہ آل محمد علیہم م کے مذہب کے خصوصیات میں سے ہے نیز قرآن اس بات کا شاہد ہے"۔

عقائد صدوق۔

بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۳۶، (المسائل السرویہ سے نقل شدہ، ص ۳۲)۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ سید مرتضیٰؒ فرماتے ہیں: " انّ الذی تذھب الشیعة الامامیة الیه انّ اللّه تعالیٰ یعید عند ظھور امام الزمان المھدیؑ قوماً ممّن کان قد تقدم موته من شیعته ،لیفوزوا بثواب نصرته و معونته و مشاھدة دولته ،ویعید ایضاً قوماً من اعدائه لینتقم منھم... "(۱) "شیعۂ امامیہ کے اعتقادات میں سے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ امام مہدیؑ کے ظہور کے وقت شیعوں میں سے ایک گروہ کو جو پہلے مر چکے ہوں گے ان کو دوبارہ زندہ کر کے دنیا میں بھیجے گا تا کہ وہ امام زمانہؑ کی نصرت و مدد کا بھی ثواب حاصل کریں اور اپنی آنکھوں سے ان کی حکومت کا مشاہدہ کر کے خوش حال ہوں۔ نیز اللہ تعالیٰ ان کے دشمنوں سے بھی ایک گروہ کو دوبارہ زندہ کر کے دنیا میں بھیجے گا تا کہ شیعہ مومنین ان سے اپنا انتقام لیں"۔

۴۔ شیخ محمد رضا مظفرؒ فرماتے ہیں: " انّ الذی تذھب الیه الامامیة ـ اخذاً بما جاء عن آل البیتؑ ـ انّ اللّه یعید قوماً من الاموات الی الدنیا فی صورھم الّتی کانوا علیھا ،فیعزّ فریقا و یذلّ فریقاً آخر... ذالک عند قیام مھدی آل محمد علیه و علیھم افضل الصلاة و السلام " (۲) "جو کچھ شیعہ حضرات رجعت کے متعلق (اہل بیتؑ کی پیروی میں) اس کا اعتقاد رکھتے ہیں یہ ہے کہ خداوند عالم مردوں کے ایک گروہ کو صبح قیامت سے پہلے جن صورتوں میں وہ موجود تھے واپس پلٹائے گا: ان میں سے بعض افراد کو عزیز و سربلند اور بعض لوگوں کو ذلیل و رسوا کرے گا... اور یہ رجعت مہدیؑ آل محمدؐ کے ظہور کے وقت (ان پر اور آل محمدؐ پر بہترین درود و سلام) ہوگی"۔

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۳۸ (بنقل رسائل المرتضیٰ، ج ۱، ص ۲۵)۔ ۲۔ عقائد الامامیہ، ص ۱۰۸۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رجعت کی ایک تقسیم

سید محمد صدرؒ نے کتاب بحث حول الرجعۃ میں رجعت کی دو تقسیم بیان کی ہے:

۱۔ رجعت معنوی (اخروی): اس معنی میں کہ فلسفہ حکمت میں ثابت ہو چکا ہے کہ تمام موجودات واشیاء، رشد و نمو کی حالت میں برقرار ہیں، ہمیشہ کمال مطلق اور ایک نقطۂ آغاز کی طرف متوجہ ہیں جو وہاں سے اس کائنات میں آئی ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "الی اللہ ترجع الامور "(۱)" خدا ہی کی طرف تمام امور کی بازگشت ہوتی "" "انّ الیٰ ربّک الرجعی "(۲)" بیشک آپ کی رب کی طرف واپسی ہے" و انّ الی ربّک المنتهی" (۳)" اور بیشک سب کی آخری منزل پروردگار کی رگاہ ہے" "انّا للہ و انّا الیہ راجعون "(۴)" ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور اسی بارگاہ میں واپس جانے والے ہیں"۔

رجعت کا یہ معنی مسلمانوں کے نزدیک اتفاقی ہے۔

۲۔ مادی وظاہری (دنیوی) رجعت: اس قسم کی رجعت (جس کے متعلق قرآن نے بھی رہ کیا) سے مراد یہ ہے کہ مردوں کا دنیا میں اعمال انجام دینے کے لیے واپس آنا۔ (۵)

۱۔ بقرہ، آیت ۲۱۰۔
۲۔ علق، آیت ۸۔
۳۔ نجم، آیت ۴۲۔
۴۔ بقرہ، آیت ۱۵۶۔
۵۔ حول الرجعۃ، ص ۸۔۱۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رجعت: مذہب کا ضروری ولازمی اعتقاد

۱۔ شیخ حر عاملیؒ فرماتے ہیں: "انّ ثبوت الرجعة من ضروريات مذهب الامامية عند جميع العلماء المعروفين و المصنفين المشهورين ،بل يعلم العامة انّ ذلک من مذهب الشيعة" (۱) "یقیناً رجعت کا ثابت ہونا تمام مشہور و معروف علماء و مصنفین کے نزدیک ضروریات مذہب شیعہ میں سے ہے، بلکہ اہل سنت بھی بخوبی جانتے ہیں کہ یہ عقیدہ شیعہ مذہب کا ایک جز ہے"۔

۲۔ علامہ مجلسیؒ فرماتے ہیں: " اذا لم يكن مثل هذا متواترا ففي ایّ شيیء يمكن دعوى التواتر ..." (۲) "اب اگر عقیدۂ رجعت کے متعلق روایات کے بارے میں متواتر ہونے کا حکم نہ لگایا جائے تو پھر کس موضوع کے لیے متواتر ہونے کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے..."۔

۳۔ نیز فرماتے ہیں: " انّ الاعتقاد بالرجعة قد اجمعت عليه الشيعة فی جميع الاعصار و اشتهرت بينهم كالشمس فی رابعة النهار " (۳) "یقیناً تمام زمانے میں رجعت کا اعتقاد رکھنے پر شیعوں کا اجماع واتفاق رہا ہے، اور یہ مسئلہ ان کے درمیان آفتاب عالم تاب کی طرح نمایاں وروشن ہے"۔

۱۔ الایقاظ من الھجعۃ، ص ۶۰۔

۲۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۲۲۔

۳۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۲۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۴۔علامہ طباطبائیؒ فرماتے ہیں:" ان الروایات متواترة معناً عن ائمة البیتؑ حتیٰ عدّ القول بالرجعة عند المخالفین من مختصات الشیعه والمتھم من لدن الصدر الاوّل " (۱)''یقیناً رجعت کے متعلق حدیثیں طرق اہل بیتؑ سے ہم تک معنوی طور پر پہنچی ہیں اس حد تک کہ مخالفین کے نزدیک رجعت کا عقیدہ شیعوں اور ان کے ائمہ کے لیے صدر اسلام سے امتیازات میں سے شمار کیا گیا ہے''۔

۵۔شیخ حر عاملیؒ فرماتے ہیں:" انّ کثرة الکتّاب الذین جمعوا الروایات المتعلقة بالرجعة فی کتب مستقلة او غیر مستقلة ـ تجاوز دھا السبعین کتاباً ـ یدلّ علیٰ قطعیة الاعتقاد بالرجعة لدی " (۲)''یقیناً اہل قلم نے رجعت کی احادیث کو مستقل یا غیر مستقل طور پر بوں میں جمع کیا ہے اس حد تک کہ وہ ستر کتاب سے زائد ہیں، خود یہی شیعوں کے دیک رجعت کے عقیدہ پر ایک قطعی دلیل ہے''۔

علامہ مجلسیؒ نے بھی ان دانشوروں کے اسماء جو رجعت کے قائل تھے پچاس سے زائد ادکا تذکرہ کیا ہے؛ جیسے سلیم ابن قیس ہلالی، حسن ابن صفار، علی ابن ابراہیم قمی، کلینی، ابن مسعود عیاشی، ابوعمرو کشی، شیخ صدوق، شیخ مفید، ابوالفتح کراجکی، ابوالعباس احمد ابن س نجاشی، شیخ طوسی، سید رضی الدین ابن طاووس وغیرہ۔

المیزان ج۲، ص ۱۰۷۔

یقاظ، ص ۳۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عقیدۂ رجعت کے ذریعہ شیعوں کی شناخت

اہل سنّت کی علم رجال کی عبارتوں سے استفادہ ہوتا ہے کہ شیعہ علمائے متقدمین رجعت پر عقیدہ رکھنے کی وجہ سے پہچانے جاتے تھے لہذا ان کی اس عقیدہ کی وجہ سے مذمت کرتے تھے۔

ابوالحجاج کہتا ہے:" اما جابر الجعفی فکان ضعیفا و کان و اللہ کذاباً ! یؤمن بالرجعة " (۱) "لیکن جابر جعفی، ان کی حدیث ضعیف ہے۔ خدا کی قسم! وہ بہت زیادہ کاذب ہے، چونکہ رجعت پر ایمان رکھتا ہے!"۔

ابن حجر کا قول ہے:"عثمان بن عمیرة رديّ المذهب غالٍ فی التشیع ، یؤمن بالرجعة" (۲) "عثمان ابن عمیرہ، پست اور بے حیثیت مذہب والا ہے، تشیع میں غلو کرنے والا ہے، رجعت پر ایمان رکھتا ہے"۔

عقیلی کا قول ہے:" اصبغ بن نباتة لیس بشیء ، کان یقول بالرجعة " (۳) "اصبغ ابن نباتہ کی کوئی ارزش نہیں ہے وہ رجعت کا قائل ہے"۔

مزید اسی کا یہ قول بھی ہے:" ابو حمزة الثمالی کان ضعیف الحدیث لیس بشیء ، یؤمن بالرجعة " (۴) "ابو حمزہ ثمالی ضعیف الحدیث اور بے ارزش ہے، وہ رجعت پر ایمان رکھتا ہے"۔

۱۔ تہذیب الکمال، ج۳، ص ۴۷۰، ۴۶۸۔ تاریخ ابن معین، ج۱، ص ۲۰۷۔

۲۔ تہذیب التہذیب، ج۷، ص ۱۳۲۔

۳۔ الضعفاء الکبیر، ج۱، ص ۱۳۰۔

۴۔ الضعفاء الکبیر، ج۱، ص ۱۷۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جرجانی ناقل ہے: "قال جریر: لا اکتب عن جابر حدیثاً، لانّه کان یؤمن بالرجعة" "جریر کا قول ہے: جابر سے میں کوئی حدیث نہیں تحریر کرتا، اس لیے کہ وہ رجعت پر ایمان رکھتا ہے!"۔

شمس الدین حسینی ناقل ہے: "قال ابن حبّان: کان رشید الهجری یؤمن بالرجعة، فقطع زیاد لسانه و صلبه علی دار عمرو بن حریث " (۱) "ابن حبان کا قول ہے: "رشید ہجری رجعت پر ایمان رکھتا تھا لہذا زیاد ابن امیہ نے اس کی زبان کو کاٹ دیا اور اسے عمرو ابن حریث کے گھر پھانسی پر چڑھا دیا!"۔

مزی کا قول ہے: " داؤد بن (ابی) یزید کان یؤمن بالرجعة، و کان الشعبی یقول له و لجابر الجعفی لو کان لی علیکما سلطان ثم لم اجد الّا ابرة لشبکتکما، ثم غللتکما (علقتکما بها)" (۲) داؤد ابن یزید (جابر کی طرح) رجعت پر ایمان رکھتا تھا۔ شعبی دونوں سے کہتا تھا: "اگر میں تم پر مسلط ہو جاتا اور تم دونوں سے سوائے ایک دھاگہ کے کچھ نہ ملتا، تو میں تم دونوں کو سل کر زنجیر میں باندھ لٹکا دیتا! وغیرہ"۔

۱۔ الاکمال فی ذکر من له روایة فی مسند الامام احمد، ص ۱۳۳۔ کتاب المجروحین، ج ۱، ص ۲۹۸۔
۲۔ المجروحین من المحدثین والضعفاء والمتروکین، ج ۱، ص ۲۸۹۔ تہذیب الکمال، ج ۸، ص ۳۶۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کلامی کتابوں میں رجعت کی بحث کا راز

علمائے علم کلام اپنی کلامی بحثوں میں رجعت کی بھی بحث کرتے ہیں اس کی چند وجہیں ہوسکتی ہیں:

۱۔ رجعت کے موضوع پر بہت زیادہ روایات کا پایا جانا۔

۲۔ مسئلہ رجعت کا امامت سے ارتباط پایا جانا اور اس بات کی طرف اشارہ ملنا کہ ائمہ شیعہ مظالم کا نشانہ بنے ہیں، لہذا امام مہدیؑ کی حکومت کے زمانہ میں واپس ہو کر حکومت کریں گے۔

۳۔ رجعت، اشراط الساعہ میں سے ہے، اشراط الساعہ اور قیامت کی نشانیاں قیامت سے مربوط ہیں۔

۴۔ عقیدۂ رجعت، معاد پر اعتقاد رکھنے کا زمینہ فراہم کرتا ہے، اس لیے کہ جس طرح غیبت صغریٰ غیبت کبریٰ کا زمینہ ہموار کرنے والا تھا ظہور صغریٰ بھی جو وہی رجعت ہے ظہور کبریٰ کا زمینہ فراہم کرنے والا ہوگا، یعنی عقیدۂ رجعت بھی مسئلہ قیامت کے لیے زمینہ ساز ہوگا اور لوگ قیامت واقع ہونے کو بعید نہیں سمجھیں گے، جیسا کہ گزشتہ امتوں میں قیامت کو ثابت کرنے کے لیے اس طرح کا امر محقق ہوا ہے۔

۵۔ رجعت کا ثواب و عقاب کے مسئلہ سے ارتباط پایا جاتا ہے، اس لیے کہ اس زمانہ میں ان افراد کے لیے جو کفر یا ثواب میں تھے مسئلہ رجعت ثواب و عقاب کی علامتوں میں سے ہوگا۔

۶۔ رجعت شیعہ ائمہ کی امامت کی تجلی ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مفہوم رجعت کے متعلق نظریات

دنیوی رجعت کے متعلق چند احتمالات پائے جاتے ہیں ہم ان کو نقل کر کے جو قول سے زیادہ نزدیک ہے اس کی تحقیق کرتے ہیں:

۱۔ رجعت اس تمثیل کے مانند ہے جو مومنین اور ائمہ اہل بیتؑ کی ارواح دنیا سے ہو گئی ہیں ان کی روح ظہور کرے گی اور اس کائنات میں کچھ تصرفات حاصل کریں۔ یہ نظریہ فیض کاشانیؒ، محقق شاہ آبادیؒ اور مرزا ابوالحسن رفیعی قزوینیؒ کا ہے جسے بہت علما جیسے علامہ مجلسیؒ، شیخ حر عاملیؒ اور بعض دوسروں نے اسے ظواہر ادلہ سے مخالفت کی بنا دو د جاتا ہے۔

۲۔ رجعت کا مقصد وہی امام زمانہؑ کا ظہور ہے اور اس پر رجعت کا اطلاق اس اعتبار ہے کہ حضرتؑ غیبت کے بعد لوگوں کی طرف واپس آئیں گے، یا دنیا منحرف ہونے بعد حق و عدالت کی طرف پلٹ آئے گی۔ اگرچہ دراصل یہ معنی صحیح ہے مگر رجعت کا اس ق ہونا ظواہر ادلہ کے برخلاف ہے۔

۳۔ بعض اموات کا دنیا کی طرف پلٹنا، بالخصوص خالص مومنین و کافرین کا۔

۴۔ بعض شیعہ ائمہ کا پلٹنا، جیسے امام علیؑ، امام حسینؑ اور بعض خالص مومنین و کافرین کا کے بعد دنیا کی طرف پلٹنا۔

۵۔ تمام شیعہ ائمہ کا ترتیب کے ساتھ یا برعکس بعض مومنین و کافرین کا، مرنے کے بعد واپس آنا۔ یہ قول جو کچھ عموی طور پر روایات سے استفادہ ہوتا ہے حقیقت سے زیادہ ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رجعت، عقلی نقطۂ نظر سے

امکانِ رجعت کے اثبات کے لیے بعض عقلی دلیلوں کے ذریعہ ہم اشارہ کریں گے:

ا۔ قسر دائمی یا اکثری محال ہے

اثباتِ دلیل:

الف۔ روح کا بدنِ عنصری کے ساتھ مکمل طور پر رابطہ ہے، چونکہ روحانی قوت اور مادی طبیعی قوت کے درمیان ذاتی وطبیعی ربط پایا جاتا ہے، خواہ روحانی قوت کلی ہو، جیسے موثر کلی قوت جو تمام عالم طبیعت کے ارادی نظام میں حرکت کرتی ہے خواہ وہ قوت روحانی جزئی ہو کہ شخصی، طبیعی نظام بدن اس کے زیر نفوذ ہیں۔ اور جب بھی نفس ناطقہ کی توجہ طبیعی بدن کی طرف مرنے کے بعد مکمل ترین شکل وصورت اختیار کرلیتا ہے تو حیات نو ممکن ہے۔

ب۔ ہر حقیقت کے لیے ایک اثر اور خاصیت ہوتی ہے جو اس کے وجود کے مقام کا نمائندہ اور اس کی ہستی کے مرتبہ میں ہے۔ خاتمیت وہی قوت تکمیل اور شخص خاتم کی تعلیم بہ نسبت تمام بشر کے مختلف مراتب کی حامل ہے، اور ان کے نفوس کو علمی وعملی کمال سے خار ۰ کرنا قوت کی حد سے فعلیت محض تک صبح قیامت تک پہنچاتا ہے۔ اور مقامِ امام بھی (خلافت پیغمبر کا عالی مقام ہے) اسی طرح ہوتا ہے۔

ج۔ حکمت وفلسفہ میں یہ بات مقام اثبات تک پہنچ چکی ہے کہ قسر دائمی یا اکثری محا ہے۔ قسر اصطلاح میں منع کرنے یا ایک چیز کا ظاہری طور پر موجود ہونے سے حائل ہو میں ہے جو اپنے طبیعی اثر کی طالب ہے اور وجود الٰہی کی فطرت کے مطابق اس کی طرف تو رکھے ہوئے ہے یا اکثر اوقات میں اس کے اثر سے محروم ہے۔ اب اگر یہ چاہیے کہ یہ تو

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وجو ہر ہمیشہ یا اکثر اوقات اپنے کمال سے محروم اور اس کا اثر عالم کبیر کے میدان میں نمایاں نہ ہو تو محض لغو اور عبث ہوگا۔

نتیجہ یہ ہوا کہ رجعت کا معنی ارواح ونفوس ناطقہ حضرت پیغمبر اکرمؐ اور ائمہ طاہرین علیہم السلام کا اپنے عنصری ابدان کی طرف پلٹنا ممکن ہے بلکہ عقلی ضرورت کی بنا پر واجب ہے اس لیے کہ ان کے اثر کا مانع ہونے کے ذریعہ ظاہر ہونا خود ان کے زمانہ میں ممکن نہیں ہوا لہذا چاہیے کہ ایک ایسا دن آئے کہ تمام الٰہی اساتذہ کے نفوس اپنے ابدان کی طرف متوجہ ہوں اور لوگوں کی ارواح کے لیے مقام تعلیم میں ڈھل جائیں۔

یہاں پر ایک نکتہ کی طرف توجہ ضروری ہے کہ "نفس کلی الٰہی" نبی و امام میں دو قسم کا اضافہ وعلاقہ پایا جاتا ہے:

پہلی قسم: اپنے بدن کے ساتھ تعلق وارتباط پایا جانا۔

دوسری قسم: علاقہ وارتباط اور نفس کلی کا تمام عالم کبیر پر غلبہ پانا ہے۔ اور اسی کلی ارتباط کے اثر کے متعلق کہا گیا ہے: "تمام پانی ہماری برکت سے جاری ہیں اور تمام درخت ہمارے وجود کی برکت سے پتے ومیوے دیتے ہیں..."۔ موت کی بہ نسبت دوسرا تعلق باطل نہیں ہوگا۔

۲۔ مصلحین کی راہ کے دائمی ہونے کی ضرورت

اثباتِ دلیل:

الف۔ ہر ایک مصلح فرد جو عظیم ثقافتی واجتماعی انقلاب بشری سماج کی سطح پر برپا کرتا ہے گا تو وہ اپنے جانشینوں کا محتاج ہوگا جو اس کے بتائے ہوئے اصولوں کو واضح طور پر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بیان اور تطبیق کرے۔ اسی دلیل کی بنا پر پیغمبر اکرمؐ کے بعد ائمہ معصومینؑ کی ضرورت ہے تا کہ اس خلا کی تلافی ہو سکے۔

ب۔ شریعت اور تحریک کے اصولوں کو واضح طور پر بیان کرنے اور اسے تطبیق دینے کے لیے معصوم افراد ہونے چاہیے، جیسا کہ خود ثقافتی تحریک کے بانی اور صاحب شریعت کو معصوم ہونا چاہیے۔

ج۔ شیعہ اور اہل سنت کے نزدیک متواترہ نصوص کے مطابق، پیغمبرؐ کے بعد ائمہؑ کی تعداد صحیح قیامت تک بارہ نفر ہے، اور وہ سب کے سب قریش سے ہیں۔

د۔ امام زمانہؑ سب سے عظیم عالمی قیام کرنے والے ہیں جو توحیدی عادلانہ حکومت قائم کرنے کی غرض سے، نئی چیزوں کے لیے قیام کریں گے۔

ہ۔ جدید شئے ایسے اشخاص کی ضرورت مند ہے جو تطبیق دینے والا، واضح طور پر بیان کرنے والا اور اس مشن کو آگے بڑھانے والا ہو کہ جسے حکومت کو قائم کرنے والا شخص لایا ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ: ضرورت تقاضا مند ہے کہ امام زمانہؑ کے بعد ایسے معصوم افراد ورود کریں تا کہ وہ لوگ حضرتؑ کے اس ہدف اور مشن کو آگے بڑھائیں اس کی تطبیق کریں ان کو واضح طور پر بیان کریں، بالخصوص اس نکتہ کو ملاحظہ کرتے ہوئے کہ حضرتؑ کے ظہور کے ساتھ ایک جدید زمانہ کا آغاز ہوگا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ قاعدۂ "حکم الامثال"

اثباتِ دلیل

الف۔ رجعت عالم مادی میں کلی طور پر قیامت، بعث اور قیامت کے دن حیات نو سے مشابہت رکھتا ہے۔

آلوسی فرماتے ہیں: "و کون الاحیاء بعد الاماتة و الارجاع الی الدنیا من الامور المقدورة له۔عزّوجل۔ ممّا لا ینتطح فیه کبشان، الّا انّ الکلام فی وقوعه" (۱) "مرنے کے بعد زندہ ہونا اور دنیا کی طرف پلٹنا ایسے امور میں سے ہے جو خداوند متعال کی قدرت کے مطابق ہے کہ کوئی بھی شخص اس میں شک و شبہ نہیں رکھتا صرف اس کے واقع ہونے میں بحث ہے"۔

ب۔ معاد کا واقع ہونا ممکن ہے، لہذا رجعت بھی قاعدۂ: "حکم الامثال فیما یجوز و فیما لا یجوز واحد" کی دلیل کے مطابق ایسی ہوگی اور جو امور ایک دوسرے سے جائز یا ناجائز ہونے میں مساوی ہیں۔

جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ رجعت عقلی پہلو سے ممکن ہے۔

رجعت قرآنی نقطۂ نظر سے

رجعت کا معنی افراد کا دنیا کی طرف پلٹنا، متعدد مقامات پر قرآن میں ذکر ہوا ہے، کہ ہم ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کر رہے ہیں:

۱۔ روح المعانی، ج ۲۰، ص ۲۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''الم تر الی الذین خرجوا من دیارھم و ھم الوف حذر الموت فقال لھم اللہ موتوا ثم احیاھم " (۱)'' کیا تم نے ان کو نہیں دیکھا جو اپنے گھروں سے موت کے خوف سے نکلے اور وہ ہزاروں افراد تھے پس اللہ نے ان سے کہا: مر جاؤ پھر (اللہ نے) انہیں زندہ کر دیا''۔

تفاسیر میں ذکر ہوا ہے: وہ ستر ہزار گھر کے افراد تھے۔ ہر سال ان کے درمیان طاعون کے مرض کی وبا آئی تھی، مال دار لوگ اپنی دولت کی بنا پر شہر سے باہر چلے جاتے تھے اور فقیر لوگ اپنی ناتوانی اور ضعف کی وجہ سے باہر نہیں جا پاتے تھے۔ اسی لیے مال دار لوگ طاعون سے محفوظ رہتے تھے اور صرف فقرا ہی اس مرض میں مبتلا ہوتے تھے۔ ضعیف لوگ کہتے تھے: اگر ہم بھی مال داروں کی طرح بیرون شہر چلے جاتے تو اس مرض میں مبتلا نہ ہوتے۔ لہذا سب نے طے کیا کہ طاعون آنے سے پہلے تمام افراد اس شہر سے خارج ہو جائیں۔ چنانچہ طاعون آنے سے پہلے سب کے سب خارج ہو گئے اور ایک دریا کے کنارے قیام کیا۔ ان لوگوں نے جیسے ہی اپنا سامان رکھا تو ان کو موت آ گئی، اور ایک مدت تک اسی حالت میں تھے یہاں تک کہ بنی اسرائیل کے انبیاء میں ایک نبی جن کا نام ''حزقیل'' تھا ان کا ان لوگوں کے پاس سے گزر ہوا، تو اس حالت کا مشاہدہ کرنے کے ساتھ ہی عرض کیا: خدایا! اگر ممکن ہو تو ان کو زندہ کر دے تاکہ تیرے شہروں کو آباد اور اولاد پیدا کریں جو تیرے عبادت گزار بندوں کے ساتھ تیری عبادت کریں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے وحی بھیجی: کیا تم چاہتے ہو کہ انہیں زندہ

۱۔ سورۂ بقرہ، آیت ۲۴۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کیوں؟ عرض کیا: ہاں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو زندہ کیا اور ایک مدت کے بعد طبیعی اموات سے دنیا سے رخصت ہوئے۔(۱)

۲۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "فقلنا اضربوه ببعضها كذلك يحي الله الموتى و يريكم آياته لعلكم تعقلون" (۲) "تو ہم نے کہا کہ مقتول کو گائے کے ٹکڑے سے مس کرو تا کہ یہ دیکھو کہ خدا اسی طرح مردوں کو زندہ کرتا ہے اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے کہ شاید تمہیں عقل آجائے"۔

مفسرین نقل فرماتے ہیں: بنی اسرائیل کے ایک مرد نے اپنے نزدیکی رشتہ داروں میں سے ایک شخص کو قتل کردیا تا کہ اس کی میراث کا مالک ہو جائے، یہودیوں کا رجحان یہ تھا کہ اس کا قاتل مل جائے، اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو حکم دیا کہ ایک گائے ذبح کریں اور اس کا ایک حصہ مقتول کے بدن سے متصل کردیں تا کہ وہ زندہ ہو کر قاتل کی خبر دے۔

کافی بحث و نزاع کے بعد جس گائے کی تلاش تھی مل گئی اسے ذبح کیا اور گائے کے بعض عضاء کو مقتول کے بدن سے متصل کردیا، تو اسے زندہ پایا اور اس سے اس مسئلہ کو دریافت کر قاتل کا پتہ لگایا۔(۳)

۳۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "و اذ قلتم يا موسىٰ لن نؤمن لك حتىٰ نرى الله ة فاخذتكم الصاعقة و انتم تنظرون ثم بعثناكم من بعد موتكم لعلكم ون" (۴) "اور وہ وقت بھی یاد کرو جب تم نے موسیٰ سے کہا کہ: ہم اس وقت تک

الدر المنثور، ج ۱، ص ۳۱۱۔ الجامع البیان، ج ۲، ص ۷۹۷۔ کشاف، ج ۱، ص ۲۸۹۔ ۲۔ سورۂ بقرہ، آیت ۷۳۔
ثعلبی، قصص الانبیاء، ص ۲۰۳، ۲۰۷۔ الدر المنثور، ج ۱، ص ۷۹۔ جامع البیان، ج ۱، ص ۵۰۹۔
سورۂ بقرہ، آیات ۵۵، ۵۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ خدا کو علانیہ نہ دیکھ لیں جس کے بعد جلا دینے والی بجلی نے تم کو اپنی گرفت میں لے لیا اور تم دیکھتے ہی رہ گئے، پھر ہم نے تمہیں موت کے بعد زندہ کر دیا کہ شاید اب شکر گزار بن جاؤ"۔

یہ آیت حضرت موسیٰؑ کے تابعین کے ایک گروہ سے مربوط ہے جنہوں نے ان سے خدا کے دیدار کی درخواست کی کہ یہی درخواست، نزول عذاب اور ان کی موت کا باعث ہوتی مگر پھر بھی اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ کیا۔(۱)

۴۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:" او کالذی مرّ علی قریة و هی خاویة علی عروشها قال انّی یحیی هذه اللّٰه بعد موتها فاماته اللّٰه مائة عام ثم بعثه " (۲)

"یا اس بندہ کی مثال جس کا گزر ایک قریہ سے ہوا جس کے سارے عرش و فرش گر چکے تھے تو اس بندہ نے کہا کہ مجھے تعجب ہے کہ خدا ان سب کو موت کے بعد کس طرح زندہ کرے گا تو خدا نے اس بندہ کو سو سال کے لیے موت دے دی اور پھر زندہ کیا"۔

اکثر مفسرین یوں نقل کرتے ہیں کہ انبیاء الٰہی میں سے ایک نبی اپنے ایک سفر میں دیہات سے گزرے تو دیکھا وہاں کے تمام باشندے موت کی آغوش میں پڑے ہوئے، اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کی قدرت مطلقہ پر چونکہ ایمان رکھتے تھے اپنے دل میں سوال کیا: کون سی ذات ہے جو طویل مدت کے توقف کے بعد ان مردوں کو دوبارہ واپس لائے؟! وقت اللہ تعالیٰ نے انہیں موت دے دی اور سو سال کے بعد جو ان کے جسم کے اجز

۱۔ کشاف، ج۱، ص ۷۲۔ الجامع البیان، ج۱، ص ۳۱۵۔ در منثور، ج۱، ص ۷۰ وغیرہ۔

۲۔ سورۂ بقرہ، آیت ۲۵۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بکھرے ہوئے تھے، انہیں دوبارہ واپس اسی دنیا میں بھیجا، اور ان کے چوپایوں کے حشر کی کیفیت کی بھی نشان دہی کی تاکہ اسی عمل میں حشر ونشر کو دیکھ کر قیامت کے لیے اطمینان قلب حاصل کریں۔(۱)

۵۔اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ کے قول کی حکایت کرتے ہوئے فرمایا:" و اُحـــي الموتی باذن اللّه "(۲)"میں اللہ کی اجازت سے مردہ کو زندہ کرتا ہوں"۔

سیوطی نقل فرماتے ہیں: عیسیٰؑ نے اپنے دوست عازر کو زندہ کیا۔ نیز ضعیف العمر عورت کے فرزند کی زندگی کو پلٹایا۔ اور ایک لڑکی کو بھی زندہ کیا۔ تینوں زندہ ہونے کے بعد بہ قید حیات تھے اور اپنے بعد اپنی یادگار بھی اولاد کی شکل میں چھوڑ گئے۔(۳)

طبری کا قول ہے:"حضرت عیسیٰؑ مردوں کو اپنی دعا سے زندہ کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ بھی ان کی دعا مستجاب فرماتا تھا"۔(۴)

۶۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:" و یوم نحشر من کل امۃ فوجا ممن یکذب بآیاتنا فھم یوزعون" (۵)"اور اس دن ہر امت میں سے وہ فوج اکٹھا کریں گے جو ہماری آیتوں کی تکذیب کیا کرتے تھے اور پھر الگ الگ تقسیم کردیے جائیں گے"۔

اس آیہ کریمہ میں ایسے قرائن موجود ہیں جو رجعت پر حمل کرنے کے لیے شاہد بن سکتے ہیں نہ کہ قیامت کے۔

۱۔کشاف، ج۱، ص۲۹۵۔ در منثور، ج۱، ص۳۳۱۔ الجامع البیان، ج۳، ص۳۰۔
۲۔سورۂ آل عمران، آیت ۴۹۔ ۳۔تفسیر الجلالین، ج۱، ص۷۳۔
۴۔الجامع البیان، ج۳، ص۲۷۵۔ ۵۔سورۂ نمل، آیت ۸۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الف۔ کلمہ ''من کل امۃ '' ہرامت سے اور ہم جانتے ہیں کہ قیامت تمام لوگوں اور امتوں سے مربوط ہے۔

ب۔ کلمہ ''فوجاً'' ایک گروہ اس لیے کہ کلمہ کا نکرہ ہونا استغراق (سب) کے لیے ناسازگار ہے۔

۷۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''قالوا ربنا امتنا اثنتین و احییتنا اثنتین فاعترفنا بذنوبنا فھل الی خروج من سبیل" (۱) ''اس وقت کفار کہیں گے: ''اے ہمارے پروردگار! تم نے ہم کو دو مرتبہ مارا اور دو مرتبہ زندہ کیا اب ہمیں اپنے گناہوں کا اقرار و اعتراف ہے تو کیا اس وقت یہاں سے نکلنے کا بھی کوئی راستہ ہے؟''۔

اس آیت کے استدلال کی کیفیت میں رجعت کے متعلق کہا گیا ہے کہ: ''اماتہ'' سے مراد یہ ہے کہ: ذی حیات موجودات کی زندگی کو سلب کرنا یہ صرف رجعت کے ساتھ سازگار ہے۔

اس امت میں گزشتہ امتوں کے حوادث کا واقع ہونا

وہ روایات جو شیعہ اور اہل سنت نے نقل کی ہیں اس میں ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ پیغمبر اکرمؐ ان حادثات کے واقع ہونے کی خبر دیتے ہیں جو گزشتہ امتوں میں رونما ہوئے ہیں۔ صحیح بخاری میں ابوسعید خدری نے پیغمبر اکرمؐ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: " لتتبعنّ سنن من کان قبلکم شبراً بشبر، و ذراعاً بذراع" (۲) ''یقیناً تم لوگ اپنے گزشتہ افراد کی سنتوں کی پیروی کروگے بالشت بہ بالشت اور ذراع بہ ذراع''۔

۱۔ سورۂ غافر (مومن)، آیت ۱۱۔

۲۔ صحیح بخاری، ج ۹، ص ۱۱۲۔ کتاب الاعتصام بقول النبیؐ۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اسی طرح شیخ صدوقؒ نے پیغمبر اکرمؐ سے روایت نقل کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:
"کل ما کان فی الامم السالفة فانّه یکون فی هذه الامّة مثله، حذوا النعل بالنعل، و القذّة بالقذّة" (۱) "اس امت میں بھی بغیر کسی کمی و زیادتی کے وہی سب کچھ ہو بہو ہوگا جو گزشتہ امتوں میں ہو چکا ہے"۔

یہ بات واضح ہے کہ رجعت ان اہم حوادث میں سے ہے جو گزشتہ امتوں کی تاریخ میں رونما ہوئی ہے، جیسا کہ قرآن کریم نے قوم یہود اور بنی اسرائیل کے متعلق بعض مقامات کا ذکر کیا ہے، لہٰذا مذکورہ حدیث نبوی کے تقاضا کے مطابق اسلامی امت میں بھی وہ واقع ہو گی۔ امام رضاؑ نے مامون عباسی کے رجعت کے متعلق سوال کے جواب میں مذکورہ حدیث نبوی سے استدلال فرمایا ہے۔ (۲)

اہل سنت اور عقیدۂ رجعت

منابع اہل سنت میں مراجعہ کرنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ان کے بزرگ افراد رجعت کے معتقد تھے اب ان میں سے بعض کی طرف بطور نمونہ اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ عمر ابن خطاب اور عقیدۂ رجعت

خلیفۂ دوم، سب سے پہلے وہ شخص تھے جنہوں نے رسول خداؐ کی رجعت کا ادّعا کیا اور پر اصرار فرمایا۔ وہ پیغمبر اکرمؐ کی رحلت کے بعد کہا کرتے تھے: آنحضرتؐ اللہ تعالیٰ کی قات کے لیے گئے ہیں عنقریب واپس آ جائیں گے اور ان منافقین کے ہاتھ اور پاؤں کو کریں گے جو آنحضرتؐ کی موت کے معتقد تھے۔

ل الدین، ص ۵۷۶۔ ۲۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۵۹، ح ۴۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

"عن ابی هریرة لمّا توفّي رسول اللّهؐ قام عمر بن الخطاب فقال: انّ رجالاً من المنافقين يزعمون انّ رسول اللّهؐ توفّي، و اللّه ما مات و لكنّه ذهب الى ربّه كما ذهب موسىٰ بن عمران فقد غاب عن قومه اربعين ليلة ثم رجع اليهم بعد ان قيل قد مات، و اللّه ليرجعنّ رسول اللّهؐ كما رجع موسىٰ فليقطعنّ ايدي رجال و ارجلهم زعموا انّ رسول اللّهؐ مات" (۱) "ابن ہشام ابو ہریرہ سے نقل کرتے ہیں: جب پیغمبر اکرمؐ کی رحلت واقع ہوئی تو عمر ابن خطاب نے کھڑے ہوکر فریاد کی: بعض منافقین کے زعم ناقص میں یہ ہے کہ پیغمبرؐ دنیا سے رخصت ہوگئے ہیں۔ خدا کی قسم! وہ دنیا سے نہیں گئے ہیں بلکہ وہ اپنے پروردگار کی طرف گئے ہیں وہ موسیٰ ابن عمران کی طرح ہیں جو اپنی قوم کے درمیان سے چالیس رات تک غائب تھے، پھر ان کی طرف واپس آئے جب کہ کہا جاتا تھا کہ وہ دنیا ہی سے رخصت ہوگئے ہیں۔ خدا کی قسم! پیغمبر اکرمؐ بھی موسیٰ کی طرح واپس آئیں گے اور ان افراد کے ہاتھ پاؤں کو جدا کریں گے جو یہ گمان کرتے تھے کہ وہ دنیا سے رخصت ہوگئے ہیں۔

۲۔ قرطبی اور عقیدۂ رجعت

قرطبی؛ ابن دحیہ کی تردید میں فرماتے ہیں:" و فيما ذكره ابن دحية نظر، و ذلك انّ فضائل النبيّ و خصائصه لم تزل تتوالى و تتابع الى حين مماته ،فيكون هذا ممّا فضّله تعالىٰ و اكرمه به ،و ليس احياؤ هما ممتنعا عقلاً و

۱۔ سیرت ابن ہشام، ج۲، ص ۳۰۵۔ الملل و النحل، ج۶، ص ۳۶۴۔ رسالۂ عقائدیہ، ص ۲۱۱ الھجوم علی بیت فاطمہؑ، ص ۶۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شرعاً، فقد ورد فی الکتاب العزیز احیاء قتیل بنی اسرائیل و اخباره بقاتله، و کان عیسیٰ یحیی الموتیٰ و کذلک نبیّنا احیی اللّٰه علی یدیه جماعة من الموتیٰ، و اذا ثبت هذا فما یمتنع من ایمانهما بعد احیاء هما زیادة فی کرامته و فضیلته ...و قد ظفرت باستدلال اوضح منه، وهو ما ورد انّ اصحاب الکهف یبعثون آخر الزمان وورد عن ابن عباس مرفوعاً اصحاب الکهف اعونوا المهدی، و لابدع فی ان یکون اللّٰه تعالیٰ کتب لأبویه عمراً، ثم قبضهما قبل استیفائه، ثم اعادهما لاستیفاء تلک اللحظة الباقیة و آمنا فیها..."(۱)

جو کچھ ابن دحیہ نے کہا: (کہ حدیث جعلی ہے) اس پر اعتراض وارد ہوا ہے، اس لیے کہ رسول خداؐ کے فضائل و امتیازات پے در پے ان کی رحلت تک مسلسل جاری رہیں گے۔(۲) لہٰذا آنحضرتؐ کے والدین کا زندہ ہونا آنحضرتؐ کے فضائل و کرامات میں شمار ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عنایت فرمایا ہے۔

پس آنحضرتؐ کے والدین کے زندہ ہونے اور ایمان لانے میں کسی قسم کی عقلی یا شرعی ممانعت نہیں پائی جاتی، اس لیے کہ قرآن میں بنی اسرائیل کے مقتول کے زندہ ہونے اور اس کے قاتل کی خبر دینے کا ذکر موجود ہے۔ حضرت عیسیؑ مردوں کو زندہ کرتے تھے، جیسا کہ

۱۔ سبل الھدیٰ فی سیرۃ خیر العباد، ج۲، ص۱۲۲۔

۲۔ البتہ شیعی نقطۂ نظر سے پیغمبر اکرمؐ اور ان کے اہل بیتؑ کے فضائل اور معنوی و روحانی خصوصیتیں بلکہ جسمانی بھی موت کے بعد بھی برقرار رہتی ہیں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیغمبرؐ کے ہاتھوں ایک گروہ کے مردوں کو زندہ کیا تھا۔ جب یہ مطالب ثابت ہو گئے تو پھر پیغمبرؐ کی فضیلت و کرامت کی بنا پر ان کے زندہ ہونے پر ایمان رکھنے میں بھی کوئی ممانعت نہیں پائی جاتی اور مجھے یقیناً اس سے واضح ترین استدلال مل گیا، روایت کی گئی ہے کہ اصحاب کہف آخری زمانہ میں مبعوث ہوں گے۔

ابن عباسؓ سے مرفوعاً (۱) روایت نقل ہوئی ہے کہ اصحاب کہف، حضرت مہدیؑ کے ناصروں میں سے ہوں گے، کوئی نیا واقعہ ظہور پذیر نہیں ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرتؐ کے والدین کے لیے ایک عمر معین کی ہو اور اس کے ختم ہونے سے پہلے ان کی روح قبض کر لے اور پھر واپس پلٹا دے تا کہ اپنی بقیہ عمر سے استفادہ کریں، ایمان لائیں اور دوبارہ دنیا سے کوچ کریں"۔

۳۔ ابن کثیر اور عقیدۂ رجعت

ابن کثیر، ابن دحیہ اور قرطبی کے درمیان مقام قضاوت میں فرماتے ہیں: "هذا كله متوقف على صحة الحديث فاذا صح فلامانع منه" (۲) "یہ زندہ ہونا حدیث کی صحت پر موقوف ہے، اگر حدیث صحیح ہو تو ان کے زندہ ہونے میں کوئی مانع نہیں ہے"۔

اس بنا پر رجعت، دلائل کی صحت پر موقوف ہے کہ اگر صحیح دلیلیں اس پر دلالت کریں تو کوئی عقلی یا شرعی مانع نہیں ہے۔ اس کے علاوہ آیات و روایات کی دسیوں دلیل اس مسئلہ پر دلالت کرتی ہے۔

۱۔ حدیث مرفوع اہل سنت کی اصطلاح میں اسے کہتے ہیں کہ ایک حدیث رسول خداؐ سے نقل کی جائے اور خود صحابی کا قول نہ ہو۔ ۲۔ تفسیر القرآن العظیم، ج۲، ص۳۹۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۴۔ استادِ جامعۃ الازہر اور عقیدۂ رجعت

شیخ حجازی، الازہر یونیورسٹی کے استاد اس آیہ مبارکہ کے ذیل میں "و اذا وقع القول علیھم اخرجنا لھم دابۃ من الارض" (۱) تحریر فرماتے ہیں: ''ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ''دابۃ'' جو زندہ ہوگا، ایک عام انسان جو کتاب خدا، سنت رسول خداؐ اور احکام شریعت کا عالم ہوگا جو لوگوں سے گفتگو کرے گا۔ اس وقت خروج کرے گا جب علماء، اور علم کا مسلمانوں کے درمیان سے خاتمہ ہو جائے گا، احکام قرآن کا لوگوں کے درمیان سے بھی خاتمہ ہو جائے گا اور تمام عالم میں فتنہ و فساد پھیل چکا ہوگا۔

یہ اس بات پر دلیل ہے کہ یہ ''دابۃ'' عام انسان ہے۔ حدیث پیغمبرؐ ہے کہ ''وہ سب سے زیادہ محترم مساجد (مسجد الحرام) سے خروج کرے گا اس کے ہاتھ میں عصائے موسیٰ اور سلیمانؑ کی انگوٹھی ہوگی جس سے مومن و کافر کی شناخت کرائے گا۔ (۲)

اور ہر ایک شخص کو اس کے نام سے خطاب کرے گا کہ اے فلاں! تم اہل بہشت میں سے ہو اور اے فلاں! تم اہل جہنم میں سے ہو۔ (۳)

۱۔ سورۂ نمل، آیت ۸۲۔

۲۔ روح المعانی، جزء ۲۰، ص ۱۹۔ کنز العمال، ج ۱۴، ص ۹۲۳۔

۳۔ غرائب القرآن و رغائب الفرقان، ج ۵، ص ۳۲۱۔ الوسیط، ج ۳، ص ۲۸۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بعض افراد کی رجعت

جو کچھ روایات اہل بیتؑ سے استفادہ ہوتا ہے یہ ہے کہ:

۱۔ رجعت قیامت کی طرح عمومی اور سب کے لیے نہیں ہے، بلکہ ان لوگوں سے مخصوص ہے جو خالص ایمان یا خالص کفر کے حامل ہیں۔

امام صادقؑ نے فرمایا: "انّ الرجعة لیست بعامّة و هی خاصّة لا یرجع الّا من محض الایمان محضاً او محض الشرک محضاً"(۱)

"رجعت عام افراد کے لیے نہیں ہوگی بلکہ خاص لوگوں کی رجعت ہوگی صرف خالص مومن اور خالص شرک کی دنیا میں دوبارہ بازگشت ہوگی"۔

۲۔ وہ روایات جو بعض افراد کے خصوصی طور پر رجعت کے لیے دلالت کرتی ہیں۔

امام صادقؑ سے نقل ہوا ہے کہ آپ نے فرمایا: "سب سے پہلے جس شخص کے لیے زمین شگافتہ ہوگی اور زمین کی طرف واپس ہوں گے وہ حسین بن علی علیہما السلام ہیں"۔(۲)

نیز حضرت سے نقل ہوا ہے کہ آپ نے فرمایا: "سب سے پہلے جس شخص کے لیے دنیا میں رجعت ہوگی وہ حسین بن علیؑ کی ذات گرامی ہے، وہ اتنی مدت تک حکومت کریں گے کہ طولانی عمر کی بنا پر آپ کی بھویں لٹک کر آپ کی آنکھوں پر آجائیں گی"۔

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۳۹۔

۲۔ الزام الناصب، ج ۲، ص ۳۶۰۔

۳۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۴۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

خواتین کی رجعت

زمانۂ ظہور میں، حضرت مہدیؑ کے ناصرین کا ایک گروہ خواتین میں سے ہوگا کہ اللہ تعالیٰ امام زمانہؑ کے ظہور کی برکت سے انہیں زندہ کرے گا اور دوبارہ دنیا کی طرف واپس لائے گا۔ اور حضرت مہدیؑ کی رکاب میں ہوں گی، بعض کے نام و نشان کے ساتھ ان کے زندہ ہونے کی خبر دی ہے اور بعض کے صرف واپس آنے کی گفتگو کی ہے۔

معتبر اسلامی منابع میں تیرہ خاتون کے نام کا تذکرہ ہوا ہے جو قائم آل محمد علیہم السلام کے ظہور کے وقت زندہ ہوں گی، امام زمانہؑ کے لشکر میں جنگی مجروحین اور بیماروں کا مداوا اور ان کی سرپرستی کریں گی۔ (۱)

رجعت پر اعتقاد رکھنے کے آثار

۱۔ اس جہت سے کہ زمین پر ظہور کا زمانہ بہشت کی مانند ہے، اور ایک طرف روایات کا مطلب، نیک اور برے انسانوں کی رجعت ہے، لہذا یہ عقیدہ انسان کو شوق دلاتا ہے تاکہ نیک انسان کے مصداق بننے کی کوشش کرے زمانۂ ظہور اور حضرت مہدیؑ کی حکومت میں یہ فضیلت حاصل کر سکے۔

۲۔ اس لحاظ سے کہ انسان ظہور سے قبل ظہور کے لیے زمینہ فراہم کرتا ہے، لہذا رجعت کی بحث تربیتی اثر اور عملی پہلو کی حامل ہے۔

۱۔ دلائل الامامۃ، طبری، ص ۳۱۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

رجعت کے شبہات کی تحقیق

اب بحث کے آخر میں رجعت کے بعض شبہات کی تحقیق پیش کریں گے:

پہلا شبہ:

عقیدۂ رجعت بعض قرآنی آیات کے مخالف ہے، اس لیے کہ قرآن میں ذکر ہوا ہے:

"حتیٰ اذا جاء احدھم الموت قال ربّ ارجعون لعلّی اعمل صالحا فیما ترکت کلا انھا کلمة ھو قائلھا و من ورائھم برزخ الی یوم یبعثون "(۱) "یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کی موت آئی تو کہنے لگے: پروردگارا! تو مجھے (ایک مرتبہ) اس مقام (دنیا) میں جسے چھوڑ کر آیا ہوں پھر واپس کر دے تا کہ میں (اب کی دفعہ) اچھے اچھے کام کروں (جواب دیا جائے گا:) ہرگز نہیں یہ ایک لغو بات ہے جسے وہ حسرت ویاس کے عالم میں بک رہا ہے اور ان کے مرنے کے بعد عالم برزخ ہے اس دن تک کہ دوبارہ قبروں سے اٹھائے جائیں"۔

جواب:

سب سے پہلے یہ کہ ظاہر بلکہ آیت کی صراحت صدر آیت کے قرینہ سے پتہ چلتا ہے کہ وہ حالت احتضار کے متعلق ہے جیسا کہ فرمایا:" حتیٰ اذا جاء احدھم الموت " اور آیت کے ذیل میں فرماتا ہے:"و من ورائھم برزخ"

دوسرے یہ کہ، آیت کا ظہور کافر کے پلٹنے کا مطالبہ محقق نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے، اور

۱۔ سورۂ مومنون، آیات ۹۹، ۱۰۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ارادۂ الٰہی کے ساتھ رجوع کرنے پر کوئی تضاد نہیں رکھتا، جیسا کہ گزشتہ امتوں میں ارادۂ الٰہی اور خاص مصلحت کے ساتھ ایسا اتفاق ہوا ہے۔

تیسرے یہ کہ: آیت مدّعا سے اخص ہے، اس لیے کہ یہ آیت کفار سے مخصوص ہے، جب کہ باب رجعت میں خالص مومنین اور کفار کے رجوع کرنے کی بحث ہوئی ہے۔

دوسرا شبہ:

رجعت کا قائل ہونا عقل کے مخالف ہے، اس لیے کہ مجرمین اور گنہگاروں کے پلٹنے کی دلیلیں موجود ہیں:

الف۔ عذاب کی جہت سے ہے کہ ان کا ظلم باعث رجعت ہوگا، اس لیے کہ بنا یہ ہے کہ آخرت میں انسان پر عذاب نازل ہو۔

ب۔ ایذا و اذیت کی جہت سے ہے، جو قبر میں محقق ہوا ہے، لہٰذا دنیا میں زندہ ہونا عبث اور لغو ہے۔

ج۔ ان کا لوگوں کے ساتھ خیانت کرنے کے اظہار کی جہت سے ہے کہ یہ اظہار ان کے عقیدہ رکھنے والوں کے زمانہ میں زیادہ مناسب ہے، اور نیک لوگوں کی رجعت سے بھی یہ لازم آتا ہے کہ وہ لوگ بلاوجہ دو مرتبہ مرنے کی وجہ سے آزار و اذیت میں مبتلا ہوں۔

جواب:

سب سے پہلے یہ کہ، دنیا میں خالص کفر و شرک میں مستغرق ہونے کی وجہ سے عذاب میں مبتلا ہونا ان کے منجملہ عذاب میں سے ایک ہے، کہ مصلحت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اسی دنیا میں مقدم کر دیا جائے، لہٰذا عقلی مانع موجود نہیں ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دوسرے یہ کہ، اولیاء الٰہی بالخصوص انبیاء، اولیاء کی بہ نسبت موت ایسی ہی ہے جیسے بہترین خوشبو سونگھی جائے۔ جیسا کہ روایات میں ذکر ہوا ہے۔

تیسرا شبہ:

رجعت کا عقیدہ یہودیوں سے اخذ کیا گیا ہے۔

جواب:

رجعت کا عقیدہ دلائل کے تابع ہے، یہاں تک کہ اگر یہودیوں کے دین میں بھی یہ عقیدہ موجود ہو۔ اور صرف دوسرے ادیان میں ایک اسلامی عقیدہ کا موجود ہونا اس بات کی دلیل نہیں بن سکتا کہ یہ عقیدہ دوسرے ادیان سے اخذ کیا گیا ہے۔

چوتھا شبہ:

رجعت میں رجوع کرنا مرحلۂ فعلیت (حال) سے مرحلۂ قوت (آئندہ) کی طرف جانا ہے، اس بیان سے کہ:

الف۔ موت استکمال حیات کے اور مرحلۂ قوت سے مرحلۂ فعلیت کی طرف خارج ہوئے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔

ب۔ موت کے بعد دنیا کی طرف رجوع کرنا، مرحلۂ قوت سے مرحلۂ فعلیت کی طرف رجوع کرنا ہے۔

ج۔ مرحلۂ فعلیت کے بعد مرحلۂ قوت کی طرف رجوع کرنا محال ہے، جیسا کہ اس کی طرف فلسفہ میں اشارہ کیا گیا ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ: رجعت محال ہے:

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جواب:

یہ اعتراض طبیعی اموات پر صادق آتا ہے، نہ کہ غیر طبیعی اموات پر جو قتل یا مرض اور دوسرے حادثاتی امور سے واقع ہوتی ہیں کہ اکثر اموات اسی طرح کی ہوتی ہیں۔

پانچواں شبہ:

رجعت کا لازمہ تناسخ باطل ہے:

جواب:

تناسخ باطل سے مراد یہ ہے کہ ایک روح دوسرے شخص کے جسم میں داخل ہو جائے اور یہ رجعت کے مقامات میں سے نہیں ہے، اس لیے کہ رجعت میں روح اپنے گزشتہ اصلی بدن کی طرف واپس جاتی ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

چوتھا حصّہ

زمانۂ غیبت میں ہماری ذمّہ داریاں

پیش گفتار

مہدویت کی اہم ترین بنیادی بحثوں میں سے مسلمانوں کے فرائض خصوصاً زمانۂ غیبت میں حضرت مہدیؑ کے شیعوں کی ذمہ داریوں کے متعلق گفتگو ہے۔ وہ بحث جو عملی پہلو رکھتی ہے ان فرائض پر عمل کرنے کی صورت میں اسلامی معاشرہ میں ایک عظیم تحول وتبدل ایجاد کیا جا سکتا ہے اور لوگوں کو گمراہی اور جاہلیت کی موت سے نجات کا موجب بھی ہو سکتا ہے۔

اسی جہت سے اس کی اہمیت ہے کہ بعض جلیل القدر مولفین نے اس سلسلہ میں بحث، تالیف وتصنیف کا ارادہ واہتمام کیا اور اس کے متعلق کتابیں تحریر کیں منجملہ ان کتابوں میں سے "تکالیف الانام فی زمن غیبۃ الامام" شیخ علی اکبر ہمدانی، اور "وظائف الانام فی غیبۃ الامام" نامی کتاب محمد تقی اصفہانی نے فارسی زبان میں تحریر کی اور اس کی مفصل ترین بحثوں کو عربی زبان میں لکھا ہے اور اس کا نام امام زمانہؑ کی سفارش وراہنمائی سے "مکیال المکارم فی فوائد الدعاء للقائم" رکھا۔

سید جلیل علی ابن طاوس رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں میں اس محور پر یعنی امام زمانہؑ کے مقابل میں مومنین کے فرائض کے موضوع پر بہت زیادہ اہتمام کا ہم مشاہدہ کرتے ہیں، جس طرح

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کہ کتاب "الاقبال"، "کشف المحجۃ"، "جمال الاسبوع" اور آپ کی دوسری کتابوں کی طرف مراجعہ کرنے کے بعد اس مسئلہ کو سمجھ لیں گے۔ اور شہید محمد صدرؒ نے بھی اپنی کتاب "تاریخ الغیبۃ الکبریٰ" کے ایک اہم حصہ کو اسی موضوع بحث سے مخصوص کیا ہے۔ حاجی نوری نے اپنے کتاب "نجم الثاقب" کی آٹھویں بحث میں جو کہ فارسی میں ہے اس موضوع کو بیان کیا ہے۔ لیکن عین اسی حالت میں اس قسم کی بحث خصوصاً اس زمانہ کی قطعی ضرورت کا احساس ہوتا ہے، اس لیے کہ ہر زمانہ اپنے خاص شرائط کا حامل ہوتا ہے بالخصوص زمانہ کے اس حصہ میں جب خاص اعتقادی، سیاسی اور معاشرتی حالت و کیفیت رونما ہو چکی ہے لہٰذا مناسب ہے کہ ایسے مطالب اس موضوع پر زمانہ کے مطابق تحریر کیے جائیں اور یاد دہانی کے ذریعہ لوگوں کے زمانہ کے شرائط کے مطابق انہیں تمام فرائض سے آشنا کرائیں۔

اہل سنّت کا نظریہ

اہل سنّت اگرچہ ولادت حضرت مہدیؑ اور اس زمانہ میں ان کے زندہ ہونے پر اعتقاد نہیں رکھتے اور ان کا عقیدہ محض یہ ہے کہ مہدی موعودؑ آخری زمانہ میں اپنے ظہور سے پہلے پیدا ہوں گے بغیر اس کے کہ ان کے لیے کوئی غیبت ہو جیسا کہ شیعۂ امامی معتقد ہیں، لیکن عین اسی حالت میں ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ اہل سنّت کے نزدیک معتبر حدیثی منابع میں بہت سی حدیثیں موجود ہیں کہ جن میں مسلمانوں کے فرائض و وظائف حضرت مہدیؑ کے ظہور سے قبل بیان ہوئے ہیں۔ اس وقت وہ احادیث جو طرق اہل سنّت سے ہم تک پہونچی ہیں ان میں زمانۂ پیغمبر اکرمؐ، امام مہدیؑ کے ظہور اور ہمارے اس زمانہ میں جو

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فرائض ہیں ذکر ہوئے ہیں، لہذا یہ ادّعا کیا جا سکتا ہے کہ اہل سنت بھی اس معنی میں زمانہ غیبت میں فرائض و وظائف کے پابند ہیں، اگرچہ شیعہ حدیثی منابع و مآخذ میں اس کے متعلق زیادہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

زمانۂ غیبت کے فرائض

زمانۂ غیبت میں آداب و فرائض کا مقصد ایسے امور اور اعتقادات ہیں جو ہر مسلمان خصوصاً امام زمانہؑ کے شیعوں کو رکھنا چاہیے، اس لیے کہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ آنحضرتؑ زندہ ہیں لہذا یہ امر ہم پر کچھ فرائض اور تکالیف واجب قرار دیتا ہے کہ ان میں سے بعض کو ہم بیان کریں:

۱۔ ظہور کے حتمی ہونے کا امکان

زمانۂ غیبت کے منجملہ فرائض میں سے، آخری زمانہ میں حضرت مہدیؑ کے ظہور کے حتمی ہونے کا ایمان رکھنا بھی ہے اگرچہ حضرتؑ کے ظہور میں تاخیر ہو جائے۔ اور یہ کہ وہ حضرت زہراؑ کی اولاد میں سے ہیں اور جب ان کا ظہور ہوگا تو زمین کو عدل و انصاف سے پُر کر دیں گے۔

دراصل یہ عقیدہ تمام مسلمانوں کے درمیان بنیادی مشترک فرائض میں سے ہے۔

اسی دلیل سے علمائے شیعہ اور اہل سنت کی ایک جماعت نے حضرت مہدیؑ کے ظہور پر اعتقاد رکھنے کے لازمی ہونے پر استدلال کیا ہے کہ ان میں سے ہم بعض کے اقوال کی طرف اشارہ کریں گے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الف۔ علمائے شیعہ کے اقوال

شیخ صدوقؒ نے قیام حضرت حجتؑ پر عقیدہ وایمان رکھنے کو واجب قرار دینے کے بعد اس موضوع پر متعدد روایات نقل کر کے "ایمان بالغیب" کو سورۂ بقرہ میں متقین کے صفات میں سے ایک صفت پر منطبق کیا ہے۔ اس کے ایک ظاہری مصادیق میں سے یعنی حضرت مہدیؑ کے ظہور پر ایمان رکھنے کے متعلق فرمایا ہے: "و لا یکون الایمان صحیحاً من مؤمن الّا من بعد علمه بحال من یؤمن به، کما قال اللّٰه تبارک و تعالیٰ "الّا من شهد بالحق و هم یعلمون (۱)" "فلم یوجب لهم صحة ما یشهدون به الّا من بعد علمهم ثم کذلک لن ینفع ایمان من آمن بالمهدی القائم علیه السلام حتی یکون عارفاً بشانه فی حال غیبته" (۲)۔

"کسی مومن کا ایمان اس وقت تک صحیح نہیں ہو سکتا جب تک کہ اسے امام زمانہؑ کے احوال کا علم نہ ہو جائے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "الّا من شهد بالحق و هم یعلمون" مگر وہ افراد جو سمجھ بوجھ کر حق کی شہادت دیں۔ شہادت دینے والوں کی حق کے لیے گواہی صحیح واقع نہیں ہوگی مگر اس علم کے بعد، امام زمانہ کا مسئلہ بھی اسی طرح ہے، اس لیے کہ کسی شخص کا مسئلہ مہدویت پر ایمان اسے نفع نہیں پہنچا سکتا مگر اس صورت میں جب وہ زمانۂ غیبت میں حضرتؑ کی شان ومنزلت کی معرفت رکھتا ہو"۔

۱۔ سورۂ زخرف، آیت ۸۶۔
۲۔ کمال الدین، ج۱، ص۱۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اسی وجہ سے شیعہ اور سنی روایات میں ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ مہدیؑ کے ظہور کا انکار کرنے والا کافر شمار کیا گیا ہے۔ جابر ابن عبداللہ انصاری پیغمبر اکرمؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: "من انکر خروج المهدی فقد کفر بما انزل علی محمد و من انکر نزول عیسیٰ فقد کفر، و من انکر خروج الدجال فقد کفر، فانّ جبرئیل علیه السلام اخبرنی بانّ اللّٰه عزّوجلّ یقول: "من لم یؤمن بالقدر خیره و شرّه فلیاخذ ربّاً غیری" (۱) "جو شخص مہدیؑ کے ظہور کا منکر ہے جو کچھ محمدؐ پر نازل ہوا ہے اس کا انکار کرنے والا ہے، جو شخص عیسیٰؑ کے نزول کا منکر ہے وہ کافر ہے۔ جو شخص دجال کے خروج کا منکر ہے کافر ہے۔ یقیناً جبرئیلؑ نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جو شخص قضا و قدر پر خواہ وہ نیک ہو یا بد ایمان نہ رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ میرے علاوہ کسی اور کو اپنا پروردگار بنالے۔"

امام صادقؑ سے ایک روایت میں اللہ تعالیٰ کے قول "الم ذلک الکتاب لا ریب فیه هدیً للمتقین الذین یؤمنون بالغیب و یقیمون الصّلاة و ممّا رزقناهم ینفقون" کی تفسیر میں پڑھتے ہیں کہ آنحضرتؑ نے ارشاد فرمایا: "متقین شیعیان علیؑ ہیں اور غیبت سے مراد وہی حجت غائب ہیں، یعنی مہدیؑ منتظر"۔ (۲)

امام صادقؑ کی ایک اور روایت میں غیب کے مصادیق میں سے ایک مصداق مہدیؑ کا آخری زمانہ میں ظہور بتایا گیا ہے۔

۱۔ فرائد السمطین، ج ۲، ص ۳۳۴، باب ۶۱۔ الحاوی للفتاوی، ج ۲، ص ۸۳۔ الاذاعة، ص ۱۳۷۔ عقد الدرر، ص ۱۵۷۔

۲۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۳۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ب۔ علمائے اہل سنت سے ماخوذ عبارات

ا۔ احمد ابن محمد ابن صدیق کہتے ہیں: "... فالایمان بخروجه واجب و اعتقاد ظهوره تصديقاً لخبر الرسول محتم لازب كما هو مدون في عقائد اهل السنة و الجماعة من سائر المذاهب و مقرر في دفاتر علماء الامة على اختلاف طبقاتها و المراتب ..."(۱)

"مہدیؑ کے خروج پر ایمان رکھنا واجب ہے اوران کے ظہور پر اعتقاد رکھنا پیغمبر کی خبر کی تصدیق کی جہت سے یقینی وثابت ہے، جیسا کہ اہل سنت والجماعت کے عقائد میں جو تمام اسلامی مذاہب سے مدون ومرتب ہوئی ہے نیز علمائے امت کے نوشتہ جات میں ان کے طبقات اور مراتب کے مختلف ہونے کو بیان کیا گیا ہے"۔

۲۔ سفارینی حنبلی کہتے ہیں: "فالايمان بخروج المهدى واجب كما هو مقرر اهل العلم و مدوّن في عقائد اهل السنة و الجماعة "(۲)

مہدیؑ کے ظہور پر ایمان رکھنا واجب ہے، جیسا کہ اہل علم کے نزدیک یہ بات ثابت اور اہل سنت والجماعت کے عقائد میں مدوّن ومرتب کیا جا چکا ہے۔

۳۔ شیخ ناصر الدین البانی وہابی المسلک کا قول ہے: "انّ عقيدة خروج المهدى متواترة عنهٌ يجب الايمان بها؛ لأنّها من امور الغيب و الايمان بها ت المتّقين كماقال [الم ذلک الكتاب لا ريب فيه هدى للمتّقين

ابراز الوهم المكنون من كلام ابن خلدون،ص۴۳۳۔۴۳۶۔
لاذالہ،ص۱۳۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الذین یؤمنون بالغیب] ان انکارها لا یصدر الا من جاهل مکابر ،اسال الله تعالیٰ ان یتوفانا علی الایمان بها و بکل ماصحّ فی الکتاب و السنة ". (۱)

"یقیناً مہدی کے ظہور پر عقیدہ رکھنا ایک ایسا عقیدہ ہے جو پیغمبر اکرمؐ سے متواتر طریقہ سے ثابت ہے کہ اس پر ایمان رکھنا واجب ہے، اس لیے کہ یہ عقیدہ امور غیب میں سے ہے کہ جس پر ایمان رکھنا قرآن کریم میں متقین کے صفات میں شمار کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے [یہ وہ کتاب ہے اس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے یہ پرہیزگاروں کے لیے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں] یقیناً اس عقیدہ کا انکار کرنے والا، سوائے جاہل اور جھوٹے شخص کے کوئی اور نہیں ہوسکتا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اس ایمان پر مرنے کی درخواست کرتے ہیں نیز ہر وہ شے جو کتاب وسنت سے صحیح طور پر ثابت ہو۔"

۴۔ استاد عبدالمحسن ابن حمد العباد وهابی المسلک کا قول ہے:" والتصدیق بها داخل فی الایمان بأنّ محمداً رسول اللّه لأنّ من الایمان به تصدیقه فیما أخبره ،و داخل فی الایمان بالغیب الّذی امتدح اللّه المومنین به بقوله :

"الم ذلک الکتاب لا ریب فیه هدی للمتقین الّذین یومنون بالغیب" (۲)

"مسئلہ مہدویت کی تصدیق اور اعتقاد رکھنا، پیغمبر اکرمؐ کی رسالت پر ایمان رکھنے میں داخل ہے، اس لیے کہ پیغمبرؐ پر ایمان رکھنے کے آثار میں سے ان کی ان امور میں تصدیق کرنی ہے جن کی انہوں نے خبر دی ہے نیز ایسے غیب پر ایمان میں داخل ہے جس کی اللہ

۱۔ مجلہ التمدن الاسلامی، شمارہ ۲۲، ص ۶۲۳، طبع دمشق۔

۲۔ مجلہ الجامعۃ الاسلامیۃ، سال اول شمارہ ۳، ذی قعدہ ۱۳۸۸، طبع حجاز۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نے مومنین کی اس پر ایمان رکھنے کی وجہ سے مدح وثنا کی ہے، جیسا کہ فرماتا ہے: اس کتاب میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے یہ پرہیزگاروں کے لیے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں"۔ وغیرہ

۲۔ آزمائشوں میں دین حق سے متمسک رہنا

شیخ کلینیؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا:

"انّ لصاحب الأمر غيبة المتمسک فيها بدينه کالخارط للقتاد... انّ لصاحب هذا الامر غيبة، فليتّق الله عبد و ليتمسّک بدينه "(۱)

"یقیناً اس صاحب امر کے لیے غیبت ہے اور اس دور غیبت میں اپنے دین سے متمسک رہنے والا ایسا ہی ہے جیسے کوئی شخص خار سے پُر شدہ پھول پر ہاتھ کھینچتا ہو... بالیقین اس صاحب امر کے لیے غیبت ہے لوگوں کو چاہیے کہ اللہ سے ڈرتے رہیں اور اپنے دین سے متمسک رہیں"۔

بزار اور دوسروں نے اپنی سند کے ساتھ رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: "انّ من ورائکم ایام الصبر، الصبر فیهنّ کقبض علی الجمر، للعامل فیها اجر خمسین ..."(۲)

"یقیناً تمہارے سامنے ایسے ایام درپیش ہیں کہ ان میں ضرور صبر کرنا، اور ان ایام میں صبر کرنا ایسا ہی ہے جیسے آگ کو اپنی مٹھی میں لینا ہو، جس شخص نے ان ایام میں اپنے فرائض پر عمل کیا ہوگا وہ پچاس گنا ثواب پائے گا..."۔

۱۔ کافی، ج ۱، ص ۳۳۵۔

۲۔ مسند بزاز، ج ۱، ص ۳۷۸۔ المعجم الکبیر، ج ۷، ص ۱۱۷۔ مجمع الزوائد، ج ۷، ص ۲۸۲، وغیرہ۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرت نے فرمایا: "طوبى لمن تمسك بأمرنا في غيبة قائمنا فلم يزغ قلبه بعد الهداية..."(۱) "خوش نصیبی ہے اس شخص کے لیے جو ہمارے قائم کے زمانۂ غیبت میں ہمارے صاحب امر کے دامن سے وابستہ رہے پھر اس کا دل ہدایت کے بعد گمراہ نہ ہو..."۔

نیز اپنی سند کے ساتھ رسول اکرمؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: "و الذي بعثني بالحق بشيراً ليغيبنّ القائم من ولدي بعهد معهود اليه منّي، حتى يقول اكثر الناس ماللّه في آل محمّد حاجة، و يشك آخرون في ولادته فمن ادرك زمانه فليتمسك بدينه و لا يجعل للشيطان اليه سبيلا بشكه، فيزيله عن ملّتي و يخرجه من ديني فقد اخرج ابويكم من الجنة من قبل، و انّ اللّه جعل الشياطين اولياء للّذين لا يؤمنون"(۲)۔

"اس ذات کی قسم! جس نے مجھ کو حق کے ساتھ بشارت دینے والا بنا کر بھیجا اور عہد کے مطابق جو مجھ سے ہوا ہے کہ میری اولاد میں سے امام قائم حتماً غیبت اختیار کرے گا یہاں تک کہ اکثر لوگ کہنے لگیں گے کہ: اب اللہ تعالیٰ کو آلِ محمدؐ کی کوئی حاجت نہیں رہی بلکہ بعد میں آنے والے لوگوں کو تو ان کی ولادت ہی میں شک ہوگا جو شخص امام قائمؑ کے زمانہ میں ہوگا اس پر لازم ہے کہ ان کے دین سے متمسک رہے اور شیطان کو شک پیدا کرنے کا کوئی موقع ہی نہ دے، ورنہ وہ میری ملت اور میرے دین سے خارج ہو جائے گا

۱۔ کمال الدین، ص ۳۵۸۔ ۲۔ کمال الدین، ص ۵۱۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۶۸۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس لیے کہ اسی شیطان نے تمہارے باپ (آدمؑ) کو جنت سے اس سے پہلے نکلوایا تھا اور جو لوگ ایمان نہیں لائے ہیں ان کا ولی، اللہ نے شیاطین کو قرار دیا ہے"۔

۳۔ امام زمانہؑ کی ولایت سے متمسک رہنا

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام محمد باقرؑ سے نقل کیا ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: "طوبیٰ لمن ادرک قائم اهل بیتی و هو یاتمّ به فی غیبته قبل قیامه و یتولّی اولیاء ه و یعادی اعدائه، ذلک من رفقائی و ذوی مودّتی و اکرم امتی علیّ یوم القیامة"(۱)

"وہ شخص بڑا خوش نصیب ہوگا جو میرے اہل بیتؑ میں سے امام قائمؑ کا زمانہ درک کرے گا اور وہ ان کی غیبت میں قیامت سے پہلے انہیں اپنا امام تسلیم کرے گا، اور ان کے دوستوں کو اپنا دوست اور ان کے دشمنوں سے عداوت رکھے گا، یہی لوگ میرے رفیق میرے اہل بیتؑ کے محبّ اور قیامت کے دن میرے نزدیک بہت مکرم و معزز ہوں گے"۔

۴۔ اللہ تعالیٰ سے حضرتؑ کی معرفت کی درخواست کرنا

شیخ کلینیؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کے اس قول "و من یؤت الحکمة فقد اوتی خیراً کثیراً" کے متعلق فرمایا: "طاعة اللّه و معرفة الامام"(۲) "یعنی حکمت سے مراد اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور امام کی معرفت ہے"۔

۱۔ کمال الدین، ص ۲۸۶، ح ۲۔ ۲۔ کافی، ج ۱، ص ۱۸۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۵۔ تجدید بیعت اور اطاعت پر ثابت قدم رہنا

امام زمانہؑ کی امامت سے متمسک رہنے کے منجملہ مظاہر میں سے حضرتؑ کی بیعت کی ہمیشہ تجدید کرنا اور ان کی اطاعت پر ثابت قدم رہنا ہے تاکہ جاہلیت کی موت سے نجات حاصل کی جاسکے۔

دعائے عہد میں امام صادقؑ سے یہ فقرات نقل ہوئے ہیں: "اللّٰھم انّی اجدّد له فی صبیحة یومي ھذا و ما عشت فی ایّامی عھداً و عقداً و بیعة له فی عنقی لا احول عنھا و لا ازول ابداً، اللّٰھم اجعلنی من انصاره و اعوانه و الذ ابّین عنه ..."(۱)

"خدایا! میں تجدید (عہد) کرتا ہوں آج کے دن کی صبح اور جتنے دنوں میں زندہ رہوں اپنے عقد و بیعت کی جو میری گردن میں ہے۔ میں اس بیعت سے نہ پلٹوں گا اور ابد (ہمیشہ) تک اس پر ثابت قدم رہوں گا، خدایا! مجھ کو ان کے اعوان و انصار اور ان سے دفاع کرنے والوں میں سے قرار دے..."۔

۶۔ شبہات کا مقابلہ کرنا

علماء اور دانشوروں کے فرائض میں سے حضرت مہدیؑ کے زمانہ غیبت میں ان شکوک و شبہات کا مقابلہ کرنا بھی ہے جو حضرت مہدیؑ کی غیبت کے تقاضے سے رونما ہوئے ہیں، اس لیے کہ اگر معاشرہ میں ان کے شک و شبہ کا انہیں جواب نہ دیا جائے تو لوگوں کا حضرتؑ کی امامت و ولایت کی بہ نسبت ایمان متزلزل ہو سکتا ہے۔

۱۔ مصباح الزائر، ص ۲۳۵۔ بحار الانوار، ج ۱۰۲، ص ۱۱۱

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

نعمانی نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا:

"... فایاکم و الشک و الارتیاب ،انفوا عن انفسکم الشکوک و قد حذرتکم فاحذروا ،اسال اللہ توفیقکم و ارشادکم "(۱)

"لہذا خبردار! شک و ریب سے پرہیز کرنا، اپنے دلوں سے شکوک و شبہات باہر نکال دو، میں نے تم لوگوں کو برحذر کر دیا ہے لہذا تم لوگ شکوک و شبہات سے باز رہو، میں اللہ تعالیٰ سے تمہارے لیے توفیقات اور ہدایت کی دعا کروں گا"۔

۷۔ برادران ایمانی کے ساتھ ہمدردی اور مدد کرنا

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے سورۂ عصر "والعصر ان الانسان لفی خسر" کی ان آیات کے متعلق ارشاد فرمایا: "عصر سے مراد، قائمؑ کے ظہور کا زمانہ ہے۔ اور "انّ الانسان لفی خسر" سے مراد ہمارے دشمن ہیں۔ اور "الّا الّذین آمنوا" یعنی ہماری آیات کے ذریعے ایمان لائیں ہوں گے اور "عملوا الصالحات" یعنی برادران دینی کے ساتھ ہمدردی اور تعاون، اور "وتواصوا بالحق" یعنی امامت اور "وتواصوا بالصبر" یعنی زمانۂ فترت۔ (۲) فترت سے مراد وہی امام زمانہؑ کی غیبت کا زمانہ ہے۔

۱۔ غیبت نعمانی، ص ۱۵۰، ۱۵۱۔

۲۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۶۵۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۸۔ علوم و معارف اہل بیتؑ کو رائج کرنا

علوم و معارف اہل بیتؑ کی نشر و اشاعت کرنا اہل بیتؑ کے امر کو احیا کرنے کے مصادیق میں سے ہے، جس کے لیے بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ ابن شعبہ حرانی نے امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ منتظرین کی توصیف میں فرماتے ہیں: "... و فرقة احبّونا، و حفظوا قولنا، و اطاعوا امرنا و لم یخالفوا فعلنا فاولئک منّا و نحن منهم" (۱) "... اور ایک گروہ نے ہمیں دوست رکھا، ہمارے قول کی حفاظت کی اور اپنے دل میں جگہ دی اور ہمارے امر کی اطاعت کی، ہمارے فعل کی مخالفت نہیں کی پس ایسے ہی افراد ہم سے ہیں اور ہم ان سے ہیں"۔

۹۔ مہدویت کے جھوٹے دعویداروں سے فریب نہ کھانا

بعض روایات سے استفادہ ہوتا ہے کہ زمانہ غیبت میں بعض افراد مہدویت کا جھوٹا ادعا کر کے لوگوں کو گمراہ کریں گے، لہٰذا ہمارے لیے لازم ہے کہ ان سے مقابلہ کر کے لوگوں کو ان کے انحراف کرنے سے آگاہ کریں۔

شیخ طوسیؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: "لا یخرج القائم حتیٰ یخرج اثنا عشر من بنی هاشم کلّهم یدعوا الی نفسه" (۲) "قائم کا ظہور اس وقت تک نہ ہوگا جب تک کہ بنی ہاشم میں سے بارہ آدمی ایسے نہ نکلیں جو اپنی (امامت کی) طرف لوگوں کو دعوت دیں"۔

۱۔ تحف العقول، ص ۵۱۳۔ بحار الانوار، ج ۷۵، ص ۳۸۰، ح ۴۱۔

۲۔ غیبت طوسی، ص ۴۳۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شیخ صدوقؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا:

"... و لترفعنّ اثنتا عشرة راية مشتبهة لا يدرى ايّ من ايّ ...".(۱)

"... یقیناً اس وقت بارہ پرچم بلند ہوں گے جو آپس میں ایک دوسرے سے مشابہ ہوں گے اور پتہ ہی نہ چلے گا کہ کون سا پرچم کس کا ہے اور ان کے درمیان حق و باطل کی پہچان نہ ہو سکے گی...".

۱۰۔ حضرت مہدیؑ کے ظہور کی علامتوں اور ان کی خصوصیتوں کو پہچاننا

ہمارے منجملہ زمانہ غیبت کے فرائض میں سے حضرت مہدیؑ کے ظہور کی علامتوں اور ان کی خصوصیتوں کو پہچاننا بھی ہے، تاکہ اس طرح سے ہماری موت جاہلیت کی موت واقع نہ ہو اور جھوٹے مہدویت کے دعویداروں کے پھیلائے ہوئے جالوں میں گرفتار نہ ہوں۔

۱۱۔ حضرت مہدیؑ کے تعجیل فرج کے لیے دعا کرنا

بہت سی حدیثوں میں حضرت مہدیؑ کے تعجیل فرج کی دعا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ حضرت مہدیؑ کی اسحاق ابن یعقوب کے سوالات کے جواب میں ارسال کی گئی ایک توقیع میں نقل ہوا ہے: "... و اكثروا الدعاء بتعجيل الفرج فانّ فى ذلك فرجكم ...".(۲)

"... تعجیل فرج و کشائش کے لیے کثرت سے دعا کرو اس لیے کہ اس میں تمہارے لئے کشائش و آسائش ہے...".

۱۔ کمال الدین، ج۲، ص۳۴۷، ح۳۵۔ کافی، ج۱، ص۳۳۸، ح۱۱۔

۲۔ کمال الدین، ج۲، ص۴۸۳، ح۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۲۔ بے صبری سے پرہیز کرنا

بہت سی روایتوں میں حضرتؑ کے ظہور کے لیے بے صبری سے منع کیا گیا ہے اور اہل بیتؑ کے مقابل میں صبر و رضا اور تسلیم کا حکم دیا گیا ہے۔

شیخ کلینیؒ نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: "كذب الوقّاتون و هلک المستعجلون و نجا المسلّمون "(۱)

"معین وقت بتانے والے جھوٹے ہیں اور تعجیل چاہنے والے اور جلد بازی کرنے والے ہلاک ہوں گے اور صرف تسلیم کرنے والے نجات پائیں گے"۔

نیز اپنی سند کے ساتھ امام باقرؑ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: " انما هلک الناس من استعجالهم لهذا الأمر ،انّ اللّه لا يعجل لعجلة العباد . انّ لهذا الأمر غاية ينتهى اليها ،فلو قد بلغوها لم يستقدموا ساعة و لم يستاخروا"(۲)

"اس امر (ظہور مہدیؑ) میں عجلت کی تمنا کرنے والے ہلاک ہوئے ،بندوں کا (حضرتؑ کے ظہور کے لیے) جلدی اور عجلت کرنے سے اللہ عجلت سے کام نہیں کرے گا اس امر کے لیے ایک وقت معین ہے ،نہ اس سے ایک ساعت پہلے ظہور ہوگا اور نہ ہی ایک ساعت بعد"۔

۱۔کافی ،ج ۱،ص ۳۶۸،ح ۲۔

۲۔کافی ،ج ۱،ص ۳۶۹،ح ۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۳۔ ظہور کا وقت معین نہ کرنا

نعمانی نے اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا:
"... انا اهل بیت لا نوقت و قد قال محمد صلی الله علیه و آله : کذب الوقاتون ..." (۱) "ہم اہل بیتؑ کوئی معین وقت نہیں بتاتے، اس لیے کہ محمدؐ نے فرمایا ہے: معین وقت بتانے والے جھوٹے ہیں"۔

۱۴۔ امام زمانہؑ سے محبت کرنا

زمانۂ غیبت کے منجملہ فرائض میں سے امام زمانہؑ سے عشق و محبت کرنا ہے۔
اگرچہ محبت میں یگانگی کا معیار، دراصل اللہ تعالیٰ سے دوستی و محبت ہے۔ اس لیے کہ تمام خوبیوں کی بازگشت اسی کی طرف ہوتی ہے، لیکن پیغمبرؐ اور ان کے اہل بیتؑ سے اللہ کی وجہ سے محبت کرنی چاہیے۔
پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: " احبّوا اللّه لما یغذوکم و احبّونی بحبّ اللّه و احبّوا اهل بیتی لحبّی "(۲)
"اللہ تعالیٰ سے اس وجہ سے محبت کرو کہ وہ تمہیں رزق عطا کرتا ہے اور مجھے اللہ کی محبت کی وجہ سے دوست رکھو نیز میرے اہل بیتؑ سے میری وجہ سے محبت کرو"۔
پیغمبرؐ کے منجملہ اہل بیتؑ میں سے امام زمانہؑ ہیں۔ ایک حدیث میں جو امام رضاؑ نے اپنے آباء واجداد سے انہوں نے امام علیؑ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: " قال لی

۱۔ غیبت نعمانی، ص ۲۸۹، ح ۶۔
۲۔ مستدرک حاکم، ج ۳، ص ۱۴۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اخی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ... ومن احبّ ان یلقی اللّٰہ و قد کمل ایمانہ و حسن اسلامہ فلیتولّ الحجۃ صاحب الزمان المنتظر ...''(۱)

''مجھ سے میرے بھائی رسول خداؐ نے فرمایا: ''جو شخص اللہ تعالیٰ سے اپنے مکمل ایمان اور نیک اسلام کے ساتھ ملاقات کا خواہاں ہے تو اسے چاہیے کہ حضرت حجت صاحب الزمان کی ولایت کے پرچم تلے آجائے اور انہیں دوست رکھے...''۔

امام زمانہؑ کی معرفت

وہ حدیثیں جسے شیعہ اور اہل سنت نے اپنے حدیثی منابع میں نقل کی ہیں ان میں امام کی معرفت نیز ان کی ضرورت کے لازم ہونے والی حدیث بھی ذکر کی ہے۔ یہ حدیث پیغمبر اکرمؐ سے مختلف تعبیروں میں نقل ہوئی ہے۔ بعض روایات میں پیغمبرؐ فرماتے ہیں: ''من مات و لم یعرف امام زمانہ مات میتۃ جاھلیۃ'' ''جو شخص اپنے زمانہ کے امام کی معرفت کے بغیر مر جائے وہ جاہلیت کی موت مرا ہے''۔

اب یہاں امام زمانہؑ کی معرفت سے کیا مراد ہے؟ امام زمانہؑ سے مراد کون ہے؟ اور جاہلیت کی موت کا معنی کیا ہے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن کے متعلق ہم یہاں بحث کریں گے۔

حدیث کے الفاظ

یہ حدیث منابع اہل سنت میں مختلف تعبیروں میں وارد ہوئی ہے۔

اب ہم ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

۱۔ بحار الانوار، ج۳۶، ص۲۹۶، ح۱۲۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۔ محمد ابن اسماعیل بخاری نے اپنی سند کے ساتھ ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ پیغمبرؐ نے فرمایا: " من خرج من السلطان شبراً مات میتة جاهلیة " (۱) "جو شخص کسی حاکم کی سلطنت سے ایک بالشت کی حد تک بھی خارج ہو جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت واقع ہوئی ہے"۔

۲۔ مسلم ابن حجاج نے اپنی سند کے ساتھ رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: " من مات ولیس فی عنقه بیعة مات میتة جاهلیة " (۲) "جو شخص اس حالت میں مر جائے کہ اس کی گردن پر بیعت نہ ہو تو اس کی موت جاہلیت کی موت واقع ہوئی ہے"۔

۳۔ ابن حبان نے اپنی سند کے ساتھ پیغمبر اکرمؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: " من مات و لیس له امام مات میتة جاهلیة " (۳) "جو شخص بغیر امام کے مر جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت واقع ہوئی ہے"۔

۴۔ طبرانی نے اپنی سند کے ساتھ رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: " من مات و لیس علیه امام فمیتته جاهلیة ... " (۴) "جو شخص اپنے زمانہ کے امام کی معرفت کے بغیر مر جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت واقع ہوئی ہے۔

۵۔ رسول خداؐ سے نقل ہوا ہے کہ آپ نے فرمایا: " من مات و لم یعرف امام زمانه مات میتة جاهلیة ". (۵)

۱۔ صحیح بخاری، ج ۴، ص ۱۳۔
۲۔ صحیح مسلم، ج ۶، ص ۲۱، ۲۲۔
۳۔ صحیح ابن حبان، ج ۳۳۔
۴۔ المعجم الکبیر، ج ۱۰، ص ۳۵۰۔
۵۔ شرح مقاصد، ج ۳، ص ۲۷۵۔ المغنی قاضی عبدالجبار، ج ۱، ص ۱۱۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

''جو شخص اپنے امام زمانہ کی شناخت نہ رکھتے ہوئے مر جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت واقع ہوئی ہے''۔

علمائے اہل سنت کے روّاتِ حدیث

علمائے اہل سنت کی ایک کثیر جماعت نے اس حدیث کو مختلف تعبیروں کے ساتھ نقل کیا ہے ان کے اسماء کی ترتیب کو ہم یہاں نقل کرتے ہیں:

۱۔ ابوداؤد سلیمان ابن داؤد طیالسی (متوفی ۲۰۴)۔(۱)

۲۔ حافظ عبدالرزاق (متوفی ۲۱۱)۔(۲)

۳۔ محمد ابن سعد (متوفی ۲۳۰)۔(۳)

۴۔ ابن ابی شیبہ (متوفی ۲۳۴)۔(۴)

۵۔ ابوجعفر اسکافی (متوفی ۲۴۰)۔(۵)

۶۔ احمد ابن حنبل (متوفی ۲۴۱)۔(۶)

۷۔ حمید ابن زنجویہ (متوفی ۲۵۱)۔(۷)

۸۔ عبداللہ ابن عبدالرحمٰن داری (متوفی ۲۵۱)۔(۸)

۱۔ مسند طیالسی۔
۲۔ المصنف، ج ۱۱، ص ۳۳۰۔
۳۔ الطبقات الکبریٰ، ج ۵، ص ۱۰۷۔
۴۔ المصنف، ج ۱۵، ص ۳۸، ۲۴۔
۵۔ المعیار و الموازنہ، ص ۲۴۔
۶۔ مسند احمد، ج ۲، ص ۸۳، ۱۵۴۔
۷۔ الاموال، ج ۱، ص ۸۱۔
۸۔ سنن داری، ج ۲، ص ۲۴۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۹۔ محمد ابن اسماعیل بخاری (متوفی ۲۵۶)۔(۱)

۱۰۔ مسلم ابن حجاج (متوفی ۲۶۱)۔(۲)

۱۱۔ احمد ابن عمر بزار (متوفی ۳۲۰)۔(۳)

۱۲۔ ابو عمرو احمد ابن محمد ابن عبد ربہ (متوفی ۳۲۷)۔(۴)

۱۳۔ ابو حاتم محمد ابن حبان (متوفی ۳۵۴)۔(۵)

۱۴۔ ابو القاسم طبرانی (متوفی ۳۶۰)۔(۶)

۱۵۔ حاکم نیشا پوری (متوفی ۴۰۵)۔(۷)

۱۶۔ قاضی عبد الجبار معتزلی (متوفی ۴۱۵)۔(۸)

۱۷۔ ابو نعیم اصفہانی (متوفی ۴۳۰)۔(۹)

۱۸۔ بیہقی (متوفی ۴۵۸)۔(۱۰)

۱۹۔ محمد ابن فتوح حمیدی (متوفی ۴۸۸)۔(۱۱)

۱۔ الجامع الصحیح، ج ۲، ص ۱۳۔ تاریخ البخاری، ج ۶، ص ۳۳۵۔

۲۔ صحیح مسلم، ج ۶، ص ۲۱، ۲۲۔

۳۔ الزوائد، ج ۱، ص ۱۳۳۔

۴۔ عقد الفرید، ج ۱، ص ۹۔

۵۔ صحیح ابن حبان، ج ۳۳۔

۶۔ المعجم الکبیر، ج ۱۰، ص ۳۵۰، ح ۱۰۶۸۷۔ المعجم الاوسط، ج ۱، ص ۱۷۵، ح ۲۲۷۔

۷۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۱، ص ۷۷، ۱۱۷۔

۸۔ المغنی، ج ۱، ص ۱۱۶۔

۹۔ حلیۃ الاولیاء، ج ۳، ص ۲۲۳۔

۱۰۔ السنن الکبریٰ، ج ۸، ص ۱۵۶، ۱۵۷۔

۱۱۔ الجمع بین الصحیحین۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۰۔ زمخشری (متوفی ۵۳۸)۔(۱)

۲۱۔ محمد ابن عبدالکریم شہرستانی (متوفی ۵۴۸)۔(۲)

۲۲۔ ابن اثیر جزری (متوفی ۶۰۶)۔(۳)

۲۳۔ ابن ابی الحدید (متوفی ۶۵۶)۔(۴)

۲۴۔ حافظ نووی (متوفی ۶۷۶)۔(۵)

۲۵۔ حافظ ذہبی (متوفی ۷۴۸)۔(۶)

۲۶۔ ابن کثیر دمشقی (متوفی ۷۷۴)۔(۷)

۲۷۔ سعد الدین تفتازانی (متوفی ۷۹۲)۔(۸)

۲۸۔ نور الدین ہیثمی (متوفی ۸۰۷)۔(۹)

۲۹۔ ابن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲)۔(۱۰)

۳۰۔ حسام الدین متقی ہندی (متوفی ۹۷۵)(۱۱) وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

۱۔ ربیع الابرار، ج ۳، ص ۲۲۱۔
۲۔ الملل والنحل، ج ۱، ص ۱۷۲۔
۳۔ جامع الاصول، ج ۳، ص ۳۵۶۔
۴۔ شرح نہج البلاغہ، ج ۹، ص ۱۵۵۔
۵۔ المنہاج، ج ۱۲، ص ۲۳۰۔
۶۔ تلخیص المستدرک، ج ۱، ص ۷۷، ۱۱۷۔
۷۔ تفسیر القرآن العظیم، ج ۱، ص ۵۱۷۔ البدایہ والنہایہ، ج ۷، ص ۲۳۲۔
۸۔ شرح مقاصد، ج ۲، ص ۲۷۵۔
۹۔ مجمع الزوائد، ج ۵، ص ۲۱۸۔
۱۰۔ فتح الباری، ج ۱۶، ص ۱۱۲۔
۱۱۔ کنز العمال، ج ۱، ص ۱۰۳، ح ۴۶۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

صحابہ کے روّات حدیث

صحابہ کی ایک خاص تعداد نے ان روایات کو نقل کیا ہے، ذہبی کی ''الکاشف'' کی تعبیر کے مطابق تمام صاحبان صحاح ستہ نے ان میں سے ہر ایک نے کثرت سے روایات نقل کی ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ زید ابن ارقم۔

۲۔ عامر ابن ربیعہ عنزی۔

۳۔ عبداللہ ابن عباس۔

۴۔ عبداللہ ابن عمر ابن خطاب۔

۵۔ عویمر ابن مالک معروف بہ ابوالدرداء۔

۶۔ معاذ ابن جبل۔

۷۔ معاویہ ابن ابی سفیان۔

۸۔ ابوہریرہ دوسی۔

۹۔ انس ابن مالک۔

''جاہلیت کی موت'' سے کیا مراد ہے؟

جاہلیت کی موت سے کیا مراد ہے؟ اس میں دو احتمال پائے جاتے ہیں:

۱۔ اس سے مراد، جاہلیت کے زمانہ میں موت کا واقع ہونا ہے۔ ایسی جاہلیت جو شرک و بت پرستی، وہمیات پر عمل کرنا اور اسلامی ثقافت نیز برے کاموں سے دوری اور اصلی و خالص معارف وحقائق سے دور ہوتا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۲۔اس سے مراد، ایسی موت ہوگی جو جہالت و نادانی کے ہمراہ ہے، یعنی انسان اگر امام زمانہؑ کی معرفت کے بغیر زندگی گزارے اور بغیر معرفت کے مرجائے تو گویا وہ ایسا ہی ہے کہ دنیا سے جاہل رخصت ہوا ہے۔

امام صادقؑ کی ایک روایت میں جاہلیت کی موت کو ان روایات میں ضلالت وگمراہی کی موت سے تعبیر کیا گیا ہے۔

ابن ابی یعفور ناقل ہیں: "امام جعفر صادقؑ سے رسول خداؐ کے اس قول "من مات و لیس له امام فمیتته میتة جاهلیة" کے متعلق میں نے سوال کیا کہ کیا اس سے مراد کفر کی موت ہے؟ تو حضرتؑ نے فرمایا: "ضلالت وگمراہی کی موت ہے..."۔(۱)

اس حدیث کی تفسیر و توضیح میں علامہ مجلسیؒ فرماتے ہیں: "شاید امامؑ کا ان کے کفر کی تصدیق کرنے کے بجائے ان کی ضلالت وگمراہی کو ثابت کرنے کا سبب یہ ہو کہ گویا سوال کرنے والے نے یہ گمان کیا ہو کہ دنیا میں کفر کے احکام، جیسے نجاست، نکاح کی نفی، توارث اور ان جیسے امور ان کے لئے جاری ہوتے ہیں، لہذا حضرتؑ ان امور کی نفی کرتے ہیں اور ان کے لیے دنیا میں حق سے گمراہی اور آخرت میں بہشت سے دوری ثابت کرتے ہیں ۔اور اس بات میں تضاد نہیں پایا جاتا کہ وہ لوگ آخرت میں کفار سے ملحق ہوں اور ہمیشہ آتش جہنم میں رہیں، جیسا کہ تمام اخبار و روایات اس مطلب پر دلالت کرتی ہیں۔

اور یہ احتمال بھی پایا جاتا ہے کہ امام کا ان کفر ثابت کرنے سے توقف اختیار کرنا اس جہت سے ہو کہ اہل سنت کے وہ افراد شامل ہوں جو مستضعف تھے اور ان کا کوئی امام نہیں

۱۔کافی، ج۱، ص۳۷۶، ۳۷۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تھا، اس لیے کہ ان کے لئے عذاب سے نجات کا احتمال پایا جاتا ہے۔..(۱)

علامہ مجلسیؒ کی پہلی توجیہ کی تائید ایک دوسری روایت کرتی ہے جو شیخ کلینیؒ نے اپنی سند کے ساتھ حارث ابن مغیرہ سے نقل کی ہے کہ امام صادقؑ سے میں نے عرض کیا: کیا رسول خداؐ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: "من مات لا یعرف امامه مات میتة جاهلية "؟" جو شخص بھی اپنے امام کی معرفت کے بغیر مر جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت واقع ہوئی ہے ؟" حضرتؑ نے فرمایا: ہاں!

میں نے عرض کیا: کیا مطلقاً جاہلیت مراد ہے یا صرف وہ جاہلیت جو اپنے امام کی معرفت نہ رکھتا ہو؟

حضرتؑ نے فرمایا: کفر و نفاق اور ضلالت و گمراہی کی جاہلیت ہے۔(۲)

کس امام کی معرفت؟

اس قسم کی احادیث میں مختصر غور و فکر کرنے کے بعد معلوم ہو جائے گا کہ ایسے امام کی معرفت واجب ہے اور اس کے بغیر انسان دنیا میں جاہلیت کی موت مرتا ہے اور دوسری تعبیر کے مطابق اس کی سلطنت سے ایک بالشت کی مقدار یا اس کی اپنی گردن میں بیعت نہ رکھنے وغیرہ کی وجہ سے دنیا میں جاہلیت کی موت مرتا ہے، وہی امام معصوم ہیں کہ جن کے وجود ذی جود سے زمین صبح قیامت تک کسی زمانہ میں خالی نہیں رہے گی، اس مطلب کو چند طریقوں سے پایۂ ثبوت تک پہنچایا جا سکتا ہے۔

۱۔ مرآۃ العقول، ج ۴، ص ۲۲۰۔ ۲۔ اصول کافی، ج ۱، ص ۳۷۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ا۔ داخلی قرینہ

ان روایات میں ان لوگوں کے لیے سخت اور شدید حکم کا اشارہ کیا گیا ہے جو امام کی سلطنت اور اسلامی حاکم کے ماتحت نہیں ہیں یا ان کی معرفت نہ رکھتے ہوں یا ان کی اطاعت سے خارج ہو گئے ہوں۔ جاہلیت کی موت کا حکم، ایک ایسی تعبیر ہے جو کفر کے ساتھ سازگار ہے اور یہ حکم ایسے موضوع کے لیے ہے جو اس حکم سے تناسب رکھتا ہے کہ اس میں ایسے امام معصوم کی معرفت مقصود ہے کہ جن کا پیغمبر اسلامؐ نے اللہ تعالیٰ کی جانب سے تعارف کرایا ہے، جیسا کہ اگر انسان اپنے پیغمبر کی معرفت نہ رکھے اور اس کی اطاعت نہ کرے تو دنیا میں جاہلیت کی موت مرا ہے۔

کیا ممکن ہے کہ کوئی شخص یہ باور کرے کہ ایک فاسق و فاجر اور بے دین حاکم کی معرفت نہ رکھنے کی وجہ سے انسان دنیا میں جاہلیت کی موت مرتا ہے؟ کیا فاسق و فاجر امام کی سلطنت سے ایک بالشت کی مقدار میں خارج ہونا جاہلیت کی موت کا باعث ہے؟ پھر ادلہ امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور ظالم کی طرف رغبت و میلان وغیرہ رکھنے سے منع کرنے کی کس طرح تفسیر ہوگی؟

۲۔ خارجی قرائن

دوسری روایات کی طرف مراجعہ کرنے سے نیز بعض آیات سے ان روایات میں امام کی مراد ہمیں معلوم ہو جائے گی۔ اب ان میں سے ہم بعض قرائن کی طرف اشارہ کریں گے:

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

الف۔ آیۂ اولی الامر

''اولی الامر'' والی آیت کی تفسیر میں تفصیل کے ساتھ اشارہ ہوا ہے کہ اس آیت میں ''اولی الامر'' سے مراد، معصوم افراد ہیں، جیسا کہ فخر رازی نے بھی اس آیت کے ذیل میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے صاحبان امر و صاحبان حکومت کی اطاعت کا حکم دیا ہے۔ اور احادیث میں ان کی اطاعت سے خارج ہونے کی نفی کی ہے نیز ان کی اطاعت سے خارج ہونے کو جاہلیت کی موت سے تعبیر کیا ہے اور اس طرح کے اماموں کی معرفت کا حکم دیا ہے۔ لہذا تفتازانی ان احادیث کو آیۂ ''اولی الامر'' سے مربوط جانتے ہیں۔

ب۔ بارہ خلیفہ والی حدیثیں

پیغمبر اکرمؐ نے، صحیح السند احادیث کے مطابق جو صحاح، مسانید اور اہل سنت کی سنن والی کتابوں میں ذکر ہوئی ہیں، فرمایا: ''میرے بعد بارہ امیر، خلیفہ اور امام آئیں گے...'' یہ بارہ امام وہی افراد ہیں کہ جن کی معرفت کا ان روایات میں حکم دیا گیا ہے اور ان کی اطاعت سے خارج ہونے کی ممانعت کی گئی ہے۔

ج۔ اہل بیتؑ کا واضح طور پر بیان کرنا

امام حسینؑ سے معرفت الٰہی کے متعلق دریافت کیا گیا تو حضرتؑ نے فرمایا: ''معرفة اهل كلّ زمان امامهم الذی یجب علیهم طاعته'' (۱) ''ہر زمانہ کے امام کی معرفت سے مراد وہ امام ہیں کہ جن کی اطاعت لوگوں پر واجب ہوتی ہے''۔

۱۔ بحار الانوار، ج ۲۳، ص ۸۳، ح ۲۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام صادقؑ نے ارشاد فرمایا: " نحن قوم قد فرض اللّٰه طاعتنا، و انکم لتأتمون بمن لا یعذر الناس بجهالته "(۱)

" ہم وہ قوم ہیں کہ جن کی اطاعت اللہ تعالیٰ نے واجب قرار دی ہے، یقیناً آپ لوگ ایسے افراد کی پیروی کرتے ہیں کہ لوگ اپنی جہالت وعدم معرفت کی بنا پر معذور نہیں ہیں"۔

امام باقرؑ نے فرمایا: " انما یعرف اللّٰه عزّوجلّ و یعبده من عرف اللّٰه و عرف امامه منّا اهل البیت "(۲)

" صرف اللہ تعالیٰ کی وہی معرفت رکھتا اور اس کی عبادت کرتا ہے جس نے اللہ اور ہم اہل بیتؑ میں سے جو امام ہے اسے پہچان لیا ہے"۔

امام صادقؑ نے فرمایا: " من عرفنا کان مومنا و من انکرنا کان کافراً "(۳)

" جس نے ہماری معرفت حاصل کر لی وہ مومن ہے اور جس نے ہمارا انکار کیا وہ کافر ہے"۔

نیز فرمایا: " الامام علم بین اللّٰه عزّوجلّ و بین خلقه، فمن عرفه کان مومناً و من انکره کان کافراً "(۴)

" امام اللہ تعالیٰ اور اس کی مخلوقات کے درمیان ہدایت کا پرچم ہے، لہٰذا جس نے اس کی معرفت حاصل کی وہ مومن ہے اور جس نے اس کا انکار کیا وہ کافر ہے"۔

۱۔ بحارالانوار، ج ۹۶، ص ۲۱۱، ح ۱۳۔
۲۔ کافی، ج ۱، ص ۱۸۱۔
۳۔ کافی، ج ۱، ص ۱۸۱۔
۴۔ بحارالانوار، ج ۲۳، ص ۸۸۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

معرفت امام کا مقصد

جیسا کہ اشارہ کیا جا چکا ہے کہ فریقین کی بعض روایات میں امامؑ کی معرفت کا حکم دیا گیا ہے اور یہ کہ جو شخص ان کی معرفت نہ رکھے وہ جاہلیت کی موت کے ساتھ دنیا سے رخصت ہوتا ہے۔ اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ "معرفت امامؑ" کا مقصد کیا ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ امام کی معرفت سے مراد، صرف نام، حسب ونسب اور ان کی ظاہری خصوصیات کی معرفت نہیں ہے، بلکہ امام کی معرفت کا مقصد، ان مذکورہ امور کے علاوہ آپ کی تمام مقام ومنزلت سے آشنائی ہے۔ انہیں کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ لوگوں کو رزق فراہم کرتا ہے اور زمین وآسمان اپنی جگہ ثابت و برقرار ہیں۔ انہیں کے وسیلہ سے زمین بغیر کسی اضطراب کے اپنی مسلسل گردش میں مصروف ہے۔ انہیں کی ذات گرامی ہے جو نفوس کی ہدایت کی قابلیت رکھتی ہے اور ان کی ہدایت ورہبری کرتی ہے۔ انہیں کا مبارک وجود احکام شریعت بیان کرنے اور اسے وسعت دینے کا ذریعہ ہے۔ آپ ہی وہ ہیں جو مقام عصمت پر فائز ہونے کی بنا پر عمومی یا خصوصی طور پر شریعت کے محافظ ہیں۔ انہیں کی ذات گرامی اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنے اور ولایت الٰہی کے مقام تک رسائی حاصل کرنے کے لیے عام افراد بشر پر ولایت رکھتی ہے۔ انہیں کا وجود مبارک وہ ہے جو بہ نص خدا پیغمبر اکرمؐ کے ذریعہ لوگوں پر امام وخلیفہ اور جانشین رسول اللہؐ کے عنوان سے منصوب ومعین کیا گیا ہے۔ انہیں کی ذات والا وہ ہے کہ جن کے وجود سے کفار وغیرہ دین میں تحریف کرنے سے مایوس ہو کر رہ گئے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جماعت سے افتراق کا مقصد

اس باب سے مربوط بعض روایات میں، اس مطلب کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ جو شخص جماعت سے جدائی اختیار کرے وہ دنیا میں جاہلیت کی موت مرا ہے۔(۱) اس حدیث کا کیا مقصد ہے؟

سب سے پہلے یہ کہ اس قسم کی حدیثوں کی صحتِ سند معلوم نہیں ہے۔

دوسرے یہ کہ بالفرض ان احادیث کی صحتِ سند اگر تسلیم کر لی جائے، پھر بھی زیادہ احتمال پایا جاتا ہے کہ یہ حدیثیں اپنی صحیح اسناد کے ساتھ خلفاء اور حکام جور کی طرف سے گڑھی گئی ہیں، اس لیے کہ جو افراد حدیث جعل کرتے تھے جھوٹی صحیح نما اسناد بھی ایجاد کرتے تھے، یعنی اخبار و روایات کو بطور کذب موثق افراد کی طرف نسبت دیتے تھے تا کہ لوگوں کو اس کا یقین حاصل ہو جائے۔ اور اس کام کو لوگوں کا خلفاء کے ظلم کے مقابل خاموش رہنے کی وجہ سے اور اہل بیتؑ کی شخصیت کو بدنام کرنے کے لیے دربار خلافت کے سیاسی و اعتقادی مخالفین انجام دیتے تھے۔

تیسرے یہ کہ قاعدۂ تناسب حکم و موضوع کے مدنظر ہم کہیں گے کہ: حکم جو جاہلیت کی موت ہے اور موضوع جو جماعت سے جدائی اختیار کرنی ہے، کے درمیان ایک تناسب موجود ہونا چاہیے۔ مختصر وقت کے بعد ہمیں معلوم ہو جائے گا کہ لوگوں کا جماعت سے جدائی اختیار کرنا برحق ہے جو اس طرح کے شدید حکم سے دوچار ہوں، نہ کہ لوگوں کی ایسی جماعت

۱۔ المصنف، عبدالرزاق، ج ۱۱، ص ۳۳۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سے مفارقت اختیار کرنا اگرچہ وہ امر باطل پر اجتماع واتفاق کر لیے ہوں۔ لہٰذا امیر المومنین علیؑ "نہج البلاغہ" میں اہل جماعت کو خود اور اپنی پیروی کرنے والے پر تطبیق کرتے ہیں۔

حضرتؑ ایک مرتبہ خطبہ دینے میں مشغول تھے، ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا: یا امیر المومنین! مجھے اہل جماعت، اہل تفرقہ، اہل سنت اور اہل بدعت کے متعلق باخبر کریں؟

تو امامؑ نے فرمایا: "افسوس! اب جب یہ سوال کر ہی لیا ہے تو غور سے سنو اور جو کچھ کہوں اسے سمجھو پھر تمہارے لیے کسی دوسرے سے سوال کرنے کی مجال و پرواباقی نہ رہے۔

اہل جماعت: میں ہوں اور جو لوگ میری پیروی کریں، اگرچہ کم ہی کیوں نہ ہوں، یقیناً یہ مطلب برحق ہے اور اس کا سرچشمہ خدا اور اس کے رسولؐ کا حکم ہے۔

اہل تفرقہ: میرے مخالفین اور میری پیروی کرنے والوں کے مخالفین ہیں، خواہ کتنے ہی زیادہ کیوں نہ ہوں۔

اہل سنت: اہل سنت حقیقی وہ افراد ہیں جنہوں نے خدا اور اس کے رسول کی بتائی ہوئی سنت سے تمسک اختیار کیا، اگرچہ وہ کم ہی کیوں نہ ہوں۔

اہل بدعت: حکم خدا، کتاب خدا اور اس کے پیغمبر کی مخالفت کرنے والے ہیں جو اپنی رائے سے اور اپنی ہی خواہش نفس سے عمل کرتے ہیں، اگرچہ وہ کثرت سے ہی کیوں نہ ہوں..."۔(۱)

۱۔ کنز العمال، ج۱۶، ص۱۸۳،۱۸۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جاہلیت والی موت کے مقابل والی موت

بعض دوسری روایات سے استفادہ ہوتا ہے کہ جاہلیت والی موت کے مقابل میں ،پیامبروں جیسی موت ہے،اوراس قسم کی موت ان افراد کے لئے ہے جوحضرت علیؑ اوران کی اولاد سے دوسرے گیارہ اماموں کی ولایت کے تابع ہوں۔اب ان روایات میں سے بعض کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

ا۔حاکم نیشاپوری نے اپنی سند کے ساتھ زید ابن ارقم سے اورانہوں نے رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:" من اراد ان یحیي حیاتي و یموت مماتي و یسکن جنّة الخلد التی وعدنی ربّي ،فلیتولّ علی ابن ابی طالب ،فانّه لن یخرجکم من هدی و لن یدخلکم فی ضلالة "(۱)''جوبھی میری جیسی زندگی گزارنا چاہتا ہےاورمیری ہی طرح مرنا چاہتا ہےاوراس جنت میں داخل ہونے کا خواہش مند ہے کہ جس کا وعدہ میرے پروردگار نے مجھ سے کیا ہے تو اسے چاہیے کہ علی ابن ابی طالبؑ سے محبت کرے اس لیے کہ یہ وہ ذات ہے جوتمہیں ہدایت سے نکال کرضلالت کی طرف ہرگز ہرگزنہیں لے جاسکتی''۔

۲۔ابن عباسؓ نے رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:" من سرّه ان یحیي حیاتي و یموت مماتي ویسکن جنّة عدن التی غرسها ربّی ،فلیوال علیاً من بعدی ولیوال ولیّه و لیقتد باهل بیتی بالائمة من بعدی ،فانّهم عترتی خلقوا من طینتی و رزقوا فهمی و علمی ،فویل للمکذّبین بفضلهم

ا۔مستدرک حاکم،ج۳،ص۱۲۸۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

من امتی القاطعین فیھم صلتی لا انالھم اللہ شفاعتی "(۱)

"جو شخص میری جیسی حیات و ممات چاہتا ہے اور وہ بہشت عدن کہ جسے اللہ نے اپنے قبضۂ قدرت سے اُگایا ہے تو اسے چاہیے کہ میرے بعد علی ابن ابی طالبؑ سے محبت کرے، اس کے ولی سے محبت کرے اور میرے اہل بیت کا اقتدا و پیروی کرے جو میرے بعد ائمہ ہیں، کیونکہ میری عترت میری طینت سے خلق کیے گئے ہیں اور میرے علم و فہم سے استفادہ کیا ہے۔ پس ہلاکت ہو میری امت میں سے اس شخص کے لیے جو ان کی فضیلت کو جھٹلائے اور میرے تعلقات کو ان کی بہ نسبت منقطع کرے تو اللہ تعالیٰ میری شفاعت ان کے شامل حال نہیں کرے گا"۔

حضرت مہدیؑ ہمارے امام زمانہؑ ہیں

ان احادیث سے استفادہ ہوتا ہے کہ ہر زمانے میں ایک امام معصوم کا موجود ہونا ضروری ہے تاکہ ابتدا میں اس کی معرفت حاصل کریں، پھر ان کی بیعت کریں ان کے تابع فرمان رہیں اور ان کی مطلقاً اطاعت کریں، ایسا امام کہ اس کی تابعیت و اطاعت سے خارج ہونا اسلام سے خارج ہونے کے مترادف ہے، اور ایسی حالت میں جاہلیت جیسی موت واقع ہوتی ہے۔

ایسا امام اس زمانہ میں سوائے فرزند امام حسن عسکریؑ یعنی حضرت مہدیؑ کے علاوہ کوئی اور نہیں ہے، اس لیے کہ وہ ان بارہ اماموں میں سے آخری امام معصوم ہیں کہ جن کے آنے کی رسول خداؐ نے صبح قیامت تک خبر دی ہے۔ ایسے افراد کہ جن سے دین کا قوام و ثبات وابستہ ہے اور اس دین کی بقا و عزت بھی انہی کی مرہون منت ہے۔

۱۔ حلیۃ الاولیاء، ج ۱، ص ۸۶۔ تاریخ بغداد، ج ۴، ص ۴۱۰۔ کنز العمال، ج ۱۲، ص ۱۰۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فلسفۂ انتظار

انتظار لغوی مادہ کے لحاظ سے اپنے امور میں تاخیر کے ہیں، حفاظت کرنا، چشم براہ ہونا اور ایک طرح کا آئندہ کے لیے امیدوار ہوتا ہے۔(۱) جو کچھ لغت کی کتابوں کی طرف رجوع کرنے سے معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ انتظار ایک نفسیاتی حالت ہے جو تامل اور تاخیر کے ہمراہ ہے۔ لیکن اس معنی سے دو قسمیں سمجھی جا سکتی ہیں:

پہلی قسم یہ کہ یہ نفسیاتی حالت اور چشم براہ ہونا، انسان کو گوشہ نشینی اختیار کرنے کی منزل میں پہنچا دے، ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر موجودہ حالت کو تحمل کرے اور آئندہ کے مطلوبات کا فقط انتظار کرتا رہے۔

دوسری قسم یہ ہے کہ چشم براہ ہونا اور انتظار کرنا معتدل حرکت کا باعث ہوتا ہے، اور وسیع قسم کے اقدام کی آمادگی کا عامل بن جاتا ہے۔ اب دینی مصادر و منابع کی طرف رجوع کرنے کے ساتھ ہی ہمیں یہ تحقیق و جستجو کرنی چاہیے کہ ان دونوں موجودہ معانی میں سے کون سا معنی حقیقتِ انتظار سے ہم آہنگ اور رہبران الٰہی کے نزدیک صحیح اور ان کا مقصود و مطلوب ہے۔

انتظار فرج کی حقیقت

حق و صلح اور عدالت کی طاقت کا باطل اور ظلم کی طاقت پر مکمل طور پر کامیاب ہونے کی فکر، تمام انسانی اقدار تمام پہلوؤں سے مکمل طور پر برقرار ہونا، مدینۂ فاضلہ

۱۔ التحقیق فی کلمات القرآن، ج ۱۲، ص ۱۶۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور آئیڈیل معاشرہ بالآخر اس عمومی اور انسانی عقیدہ کا اجرا ہوتا ایک ایسے مقدس اور عالی قدر فرد کے ذریعہ جسے اسلامی روایات میں "مہدی" کے نام سے یاد کیا گیا ہے، یہ ایسی فکر ہے کہ کم وبیش تمام اسلامی فرق و مذاہب کے افراد (کچھ اختلافات کے ساتھ) اس کا عقیدہ رکھتے ہیں۔

یہ فکر ہر شئے سے پہلے خوشحالی لانے والے کے عنصر پر مشتمل ہے جو بطور کلی نظام طبیعت میں اور تاریخ کے تکاملی وارتقائی مطالعہ اور آئندہ سے مطمئن ہونے میں جاری و ساری رہی ہے، اور بدگمانی کے عنصر کو بشر کے انجام کار کی بہ نسبت دور کرتی ہے جو بہت سے فرضیات اور نظریات کے مطابق تاریک وابتر ہے۔ اس کلی عالمی انسانی بشارت کی نوید کے محقق ہونے کی امید وآرزو اسلامی روایات (انتظار فرج) کی زبان میں بیان کی جاچکی ہے۔

انتظار تشکیل دینے والے عناصر

منجی کے ظہور کا انتظار کبھی بھی حقیقت سے متصل نہیں ہوتا جب تک کہ ان میں تین بنیادی عناصر محقق نہ ہوں:

۱۔ عقیدتی عنصر: جو شخص امام کا منتظر ہے اسے منجی کے ظہور اور اس کے نجات بخشنے پر قطعی یقین اور راسخ ایمان ہونا چاہیے۔

۲۔ نفسیاتی عنصر: اس لیے کہ جو شخص امام کا منتظر ہے اسے چاہیے کہ ہمیشہ آمادگی کی حالت میں زندگی بسر کرے۔

۳۔ علمی وسلوکی عنصر: جو شخص امام کا منتظر ہے اسے چاہیے کہ اپنی استطاعت کے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مطابق انفرادی اور اجتماعی امور میں اپنی رفتار و کردار کے ذریعہ منجی کے ظہور کا زینہ فراہم کرے۔

اگر ان تینوں بنیادی عناصر میں سے ہر ایک عنصر انتظار کے لیے فراہم نہ ہوں تو حقیقت میں انتظار کا معنی پیدا نہیں ہوسکتا۔

انتظار کی قسمیں

انتظار فرج دو طرح کا ہے:

۱۔ ایسا انتظار جو تعمیری، حرکت بخش، ذمہ داری لانے والا ہے، یہ انتظار عبادت بلکہ پُر فضیلت ترین عبادات میں سے ہے۔

۲۔ ایسا انتظار جو تخریبی ہے، روکنے اور مفلوج بنانے والا ہے، اور ایک قسم کا لاابالی پن شمار ہوتا ہے۔

الف۔ تخریبی انتظار

لوگوں کا ایک گروہ مہدویت اور انقلاب مہدیؑ کے متعلق یہ اظہار خیال کرتا ہے کہ وہ صرف انفجاری ماہیت رکھتا ہے۔ جو صرف اور صرف تمام مظالم کے پھیلنے، تفوق طلبی (برتری چاہنے)، گھٹن کے ماحول اور حق کشی نیز تباہیوں سے نشأۃ پاتا ہے۔ اس وقت، صلاح، صفر کے نقطہ تک پہنچ جائے اور حق وحقیقت کا کوئی طرفدار نہ ملنے پر دنیا میں کوئی نیک آدمی نہ پایا جاتا ہو تو یہ انفجار و حادثہ در پیش ہوتا ہے تو پھر ایسی صورت میں غیب سے نجات دینے والی کوئی ہستی سامنے آتی ہے۔

اس قسم کا اظہار خیال اس وجہ سے ہے کہ وہ اصلاحات کا مخالف ہے اور فسادات و

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تباہیوں کو ایک مقدس انفجار و حادثہ کے مقدمہ کے عنوان سے مطلوب شمار کرتا ہے اسے (ڈیالکٹیکی شپ) کہا جائے، اس تفاوت کے ساتھ کہ ڈیالکٹیکی فکر میں اصلاحات کی اس وجہ سے مخالفت ہوتی ہے اور ہرج و مرج اس جہت سے اجازت دیتے ہیں کہ شگاف وسیع تر ہوتا جائے اور مبارزہ زیادہ شدید نیز مسلسل ہونے لگے، لیکن اس عامیانہ فکر میں یہ خصوصیت مفقود ہے، صرف فساد و تباہی کا فتوئی دیتی ہے کہ جس کے نتیجہ میں خود بہ خود مطلوب تک پہنچ جائے۔

اس قسم کا ظہور اور قیام مہدی موعودؑ کے متعلق اظہار خیال اور اس قسم کے ظہور کا انتظار جس میں ایک قسم کے حدود و قوانین اور اسلامی مقررات کا تعطل لازم آتا ہے، مزید اسے ایک قسم کا (لا ابالی پن) شمار کرنا چاہیے جو کسی بھی طرح اسلامی اور قرآنی موازین سے سازگار نہیں ہے۔

ب۔ تعمیری انتظار

تمام آیات اور اسلامی روایات سے استفادہ ہوتا ہے کہ مہدیؑ موعود کا ظہور اہل حق کا اہل باطل سے مبارزہ و جنگ کرنے کے حلقوں میں سے ایک حلقہ ہے جو اہل حق کی نہائی کامیابی پر ختم ہوگا۔ ایک شخص کا اس سعادت میں شریک ہونا اس بات پر موقوف ہے کہ وہ فرد عملی طور پر اہل حق کی جماعت میں سے ہو۔

ائمہؑ اور معصوم الٰہی رہبروں نے صریحی اور واضح طور پر مناسب انتظار کی تصویر کشی کر کے پہلی نوع کے اظہار خیال کو باطل قرار دیا ہے اور اس لیے کہ ہرگز وہ معنی مخاطب کے ذہن میں خطور نہ کرے مفہوم انتظار کے بنیادی اور اہم حصہ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ انتظار

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

عمل کا نام ہے، اور وہ بھی افضل اعمال قرار پایا، جیسا کہ فرماتے ہیں "افضل اعمال امتی انتظار الفرج من اللہ عزّ و جلّ " میری امت کے افضلِ اعمال میں سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ظہور و آسائش کا انتظار کرنا ہے۔"یا ایک دوسری روایت میں ہے:"انتظار الفرج من اعظم العمل " (۱)"ظہور و آسائش کا انتظار کرنا بزرگ ترین عمل ہے۔"

یا یہ کہ ظہور کا انتظار عبادات میں سے ہے، جیسا کہ فرماتا ہے:" انتظار الفرج عبادۃ "" ظہور و آسائش کا انتظار عبادت ہے۔"اور ایک دوسری روایت میں ذکر ہوا ہے:" سئل عن علیؑ رجل :ایّ الاعمال احبّ الی اللہ عزّ و جلّ ؟قال علیؑ : انتظار الفرج "(۲)

"امام علیؑ سے کسی شخص نے دریافت کیا:"اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ پسندیدہ اعمال کون کون سے ہیں؟ حضرتؑ نے فرمایا: ظہور و آسائش کا انتظار"۔

اس بنا پر بعض افراد نے انتظار کا تعارف خاموشی، گوشہ نشینی اور مذہب سے دوری اختیار کرنے سے کرایا ہے اس وجہ سے اسے حملہ کا نشانہ بنایا ہے، وہ لوگ راہ خطا کی طرف چلے گئے ہیں، کیونکہ انہوں نے حقیقتِ انتظار کو درک نہیں کیا ہے، اور ایک تیر کو تاریکیِ شب میں پھینکا ہے۔ جیسا کہ ان لوگوں نے انتظار کو مذہب پر اعتراض کرنے کے عنوان سے پہنچوایا ہے، وہ بھی ایسا اعتراض جو سقیفہ سے اور حضرت علیؑ کی زبان سے آغاز ہوا۔(۳) ایسے معترضین انحرافی راستہ کی طرف چلے گئے ہیں، اس لیے کہ اس نظریہ کے مقابل میں دو سوال بیان ہوا ہے:

۱۔کمال الدین، ج۲، باب ۵۵، ح ۱۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۲۲۔

۲۔گزشتہ حوالہ۔ ۳۔انتظار مذہب اعتراض، مولف ڈاکٹر علی شریعتی۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

پہلا سوال: یہ کہ اس اعتراض کی گنجائش کہاں تک ہے؟ کیا رفاہ، عدالت، عرفان تک ہے یا آزادی وشگوفائی اور تکامل وترقی وغیرہ تک ہے؟

دوسرا سوال: یہ کہ اس اعتراض کے نتائج کیا ہیں؟ اور انتظار کرنے والے شخص کے دوش پر کون سی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور اس کی نفی کرنے سے کون سی شئے اس کے ہمراہ ثابت ہوتی ہے؟

پہلے سوال کے جواب میں ہم کہیں گے کہ دینی آرزوؤں کا تکامل اور تدریجی ترقی انسان کی استعداد کی شگوفائی سے کہیں زیادہ بالاتر ہے، اس لیے کہ جس زمانہ میں انسان تکامل وترقی کے مرحلہ تک پہنچ جائے تو پھر بھی مسئلہ یہ ہے کہ وہ اس بات کا طالب ہے کہ اسے کن امور میں صرف کرے؟ رشد ونمو میں یا خسارہ میں؟ یہ دو بنیادی سوال شگوفائی اور ترقی کے بعد کا ہے۔

پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: "الناس معادن کمعادن الذهب و الفضة "(۱)"لوگ سونا چاندی کے مانند معادن ہیں۔" کسی معدن سے استفادہ کرنے کے تین مرحلہ ہوتے ہیں:

پہلا: کشف کرنا۔

دوسرا: اسے باہر نکالنا۔

تیسرا: اسے شکل وصورت میں ڈھالنا۔

یہاں تک کمال اور شگوفائی کا مرحلہ ہے، لیکن یہی لوہا جو اپنی شکل وصورت میں آچکا ہے وہ سواری کی شکل میں آنا چاہے تو اس کے لیے جہت دہی کی ضرورت درپیش ہوگی، لہذا اس

۱۔ نہج الفصاحۃ۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

معدن کی جہت دہی کے لیے چوتھے مرحلہ میں انسان تک نوبت پہنچتی ہے۔

جہت کس کی طرف ہے؟ اگر خود سے پست ترین جہت اور حیوانی زندگی پر راضی ہونے اور اسی حیات دنیوی کی طرف ہے؟ تو یہ تنزل اور پستی ہے۔ نتیجہ میں ایک عظیم ہدف کی ضرورت ہے، خود سے بلندی کی طرف حرکت کرنا۔ یہ تحرک اور رشد وارتقاء ہے۔ اب ہم سے بالاتر کون سی ذات ہے؟ تو اس کے لیے لازم وضروری ہے کہ وہ انسان کا خالق جو حاکم اور تمام کائنات کا بھی خالق ہے اس کی ذات ہے اور امامت اس حرکت اور ارتقائی منازل کی سیر کرنے کے لیے ہدایت کرتی ہے جو مقام رسالت کے بعد اس اہم ذمہ داری کو انجام دیتی ہے، اور اب ہمیں اس پرچم کی حرکت کو مہدی موعودؑ کے محبت آمیز ہاتھوں میں تلاش کرنا چاہیے۔

دوسرے سوال کے متعلق بھی کہنا چاہیے: مہدیؑ کا انتظار کرنے والا آمادہ ہے اور ان کی سلطنت وحاکیت کے لیے زمینہ فراہم کرتا ہے، جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے: "یوطئون للمهدی سلطانه" (۱) "حضرت مہدیؑ کی سلطنت کے لیے زمینہ سازی کرتے ہیں۔" اس آمادگی اور زمینہ فراہم کرنے کو امام صادقؑ کے پیغام میں دیکھا جا سکتا ہے جیسا کہ فرماتے ہیں: " لیعدّنّ احدکم لخروج القائم و لو سهماً، فانّ اللّٰه اذا علم ذلک من نیّته رجوت لان ینسی فی عمره حتیٰ یدرکه و یکون من اعوانه و انصاره " (۲)

۱۔ میزان الحکمۃ، ج ۲، ص ۵۶۸۔ کنز العمال، ج ۳۸۶۵۷۔

۲۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۳۶۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

''تم لوگوں میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ امام قائمؑ کے خروج کے لیے اسلحہ فراہم کر کے آمادہ رہے خواہ وہ ایک تیر ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ جب اللہ تعالیٰ تمہاری نیت دیکھ لے گا تو ہو سکتا ہے کہ وہ تمہاری عمر میں اتنا اضافہ کر دے کہ تم ان کے زمانہ ظہور کو درک کر لو اور امام زمانہؑ کے اعوان وانصار میں شامل ہو جاؤ''۔

اب انتظار کے متعلق روایات اور لغوی معنی کو مدنظر رکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ انتظار نہ احتراز اور نہ گوشہ نشینی نہ ہی طاغوتوں کی نفی، بلکہ انتظار کا جامع معنی عمل اور اقدام ہے، سرعت وحرکت ہے۔ انتظار بھی منفی اور مثبت دونوں پہلو رکھتا ہے، اس لیے کہ وہ آمادگی و اقدام کے معنی میں ہے جو دونوں پہلوؤں کا محتاج ہے۔ اور آئندہ نگری اور انقلاب کے معنی میں ہے جو زمینہ سازی کا محتاج ہے۔

انتظار، غیر دینی مکاتب فکر میں

آخری زمانہ میں منجی کا انتظار اور موجودہ حالت سے عالم بشریت کو نجات دینا اسلام اور آسمانی ادیان و مکاتب فکر سے مخصوص نہیں ہے، بلکہ دینی و مادی و فلسفی مکاتب فکر بھی اس نظریہ کا عقیدہ رکھتے ہیں۔

راسل کہتا ہے: ''آخری زمانہ میں منجی کا انتظار اور اس کا آخری زمانہ میں ظہور کرنا عالم بشریت کو نجات دینا یہ آسمانی ادیان سے مخصوص نہیں ہے، بلکہ غیر دینی اور مادی مکاتب فکر بھی تمام عالم بشریت کو نجات دلانے والے اور عدل وانصاف پھیلانے والے کے ظہور کے انتظار میں زندگی بسر کر رہے ہیں''۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انتظار، عہد قدیم (توریت) میں

جیسا کہ اشارہ کیا جا چکا ہے کہ منجی کے ظہور کے عقیدہ کا مسئلہ اور ایسے شخص کا انتظار تاریخ کے اختتام پر، اسلام اور مسلمانوں سے ہی مخصوص نہیں ہے، بلکہ تمام ادیان بھی اس عقیدہ پر یقین واعتقاد رکھتے ہیں۔

عہد قدیم (توریت) میں کتاب مقدس سے، سفر مزامیر داؤد، مزمور نمبر ۳۷ میں ہم مطالعہ کرتے ہیں: ''اشرار اور ظالموں کے وجود کی وجہ سے ناامید نہ ہو، اس لیے کہ ظالموں کی نسل زمین سے مٹادی جائے گی، اور عدل الٰہی کا انتظار کرنے والے زمین کے وارث ہوں گے۔ جو افراد لعنت الٰہی میں گرفتار ہوں گے ان کے درمیان اختلاف واقع ہوگا۔ اور صالح افراد وہ ہیں جو زمین کے وارث ہو چکے ہیں اور تاریخ کے اختتام تک زمین پر زندگی بسر کریں گے''۔(۱)

یہودیوں نے اپنی مشقت بار طول تاریخ میں ہر قسم کی ذلت ورسوائی اور شکنجہ کو صرف اس امید میں اپنے لیے تحمل کیا کہ ایک دن ''مسیحا'' آئے گا اور انہیں ذلت وخواری اور رنج والم کے گرداب سے نجات دلائے گا، اور تمام کائنات کا حاکم بنائے گا۔ ابھی موجودہ حالات میں صہیونیست جو فلسطین پر ناجائز قابض ہو گئے ہیں، عیسائی رائج شدہ دعاؤں کے علاوہ اسرائیل کی غاصب حکومت ''ایار نامی عبری پانچواں مہینہ'' کی تاسیس کی سالگرہ کی رسومات کے اختتام پر عبادت کی ناقوس بجنے کے بعد اس طرح دعا کرتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ کا ارادہ، ہمارا خدا ایسا ہو کہ اس کے لطف وکرم سے ہم آزادی کی صبح صادق کا مشاہدہ کریں اور مسیحا

۱۔ کتاب مقدس، سفر مزامیر داؤد۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہمارے کانوں میں سور پھونکنے کی عنایت کرے"۔(۱)

یہ واضح سی بات ہے کہ قوم بنی اسرائیل اپنے تیرہ و تاریک ماضی کی وجہ سے آئندہ کے بہتر ہونے کے انتظار میں رہیں۔ اسی وجہ سے حضرت موسیٰ نے ان کے درمیان ایک منجی کی حیثیت سے قیام کیا ان لوگوں نے ان کے قبول کرنے میں تاخیر کی۔ یہ آرزو مصائب و پریشانیوں میں مبتلا ہونے کے دوران جڑ پکڑ لی اور ان سے کبھی جدا نہ ہوئی، اور صرف داؤد کو ایک بادشاہ منتخب کرنے کے ساتھ جو قوم کی آرزو تھی وہ ایک منجی کے قیام کے لیے مکمل طور پر پوری ہوئی۔ داؤد ایک یہودی بادشاہ اور مسیحا شخص کے جاودانی آئیڈیل و نمونہ بن گئے۔ اور درواقع بعض انبیاء اور حکماء بھی ان کو مسیحا تسلیم کرتے تھے۔(۲)

حضرت داؤدؑ و سلیمانؑ کے زمانے کو مسیحائی آرزو کے شگوفہ و ارتقاء کا زمانہ قوم یہود کے اذہان میں جانا جا سکتا ہے۔ حضرت سلیمان کے بعد حکومت بنی اسرائیل کا دو حصوں میں تقسیم ہو جانے پر مسیحائی امید کو زیادہ تقویت ہوئی۔

انبیاء نہ صرف یہ کہ آتش شوق کو دلوں میں روشن و منور محفوظ رکھتے تھے، بلکہ مفہوم مسیحا اور مسیحائی زمانہ کو وسعت بخشتے تھے۔ وہ لوگ معتقد تھے کہ مسیحا ایسا شخص ہے جس کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ کائنات کو مبارک بنا دے گا، اکثر انبیاء کے اذہان میں یہ بات موجود تھی۔

مسیحائی فکر "اشعیا" کی پیشنگوئیوں میں واضح طور پر بیان ہوئی ہے۔

ایک آرام اور تسلی بخش مسیحا کی قوم یہود کے درمیان اس کی پیشنگوئیوں میں سے ایک کی تصویر کشی کی گئی ہے۔

۱۔ انتظار مسیحا در آئین یہود، ص ۶۵۔ ۲۔ ہوشع، ۵/۳۔ ارمیا، ۹/۳۰۔ حزقیال ۲۵،۲۴/۳۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

وہ ایک آرزومندانہ اور عادلانہ حکومت کو پھیلا دے گا اس زمانہ میں" کائنات معرفت الٰہی سے پر ہو جائے گی جیسے پانی دریا کو ڈھانپ لیتا ہے"۔

اور وہ، دین بنی اسرائیل کا تمام زمین میں پھیلنے کے بعد ہے جو قوموں کے پرچم کی طرح قائم ہوگا اور امتیں اسے ضرور طلب کریں گی۔(۱)

نیز یہ بھی مذکور ہے: "آخری ایام میں واقع ہوگا کہ جب خانۂ خدا کا پہاڑ، پہاڑوں کی چوٹی پر ثابت ہوگا اور اس کی چٹانوں کے اوپر لہرائے گا نیز تمام امتیں اس کی طرف رواں دواں ہوں گی..."۔(۲)

"صفدیا" کی بعض پیشینگوئیاں یہاں تک کہ اشعیا کی پیشینگوئیوں سے زیادہ ہمہ گیر ہے۔ اس کی نظر میں مسیحائی زمانہ پوری کائنات کی اصلاح کا زمانہ ہے، اس لیے کہ وہ زمانہ امتوں کو پاک زبان عطا کرے گا تاکہ سب کے سب یہوہ (یہودیوں کے خدا) کو پکاریں اور ایک ہی دل سے اس کی عبادت کریں۔ تلمود کا تصور مسیحا شخص کے متعلق مندرجہ ذیل ہے:

"ایک انسان جو داؤد کی سلطنتی خاندان کا ایک پودا ہے اور اس کی قداست و پاکیزگی صرف اس کی طبیعی و عام عطیوں سے حاصل ہوگی، مشرک امتیں اس کے ہاتھوں نیست و نابود ہوں گی اور بنی اسرائیل قدرت مند ہوں گے"۔(۳)

۱۔ اشعیا، ۱۱/۱۰۔ صفدیا، ۳/۹۔

۲۔ صفدیا، ۲/۲۔۴۔

۳۔ انتظار مسیحا در آئین یہود، ص ۶۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انتظار، عہد جدید (انجیل) میں

انجیل یوحنا میں حضرت عیسیٰ مسیح کا قول نقل ہوا ہے: "اور عنقریب جنگوں اور اسکی افواہوں کو سنیں، تو کبھی ایسا نہ ہو کہ اس کی وجہ سے بے صبری کا اظہار کریں، اس لیے کہ اس کے محقق ہونے کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں ہے، لیکن وہ وقت تاریخ کا اختتامی زمانہ نہیں ہے۔(۱)

انجیل لوقا میں نقل ہوا ہے: "تم سب کی کمر محکم طور پر باندھی جانی چاہیے۔ تمہارے سارے چراغ روشن ہوں اور تم ان افراد کی طرح رہو جو اپنے بزرگوں کی شادی سے واپس آنے کے انتظار میں ہیں تا کہ جیسے ہی وہ دروازہ پر دستک دیں تو ان کے لیے اسی وقت دروازہ کھول دیا جائے وہ خدمت گزار افراد خوش نصیب ہیں کہ جب ان کے بزرگ آئیں تو انہیں بیدار دیکھیں... پھر تم بھی آمادہ رہو، اس لیے کہ جس وقت تمہیں توقع نہ ہوگی اسی وقت انسان کا بیٹا آئے گا"۔(۲)

عام انتظار

اسلامی احادیث کے درمیان جو شیعہ و سنی طریقے سے ہم تک پہونچی ہیں ان میں دو قسم کے انتظار کی طرف اشارہ کیا گیا ہے:

ایک عام انتظار کہ اسے بطور مطلق فرج و آسائش کے انتظار سے تعبیر کیا گیا ہے اور دوسرا خاص انتظار کہ اسے بالخصوص حضرت مہدیؑ کے ظہور کے انتظار سے تعبیر کیا گیا ہے، یہ تعبیر

۱۔ یوحنا، اصحاح ۲۴، ص ۱۰۲، شمارہ ۶۔

۲۔ لوقا، اصحاح ۱۲، ص ۲۳۸، شمارہ ۳۵۔۳۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

زیادہ تر شیعہ روایات میں وارد ہوئی ہے۔ پہلی قسم کی روایات کے متعلق ہم بطور نمونہ یہاں ذکر کرتے ہیں:

۱۔ رسول خداؐ نے فرمایا: " افضل العبادة انتظار الفرج "(۱) " انتظار فرج و کشائش بہترین عبادت ہے"۔

۲۔ رسول خداؐ نے فرمایا: " انتظار الفرج عبادة ، افضل اعمال امتی انتظار فرج اللّٰہ عزّ وجلّ "(۲) "فرج وآسائش کا انتظار کرنا عبادت ہے، میری امت کے اعمال میں سب سے بہتر عمل اللہ کی طرف سے فرج وکشائش کا انتظار کرنا ہے"۔

۳۔ رسول خداؐ نے فرمایا: " افضل العبادة الصبر و الصمت و انتظار الفرج "(۳) "بہترین عبادت صبر وخاموشی اور فرج وکشائش کا انتظار ہے"۔

۴۔ شیخ صدوقؒ اپنی سند کے ساتھ احمد ابن محمد ابن ابی نصر سے وہ امام رضاؑ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا: "صبر اور انتظار فرج کتنی اچھی شے ہے، کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ قول نہیں سنا کہ فرمایا " و ارتقبوا انی معکم رقیب "(۴) "اور تم انتظار کرو، میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں" نیز اللہ تعالیٰ کا یہ قول: " فانتظروا انی معکم من المنتظرین ".(۵)

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۲۵، ح ۱۱۔

۲۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۲۲، ح ۲۔ جامع الصغیر، ج ۱، ص ۴۱۶۔ کنز العمال، ج ۳، ص ۲۷۳، ح ۶۵۰۹۔

۳۔ تحف العقول، ص ۲۰۱۔

۴۔ سورۂ ہود، آیت ۹۳۔

۵۔ سورۂ اعراف، آیت ۷۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

''پس تم انتظار کرتے رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں'' لہذا تم لوگوں کے لیے لازم ہے کہ صبر سے کام لو، اس لیے کہ اسی کے ذریعے یأس و ناامیدی کے بعد فرج وکشائش آتی ہے اور وہ لوگ جو تم سے پہلے گزر گئے ہیں وہ تو تم سے بھی زیادہ صابر تھے''۔(۱)

۵۔علامہ مجلسیؒ ''بحارالانوار'' میں امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا: '' من دین الائمة الورع، والعفة، والصلاح ... و انتظار الفرج بالصبر "(۲) ''ائمہ (طاہرین) کے دین میں ورع وتقویٰ، عفت و پاکدامنی اور اصلاح وغیرہ نیز صبر کے ساتھ فرج وکشائش کا انتظار ہے''۔

۶۔ترمذی اپنی سند کے ساتھ رسول خداؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:" سل اللّٰه من فضله ،فانّ اللّٰه یحبّ ان یسأل و افضل العبادة انتظار الفرج"(۳) خدا کے فضل سے سوال کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ یہ پسند کرتا ہے کہ اس سے سوال کیا جائے اور افضل عبادت انتظار فرج وکشائش ہے''۔

۷۔شیخ صدوقؒ امام جوادؑ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا:" افضل اعمال شیعتنا انتظار الفرج ،من عرف هذا الامر فقد فرّج اللّٰه عنه بانتظاره "(۴) ''ہمارے شیعوں کے بہترین اعمال میں سے فرج وآسائش کا انتظار ہے۔جو شخص اس امر سے آگاہ ہو اللہ تعالیٰ اس کے انتظار کی وجہ سے اس کی مشکلات کو دور کرے گا''۔

۱۔کمال الدین، ص ۶۴۵، ح ۵۔
۲۔بحارالانوار، ج ۵۲، ص ۱۲۲، ح ۱۔
۳۔سنن ترمذی، ج ۵، ص ۲۲۵، ح ۳۶۴۲۔
۴۔کمال الدین، ص ۳۸۴، ح ۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان روایات میں فرج سے کیا مراد ہے کہ جس کا انتظار افضل عبادات شمار کیا گیا ہے؟ اور انتظار فرج کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں جو اس کے لیے اتنی زیادہ اہمیت کے قائل ہوئے ہیں؟ کیا انتظار فرج سے مراد وہی حضرت مہدیؑ کا انتظار فرج ہے جو ان روایات سے متعلق ہے اور اس کے مصداق کو واضح و روشن ہونے کی بنا پر بیان نہیں کیا گیا ہے، اس لیے کہ دوسری شیعہ اور سنی حدیثوں میں فرد منجی کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے کہ وہ نسل رسول خداؐ سے اس امت کا مہدی ہوگا؟ یا یہ کہ انتظار فرج سے مراد کلی اور عام ہے؟ اس معنی میں کہ فرج و کشائش اور شیعوں کی نجات بلکہ تمام کائنات کے مظلوموں کے ظلم و بے عدالتی، شرک و فساد، بے بنیاد امتیاز دینا اور بے دینی سے نجات دینا بھی ایک بہت زیادہ مطلوب امر ہے، لہٰذا اس کا انتظار بھی اس باب سے ہے کہ انتظار کرنے والا شخص اس فرج و کشائش کا زمینہ فراہم کرتا ہے افضل عبادات میں سے ہے۔ اور یہ ان روایات سے تضاد نہیں رکھتا جس میں اس فرج کے حقیقی مصداق کا نام بھی مشخص طور پر ذکر کیا گیا ہے؟ اس سوال کا خاص روایات کو نقل کرنے کے بعد جواب دیں گے۔

خاص انتظار

بعض روایات کی طرف رجوع کرنے کے ساتھ ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ فرج سے مراد وہی فرج آل محمد علیہم السلام اور مہدی موعودؑ کا ظہور ہے۔

۱۔ شیخ صدوق " اپنی سند کے ساتھ امام علیؑ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا:

" المنتظر لأمرنا كالمتشحط بدمه في سبيل الله "(۱) "ہمارے صاحب امر کا

۱۔ کمال الدین، ص ۶۴۵، ح ۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انتظار کرنے والا ایسا ہی ہے جیسے کوئی شخص راہ خدا میں جہاد کر کے اپنے خون سے لت پت ہو کر لوٹ رہا ہو"۔

۲۔ نیز اپنی سند کے ساتھ امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا: "طوبیٰ لشیعة قائمنا، المنتظرین لظهور غیبته، و المطیعین له فی ظهوره، اولئک اولیاء الله الذین لا خوف علیهم و لا هم یحزنون "(۱) "خوش نصیب ہیں ہمارے قائم کے شیعہ جو ان کی غیبت میں ظہور کا انتظار کرنے والے ہیں اور ان کے ظہور کے وقت ان کی اطاعت کرنے والے ہوں گے، یہی اولیاء خدا ہیں کہ جن کے لیے نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی حزن وملال"۔

روایات کے درمیان جمع بندی

اگر چہ ان تمام عام روایات میں منجی کے حقیقی مصداق کی طرف اشارہ نہیں ہوا ہے جو عالمی سطح پر حقیقی فرج و آسائش کو عملی جامہ پہنائے گا، لیکن دوسری روایات کی طرف رجوع کرنے کے ساتھ (اس بات سے کہ یہ حدیثیں بھی ایک دوسرے کی تفسیر وتوضیح بیان کرتی ہیں) ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ شیعہ اور سنی روایات میں فرج سے مراد وہی فرج آل محمدؐ ہے جو آخری زمانہ میں محقق ہوگا اور زمین اس کے ذریعہ عدل وانصاف سے بھر جائے گی جیسا کہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی۔

۱۔ کمال الدین، ص ۳۵۷، ح ۵۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

دونوں انتظار کے درمیان بنیادی فرق

ان دونوں انتظار کی قسموں کے درمیان، عام اور کلی انتظار، اور خاص انتظار، بالخصوص خاص الخاص انتظار میں بنیادی فرق پایا جاتا ہے، اس لیے کہ جو شخص اصل فرج کا عقیدہ رکھتا ہے بغیر اس کے کہ وہ آسائش بخش اور قیدِ حیات سے نجات دینے والے کا اپنے پاس مشاہدہ اور احساس کرے نیز اسے اپنے اعمال پر نظر کرنے والا جانے تو اس کے وجود کے لیے بہت زیادہ مؤثر ثابت نہیں ہوگا۔ برخلاف اس شخص کے کہ جس کا عقیدہ یہ ہے کہ سب سے پہلے وہ پیغمبر کی اولاد سے ہے۔ دوسرے یہ کہ: وہ موجود ہے اور ان تمام لوگوں کے اعمال و رفتار بالخصوص ان کے شیعوں کے اعمال انہیں کے زیر نظر ہیں۔ اور ان کی مصیبتوں کے وقت ان کی فریادرسی اور ان کی حفاظت کرتے ہیں اس قسم کے منجی پر عقیدہ رکھنا، اور ایسے شخص کے ظہور کا انتظار، انتظار کرنے والے انسان کی حوصلہ افزائی میں بہت زیادہ مؤثر ہے، اور ایسا مؤثر ہے کہ انتظار کی پہلی قسم کی تاثیر سے قابل مقایسہ نہیں ہے۔ شیعہ اس قسم کے انتظار کا عقیدہ رکھنے کی وجہ سے طول تاریخ میں زندہ ہیں اور کبھی بھی امید کا دامن نہیں چھوڑتے۔ شیعہ ہمیشہ خود کو منجی اور مصلح کل کے نزدیک محسوس کرتے ہیں....

ہر مصیبت کے بعد فرج و آسائش کا انتظار

ممکن ہے کوئی شخص یہ کہے کہ اکثر انتظار والی حدیثوں میں، حضرت مہدیؑ کے ظہور کے متعلق تصریح اور وضاحت نہیں ہوئی ہے، لہٰذا ممکن ہے کہ انتظار فرج سے مراد تمام شدائد و مصائب کے بعد آسائش و کشائش کا انتظار مقصود ہو۔ اور یہ صرف بشر کے دلاسا دینے کے لیے ہے تاکہ وہ ناامید نہ ہو، اس لیے کہ ناامیدی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

تمام بدبختیوں اور بیچارگیوں کا سرچشمہ ہے۔

اس احتمال کے جواب میں ہم کہیں گے: روایات میں بطور مطلق انتظار سے قطعی مراد حضرت مہدیؑ کے ظہور کا انتظار ہے، اور اسے دو زاویوں سے پایہ ثبوت تک پہنچایا جا سکتا ہے۔

۱۔ ان احادیث سے استفادہ کر کے جس میں امام زمانہ کے ظہور کی تصریح اور وضاحت ہوئی ہے، جیسا کہ پہلے بھی اشارہ کیا جا چکا ہے کہ روایات ایک دوسرے کی تفسیر و توضیح بیان کرتی ہیں۔ لہذا ہم کہیں گے:

مطلق روایات سے مراد وہی مقید روایات ہیں۔ یہ جمع بندی شیعہ اور سنی دونوں کے نظریات سے موافق ہے، شیعی نقطۂ نظر سے جو ایسے امام کے ظہور کا اعتقاد رکھتے ہیں وہ موجود ہیں، اور مذہب اہل سنت والے بھی امام مہدیؑ کے ظہور کے معتقد ہیں جنہیں وہ ابھی زندہ نہیں تسلیم کرتے بلکہ ان کا عقیدہ یہ ہے کہ آخری زمانہ میں پیدا ہوں گے اور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے۔

۲۔ حکم و موضوع کے درمیان تناسب کے زاویہ سے، اس لیے کہ ایسے ظہور کا انتظار جس کی اس حد تک اہمیت شمار کی گئی ہے اور معصومینؑ کے کلام میں اس حد تک تاکید کی گئی ہے اس سے مراد مہدیٔ موعود کے انتظار کے علاوہ کوئی اور شئے نہیں ہو سکتی۔ لہذا روایات میں ہم مطالعہ کرتے ہیں کہ ظہور کا انتظار اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہترین اور پسندیدہ ترین اعمال میں سے ہے۔ یا یہ کہ ظہور کا انتظار، آسائش کا انتظار ایک انفرادی مشکل نہیں ہے، اس لیے کہ مصیبتوں کے وقت جو انجانی انتظار متوقع ہوتا ہے وہ یہ کہ صبر کرے اور اللہ تعالیٰ پر ان

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مشکلات کی وجہ سے اعتراض نہ کرے، نہ یہ کہ مصیبت کے دور ہونے کا منتظر رہے کہ یہ عمل افضل عبادات میں سے ہے۔ لہذا ان روایات میں ظہور کے انتظار سے مراد وہی روز موعود کا انتظار ہے، اس جہت سے کہ اس دن وعدۂ الٰہی تمام مظلومین عالم کی نصرت کے لیے محقق ہو گا اور یگانہ اسلامی والٰہی عادلانہ حکومت تمام کرۂ ارض پر چھا جائے گی۔ اور انتظار وہ آثار و برکات جو اپنے ہمراہ لیے ہوئے ہے صرف اس طرح کے ہی ظہور کے انتظار میں محقق ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ نیز اس قسم کا انتظار اساس دین میں شمار کیا جا سکتا ہے۔

قساوت قلب سے خبردار رہیں!

جو کچھ ہر مومن بلکہ ہر انسان پر لازم ہے یہ ہے کہ کبھی بھی منجی کے ظہور کے تاخیر ہونے کی وجہ سے ناامید نہ ہو اور یہ بات اس کی سنگ دلی کا سبب نہ بن جائے، بلکہ اس پر لازم ہے کہ ریسمان صبر سے متمسک رہے کہ یہی صبر کے ساتھ انتظار کرنا، بالآخر اسے منزل مقصود سے ہم کنار کرے گا اور جو بھی منجی کے ظہور کے لیے زمینہ فراہم کرنے والا ہوگا۔ اور یہ وہ واحد راستہ ہے جو صرف اللہ کی ذات پر قلبی ایمان کے ذریعہ حاصل ہو سکتا ہے مزید یہ کہ وہ اپنے وعدوں کی خلاف ورزی نہیں کرتا نیز گزشتہ امتوں کے واقعات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح ان سے ہر سختی اور شدید مصیبت کے بعد کیسے ان کے لیے آسائش بخشی، نیز اپنی فطرت اور اندرونی رجحان کی طرف رجوع کرے کہ وہ منجی کے ظہور کی طرف کیسے مائل ہے اس سے خود کو یأس و ناامیدی سے نجات دے کر منجی کے ظہور کا امیدوار رہو۔

لہذا ایک روایت میں آیہ مبارکہ: " و لا یکونوا کالذین اوتوا الکتاب من قبل

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

فطال علیهم الأمد فقست قلوبهم "(۱)" اور وہ ان اہل کتاب کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں کتاب دی گئی تو ایک عرصہ گزرنے کے بعد ان کے دل سخت ہو گئے "کے ذیل میں امام صادقؑ سے روایت نقل ہوئی ہے کہ حضرتؑ فرماتے ہیں: "اس آیت کی تاویل زمانۂ غیبت میں زندگی بسر کرنے والوں کے لیے ہے، اس آیت میں "امـــد" سے مراد زمانۂ غیبت ہے اللہ تعالیٰ شیعوں کو حجت الٰہی میں شک وشبہ سے منع کرتا ہے یا یہ کہ وہ یہ گمان کریں کہ اللہ تعالیٰ کو ایک لمحہ کے لیے بھی زمین کو حجت سے خالی رکھے اس سے بھی روکا گیا ہے۔ (۲)

وقتِ ظہور معین نہ ہونے کی حکمت

کبھی ذہنِ انسانی میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یا یہ کہ بعض افراد سوال کرتے ہیں کہ کیوں ظہور کا وقت اسلامی منابع میں معین نہیں ہوا ہے؟ اور اس کے معین نہ ہونے میں کون سی حکمت کارفرما ہے؟

اس سوال کے جواب میں چند نکات کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے:

۱۔ جو شخص ایک ایسی ہر دل عزیز اور محبوب شخصیت کا منتظر ہے لیکن اس کی آمد کا وقت نہیں جانتا اور ہمیشہ ہر دن اس کی یاد میں ہوتا ہے اور اس کے ظہور وقدوم کا منتظر رہتا ہے، لہذا ہمیشہ آمادہ ہے اور جو کچھ اس انتظار کیے جانے والی ذات کی رضایت حاصل کرنے کا باعث ہے اپنی ذات میں آمادہ کیے ہوتا ہے تا کہ جب ظہور کریں تو ان کی رضایت کا باعث بنیں

۱۔ سورۂ حدید، آیت ۱۶۔

۲۔ غیبت نعمانی، ص ۱۰۶، بحار، ج ۵۱، ص ۲۱۹، ۲۲۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور یہی اثر اس فرد کی کردار سازی میں کافی موثر ومفید ہے، اب اگر ہم اسی اعتقاد اور فکر کو ایک معاشرہ کے لیے تصور کریں اور ان کے درمیان آمادہ کیا ہوا دیکھیں تو یہی منجی کے ظہور کے لیے زمینہ فراہم کرسکتا ہے۔

لیکن اگر انسان حضرتؑ کے ظہور کے وقت کو جانتا ہو، بالخصوص اگر ظہور کا زمانہ طولانی ہو اور اس کی زندگی میں محقق نہ ہو تو انسان مایوس ہو جائے گا اور ایک حقیقی منتظر نہ رہ جائے گا، بسا اوقات ممکن ہے اپنے لیے کسی فریضہ کا احساس نہ کرے۔ اور دوسرے الفاظ میں: خود انتظار کی حالت ایک ایسی کیفیت ہے جو انسانی وجود میں امید وشادابی کی روح زندہ کر دیتی ہے اور انسان ہر لحہ خدائی رحمت واسعہ اپنے شامل حال ہونے کا امیدوار ہوتا ہے اور اس کے ذریعہ دنیا میں سعادت وکمال تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔

۲۔ ظہور کا وقت معین نہ ہونا، ایک قسم کا امتحان ہے جو اس کے ہوتے ہوئے کہ ظہور کا وقت معین نہیں، اور یہ تمام نفسیاتی روحانی اور مادی مشکلات کے دباؤ کے باوجود امت اسلامی اور دوسری کائنات کی مظلوم قوموں کو شامل کیے ہوئے ہے، کیا امید اور خدائی رحمت واسعہ کے انتظار سے اس دنیا میں دست بردار ہو جائیں! اور اس کی جگہ یاس وناامیدی حاکم وغالب ہو جائے! یا یہ کہ امید سے دل برداشتہ نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کا اعتقاد منجی عالم بشریت کا ظہور جو خدائی رحمت واسعہ کا مظہر ہے راسخ ومحکم ہو جائے گا، اور یہ بندوں کا ایک عظیم امتحان ہے کہ جس کی طرف اسلامی روایات میں بھی اشارہ کیا گیا ہے۔

۳۔ کبھی مصلحت زمانہ غیبت کے مقدم وموخر کرنے میں ہے اور یہ زمانہ ظہور کے معین ہونے کے ساتھ سازگار نہیں ہے۔ لہذا حضرت موسیٰؑ کے قصہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابتدائے امر میں صلاح امت اس بات پر تھی کہ وہ کوہ طور پر اللہ تعالیٰ سے اپنی ملاقات کے زمانہ کی مدت کو تیس شب قرار دیں، لیکن تیس شب تمام ہونے کے بعد، مصلحت کا تقاضا یہ ہوا کہ دس شب کا مزید اضافہ ہو جائے۔

ظہور منجی اور منتظر کے مسئلہ کے متعلق بھی یہی نکتہ جاری و ساری ہے، اس لیے کہ ہم جانتے ہیں کہ ظہور کا وقت معین کرنے کی وجہ سے، ظہور کے زمانہ کو مقدم و موخر یا تغیر و تبدّل کرنے کی راہ مسدود ہو جائے گی، اس کے باوجود کبھی خاص مصلحت کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ مقدم یا موخر ہونا انجام پذیر ہو۔ کبھی لوگوں کا اللہ تعالیٰ کی طرف مکمل توجہ پیدا کرنے کے لیے اور ظہور کا زمینہ فراہم کرنے کے لیے، مصلحت کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ امام زمانہؑ کے ظہور میں تعجیل ہو، یا یہ کہ لوگوں کی سستی ظہور کا زمینہ فراہم کرنے میں امام منتظر کے ظہور کی تاخیر کا باعث بنے۔

اسی وجہ سے کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ ظہور کی علامتوں میں بداء واقع ہو جاتا ہے، کہ اس کا ایک حصہ شاید اسی معنی میں ہو کہ کبھی مصلحت کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ ایک علامت فلاں زمانہ میں ظہور کے لیے واقع ہوئی ہے تو کسی مصلحت کی بنا پر یا مفاسد کے ہونے کی وجہ سے ظہور میں تاخیر واقع ہوتی ہے۔

۴۔ بعض افراد اسرار الٰہی کی حفاظت میں اور اسے خفیہ رکھنے میں ایک ضعیف ارادہ کے مالک ہوتے ہیں۔ اور اسے محفوظ نہیں رکھ سکتے۔ لہٰذا ایک اور دوسری حکمت ظہور کا وقت معین نہ ہونے کے لیے ممکنہ طور پر بیان کی جاسکتی ہے یہ کہ ممکن ہے ظہور کا وقت معین ہونے کی صورت میں یہ راز فاش ہو جائے یا دشمن افراد اس راز سے آگاہی حاصل کرلیں جس

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کے نتیجہ میں اپنے منظم پروگرام کے تحت آنحضرتؑ کے قیام کا مقابلہ کر کے حضرتؑ کے ظہور کی راہ مسدود کریں۔ لہذا روایات میں ہم مطالعہ کرتے ہیں کہ ظہور کے ناگہانی ہونے کا عنصر حضرتؑ کی کامیابی میں بہت اہم کردار ادا کرے گا اس حیثیت سے کہ دشمنوں سے ہر قسم کی فرصت سلب ہو جائے گی اور حضرتؑ کے دشمنوں سے تمام قسم کی فکر و تدبیر بھی۔ اور یہ زمانہ ظہور معین ہونے کے ساتھ سازگار نہیں ہے۔

لہذا امام صادقؑ سے ایک روایت میں جس میں ابن نعمان سے خطاب فرمایا ہے ذکر ہوا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا:

"یا ابن النعمان ! انّ العالم لا یقدر ان یخبرک بکل ما یعلم ... فلا تعجلوا ،فو اللّه لقد قرب هذا الامر ثلاث مرّات فأذعتموه ،فاخّره اللّه ،واللّه مالکم سرّ الّا وعدو کم اعلم به منکم ..." (۱) "اے نعمان کے بیٹے! یقیناً عالم جو کچھ جانتا ہے اس سے تمہیں آگاہ نہیں کرسکتا... لہذا عجلت سے کام نہ لو، خدا کی قسم! تین مرتبہ امر (امر فرج) نزدیک ہوا اور تم نے اسے شائع کر دیا لہذا اللہ تعالیٰ نے بھی اسے موخر کر دیا؟ خدا کی قسم! تمہارے پاس کوئی ایسا راز نہیں ہے مگر یہ کہ اس سے تمہارے دشمن تم سے زیادہ باخبر ہیں"۔

۵۔ وقت ظہور معین نہ ہونے کی صورت میں اس کے منجملہ ترتبی آثار میں سے ایک یہ ہے کہ انسان کے لیے انقطاع و تضرع اور خاص مکمل توجہ کی حالت حاصل ہوتی ہے، لہذا انسان دائمی طور پر درگاہ الٰہی میں توسل و تضرع کی حالت میں ہوتا ہے اور اس کے لیے

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۷، ص ۲۸۹۔ مستدرک الوسائل، ج ۱۲، ص ۲۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ہمیشہ دست بہ دعا رہتا ہے اور اس سے مناجات کر کے امام زمانہؑ کے ظہور کا طالب ہوتا ہے ۔ بسا اوقات ممکن ہے یہی حالت امام زمانہؑ کے تعجیل ظہور میں بھی کافی موثر ثابت ہو۔ لیکن اگر ظہور کا وقت معین ہو اور انسان بھی اس سے مکمل طور پر آگاہ ہو تو پھر یہ آثار و برکات اور توسلات و توجہات ظاہر نہیں ہوں گی۔

ضرورتِ انتظار

روایات میں نبیؐ کے انتظار کی بہت زیادہ تاکید ہوئی ہے۔ مثلاً ہم ایک روایت میں پڑھتے ہیں: "انّ القائم منّا هو المهدی الذی یجب ان ینتظر فی غیبته، و یطاع فی ظهوره" (۱) "ہم میں سے جو قائم ہوگا وہی مہدی ہوگا جس کی غیبت میں اس کا انتظار کرنا واجب ہے، اور زمانۂ ظہور میں اس کی اطاعت فرض ہے"۔

۱۔ انتظار، یعنی ظہور کا زمینہ فراہم کرنا

انتظار تحریک کی آمادگی اور زمینہ فراہم کرنے کا ایک زمانہ ہے اور ہر انقلاب یا وہ تحریک جسے اس کا سامنا نہ ہوا ہو تو وہ ناقص اور بے ثمر ہو کر رہ جائے گی۔ کتنے انقلابات کثرت سے رونما ہوئے جو آغاز میں بہترین طور پر شروع ہوئے لیکن اس جگہ جہاں انتظار کے زمانہ کو پہلے سے طے نہیں کیا تھا تو کچھ ہی مدت کے بعد انجام کار شکست پر تمام ہوا، اس لیے کہ خود کھانے پینے اور اپنے آپ سے فرار ہونے میں مبتلا ہوئے اور آخر میں بھی مختلف دباؤ و ابہامات کے ماتحت آ گئے، فکری و اعتقادی مرحلہ میں، ظرفیت و تحمل کے مرحلہ میں،

۱۔ منتخب الاثر، ص ۲۲۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

لائحۂ عمل کے مرحلہ میں، عملی مرحلہ میں امکانات کی کمی اور مہارتی علمی احتیاجات سے حتیٰ کہ جسمانی آمادگی سے فرار کر گئے ہیں۔ یہ انتظار کی خاصیت ہے جو آپ کو تحرک میں لاتا ہے کہ اپنی خامیوں کا اندازہ لگائیں اور اس کو پورا کرنے کی کوشش کریں.....

۲۔ انتظار، ناامیدی سے مانع ہے

مکتب تشیع کی بقا کے مخفیانہ رازوں میں سے اہم ترین راز، یہی روح انتظار ہے جو ہر شیعہ کے تن بدن میں امید سے بھری ہوئی ہے اور اسے مسلسل جدو جہد اور تحرک کی طرف وادار کرتی ہے، اور اسکی ناامیدی اور بے تابی افسردگی اور عاجزی سے مانع ہوتی ہے۔

۳۔ انتظار، دشمنوں کے تسلط سے مانع ہے

مسئلہ انتظار کی اہمیت کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ تمام دشمن، اس کو مسلمانوں پر اپنا تسلط پانے سے رکاوٹ شمار کرتے ہیں۔ میشل فوکر، "کلر بریز" عقیدۂ مہدویت کی فکر سے مبارزہ کرنے کی بحث میں ابتداء امام حسینؑ اور پھر امام زمانہؑ کا ذکر کرتا ہے، اور انہی دونوں نکات کو شیعوں کی پائیداری کا عنصر شمار کرتا ہے: "نگاہ سرخ اور نگاہ سبز" تلابیب کی کانفرنس میں بھی "برنارڈ لوئیس"، "مائیکل ام جی"، "جنشر"، "بروبرگ" اور "مارٹیم کوامر" جیسے افراد نے اس نکتہ پر بہت زیادہ تاکید کی ہے۔ ان لوگوں نے اسلامی انقلاب کے جائزہ میں شیعوں کی نگاہ سرخ یعنی عاشورا اور ان کی نگاہ سبز یعنی انتظار تک بحث کرتے ہوئے اس مشہور جملہ کو نتیجہ کے طور پر یوں پیش کیا: "یہ لوگ امام حسینؑ کے نام سے قیام کرتے ہیں اور امام زمانہؑ کے نام سے اس قیام کی حفاظت کرتے ہیں (۱)۔"

۱۔ یہ نقل از مجلۂ بازتاب اندیشہ، خرداد ۸۰، ص ۱۹۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جرمن محقق ''ماربین'' کہتا ہے: ''منجملہ اجتماعی اہم ترین مسائل میں سے جو شیعوں کی امیدواری اور کامیابی کا باعث ہے وہ حضرت حجتؑ کے وجود کا اعتقاد اور ظہور کا انتظار ہے''(۱)

نیز ''پیترو شفسکی'' مورخ، سابق روسی علوم کا ماہر اور ایران شناس اس کے متعلق تحریر کرتا ہے: ''مہدی کے انتظار میں آنکھیں بچھائے رکھنا ایران کی تیرہویں صدی ہجری شمسی کی تحریکوں کے عمومی عقائد میں شامل کیا گیا جس کا ایک عظیم درجہ ہے...''۔(۲)

دشمن نے شیعہ رہبریت کی اہمیت کا وہ بھی اس زمانہ میں جب ان کا رہبر غائب ہے اندازہ لگالیا ہے، اسی وجہ سے چند اقدامات اس کے متعلق انجام دیے کہ ان میں سے ایک اقدام کی طرف بطور نمونہ ہم اشارہ کرتے ہیں:

''۱۹۸۲ء میں ایک ''نوسٹر آڈمس'' نامی سیریل، مسلسل تین ماہ تک امریکی ٹیلی ویژن (TV) چائینل سے نشر ہوا، یہ فلم ستارہ شناس (منجم) اور فرانسوی ڈاکٹر ''میشل نوسٹر آڈمس'' نامی شخص کی سرگذشت پر مشتمل تھی جو آج سے تقریباً ۵۰۰ سو سال پہلے باحیات تھا۔ اس سیریل میں، کائنات کے مستقبل کے متعلق اس کی پیشینگوئیوں کی تصویر کشی کی گئی کہ جس میں سب سے اہم پیشینگوئی پیغمبر اسلامؐ کے نواسہ کا مکہ مکرمہ میں ظہور، مسلمانوں کے متحد ہونے اور یورپ والوں پر ان کی کامیابی حاصل کرنے نیز جدید امریکا کے عظیم شہروں کی سرزمین کو تباہ و برباد کرنے پر مشتمل تھی۔

۱۔ سیاست اسلام، ماربین، فصل ہفتم، فلسفہ مذہب شیعہ، ص ۴۹، ۵۰۔

۲۔ نہضت سربداران خراسان، مولف پترو شفسکی۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس عظیم پروپیگنڈے اور زبردست پرچار کرنے اور نمائش کا مقصد مہدیٔ موعود کا سخت اور بے رحم چہرہ، تخریب کار اور قدرت کے جنون میں مبتلا ہونے کی تصویر کشی تھا اور مغربی ممالک کے احساسات کو اسلام اور اس کے منجیٔ موعود کے خلاف بھڑکانا اور ہم آہنگ طور پر آمادہ کرنا تھا۔

نتیجۂ انتظار

انتظار کرنے والے انسان کا تمام ضروری آمادگی حاصل کرنے کے ساتھ، انتظار کے ریشے اس کے وجود میں سرسبز ہوتے ہیں اور آہستہ آہستہ اس سعی و کوشش کے مناسب نتائج حاصل کرتا ہے ان میں سے ہم بعض کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔

ا۔ صبر

امام صادقؑ سے نقل ہوا ہے کہ آپ نے فرمایا: "من دین الائمة الورع ... و انتظار الفرج بالصبر "(۱)

"ائمہ (طاہرینؑ) کے دین میں ورع و تقویٰ... اور صبر کے ساتھ فرج و آسائش کا انتظار ہے"۔

زمانۂ غیبت کے نہایت سخت شرائط ہونے کا لازمہ یہ ہے کہ ہر انتظار کرنے والا شیعہ مشکلات اور مصائب کے مقابل میں صبر و استقامت کے ساتھ زندگی بسر کرے اور اپنے وجود اور تشخص سے دفاع کرے۔

ا۔ بحار الانوار، ج ۵۱ ص ۱۲۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انتظار کرنے والا وہ شخص ہے جو انتظار کے دوران مشکلات کی پیشینگوئی کرے اور نتیجہ میں مشکلات کے بحرانی ہجوم کو کم کرے اور حوادث کو اپنے صبر پر غالب نہ ہونے دے۔

رسول خداؐ نے فرمایا: "طوبی للصابرین فی غیبته... اولئک وصفهم الله فی کتابه فقال: "الذین یومنون بالغیب..."(۱)

"خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس کی غیبت کے زمانہ میں صبر سے کام لیں... ان ہی لوگوں کی تعریف میں اللہ نے اپنی کتاب میں ارشاد فرمایا ہے "اور وہ لوگ غیب پر ایمان رکھتے ہیں..."۔

۲۔ نجات دینے والے کی یاد

انتظار کا زمانہ، مشکلات اور مصائب کے ہجوم کا زمانہ ہے اور جو کچھ قلبی سکون اور روحانی طاقت انتظار کرنے والے شیعہ کو دے سکتا ہے، عطا کرے اسے غفلت اور وسوسے سے نجات دے کر نجات دہندہ زندہ اور حاضر و ناظر ہے۔

۳۔ اصلاح

منجملہ آثار و نتائج انتظار میں سے ایک دوسرا اثر اور نتیجہ انتظار کرنے والے شخص کی ذات میں نمایاں ہوتا ہے اور وہ اصلاح نفس اور خود کو ناپسند عادات سے دور رکھنا ہے نیز خود کو نیک اخلاق سے زینت بخشنا ہے۔

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۴۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام صادقؑ ابو بصیر سے فرماتے ہیں: "...من سرّ ان یکون من اصحاب القائم فلینتظر، ولیعمل بالورع و محاسن الاخلاق، وھو منتظر..." (۱) "جو شخص حضرت قائمؑ کے اصحاب میں ہونا پسند کرتا ہے اسے انتظار کرنا چاہیے، اور اسی حالت میں ورع و تقویٰ اور اچھے اخلاق سے پیش آنا چاہیے تو ایسا شخص (حقیقی) منتظر ہے۔"

۴۔ امید کا حوصلہ ایجاد کرنا

ظہور کا انتظار اس جہت سے اہل بیتؑ کی تاکید اور وصیت و نصیحت کا مرکز رہا ہے کہ انتظار کرنے والے شخص کے لیے مستقبل میں امید ایجاد کرتا ہے اور یہی امید، سعی و کوشش میں عظیم اور مکمل کردار ادا کرتی ہے۔

۵۔ دین میں بصیرت

انتظار کرنے والے مومن کی منجملہ فکری تلاش کا ایک نتیجہ، بصیرت و آگاہی ہے۔ فتنے غفلت آور ہونے کے علاوہ معاشرہ کے افکار میں شک و شبہ اور تزلزل ایجاد کرتے ہیں۔ اور حقیقی منتظر وہ ہے جو فکری ہوشیاری تک پہونچنے کی وجہ سے چونکہ بیدار ہے لہذا شبہات کا جواب دے کر فتنوں کو دفع کرنے کے درپے ہوتا ہے۔

امام صادقؑ فرماتے ہیں: "طوبیٰ لمن تمسک بامرنا فی غیبة قائمنا، فلم یزل قلبہ بالھدایة" (۲) "خوش نصیب ہے وہ انسان جو ہمارے قائمؑ کی غیبت کے زمانہ میں ہمارے فرمان سے متمسک رہے (جس کے نتیجہ میں) اس کا ہدایت یافتہ دل کبھی بھی باطل کی طرف مائل نہیں ہوگا"۔

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۴۰، ح ۵۰۔ ۲۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۲۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۶۔ انتظار، تحفظ دین کا ایک عامل

انتظار چونکہ انسان کو عمل کی طرف وادار کرتا ہے اور ایسا معاشرہ جس میں الٰہی نجات دہندہ کے انتظار کی حالت حاکم ہو وہاں تحرک اور سرعت بھی حکم فرما ہوتی ہے، اور انسان کو انفرادی اور اجتماعی اصلاح کا زمینہ فراہم کرنے کے لیے وادار کرتا ہے، خود ہی ایک عظیم اور باارزش شریعت کی بقا نیز اس پر عمل کرنے کے لیے ایک عامل شمار ہوتا ہے۔

۷۔ انتظار، شجاعت کی طرف دعوت دیتا ہے

انتظار، حقیقت میں مقابلہ کی طرف دعوتِ عمل ہے نہ کہ تسلیم محض، ظلم و باطل، غلامی اور ذلت کے ساتھ مقابلہ ہے۔ انتظار، شجاعت و اقدام کی طرف دعوت ہے۔ اگر انسان کسی ایسے شخص کی آمد کا منتظر ہے جو تمام معاشرہ اور کرۂ ارض میں عدالت برپا کرنے والا ہو، یہ اس معنی میں ہے کہ انسان عدالت و انصاف کے مسئلہ پر ایمان رکھتا ہے، اور ہر وہ شخص جو کسی مسئلہ پر ایمان و اعتقاد رکھتا ہے، عام طور پر اس کے مقابلہ میں ذمہ داری کا احساس کر کے اس کا پابند ہوتا ہے، اور کبھی بھی طول تاریخ میں خود کو ظالم و جابر بادشاہ کے مقابل سر تسلیم خم نہیں کرتا۔

۸۔ انتظار، ظہور کے لیے زمینہ فراہم کرتا ہے

انتظار اس جہت سے کہ عمل اور انسان کی ذات میں تحرک ایجاد کرتا ہے اور اس جہت سے کہ عمل اور تحرک انسان کے تکامل و ترقی کا زمینہ فراہم کرتا ہے جس کے نتیجہ میں انتظار عالم بشریت کے نجات دینے والے کے ظہور کا تمام کائنات پر حکومت کرنے، عدل و

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

انصاف کو معاشرہ کے درمیان پھیلانے اور عالمی سطح پر پرچم توحید کا قیام عمل میں لانے کے لیے زمینہ فراہم کرتا ہے، چونکہ جس طرح ان کی غیبت خود ہماری طرف سے واقع ہوئی ہے، لہذا ان کا ظہور بھی خود ہمارے عمل و تحرک اور زمینہ فراہم کرنے سے واقع ہوگا۔

۹۔ انتظار، انسان کو مبدأ کی طرف حرکت دینے والا ہے

ایک قابل توجہ انتظار کے اہم پہلوؤں میں سے ایک پہلو توحیدی انتظار کا پایا جانا ہے، انتظار عام صورت میں انتظار کرنے والے شخص کو مبدأ عالم کی طرف لے جاتا ہے، اس لیے کہ انتظار کرنے والا شخص ہمیشہ بشری نجات کے انتظار میں ہے کہ مستقبل قریب میں ہی اللہ تعالیٰ کی لامحدود قدرت سے انجام پذیر ہوگی، اور یہ وہی توحیدی انتظار کا پہلو ہے، اللہ تعالیٰ کی عنایت سے متمسک رہنا اور اس سے ظہور کی درخواست اور اس سے الحاح وزاری کرنا اس ایمان کے اہم ترین آثار میں سے ہیں۔

اس ایمان واعتقاد کے سائے میں انتظار کرنے والا شخص ہمیشہ بارگاہ کبریائی میں خداوند متعال سے متوسل ہوتا ہے اور اس حالت میں اللہ تعالیٰ سے اتصال وارتباط برقرار رہتا ہے۔لہذا روایات میں ذکر ہوا ہے: ''امت پیغمبرؐ کے افضل اعمال میں سے اللہ تعالیٰ کا انتظار فرج ہے''۔(۱) نیز حضرت علیؑ سے ایک حدیث منقول ہے کہ:

''مومن کی افضل عبادت میں اللہ تعالیٰ کا انتظار فرج ہے''۔(۲)

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۳، ص ۱۲۸۔

۲۔ بحار الانوار، ج ۵۲، ص ۱۳۱۔ المحاسن، برقی، ص ۲۹۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۰۔ انتظار، قیامت کے لیے ایک آگاہی

انتظار کے مفہوم میں قیامت اور جزا کا مفہوم بخوبی نظر آتا ہے، اس لیے کہ ایک جہت سے امام زمانہ ہی وہ ہیں جو اپنے ظہور کے ساتھ ظالموں کے اعمال کی سزا دے کر انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گے، مومنین کو عزت بخشیں گے اور انہیں رحمت الٰہیہ کا مزہ چکھائیں گے، کہ یہی اعمال، خود قیامت اور حشر و نشر کے نمونوں میں سے ہے۔

دوسری طرف سے امام مہدیؑ کے ظہور کے ساتھ مخلص اور پاک طبیعت کے افراد کی ایک جماعت اس کائنات میں پلٹائی جائے گی جو ان کی رکاب میں ہوگی یا اس کے سچے اہداف کے لیے اقدام کرے گی، کہ یہ خود ایک قیامت صغریٰ اور قیامت کبریٰ کے لیے آمادگی ہوگی۔

اس وقت اس جہت سے کہ امام مہدیؑ کا ظہور قیامت کی علامات میں سے شمار کیا گیا ہے، لہذا امام مہدیؑ کے ظہور کو یاد رکھنا قیامت کے مسئلہ کو انسان کے ذہن میں ایجاد کرے گا۔

۱۱۔ انتظار، اصلاح معاشرہ کے لیے انسان کو تحرک بخشتا ہے

ایک انسان جو عالمی مصلح کے ظہور کا منتظر ہے وہ صرف خود صالح نہیں ہے، بلکہ معاشرہ کی اصلاح ایجاد کرنے کے درپے ہے اور تمام معاشرہ کے لیے مصلح کل کے ظہور کا زمینہ فراہم کرتا ہے۔ لہذا کبھی بھی مصلح شخص دست بستہ بیکار نہیں رہے گا، بلکہ وہ ہمیشہ اس کے ظہور کی فکر میں ہے کہ یہ حالت اس جہت سے کہ تمام انسانی معاشرہ کے لیے ہے لہذا ظہور کا زمینہ ایجاد کرنے کے درپے ہونا بھی تمام عالمی سطح پر ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام مہدیؑ کا حسب ونسب

حضرت امام مہدیؑ کے ظاہری شکل وشمائل

امام زمانہؑ اپنے پدر بزرگوار کی شہادت کے بعد جب ان کی نماز جنازہ کے لیے حاضر ہوئے تو لوگوں نے ان کا مشاہدہ کیا درحالیکہ ابھی وہ ایک بچے تھے اور رنگ گندم گوں تھا آپ کی سر کی مانگ اور آپ کے سامنے والے دندانِ مبارک کے درمیان فاصلہ تھا۔(۱)

شیخ طوسیؒ ان بعض افراد سے نقل کرتے ہیں کہ جنہوں نے حضرتؑ کا، غیبت صغریٰ کے زمانہ میں مشاہدہ کیا ہے کہ حضرتؑ ایک خوب صورت جوان، خوشبو سے معطر اور عظیم ہیبت کے حامل تھے۔ راوی کہتا ہے: ”جب وہ گفتگو کرتے تھے، تو میں نے ان سے بہتر متکلم نہیں دیکھا“۔(۲)

ایک دوسری روایت میں بیان ہوا ہے کہ راوی کہتا ہے: ”حضرت گندم گوں جوان تھے اور میں نے کبھی بھی ان کے جیسے معتدل قد وقامت اور خوبصورت انسان کا مشاہدہ نہیں کیا“۔(۳)

ایک اور دوسری روایت میں ذکر ہوا ہے: ”ان کا قد وقامت نہ طولانی تھا اور نہ ہی کوتاہ بلکہ وہ متوسط القامت تھے۔ ان کا سر مبارک مدوّر اور پیشانی وسیع ہے آپ کی بینی مبارک دراز ہے اور ان کے رخسار صاف اور داہنے رخسار پر خال ہے“۔(۴)

۱۔ تاریخ غیبت صغریٰ، ص ۵۴۰۔
۲۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۱۵۲۔
۳۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۱۵۲۔
۴۔ الغیبۃ، طوسی، ص ۱۵۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ان اوصاف کے ذیل میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا کوئی شخص خود کو حضرتؑ کے ظاہری شکل وشمائل جیسا بنا سکتا ہے یا نہیں؟

ہم جواب میں کہیں گے: اگر چہ ظاہری اعتبار سے کوئی شخص خود کو حضرتؑ کے مذکورہ اوصاف جیسا بنا سکتا ہے، لیکن ظہور کی علامتوں کے ساتھ جو خود اپنے مقام پر ثابت شدہ ہیں نیز وہ اعجاز جو حضرتؑ اپنی طرف سے دکھلاتے ہیں ایسی صورت میں ہرگز کوئی شخص ان کی امامت میں شک نہیں کر سکتا۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے لطف کا تقاضا ہے۔ اور لطف اس پر واجب ہے، لہذا وہ یقینی طور پر ایسا فعل انجام دے گا کہ زمانۂ ظہور میں حضرتؑ کا وجود کسی شخص کے لیے مشتبہ و مشکوک نہ رہے۔

حضرتؑ کا نام زبان پر جاری کرنے کا حکم

حضرتؑ کا اسم گرامی زبان پر جاری کرنے کے متعلق سو روایت سے زائد روایات پائی جاتی ہیں جنہیں چار گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱۔ وہ روایات جو مطلقاً بغیر کسی قید و شرط کے حضرتؑ کا اسم گرامی ذکر کرنے سے منع کرتی ہے۔(۱)

۲۔ وہ روایات جو حضرتؑ کا اسم گرامی ذکر کرنے سے زمانۂ ظہور تک منع کرتی ہیں۔(۲)

۱۔ کافی، ج۱، ص۳۳۲۔

۲۔ کمال الدین، ص۲۱۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ وہ روایات جو حضرتؑ کا اسم گرامی ذکر نہ کرنے کی علت خوف و تقیہ اور دوسری علتوں کو بیان کرتی ہیں۔(۱)

۴۔ وہ روایات جن میں حضرتؑ کا اسم گرامی امامؑ یا راوی کی طرف سے وضاحت کے ساتھ ذکر ہوا ہے۔(۲)

پہلا اور دوسرا گروہ ایک معنی کو بیان کرتا ہے۔ بعض علماء نے ان روایات سے استناد کرتے ہوئے حضرتؑ کا نام زبان پر جاری کرنے کے لیے حرمت کا فتویٰ دیا ہے اور حضرتؑ کا اسم گرامی زمانہ ظہور تک ذکر کرنا حرام جانا ہے، ان میں سے منجملہ علامہ مجلسیؒ، شیخ صدوق، شیخ مفید، شیخ طبرسی، میر داماد، محدث جزائری، محدث نوری، میرزای شیرازی، مرزا محمد تقی اصفہانی رضوان اللہ علیہم کے نام لیے جا سکتے ہیں۔

بعض علماء نے حضرتؑ کا اسم گرامی ذکر کرنے کی حرمت کو خوف اور تقیہ کی حالت سے مقید کیا ہے منجملہ ان میں سے محقق اربلی، شیخ حر عاملی، خواجہ نصیر الدین طوسی اور فیض کاشانی رحمۃ اللہ علیہم وغیرہ کے نام گرامی ہیں۔

بعض علماء نے اس حکم کو زمانہ غیبت صغریٰ سے مخصوص کیا ہے۔

مولف کی نظر میں دوسرا قول برحق ہے، یعنی حرمت، خوف اور تقیہ کی حالت سے مندرجہ ذیل دلائل سے مخصوص ہے:

۱۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۳۱۔

۲۔ بحار الانوار، ج ۵۱، ص ۵۰۰۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۔ محتضر کی تلقین کے باب میں ایک حدیث میں یوں ذکر ہوا ہے:

"محتضر (یعنی موت سے ہمکنار ہونے والے شخص) کو کلمات فرج اور شہادتین کی تلقین کرو اور موت کے وقت تک ائمہؑ میں سے ہر ایک کے نام کو بھی"۔ (۱)

یہ بات واضح ہے کہ تلقین کے وقت حضرتؑ کے اسم مبارک کی تصریح ہوئی ہے۔

۲۔ میت کو تلقین کے وقت بھی یہی حکم وارد ہوا ہے کہ ائمہؑ میں سے ہر ایک کا نام ذکر کریں اور ان اسماء کی تلقین کریں کہ منجملہ ان اسمائے گرامی میں سے ایک امام زمانہ کا نام گرامی بھی ہے۔ (۲)

۳۔ محمد ابن ابراہیم کوفی کہتے ہیں: "امام عسکریؑ نے اس شخص کے لیے جس نے حضرتؑ کا نام ذکر کیا تھا میرے ذریعہ کچھ رقومات بھیجیں تا کہ حضرتؑ کی طرف سے ایک گوسفند کی قربانی کرے اور فرمایا: "یہ میرے بیٹے محمد کے عقیقہ کی غرض سے ہے"۔ (۳)

۴۔ حضرت امام عسکریؑ کی مشہور کنیت ابو محمد ہے اور اس کنیت میں حضرت مہدیؑ کے نام کی تصریح ہوئی ہے۔

۵۔ امام رضاؑ سے امام حسینؑ کی قبر مبارک کی زیارت کے متعلق سوال کیا گیا تو حضرتؑ نے فرمایا: "...محمد و آل محمد پر کثرت سے درود و سلام بھیجو اور ان میں سے ہر ایک کا نام ذکر کرو اور اللہ تعالیٰ کے ذریعہ ان کے دشمنوں سے پناہ حاصل کرو"۔ (۴)

۱۔ کافی، ج ۳، ص ۱۳۲۔
۲۔ وسائل الشیعہ، ج ۳، ص ۱۷۳۔
۳۔ وسائل الشیعہ، ج ۲۱، ص ۴۲۸۔
۴۔ وسائل الشیعہ، ج ۱۴، ص ۵۴۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

محقق اربلیؒ فرماتے ہیں: ''میری نظر میں حضرتؑ کا اسم گرامی ذکر کرنے سے منع کرنا تقیہ اور خوف کے وقت اور ان کا زیر نظر ہونے نیز حضرتؑ کا نام اور قیام گاہ کا سوال کرنے کی وجہ سے ہے۔ لیکن ابھی چونکہ کوئی خوف اور تقیہ نہیں ہے لہذا ان کا اسم گرامی کے ذکر کرنے کی کوئی حرمت اور ممانعت نہیں پائی جاتی''۔(۱)

۶۔ جابر ابن عبداللہ انصاریؒ امام محمد باقرؑ سے بیان کرتے ہیں: ''میں فاطمہ زہراؑ کے آستانہ پر حاضر ہوا تاکہ ان کی خدمت میں ولادتِ امام حسنؑ کی تہنیت و تبریک پیش کروں، تو میں نے ان کے دستِ مبارک میں درِّ سفید کا ایک صحیفہ دیکھا، میں نے دریافت کیا: اے بہترین زنانِ عالم! یہ صحیفہ جو آپ کے ہاتھوں میں میں دیکھ رہا ہوں اس میں کیا ہے؟ فرمایا: اس میں میرے بیٹوں میں سے جو امام قرار پائے ہیں ان کے اسماء درج ہیں... جابر کہتے ہیں: میں نے دیکھا تو اس مبارک صحیفہ میں ہر ایک امام کے اسم گرامی کا مشاہدہ کیا...''(۲)

۷۔ رسول اکرمؐ سے بہت سی روایات میں وارد ہوا ہے کہ حضرت مہدیؑ رسول خداؐ کے ہم نام ہیں، اور یہ بھی ضمنی طور پر امام زمانہؑ کے اسم مبارک کی تصریح ہے۔

مہدیؑ اولاد امام حسینؑ میں سے ہیں

اس سلسلہ میں اس امت کے مہدیؑ، یعنی جو شخص آخری زمانہ میں ظہور کریں گے اور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھر چکی ہوگی وہ کس کی نسل سے ہیں، علمائے مسلمین کے نزدیک اختلاف پایا جاتا ہے۔ شیعۂ امامیہ کا بالاتفاق اور بعض

۱۔ کشف الغمہ، ج۳، ص۳۱۰۔

۲۔ کمال الدین، ص۳۰۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

علمائے اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ مہدیؑ فرزند پیغمبرؐ، حضرت فاطمہ زہراؑ کی اولاد اور امام حسینؑ کی نسل سے ہیں، بلکہ ان میں سے بعض علمانے اعتراف کیا ہے کہ امام حسن عسکریؑ کے بلافصل فرزندار جمند ہیں۔ اور اس کے مقابل میں بعض علمائے اہل سنت نے ناقص اور ضعیف السند روایات کا سہارا لیتے ہوئے دوسرے نظریات کو منتخب کیا ہے۔

بعض مہدیٔ منتظر کو حسن مجتبیٰؑ کی نسل سے جانتے ہیں، اور بعض ان کو پیغمبرؐ کے چچا عباس کی نسل سے، بعض دوسروں کے اور بھی دوسرے نظریات پائے جاتے ہیں۔

اب اس موضوع کی تحقیق کرتے ہیں تاکہ صحیح نظریہ تک پہونچ سکیں۔

دلائل کی تحقیق

جیسا کہ اشارہ کیا جا چکا ہے کہ شیعۂ امامیہ اہل بیتؑ کی اطاعت میں اور ان میں مرکزی حیثیت سے پیغمبر اکرمؐ کی پیروی میں نیز علمائے اہل سنت کی ایک جماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ اس امت کے مہدی آخری زمانہ میں ظہور فرمائیں گے وہ امام حسینؑ کی اولاد میں سے ہیں، ان لوگوں نے اپنے اس مدعا پر کچھ دلائل سے تمسک کیا ہے، اب ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کرکے ان میں سے ہر ایک دلیل کی تحقیق پیش کریں گے:

پہلی دلیل: پیغمبرؐ کی تصریح

دوسری دلیل: ائمہ اہل بیتؑ کی گواہی

تیسری دلیل: تاریخ کی گواہی

چوتھی دلیل: علمائے اہل سنت کی گواہی

پانچویں دلیل: علمائے امامیہ کی گواہی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اب مختصر طور پر ان دلائل میں سے ہر ایک دلیل کی تحقیق پیش کریں گے۔

ا۔ پیغمبرؐ کی تصریح

دسیوں صحابۂ پیغمبرؐ نے ایسی روایات نقل کی ہیں جو صریحی طور پر دلالت کرتی ہیں کہ مہدیٔ منتظر امام حسینؑ کی اولاد میں سے ہیں۔ اب ان میں سے بعض کی طرف اشارہ کریں گے اور جہاں اہل سنت اس قول کے مخالف ہیں اس حصہ میں اپنا نظریہ ثابت کرنے کے لیے صرف ان روایات پر اکتفا کریں گے جو ان کے طرق سے وارد ہوئی ہیں۔

الف۔ حذیفہ نے رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ''اگر دنیا کی عمر میں سے صرف ایک دن باقی ہو تو اللہ تعالیٰ اس دن ایک شخص کو منتخب کرے گا جس کا نام میرا نام پر ہوگا، اس کا اخلاق میرے اخلاق جیسا ہوگا اور اس کی کنیت ابو عبد اللہ ہے، رکن و مقام کے درمیان اس کے ساتھ بیعت ہوگی، اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ دین کو اس کی اپنی اصلی حالت کی طرف پلٹا دے گا اور اس کے لیے کامیابیاں حاصل ہوں گی، زمین پر صرف خدا پرست اور لا الٰہ الا اللہ کہنے والے باقی رہ جائیں گے''۔

اس وقت سلمان نے آنحضرتؐ سے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! یہ شخص آپ کے فرزندوں میں سے کون سا فرزند ہوگا؟ آنحضرتؐ اس وقت اپنا دست مبارک امام حسینؑ پر رکھے ہوئے تھے، فرمایا: میرے اس بیٹے کی نسل سے ہوگا''۔(۱)

۱۔ عقد الدرر، ص ۵۶، باب دوم۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ب۔ امام علیؑ رسول خداؐ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ''دنیا ختم نہیں ہوگی مگر یہ کہ ہماری امت میں نسل حسینؑ سے ایک شخص قیام کرے گا۔ وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم وستم سے بھر چکی ہوگی'' (۱)

ج۔ سلمان کہتے ہیں: پیغمبرؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے حسینؑ کو پیغمبرؐ کے زانوئے مبارک پر بیٹھا ہوا دیکھا اور آنحضرتؐ ان کی آنکھوں اور دہن کا بوسہ دے رہے تھے اور فرما رہے تھے: ''یقیناً تم آقا ہو، آقا کے بیٹے ہو، آقا کے باپ ہو، تم امام ہو، امام کے بیٹے ہو اور اماموں کے باپ ہو، تم حجت ہو، حجت کے بیٹے ہو اور نو حجتوں کے باپ ہو ان میں کا نواں قائم تمہاری صلب سے ہوگا''۔ (۲)

اہل بیتؑ کی گواہی

اہل بیت پیغمبرؐ بھی اس مسئلہ پر اتفاق نظر رکھتے ہیں کہ مہدیؑ موعود امام حسینؑ کی ذریت اور نسل سے ہیں۔

الف۔ نعیم ابن حماد اپنی سند کے ساتھ امام علیؑ سے نقل کرتے ہیں کہ حضرتؑ نے فرمایا: ''ایک شخص حسینؑ کی اولاد میں سے ظہور کرے گا، اس کا نام تمہارے رسول کے ہم نام ہے، اس کے ظہور سے اہل زمین وآسمان خوش حال ہو جائیں گے'' (۳)

ب۔ نیز ایک طولانی حدیث میں امام علیؑ سے نقل ہوا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: ''یقینی طور پر فرج (ظہور) مہدیؑ ہے جو آئے گا... وہ پیغمبرؐ کی بیٹی فاطمہؑ اور حسینؑ کی

۱۔ عقد الدرر، ص ۲۸۲، باب نہم۔ المنتخب، ص ۲۲۹۔
۲۔ مقتل خوارزمی، ص ۲۱۲۔ ۳۔ المنتخب، ص ۲۲۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اولاد سے ہے... اللہ تعالیٰ اہل بدر اور اصحاب طالوت کی تعداد کے برابر ان کے لیے اصحاب جمع کرے گا، جو تین سو تیرہ افراد ہیں، وہ لوگ ان شیروں کے مانند ہیں جو جنگل سے باہر آئے ہوئے ہوں۔ ان سب کے دل لوہے کے ٹکڑوں کے مانند ہیں، اگر پہاڑوں کو اپنی جگہ سے اکھاڑ پھینکنا چاہیں تو انہیں ان کی جڑ سے اکھاڑ سکتے ہیں"(۱)

ج۔ امام حسن مجتبیٰؑ نے فرمایا: "رسول خداؐ کے بعد ائمہ بارہ افراد ہیں، ان میں سے نو میرے بھائی حسینؑ کی صلب سے ہیں انہی میں سے امت کا مہدی بھی ہے"۔(۲)

د۔ امام حسینؑ نے فرمایا: "اس امت کا قائم میرے فرزندوں میں سے نواں فرزند ہے، وہی صاحب غیبت ہے، اور وہی وہ شخص ہے جس کی زندگی میں ہی اس کی میراث تقسیم ہوگی"۔(۳)

ر۔ نیز اپنے بیٹے مہدی منتظر کی توصیف میں فرماتے ہیں: "وہ میرے فرزندوں میں سے نویں فرزند ہیں، یوسف کی ایک سنت، نیز موسیٰ ابن عمران کی سنت میں سے ایک سنت موجود ہے، اور وہ اہل بیتؑ میں سے ہمارا قائم ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے امر کی ایک شب میں اصلاح فرمائے گا"۔(۴)

۱۔ عقد الدرر، ص ۱۳۱، باب ۴۔

۲۔ کفایۃ الاثر، ص ۲۲۳۔

۳۔ کمال الدین، ص ۳۱۷۔ اعلام الوریٰ، ص ۴۲۷۔

۴۔ کمال الدین، ص ۳۱۷۔ کشف الغمہ، ج ۲، ص ۵۲۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔ تاریخ کی گواہی

اسلامی امت کی تاریخ نے کبھی بھی اس بات کی گواہی نہیں دی ہے کہ اہل بیت پیغمبرؐ میں سے کوئی شخص امام حسن مجتبیٰؑ کی اولاد میں سے علم وفقہ، حدیث اور ریاست میں امامت و مرجعیت کا عہدہ دار رہا ہو، جب کہ رسول خداؐ کے بعد صرف اہل بیتؑ میں سے جو افراد اس مقام ومنصب تک پہنچے ہیں وہ امام حسینؑ کی اولاد میں سے نو افراد ہیں۔ اس کے مقابل میں تاریخ گواہی دیتی ہے کہ خلفاء اور حکام جور ہمیشہ امام حسینؑ کی نسل کے ائمہؑ کو ایک خاص نگاہ سے دیکھتے تھے اور ظاہری طور پر ان کا احترام کرتے تھے۔ نیز وہ اپنی فقہی اور عقیدتی حتیٰ کہ سیاسی مشکلات میں رجوع کر کے ان سے مدد کی درخواست کرتے تھے۔ اور یہ خود اس بات کی دلیل ہے کہ وہ لوگ امام حسینؑ کی نسل سے ہونے والے ائمہ کی جلالت و عظمت کے معتقد ومعترف تھے، اگرچہ جاہ وحشم کی محبت کی وجہ سے انہیں حکومت پیش نہیں کرنا چاہتے تھے، اور ہر قسم کی انہیں آزار واذیت پہونچانے سے دریغ نہیں کرتے تھے۔ یہ بات اپنے مقام پر خود اس کی گواہ ہے کہ بارہویں امام بھی حضرت امام حسینؑ کی طیب و طاہر نسل سے ہیں۔

۴۔ علمائے اہل سنت کی گواہی

بعض علمائے اہل سنت امامیہ کے ساتھ ہم آواز ہو کر اس بات کے قائل ہیں کہ مہدیؑ موعود امام حسینؑ کی نسل سے ہیں یہ لوگ دو گروہوں میں تقسیم ہوئے ہیں:

الف۔ بعض نے صرف اس بات کی تصریح کی ہے کہ مہدیؑ منتظر امام حسن عسکریؑ کی اولاد سے ہیں، لیکن اس مقام پر امام عسکریؑ کو امام حسینؑ کی اولاد سے جانا ہے، اس طرح

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

امام زمانہؑ کا حسینی ہونا بھی ثابت ہو جاتا ہے۔

ب۔ بعض نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ مہدیؑ امام حسینؑ کی اولاد میں سے ہیں۔ اب ہم ان دونوں گروہوں کی بعض عبارتوں کی طرف اشارہ کریں گے:

علامہ صلاح الدین خلیل ابن ابیک صفدی کہتے ہیں ''حجت منتظرؑ محمد ابن حسن عسکریؑ، فرزند ہادیؑ، فرزند محمد جوادؑ، فرزندِ علی رضاؑ، فرزندِ موسیٰ کاظمؑ، فرزندِ جعفر صادقؑ، فرزندِ محمد باقرؑ، فرزند زین العابدینؑ، فرزندِ حسین ابن علیؑ، فرزندِ علی ابن ابی طالب علیہم السلام... ہیں''۔ (۱)

علامہ میر خواند کہتے ہیں: ''امام مہدیؑ کی ولادت جو رسول خداؐ کے ہم نام اور ہم کنیت ہیں سامرہ میں نیمہ شعبان ۲۵۵ھ ق میں واقع ہوئی۔ آپ کے والد کی شہادت کے وقت آپ کی عمر مبارک پانچ سال تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس سن میں انہیں حکمت سکھائی جس طرح حضرت عیسیٰؑ کو مقام نبوت کے لیے منتخب فرمایا...''۔ (۲)

سبط ابن جوزی فرماتے ہیں: ''محمد ابن حسن ابن علی ابن محمد... آپ کی کنیت ابو عبد اللہ اور ابو القاسم ہے۔ آپ خلیفہ، حجت، صاحب الزمان، قائم اور منتظر ہیں''۔ (۳)

مرزا محمد ابن رستم بدخشی شافعی، امام عسکریؑ کی سوانح عمری میں فرماتے ہیں: ''... آپ نے محمد منتظر کے علاوہ اپنا کوئی فرزند خلف نہیں چھوڑا''۔ (۴)

۱۔ الوافی بالوفیات، ج ۲، ص ۳۳۶۔

۲۔ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۵۹۔

۳۔ تلبیس ابلیس، ص ۱۱۸۔

۴۔ مفتاح النجا فی مناقب آل العباس، ص ۱۰۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

حافظ محمد ابن یوسف گنجی شافعی کہتے ہیں: ''آپ (یعنی امام عسکریؑ) نے اپنا فرزند خلف چھوڑا جو وہی امام منتظر صلوات اللہ علیہ ہیں''۔(۱)

عارف حنفی عبدالوھاب شعرانی کہتے ہیں: ''آخری زمانہ میں مہدی کے ظہور کی امید پائی جاتی ہے۔ وہ امام حسن عسکریؑ کی اولاد میں سے ہیں۔ ان کی ولادت پندرہ شعبان ۲۵۵ھ ق واقع ہوئی۔ اب تک باحیات ہیں تاکہ حضرت عیسیٰؑ کے ہمراہ جمع ہوں۔ ان کی عمر مبارک اس وقت تک ۷۰۶ سال ہے۔ اس طرح شیخ حسن عراقی نے مجھے خبر دی ہے''۔(۲)

محی الدین ابن عربی کہتے ہیں: ''جان لیں کہ مہدی کا ظہور یقینی ہے، جب تک زمین ظلم و جور سے بھر نہ جائے ظہور نہیں کریں گے، اس وقت اس کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے وہ رسول خداؐ کے اہلبیت اور اولاد فاطمہؑ میں سے ہیں۔ ان کے جد امجد حسین ابن علی ابن ابی طالبؑ اور ان کے پدر بزرگوار حسن عسکریؑ فرزند امام علی نقیؑ ... ہیں، رسول خداؐ کے ہم نام ہیں۔ تمام مسلمان رکن و مقام کے درمیان ان کی بیعت کریں گے...''۔(۳)

ابوالولید محمد ابن شحنہ حنفی کہتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ نے حسن عسکریؑ کو ایک بیٹا عنایت فرمایا کہ ہم جس کا انتظار کر رہے ہیں۔ وہ فرقۂ امامیہ کے نزدیک بارہویں امام ہیں۔ ان کا اسم گرامی محمد اور القاب مہدی، قائم اور حجت ہیں۔ ان کی ولادت ۲۵۵ھ ق میں واقع ہوئی''۔(۴)

۱۔ کفایۃ الطالب، ص ۳۱۲۔

۲۔ الیواقیت والجواھر، ج ۲، ص ۱۲۷۔

۳۔ فتوحات مکیہ، باب ۳۶۶۔

۴۔ روضۃ المناظر در حاشیہ مروج الذہب، ج ۱، ص ۲۹۴۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

جمال الدین محمد ابن یوسف زرندی حنفی کہتے ہیں: ''بارھویں امام مشہور کرامات کے مالک ہیں جو حق کے ساتھ قائم ہیں اور راہ حق کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ امام ابوالقاسم محمد ابن حسن کی ولادت شیعہ نقل کے مطابق، بادشاہ معتمد عباسی کے زمانہ میں شب نیمۂ شعبان ۲۵۵ھ ق میں سامرا میں واقع ہوئی۔ ان کی مادر گرامی نرجس دختر قیصر روم تھیں...''۔(۱)

فخر رازی کہتے ہیں: ''لیکن حسن عسکریؑ کے پاس دو بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں۔ ان کے بیٹوں میں سے ایک صاحب الزمان (عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف) ہیں...''۔(۲)

۵۔ علمائے امامیہ کی گواہی

علمائے امامیہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مہدیٔ منتظر جو آخری زمانہ میں زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے اور اپنی ولادت ۲۵۵ھ کے بعد سے اب تک زندہ ہیں، وہی امام حسن عسکریؑ کے فرزند اور نسل امام حسینؑ سے ہیں''۔(۳)

ابوسعید خدری کی حدیث پر تنقید

ایک حدیث اہل سنت نے ابوسعید خدری کے ذریعہ رسول خداؐ سے نقل کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فاطمہ زہراؑ سے حسن و حسین علیہما السلام کے متعلق خطاب کر کے فرمایا: ''اور وہ دونوں جوانان اہل بہشت کے سید و سردار ہیں...اے فاطمہ! اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، انہی دونوں سے اس امت کا مہدی ہے''۔(۴)

۱۔ معراج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول۔ ۲۔ الشجرۃ المبارکۃ، ص ۷۸، ۷۹۔

۳۔ رجوع کریں۔ کتاب الارشاد، ص ۳۴۷۔ کمال الدین، ج ۲، ص ۱۰۳۔ غیبت طوسی، ص ۱۳۱۔ کشف الغمہ، ج ۳، ص ۲۳۶۔ بحار الانوار، ج ۵۱، باب اول وغیرہ۔

۴۔ المعجم الکبیر، ج ۳، ص ۵۸۔ مجمع الزوائد، ج ۹، ص ۱۶۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اس روایت کے جواب میں ہم کہیں گے:

پہلے یہ کہ: وہ روایات جو دلالت کرتی ہیں کہ مہدیؑ امام حسینؑ کی نسل سے ہیں مستفیض بلکہ تواتر کی حد تک پہنچ چکی ہیں، اور اس روایت سے تعارض و تضاد کی صورت میں یقینی طور پر وہ روایات جو مہدیؑ کو امام حسینؑ کی نسل سے نشان دہی کرتی ہیں مقدم ہیں۔

دوسرے یہ کہ: اس روایت کی اس طرح توجیہ کی جا سکتی ہے: تاریخی حیثیت سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ امام محمد باقرؑ کی مادر گرامی فاطمہ دختر امام مجتبیٰؑ ہیں، لہذا امام باقرؑ دو جہت سے ہاشمی اور علوی ہیں اور ان کی ذریت طاہرہ دو امام یعنی امام حسنؑ اور امام حسینؑ کی ذریت سے ہیں۔ امام مہدیؑ کا سلسلہ بھی دو جہتوں سے رسول خداؐ تک پہنچتا ہے۔

حضرت مہدیؑ کے والد گرامی کا نام

اکثر علماء اہل سنت معتقد ہیں کہ امام مہدیؑ کے والد کا اسم گرامی عبد اللہ ہے، اور یہ عقیدہ ایک روایت سے استناد کی بنیاد پر ہے جو ''سنن ابوداؤد'' میں رسول خداؐ سے نقل ہوئی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ''اسمه اسمی و اسم ابیه اسم ابی'' (۱) ''اس کا نام میرے ہم نام ہے اور اس کے والد کا نام میرے والد کے ہم نام ہے''۔ اور یہ علمائے امامیہ کے عقیدہ اور علمائے اہل سنت کے ایک گروہ سے سازگار نہیں ہے۔

اس روایات کی توجیہ میں ہم کہیں گے:

۱۔ اس حدیث کو اسی طرح ہر ایک ترمذی، ابن ماجہ، ابو نعیم اصفہانی نے اپنی اپنی کتابوں

۱۔ سنن ابوداؤد، ج ۲، ص ۳۰۹، ح ۴۲۸۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں نقل کیا ہے، لیکن ان میں سے کسی ایک نے بھی یہ آخری جملہ یعنی ''و اسم ابیہ اسم ابی'' ذکر نہیں کیا ہے۔(۱)

۲۔احمد ابن حنبل نے حدیث میں اپنی وسیع اطلاعات اور ان کا زمانہ تابعین کے زمانہ سے نزدیک ہونے نیز ان کا امام مہدیؑ کی حدیثوں کو کثرت سے نقل کرنے کے باوجود ،اس ذیل والے اضافی جملہ کو اپنی مسند میں ذکر نہیں کیا ہے۔

۳۔اہل بیتؑ عصمت وطہارت کہ جنہوں نے حضرت مہدیؑ کی حدیثوں کو اپنی اسناد کے ساتھ رسول خداؐ سے نقل فرمایا ہے اور علمائے امامیہ نے بھی انہیں بیان کیا ہے، اس میں بھی اس ذیل والے جملہ کی طرف اشارہ نہیں کیا ہے۔

لہٰذا ان دلائل وشواہد اور دوسرے قرائن سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایت کسی بھی طریقہ سے صحیح نہیں ہے، بلکہ اسے عباسی خلفاء کی جعلی اور گڑھی ہوئی حدیثوں میں سے جانا جا سکتا ہے، اس لیے کہ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں پایا جاتا کہ عباسی حکومت اپنی سلطنت کی تائید وحمایت کے لیے اور لوگوں کو محمد ابن عبد اللہ ملقب بہ مہدی عباسی کی بیعت کے لیے شوق دلایا، عباسی حکومت کا تیسرا خلیفہ ہر قسم کے جرائم کا مرتکب ہوا منجملہ ان جرائم میں سے حدیث سازی اور اس کی رسول خداؐ کی طرف جھوٹی نسبت دینا بھی ہے۔

اس بات کا تاریخی جائزہ یہ ہے کہ عباسی لوگ مخفی طور پر اپنے لیے دوست ومددگار جمع کرنے کے درپے ہوئے تاکہ امویوں کی حکومت کے خلاف قیام کریں۔اپنے فتنہ وفساد

۱۔سنن ترمذی، ج۳، ص۳۴۳، ح۲۲۳۱، ۲۲۳۲۔سنن ابن ماجہ، ج۲، ص۱۳۶۶۔حلیۃ الاولیاء، ج۵، ص۷۵۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

اور انقلاب کا آغاز خراسان (صوبہ) کے شہروں سے شروع کیا، اپنے زور وزبردستی اور موذیانہ وفریب کارانہ سیاست کے کرتوتوں سے خلافت امویوں کے ہاتھوں سے سلب کر لی۔ مہدی منتظرؑ کا عقیدہ اس راہ اور ہدف میں تیز خلافت کو وسعت دینے اور محکم کرنے میں عباسیوں کے لیے کافی مساعد ثابت ہوا۔

منصور عباسی جس کا نام عبداللہ تھا اپنے فرزند محمد کو اپنے بعد خلیفہ و جانشین کے عنوان سے معین کیا اور لوگوں کو حکم دیا تا کہ اس کے بعد اس کی ولایت عہدی و جانشینی کے عنوان سے بیعت کریں۔ لوگوں کو اس کام کی طرف ترغیب اور شوق دلانے کے لیے مہدی کا لقب اپنے فرزند کو دیا، تا کہ لوگ اس گمان میں کہ یہی مہدی منتظر ہے اس کی بیعت کریں۔ چونکہ خود اس کا نام عبداللہ تھا حکم دیا تا کہ حدیث گڑھی جائے اور اس میں مہدی امت کے والد کے نام کو عبداللہ کے نام سے متعارف کرایا جائے۔

شہید مطہریؒ اس سلسلہ میں فرماتے ہیں: ''یہاں تک کہ ہم دیکھتے ہیں کہ خلفاء عباسی میں سے ایک کا نام مہدی ہے جو منصور کا بیٹا ہے... مورخین منجملہ ان میں سے ''ڈارمسٹر'' نے تحریر کیا ہے کہ منصور نے خصوصی طور پر اپنے بیٹے کا نام مہدی رکھا، اس لیے کہ وہ سیاسی استفادہ کرنا چاہتا تھا، بلکہ اس طرح کچھ لوگوں کو فریب دے سکے اور یہ کہے کہ جس مہدی کے انتظار میں تم لوگ زندگی بسر کررہے ہو وہ میرا بیٹا ہے۔ لہذا صاحب ''مقاتل الطالبین'' اور دوسرے افراد نے تحریر کیا ہے کہ وہ جب بھی اپنے خواجہ سراؤں سے روبرو ہوتا تھا تو اس بات کے جھوٹے ہونے کا اعتراف کرتا تھا...''۔(۱)

۱۔ مجموعۂ آثار، ج ۱۸، ص ۱۷۳، ۱۷۲۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

ابوالفرج اصفہانی کہتے ہیں: ''جب منصور نے اپنے بیٹے مہدی کی بیعت لینی چاہی تو اس کے دوسرے فرزند جعفر نے اس پر اعتراض کیا تو منصور نے حکم دیا اور لوگوں کو جمع کیا گیا، اس وقت خطباء اور شعراء کو حکم دیا تاکہ مہدی کی توصیف اور فضائل میں کلام کہیں۔ مطیع ابن ایاس نے منصور کو خطاب کرتے ہوا کہا: یا امیر المومنین!! فلاں شخص نے فلاں شخص سے مجھ سے حدیث بیان کی کہ پیغمبرؐ نے ارشاد فرمایا: ''مہدی مجھ سے ہے، اس کا نام محمد ابن عبدا للہ اور اس کی ماں ہمارے اغیار میں سے ہے، زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا جس طرح وہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی اور یہ عباس محمد کا بیٹا تمہارا بھائی اس بات پر گواہی دیتا ہے۔ اس وقت عباس کی طرف رخ کرکے کہا: تجھے خدا کی قسم دیتا ہوں کیا اس طرح کی کوئی حدیث تم نے نہیں سنی ہے؟ عباس نے منصور کے خوف سے جواب دیا: ہاں، اس وقت منصور نے حکم دیا تاکہ لوگ اس کے فرزند کی بیعت کریں۔

جب اس اجتماع سے لوگ متفرق ہوگئے تو وہاں عباس ابن محمد انسی؛ مطیع ابن ایاس کے ہمراہ موجود نہیں تھا، کہا: کیا تم لوگوں نے یہ دیکھا کہ یہ زندیق وکافر کس طرح اللہ اور اس کے رسول کی طرف جھوٹی نسبت دے رہا تھا، یہاں تک کہ مجھے بھی اس کا شاہد بنایا، اور میں نے بھی خوف کی وجہ سے اس بات کی گواہی دی اور جو بھی میرے ہمراہ تھا گواہی دی کہ میں جھوٹ کہہ رہا ہوں...''(۱)

عباسیوں نے منصور کے بیٹے کی خلافت محکم اور ثابت کرنے کے لیے صرف اسی تحریف پر اکتفا نہیں کی، بلکہ اس سلسلہ میں دوسری حدیثوں کو گڑھنے کے درپے ہوئے، منجملہ ان

۱۔ الاغانی، ج ۱۲، ص ۸۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

میں سے ایک ایسی روایت جعل کی اور عثمان ابن عفان کی طرف منسوب کی کہ انہوں نے کہا: میں نے رسول خداؐ کو یہ فرماتے سنا ہے: ''مہدی میرے چچا کے فرزندوں میں سے ہے''۔(۱)

نیز عباس سے ان کے فرزند عبداللہ کے ذریعہ نقل کیا ہے کہ پیغمبرؐ نے ان سے خطاب کر کے فرمایا: ''یہ میرے چچا چالیس خلیفہ کے باپ ہیں، قریش کے بہترین افراد، ان کی اولاد میں سے ہیں: سفاح و منصور اور مہدی، اے چچا! اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعہ اس امر کے آغاز کو فتح کیا اور اس کو آپ کے بیٹے کے ذریعہ ختم کرے گا''۔

قابل غوث بات یہ ہے کہ ابن جوزی اس حدیث کے وضعی و جعلی ہونے کو سمجھ گئے، لہذا اسے اپنی کتاب ''الموضوعات'' میں جو جعلی روایات سے مخصوص ہے ذکر کیا ہے۔ انہیں تدوین حدیث کی ممانعت کے مفاسد اور نتائج میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ جس کی خلفاء کے توسط سے خصوصاً عمر اور ابوبکر کے ذریعہ بنیاد رکھی گئی، تاکہ (جعلی) روایات کے ذریعہ جو کام بھی چاہیں انجام دیں۔(۲)

جعلی حدیثوں کی تحقیق

جیسا کہ اشارہ کیا جا چکا ہے کہ عباسیوں نے اپنی حکومت کو محکم ثابت کرنے کے لیے حدیث سازی کا اقدام کیا اور مہدویت کی متواتر حدیثوں کو اپنے نفع میں استعمال کیا۔ اب بعض وہ احادیث جو اہل سنت کی حدیث کے منابع میں اس

۱۔ کنز العمال، ج۱۴، ص۲۶۴، ح۳۸۶۶۳۔ تاریخ ابن عساکر، ج۵۳، ص۴۱۲۔

۲۔ الموضوعات، ابن جوزی، ج۲، ص۳۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

سلسلہ میں موجود ہیں اشارہ کرتے ہیں:

ا۔ احمد نے اپنی مسند میں اپنی سند کے ساتھ رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: ''جب بھی سیاہ پرچموں کا خراسان کی طرف سے آتے ہوئے مشاہدہ کرو تو ان کے ساتھ ملحق ہو جاؤ، اس لیے کہ ان کے درمیان خلیفۂ خدا مہدی بھی ہے''۔ (۱)

اس حدیث کو ابن قیم نے ''المنار المنیف'' میں ضعیف قرار دیا ہے، اس لیے کہ اس کی سند میں علی ابن زید پایا جاتا ہے کہ جس کی خبر واحد والی حدیثیں قابل احتجاج نہیں ہیں۔ (۲)

۲۔ ابن ماجہ نے اپنی کتاب ''سنن'' میں اسی مضمون کو نقل کیا ہے، (۳) لیکن ابن قیم نے اس کو بھی یزید بن ابی زیاد کا سلسلۂ سند میں ہونے کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے۔ مزید اس وقت کہتے ہیں: ''یہ حدیث اور اس سے پہلے والی حدیث صحیح فرض کرنے کی صورت میں بھی دلیل نہیں بن سکتی کہ وہ مہدی جو بنی عباس سے ہے جسے حکومت و سلطنت کی سرپرستی حاصل ہے، وہی مہدی ہے جو آخری زمانہ میں ظہور کرے گا...''۔ (۴)

خصوصاً یہ کہ مہدی عباسی آخری زمانہ میں نہیں تھا اور اس کے ساتھ رکن و مقام کے درمیان بیعت نہیں ہوئی تھی، نیز حضرت عیسیٰؑ ان کی مدد کے لیے آسمان سے نازل نہیں ہوئے تھے اور بیداء کا علاقہ ان کے زمانہ میں نہیں دھنسا تھا، خلاصہ کے طور پر کوئی ایک بھی مہدی کے ظہور کی علامتوں میں سے اس پر منطبق نہیں ہوئی ہے، لہٰذا کیسے ممکن ہے کہ وہ اس امت کا مہدی ہو۔

ا۔ مسند احمد، ج ۵، ص ۲۷۷۔

۲۔ المنار المنیف، ص ۱۳۷، ح ۳۳۸ کے ذیل میں۔

۳۔ سنن ابن ماجہ، ج ۲، ص ۱۳۶۶، ح ۴۰۸۲۔

۴۔ المنار المنیف، ص ۱۳۷، ۱۳۸۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۳۔حدیث:" المهدی من ولد العباس عمی" ؛"مہدی میرے چچا عباس کی اولاد میں سے ہیں"۔اس حدیث کو تین افراد نے نقل کیا ہے:کعب الاحبار،عثمان ابن عفان اور عبداللہ ابن عمر،کعب کی سند حدیث کو جسے ابن حماد نے نقل کیا ہے منقطع ہے،اور اس قسم کی حدیث،مرسل حدیث کے حکم میں ہے،جس کی حجیت شیعہ وسنی کے نزدیک ثابت نہیں ہے،سوائے بعض لوگوں کی مرسلہ احادیث کے،جیسے:سعید ابن مسیب؛شافعی کے نزدیک اور ابن ابی عمیر بعض علمائے شیعہ کے نزدیک۔

عثمان ابن عفان کی حدیث کو محب الدین طبری نے نقل کیا ہے اس کی سند میں محمد ابن ولید مقری موجود ہے کہ جس کے ضعیف ہونے کے متعلق علمائے رجال کا اجماع واتفاق پایا جاتا ہے اور عبداللہ ابن عمر کی حدیث بھی ضعیف سند کے ساتھ نقل ہوئی ہے۔

حدیث" المهدی من ولد الحسن"پر تنقید

ان روایات کی تحقیق کرنے سے پہلے کہ جن میں اشارہ کیا گیا ہے کہ مہدی اولاد امام حسنؑ سے ہیں اس نکتہ کی طرف توجہ رکھنی چاہیے کہ حسنیوں کی حرکت محمد ابن عبداللہ حسنی کی قیادت میں کہ جس کے ساتھ ابوا نامی علاقہ میں بیعت ہوئی،ان جیسی احادیث کے وجود میں آنے میں غیر مؤثر نہیں تھی۔جہاں حسنی سادات حکومت بنی امیہ کے خلاف قیام اور انقلاب لانے کے درپے تھے معنوی حمایت کے محتاج تھے،لہٰذا مہدی منتظر کے ظہور کے متعلق نقل شدہ متواتر حدیثوں سے سیاسی فائدہ اٹھایا اور اس کو اپنی ذات پر منطبق کیا۔ان لوگوں نے روایات کو جعل کر کے اسے پیغمبر کی طرف نسبت دی،اور مہدی کو امام حسنؑ کی نسل سے متعارف کرایا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

شہید مطہریؒ اس کے متعلق فرماتے ہیں: "...محمد ابن عبداللہ محض بہت شریف آدمی تھے جو "نفس زکیہ" کے نام سے مشہور ہیں۔ عہد اموی کے آخر میں حسنی سادات نے قیام کیا، یہاں تک کہ عباسیوں نے بھی محمد ابن عبداللہ محض کے ہمراہ بیعت کی۔

حضرت امام صادقؑ کو بھی ایک نشست میں بلایا اور ان سے کہا: ہم قیام کرنا چاہتے ہیں اور ہم سب محمد ابن عبداللہ کے ساتھ بیعت کرنا چاہتے ہیں، آپ بھی جو حسنیوں کے سید و سردار ہیں بیعت کریں۔ امامؑ نے دریافت کیا: اس کام سے تمہارا کیا ہدف ہے؟ اگر محمد بعنوان امر بالمعروف اور نہی عن المنکر قیام کرنا چاہتا ہے تو میں اس کی ہمراہی نیز تائید و حمایت کروں گا، لیکن اگر اس عنوان سے کہ وہ مہدی ہے اور قیام کرنا چاہتا ہے تو یہ غلط کر رہا ہے، اس امت کا مہدی وہ نہیں ہے کوئی دوسرا شخص ہے اور میں ہرگز تائید نہیں کروں گا۔

شاید ایک حد تک یہ بات محمد ابن عبداللہ محض کے لیے بھی مشتبہ رہی ہو، اس لیے کہ ہم نام پیغمبر تھا اور اس کے کاندھے پر ایک تل تھا۔ لوگ کہتے تھے: کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ تل اس بات کی علامت ہو کہ وہ اس امت کے مہدی ہیں۔ بہت سے ان افراد میں سے جنہوں نے اس کی بیعت کی تھی بعنوان مہدی امت بیعت کی تھی..."۔(۱)

مخالفین کے دلائل کی تحقیق

جو افراد اس بات کے قائل ہوئے ہیں کہ مہدیؑ امام حسن مجتبیٰؑ کی اولاد سے ہیں دو دلیل سے تمسک اختیار کیا ہے:

۱۔ مجموعہ آثار، ج ۱۸، ص ۱۷۳۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

۱۔ایک وہ حدیث جو ابوداؤد نے اپنی سنن نامی کتاب میں امام علیؑ سے نقل کیا ہے۔ابو اسحاق کہتے ہیں: علیؑ نے اپنے فرزندار جمند حسنؑ کی طرف نظر کی اور فرمایا: ''یقیناً میرا یہ بیٹا سید و سردار ہے جیسا کہ پیغمبرؐ نے اس کا سید و سردار نام رکھا تھا، اور عنقریب اس کی صلب سے ایک شخص ظہور کرے گا جو تمہارے نبی کا ہم نام ہے...''۔(۱)

جواب:

پہلے یہ کہ ابوداؤد نے اس مقام پر ایک حدیث نقل کی ہے، جبکہ دسیوں دوسری روایت دلالت کرتی ہے کہ مہدی منتظر امام حسینؑ کی اولاد و نسل سے ہیں، بالخصوص یہ کہ اس گروہ کے درمیان ایسی حدیثیں ہیں جو صحیح ترین اسناد کے ساتھ وارد ہوئی ہیں۔

دوسرے یہ کہ جیسا کہ پہلے اشارہ کیا جا چکا ہے کہ ایک معنی میں مہدی منتظر امام حسنؑ کی ذریت سے ہیں، اس لیے کہ امام باقرؑ کی مادر گرامی فاطمہ امام حسن مجتبیٰؑ کی بیٹی تھیں۔لہذا دونوں گروہ کی روایت کو ایک دوسرے کے ساتھ جمع کیا جا سکتا ہے۔

تیسرے یہ کہ مذکورہ مندرجہ ذیل حدیث کے متن میں بنیادی اختلاف پایا جاتا ہے۔اس لیے کہ ''عقد الدرر'' میں ابوداؤد سے یہی حدیث نقل ہوئی ہے، لیکن وہاں ''نظر الی ابنه الحسن'' کے بجائے ''نظر الی ابنه الحسین'' ذکر ہوا ہے، یعنی اپنے بیٹے حسینؑ کی طرف نظر کی۔جیسا کہ حفاظ کی ایک جماعت جیسے ترمذی، نسائی اور بیہقی نے اس واقعہ کو نقل کیا ہے درآں حالیکہ اس میں اس طرح ذکر ہوا ہے: ''انّ علیاً نظر الی ابنه الحسین''(۲)

۱۔سنن ابوداؤد، ج۲، ص۳۱۱، ح۴۲۹۰۔

۲۔عقد الدرر، ص۴۵، باب۱۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بالخصوص لفظ میں تغییر و تحریف کا احتمال دیا جا سکتا ہے، اس لیے کہ حسن و حسین علیہما السلام ایک ہی طرح رشتۂ تحریر میں آتے ہیں۔

چوتھے یہ کہ اس حدیث میں اور اس جیسی دوسری حدیثوں میں جعل کا احتمال پایا جاتا ہے جیسا کہ پہلے بھی اشارہ کیا جا چکا ہے۔

پانچویں یہ کہ حدیث، منقطع ہے، اس لیے کہ ابو اسحاق سبیعی کے لیے یہ بات ثابت نہیں ہے کہ اس نے ایک حدیث بھی امیر المومنین علیؑ سے سنی ہو، جیسا کہ منذری نے اس مطلب کی طرف اشارہ کیا ہے۔(۱)

ابن قیم جوزیہ کہتے ہیں: ''یہ کہ مہدی نسل حسن سے ہوں اس میں ایک لطیف راز موجود ہے، اس لیے کہ جب حسن نے خلافت کو رضائے الٰہی کی وجہ سے ترک کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے عوض میں خلافت کو ان کی نسل میں قرار دیا، تا کہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کی سنت اس کے بندوں کے درمیان ہے، حسین رضی اللہ عنہ کے برخلاف...''(۲)

جواب:

پہلے یہ کہ یہ ادعا بغیر دلیل اور ماخذ کے ہے، اور کوئی دلیل اس سنت پر موجود نہیں ہے۔

- دوسرے یہ کہ کبھی بھی امام حسن مجتبیٰؑ نے خلافت کو معاویہ کے نفع میں ترک نہیں کیا، بلکہ جب ان کے دوستوں نے ان کے ساتھ وفا نہیں کی، اور دوسری طرف شیعوں کی جان کو

۱۔ مختصر سنن ابو داؤد، ج۶، ص۱۶۲، ح۴۱۲۱۔

۲۔ المنار المنیف، ص۱۳۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

خطرہ میں محسوس کر رہے تھے اس کے علاوہ اور بھی دوسری جہتوں اور مصلحتوں سے امام نے اس کے ساتھ مصالحت کی۔

مہدیؑ عیسیٰؑ کے علاوہ کوئی اور ہیں

آخری زمانہ میں منکرین مہدویت اور حضرت مہدیؑ کے ظہور کے اعتقاد کی نفی کرنے کے منجملہ دلائل میں سے ابن ماجہ کی حدیث ہے کہ جسے اپنی سند کے ساتھ انس سے اس نے رسول خداؐ سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت فرماتے ہیں: ''...ولا مهدی الا عیسی بن مریم "(۱) ''اور مہدی عیسیٰ ابن مریم کے علاوہ کوئی اور نہیں ہیں''۔

جواب:

۱۔رسول خداؐ کے اصحاب کی ایک کثیر تعداد نے احادیث مہدویت کو نقل کیا ہے، جن میں مہدیؑ کو رسول خداؐ کی ذریت میں شمار کیا ہے۔

۲۔اس حدیث سے علمائے حدیث اور متکلمین نے اعراض اور صرف نظر کیا ہے، کسی ایک نے بھی اس کے ذریعہ استناد نہیں کیا ہے۔

۳۔ابن ماجہ نے خود اپنی کتاب سنن میں حدیث " المهدی حق وهو من ولد فاطمة" ''مہدی حق ہے اور اولاد فاطمہؑ میں سے ہے'' کو بھی نقل کیا ہے۔(۲)

۴۔حدیث میں سندی حیثیت سے اعتراض موجود ہے: ابن قیم جوزیہ ''المنار المنیف'' میں کہتے ہیں: ''مجھ سے حدیث ''لا مهدی الا عیسیٰ بن مریم '' کے متعلق دریافت

۱۔سنن ابن ماجہ، ج۲، ص۱۳۴۰، ح۴۰۳۹۔
۲۔سنن ابن ماجہ، ج۲، ص۱۳۶۸، ح۴۰۸۶۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

کیا گیا کہ کس طرح احادیث مہدی اور ان کے ظہور کے ساتھ قابل جمع ہیں؟ کیا مہدی کے بارے میں کوئی حدیث موجود ہے یا نہیں؟

اس وقت اس سوال کے جواب میں کہتے ہیں: حدیث "لا مهدیَ الا عیسیٰ بن مریم " کو ابن ماجہ نے اپنی کتاب سنن میں یونس ابن عبدالاعلیٰ سے اس نے شافعی سے، اس نے محمد ابن خالد جندی سے، اس نے ابان ابن صالح سے، اس نے حسن سے، اس نے انس ابن مالک سے، اس نے پیغمبر اکرمؐ سے نقل کیا ہے۔ اس حدیث کا ناقل فقط محمد ابن خالد ہے۔ اور ابو الحسین کی تصریح کے مطابق محمد ابن حسین ابری کتاب "مناقب الشافعی" میں تحریر کرتے ہیں کہ محمد ابن خالد اہل علم وفن کے نزدیک مشہور نہیں ہے۔ بیہقی نے بھی اس حدیث کا ناقل فقط محمد ابن خالد کو جانا ہے۔ حاکم نیشاپوری اس کو مجہول فرد سمجھتے ہیں اور فرماتے ہیں: اس کی اسناد میں اختلاف واقع ہوا ہے اور احادیث خروج مہدی سندی لحاظ سے صحیح تر ہیں۔ (۱)

حاکم نیشاپوری نے تصریح کیا ہے کہ اس کا اس حدیث کے "مستدرک" ذکر کرنے کا هدف تعجب کی بنا پر ہے نہ یہ کہ شیخین کی شرط کے مطابق اس سے احتجاج کیا ہو۔ (۲)

اس کے علاوہ محمد ابن خالد جندی مجہول ومتروک اور ماہرین فن کے نزدیک غیر مشہور ہے بلکہ "تہذیب التہذیب" میں ابن حجر کی تصریح کے مطابق وہ حدیث ساز بھی تھا۔ (۳)

ذہبی کہتے ہیں:... حدیث... "ولا مهدیَ الا عیسیٰ بن مریم " ایک منکر روایت ہے جسے ابن ماجہ نے نقل کیا ہے۔ (۴)

۱۔ المنار المنیف، ص۱۳۰، ح۳۲۵۔ ۲۔ مستدرک حاکم، ج۴، ص۴۴۱۔

۳۔ تہذیب التہذیب، ج۹، ص۱۲۵، شمارہ ۲۰۲۔ سوانح عمری محمد ابن خالد جندی کے ذیل میں۔

۴۔ میزان الاعتدال، ج۳، ص۵۳۵، شمارہ ۷۴۷۹۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

قرطبی کہتے ہیں: حدیث ''ولا مهدیٰ الا عیسیٰ بن مریم '' اس باب کی احادیث کے متعارض اور متضاد ہیں۔

اس وقت علمائے رجال کے کلمات محمد ابن خالد کے متعلق ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں: وہ احادیث جو مہدیؑ کے ظہور پر نص ہے، عترت پیغمبرؐ اور اولاد فاطمہؑ سے ثابت ہے اور صرف اس حدیث سے زیادہ صحیح ہے، لہذا یہ حکم، خروج مہدی کی احادیث کے مطابق اولاد فاطمہؑ سے ہے نہ دوسری حدیث سے''۔(۱)

۵۔اس حدیث کو بھی طبرانی نے اپنی سند کے ساتھ ابوامامہ سے نقل کیا ہے لیکن اس کے متن و مضمون میں جملہ ''ولا مهدیٰ الا عیسیٰ ابن مریم ''موجود نہیں ہے۔(۲)

۶۔روایات ظہور مہدی جو اولاد فاطمہ میں سے ہے متواتر ہیں جیسا کہ اپنے مقام پر اشارہ کیا جا چکا ہے کہ بہت سے علمانے تواتر اور اس کی صحت کی تصریح کی ہے، اور اس کے مقابل میں، مورد بحث حدیث اگر بالفرض اس کی سند، صحیح تسلیم کر لی جائے ، پھر بھی خبر واحد ہے، اور ہمیں یہ معلوم ہے کہ ایسی صورت میں تعارض و تضاد کے موقع پر خبر متواتر مقدم ہوتی ہے۔

۷۔مسلمانوں کے درمیان طول تاریخ اسلام میں مشہور ہے کہ ایک شخص کا ظہور اہل بیت رسول خداؐ اور اولاد فاطمہؑ میں سے ہوگا اور یہ شہرت خود بھی احادیث مہدویت اسلامی کو ترجیح دینے والی ہے۔

۱۔تذکرہ، قرطبی، ج۱، ص۷۰۱۔
۲۔المعجم الکبیر، طبرانی، ج۸، ص۲۱۴، ح۷۷۵۷۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

مہدویت سے متعلق مؤلف کی مطبوعہ سلسلہ وار کتابیں

موسسة المنجی کی جانب سے زیر ترجمہ ہیں جوانشاءاللہ عنقریب زیور طبع سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آئیں گی۔

۱۔تولد حضرت مہدیؑ	حضرت مہدیؑ کی ولادت
۲۔امامت درسنین کودکی	بچپن میں امامت
۳۔امامت وغیبت	اردو ترجمہ امامت اور غیبت (کتاب ھذا)
۴۔غیبت صغریٰ	اردو ترجمہ غیبت صغریٰ (کتاب ھذا)
۵۔غیبت کبریٰ	اردو ترجمہ غیبت کبریٰ (کتاب ھذا)
۶۔وظایف ما درعصر غیبت	اردو ترجمہ زمانہ غیبت میں ہماری ذمہ داریاں (کتاب ھذا)
۷۔اماکن مقدسہ مربوط بہ حضرت مہدیؑ	حضرت مہدیؑ سے متعلق مقامات مقدسہ
۸۔بررسی دعای ندبہ	دعائے ندبہ کی تحقیق
۹۔دکترین مہدویت تنہا راہ نجات بشر	صرف نظریہ مہدویت لوگوں کی نجات کا راستہ ہے
۱۰۔دفاع از مہدویت	مہدویت سے دفاع
۱۱۔فلسفہ حکومت عدل جہانی	عالمی عادلانہ حکومت کا فلسفہ
۱۲۔نظریہ پردازی دربارۂ آئندہ جہان	کائنات کے مستقبل کے متعلق نظریہ پردازی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/

Presented by: https://jafrilibrary.com/



Presented by: https://jafrilibrary.com/